ترجمہ: عبدالرحمان بن مرقع سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح فرمایا آپ کے ساتھ ایک ہزار آٹھ سوافراد تھے۔تو آپ نے (خیبر کی زمین کے) اٹھارہ حصے کیے' ہر ایک حصہ ایک سوافراد کے لئے تھا' اور وہ پھلوں سے سرسبز خطہ تھا پس انہوں نے (پھلوں کو خوب) کھایا تو ان کو بخار ہو گیا تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس

Marfat.com

کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! بے شک بخار موت کا پیش خیمہ ہے اور یہ زمین میں اللہ کی قید ہے۔

وضاحت: خیبر کی زرخیز زمین میں پھلوں کی کثرت تھی تو فتح کے بعد صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جب انہیں خوب کھایا تو ان کو بخار ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخار موت کا سبب بھی بن سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے بخار کو زمین میں اپنے بندوں کے لئے قید بنایا ہے جب مؤمن بندہ بخار میں گرفتار ہوتا ہے تو اس کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے۔

60 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا بَكْرٌ هُوَ ابْنُ سَهْلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَاَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ'' هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ. اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ عَنْ مَالِكِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ

(بخاری رقم الحدیث: ۳۲۶۱، ۵۷۲۵، ۳۲۶۴۔ مسلم رقم الحدیث: ۲۲۱۰، ۲۲۰۹، سنن ترمذی رقم: ۲۰۷۴، ابن ماجہ رقم: ۳۴۷۱، مسند احمد رقم: ۴۷۱۹، ۲۶۴۹۔ سنن دارمی رقم: ۲۸۱۱۔

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بخار جہنم کی تپش میں سے ہے پس اسے پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو۔ یہ حدیث صحیح ہے بخاری نے اسے مالک بن اسماعیل سے تخریج کیا ہے۔

61 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَاَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ''

(بخاری رقم الحدیث: ۳۲۶۱، ۵۷۲۵، ۳۲۶۴۔ مسلم رقم الحدیث: ۲۲۱۰، ۲۲۰۹، سنن ترمذی رقم: ۲۰۷۴، ابن ماجہ رقم: ۳۴۷۱، مسند احمد رقم: ۴۷۱۹، ۲۶۴۹۔ سنن دارمی رقم: ۲۸۱۱۔

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بخار جہنم کی تپش میں سے ہے پس اسے پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو۔

62 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ شَاذَانَ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ رَاشِدٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدٍ

Marfat.com

الرَّحْمٰنِ الرُّوَاسِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْحُمّٰى حَظُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنَ النَّارِ، وَحُمّٰى لَيْلَةٍ يُكَفِّرُ خَطَايَا سَنَةٍ مُجَرَّمَةٍ''

(شعب الایمان رقم الحدیث: ۹۳۸۵۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بخار آگ سے ہر مؤمن کا حصہ ہے اور رات بھر کا بخار 6 سال بھر کی خطاؤں اور گناہوں کا کفارہ ہے۔

وضاحت: بخار جہنم کی گرمی میں سے ایک گرمی ہے جو ہر مؤمن کو چڑھتا ہے' جس شخص کو ایک رات بخار ہو جائے تو وہ بخار اس کے سال بھر کی خطاؤں کو مٹا دیتا ہے۔

## قناعت لازوال خزانہ ہے

63 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو رِفَاعَةُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ رِفَاعَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ السَّدُوْسِيُّ، اِمْلَاءً مِنْ حِفْظِهِ، ثنا ابْنُ مَنِيْعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا خَلَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْقَنَاعَةُ مَالٌ لَا يَنْفَدُ''

(معجم الاوسط رقم الحدیث: ۶۹۲۲، ترغیب فی الفضائل الاعمال لابن شاهین رقم الحدیث: ۳۰۶۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قناعت وہ مال ہے جو ختم نہیں ہوتا۔

اَلْاَمَانَةُ تَجُرُّ الرِّزْقَ، وَالْخِيَانَةُ تَجُرُّ الْفَقْرَ

امانت داری رزق کا سبب بنتی ہے اور خیانت تنگدستی کا سبب بنتی ہے۔

64 اَخْبَرَنَا الْقَاضِيْ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ الْاَشْتِيخَنِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ خُرَاسَانَ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ الزَّاهِدُ، ثنا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَبُوْ ذَرٍّ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ مَالِكٍ التِّرْمِذِيُّ بِاِسْنَادِهِ الْمُقَدَّمِ ذِكْرُهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ ذٰلِكَ فِيْ خُطْبَتِهِ الْمُقَدَّمِ ذِكْرُهَا

ترجمہ: قاضی ابو محمد عبدالکریم بن منتصر اشتیخنی نے ہمیں خبر دی جب وہ خراسان سے ہمارے پاس آئے، اسماعیل بن حسن بخاری زاہد نے ہمیں حدیث بیان کی، ابو حاتم محمد بن عمر نے اور ابوذر احمد بن عبداللہ بن مالک ترمذی نے اپنی سند کے

Marfat.com

ساتھ پہلے اس حدیث کو ذکر کیا: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا اپنے خطبہ میں ذکر فرمایا جو روایت ہم نے پہلے نقل کی ہے۔

## صبح کے وقت سونا رزق سے محرومی کا سبب ہے

65 أَخْبَرَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، أَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الصُّبْحَةُ تَمْنَعُ الرِّزْقَ''

(مسند احمد (٥٣٠) الاداب للبیہقی (٦٧٥) شعب الایمان (٤٤٠٢))

ترجمہ: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت منقول ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبح کے وقت سونا رزق کو روک دیتا ہے۔

## زنا تنگدستی کا باعث بنتا ہے

66 أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْجِيزِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ أَخِي ابْنِ وَهْبٍ، ثنا عَمِّي، ثنا الْمَاضِي بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ لَيْثٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "الزِّنَى يُورِثُ الْفَقْرَ

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زنا فقر (تنگدستی) کو لاتا ہے۔

67 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، أَبنا أَبُو الْحُسَيْنِ أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّاقِدُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَاطِبِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سُمَيْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''زِنَى الْعُيُونِ النَّظَرُ، وَزِنَى اللِّسَانِ النُّطْقُ، وَزِنَى الْيَدِ الْبَطْشُ، وَزِنَى الرِّجْلَيْنِ الْمَشْيُ، وَإِنَّمَا يُصَدِّقُ ذَلِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ عَنْهُ الْفَرْجُ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آنکھوں کا زنا دیکھنا ہے اور زبان کا زنا بولنا ہے اور ہاتھ کا زنا پکڑنا ہے اور قدموں کا زنا چلنا ہے تو شرم گاہ اس کی تصدیق کرتی ہے یا اس کی تکذیب

Marfat.com

کرتی ہے۔

## عمامے عربوں کا تاج ہیں

68 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ الْبَغْدَادِيُّ قَدِمَ عَلَيْنَا. ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَخْلَدِيُّ، بِبَغْدَادَ. ثنا عُمَرُ بْنُ حَسَنٍ الشَّيْبَانِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ. ثنا مُوْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ. ثنا مُوْسَى بْنُ جَعْفَرٍ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْعَمَائِمُ تِيجَانُ الْعَرَبِ. وَالِاحْتِبَاءُ حِيطَانُهَا. وَجُلُوْسُ الْمُؤْمِنِ فِي الْمَسْجِدِ رِبَاطُهُ''

(شعب الایمان (۵۸۵۲))

ترجمہ: حضرت موسیٰ بن جعفر اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے وہ اپنے والد سے اور وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عمامے عربوں کے تاج ہیں۔ پنڈلیوں کو کپڑے سے باندھنا ان کی دیوار ہے اور مومن کا مسجد میں بیٹھنا اس کی حفاظت کی جگہ ہے یعنی قلعہ ہے۔

## شرم وحیا بھلائی ہے

69 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ فِرَاسٍ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْكِنْدِيُّ. ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَكَرِيَّا. ثنا خِرَاشٌ. ثنا مَوْلَايَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ''

(مسلم (۶۰) سنن ابی داؤد (۴۷۹۶) ابو داؤد طیالسی (۸۹۴) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۵۳۴۳) مسند احمد (۱۹۹۷۶))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء تمام کی تمام بھلائی ہے۔

70 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ. ثنا اِسْرَائِيْلُ. عَنْ خَالِدِ بْنِ رَبَاحٍ. ح وَاَخْبَرَنَا الْخَصِيْبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ. ثنا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شُعَيْبٍ. اَبنا اَبِيْ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ. ثنا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ. انا خَالِدُ بْنُ رَبَاحٍ. عَنْ اَبِي السَّوَّارِ الْعَدَوِيِّ. عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ''

Marfat.com

وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ حَبِيبٍ الْحَارِثِيِّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ إِسْحَاقَ وَهُوَ ابْنُ سُوَيْدٍ أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ حَدَّثَ أَنَّ عِمْرَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَهُ

(مسلم (٦٠) سنن ابی داؤد (٤٧٩٦) ابو داؤد طیالسی (٨٩٤) مصنف ابن ابو شیبہ (٢٥٣٤٣) مسند احمد (١٩٩٧٦))

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء ساری کی ساری بھلائی ہے۔

اس کو مسلم نے یحییٰ بن حبیب حارثی سے حماد بن زید نے ہمیں بیان کیا اسحاق سے جو سوید کا بیٹا ہے۔ بے شک ابوقتادۃ نے بیان کیا کہ بے شک حضرت عمران رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور اس کو ذکر کیا۔

71 أَخْبَرَ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ نَظِيفٍ الْفَرَّاءُ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَضِرِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَزَّازُ، ثنا أَبُو سُفْيَانَ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُطَرِّفٍ الرُّؤَاسِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي السَّوَّارِ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْحَيَاءُ لَا يَأْتِي إِلَّا بِخَيْرٍ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُثَنَّى، وَمُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ. وَاللَّفْظُ لِابْنِ مُثَنَّى قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا السَّوَّارِ يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَهُ

(بخاری (٦١١٧) مسلم (٦٠) ابو داؤد طیالسی (٨٩٣) مسند احمد (١٩٨٣٠))

ترجمہ: ابوسوار عدوی نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء صرف بھلائی کو ہی لاتی ہے۔

## مسجد مسلمان کا گھر ہے

72 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ عَلِيٍّ الصَّوَّافُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاشُ، ثنا إِسْحَاقُ هُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ وَغَيْرِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، قَالَ: كَتَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ إِلَى سَلْمَانَ: أَمَّا بَعْدُ يَا أَخِي فَاغْتَنِمْ صِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ، وَفَرَاغَكَ قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ بِكَ مِنَ

Marfat.com

الْبَلَاءِ مَا لَا يَسْتَطِيعُ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ رَدَّهُ، وَيَا أَخِي اغْتَنِمْ دَعْوَةَ الْمُؤْمِنِ الْمُبْتَلَى، وَيَا أَخِي وَلْيَكُنِ الْمَسْجِدُ بَيْتَكَ. فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''الْمَسْجِدُ بَيْتُ كُلِّ تَقِيٍّ''

(مسند البزار (۲۵۴۶) معجم الكبير (۶۱۴۳) شعب الايمان (۲۶۸۹))

ترجمہ: محمد بن واسع سے مروی ہے کہ حضرت ابودرداء نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام لکھا کر بھیجا (اور فرمایا) اے میرے بھائی تو بیماری سے پہلے اپنی صحت کو غنیمت جان اور تو فراغت کے لمحات کو اس سے پہلے غنیمت جان کہ تجھ پر کوئی مصیبت آئے اور لوگوں میں سے کوئی بھی اس کو دور کرنے کی طاقت نہ رکھے۔ اے میرے بھائی تو کسی آزمائش میں مبتلا ہونے سے پہلے مومن کی دعوت کو غنیمت جان، اور اے میرے بھائی، مسجد تیرا گھر ہونا چاہیے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مسجد ہر متقی پرہیزگار کا گھر ہے۔

73 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ الْبَزَّارُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ بَشِيرٍ الْمُرِّيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، قَالَ: كَتَبَ سَلْمَانُ إِلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ: يَا أَخِي عَلَيْكَ بِالْمَسْجِدِ فَالْزَمْهُ، فَإِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''الْمَسْجِدُ بَيْتُ كُلِّ تَقِيٍّ''

ترجمہ: ابوعثمان سے روایت ہے کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا: اے میرے بھائی تم مسجد کو لازم پکڑو کیونکہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: مسجد ہر متقی پرہیزگار کا گھر ہے۔

## مختلف چیزوں کے لیے مختلف آفات کا بیان

74 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقُهُسْتَانِيُّ، أَبنا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ حَسَّانَ الدِّمِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُلَيْمَانَ أَبُو جَعْفَرٍ مُطَيَّنٌ ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الزَّيَّاتُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَبُو رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ، مِنْ أَهْلِ تُسْتَرَ، ثنا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَذَكَرَ ذَلِكَ فِي حَدِيثِ الْوَصِيَّةِ

Marfat.com

آفَةُ الْحَدِيثِ الْكَذِبُ، وَآفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ، وَآفَةُ الْحِلْمِ السَّفَهُ، وَآفَةُ الْعِبَادَةِ الْفَتْرَةُ، وَآفَةُ الظُّرْفِ الصَّلَفُ، وَآفَةُ الشَّجَاعَةِ الْبَغْيُ، وَآفَةُ السَّمَاحَةِ الْمَنُّ، وَآفَةُ الْجَمَالِ الْخُيَلَاءُ، وَآفَةُ الْحَسَبِ الْفَخْرُ

ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور پھر حدیث وصیت کا ذکر فرمایا بات چیت کی آفت کذب بیانی ہے اور علم کی آفت بھولنا ہے اور بردباری کی آفت گالی دینا ہے اور عبادت کی آفت سستی ہے اور ذہانت کی آفت بے جا تعریف ہے اور شجاعت کی آفت بغاوت ہے اور سخاوت کی آفت احسان جتلانا ہے اور حسن و جمال کی آفت تکبر ہے اور حسب یعنی خاندانی عزت کی آفت فخر کرنا ہے۔

75 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِينَ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ نَصْرٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَزِيْدَ، اَبنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادٍ النَّصِيبِيُّ اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَعَانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ وَصِيَّتَهُ لِعَلِيٍّ وَزَادَ فِيهَا: ''وَآفَةُ الظُّرْفِ الصَّلَفُ، وَآفَةُ الْجُوْدِ السَّرَفُ، وَآفَةُ الدِّيْنِ الْهَوٰى''

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا اور علی کو وصیت فرمائی اور اس میں یہ اضافہ فرمایا: ذہانت کی آفت بے جا تعریف ہے سخاوت کی آفت فضول خرچی ہے اور دین کی آفت خواہش کی پیروی کرنا ہے۔

## اپنے غیر سے نصیحت حاصل کرنا

76 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّرَابُلُسِيُّ، ثنا الْمَيَانَجِيُّ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ اِدْرِيْسَ بْنِ يَزِيْدَ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنَا فَيَقُوْلُ: ''السَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، وَالشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ''

(معجم الاوسط (۷۸۷۱) معجم الکبیر (۳۰۳۶) ابانۃ الکبریٰ لابن بطہ (۱۴۲۰))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا

Marfat.com

کرتے تھے کہ سعادت مند شخص وہ ہے جو اپنے غیر سے نصیحت کیا جائے اور شقی وہ ہے جو اپنی ماں کے شکم میں شقی ہو۔

## ندامت گناہ کا کفارہ ہے

77 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا السُّرَّمَرِيُّ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الْاَعْسَمُ، ثنا مُوْسَى بْنُ سَعِيْدٍ الطَّرَسُوْسِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كَفَّارَةُ الذَّنْبِ النَّدَامَةُ''

(مسند احمد (۲۶۲۳) معجم الکبیر (۱۲۷۹۵) شعب الایمان (۶۶۳۹))

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گناہوں کا کفارہ ندامت (یعنی شرمندہ ہونا) ہے۔

## جمعہ مساکین کا حج ہے

78 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ ثنا مُشْرِفُ بْنُ سَعِيْدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عِيْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْهَاشِمِيُّ، عَنْ مُقَاتِلٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْجُمُعَةُ حَجُّ الْمَسَاكِيْنِ''

(معجم ابن الاعرابی (۲۳۱۵) اخبار مکہ للفاکہی (۷۹۶))

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ مساکین کا حج ہے۔

79 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الْحَسَنُ هُوَ ابْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا اَبُوْ يُوْسُفَ، عَنْ عِيْسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُقَاتِلٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْجُمُعَةُ حَجُّ الْفُقَرَاءِ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ فقراء (غرباء) کا حج ہے۔

Marfat.com

حج ہر ضعیف کے لیے جہاد ہے

80 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا ابْنُ جَامِعٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْحَجُّ جِهَادُ كُلِّ ضَعِيفٍ''

ترجمہ: حضرت ام سلمۃ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج ہر ضعیف کا جہاد ہے۔

(ابی داؤد طیالسی (۱۷۰۴) سنن ابن ماجہ (۲۹۰۲)

81 اَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ الْفَقِيهُ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ، ثنا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَبُوْ ذَرٍّ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ، وَذَكَرَ ذٰلِكَ فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ

ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا اور اس کا ایک طویل حدیث میں ذکر کیا۔

رزق حلال کی تلاش کرنا جہاد ہے

82 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِينِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ، قَالَا: اَبنا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ السُّلَمِيُّ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شَيْظَمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَامِدٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ حَمْدَانَ الْوَرَّاقُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ مُوْسَى الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''طَلَبُ الْحَلَالِ جِهَادٌ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (رزق) حلال کی تلاش کرنا جہاد ہے۔

Marfat.com

## مسافر کی موت شہادت ہے

83 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ. اَبنا اَبُوْ سَعِیدِ بْنُ الْاَعْرَابِیِّ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ اَیُّوبَ. ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ بَكْرٍ. ثنا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ اَبِی رَوَّادَ. ثنا عِكْرِمَةُ. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''مَوْتُ الْغَرِیبِ شَهَادَةٌ''

(مسند ابو یعلی (۲۳۸۱) معجم الکبیر للطبرانی (۱۱۶۲۸) شعب الایمان (۹۴۲۶))

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: غریب الوطنی کی موت شہادت ہے۔

## کون سی چیز کا روکنا حلال نہیں ہے

84 حَدَّثَ شَیْخُنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ. ثنا اَبُوْ الطَّیِّبِ الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ الشَّافِعِیُّ. ثنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سُفْیَانَ الْمُؤَذِّنُ. ثنا اَبُوْ نُفَیْلٍ عُبَیْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْقَلَانِیُّ. ثنا عُمَرُ بْنُ صَدَقَةَ. اِمَامُ اَنْطَاكِیَةَ. ثنا عُمَرُ بْنُ شَاكِرٍ. عَنْ اَنَسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اَیُّ شَیْءٍ لَا یَحِلُّ مَنْعُهُ؟. فَقَالَ بَعْضُهُمْ: الْمِلْحُ. وَقَالَ آخَرُ: النَّارُ. فَلَمَّا اَعْیَاهُمْ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ. قَالَ: ''ذٰلِكَ الْعِلْمُ لَا یَحِلُّ مَنْعُهُ''

(شرح السنۃ جلد ۱ ا صفحہ ۷۴

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ کون سی چیز ہے جس سے منع کرنا (یعنی کوئی مانگے تو نہ دینا) حلال نہیں؟ تو بعض نے کہا کہ وہ نمک ہے اور کچھ نے کہا وہ آگ ہے جب سب جواب دینے سے عاجز آ گئے تو انہوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ علم ہے جس کا منع کرنا حلال نہیں ہے۔

## گواہی دینے والا ہر چیز کو دیکھنے والا ہے

85 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی غَسَّانَ الْفَارِسِیُّ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ. ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَافِظُ. ثنا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوسُفَ. اَبنا ابْنُ

Marfat.com

لَهِيْعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ وَعُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ جَمِيْعًا عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الشَّاهِدُ يَرَى مَا لَا يَرَى الْغَائِبُ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شاہد یعنی گواہی دینے والا دیکھتا ہے اس چیز کو جس کو غائب شخص نہیں دیکھتا۔

## نیکی کی دعوت دینے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے

86 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْقَاسِمِ النَّهْرَدَيْرِيُّ، بِهَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ الذَّارِعُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ''

(جامع ترمذی (۲۶۷۰) سنن ابی داؤد (۵۱۲۹) مسند احمد (۲۳۰۲۷))

ترجمہ: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی کی طرف رہنمائی کرنے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

## پلانے والا آخر میں پیئے

87 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فِيْلٍ، ثنا اَبِي، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنِي السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ ثَابِتٍ وَكَانَ، جَلِيْسًا لِلْحَسَنِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا''

(مسلم (۳۱۱) سنن ابی داؤد (۳۷۲۵) جامع ترمذی (۱۸۹۴))

ترجمہ: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قوم کو پلانے والا خود ان کے آخر میں پیتا ہے۔

## ہر نیکی صدقہ ہے

88 اَخْبَرَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ الْحَسَنِ

Marfat.com

الْهِلَالِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ''

(بخاری(۶۰۲۱)مسلم(۱۰۰۵)سنن ابی داؤد(۴۹۴۷)جامع ترمذی(۱۹۷۰))

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

89 أنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

90 وَأَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو الْقَاسِمِ الْعَدْلُ، أنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، أنا قُتَيْبَةُ، أنا الْمُنْكَدِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، مِثْلَهُ

ترجمہ: منکدر بن محمد بن منکدر اپنے والد سے اور انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

91 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ أَسْبَاطٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مُدَارَاةُ النَّاسِ صَدَقَةٌ''

(مکارم الاخلاق للطبرانی(۱۴۱))

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کے ساتھ ملنساری بھی صدقہ ہے۔

92 وَأنا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا ابْنُ بُنْدَارٍ، ثنا أَبُو عَرُوبَةَ، ثنا الْمُسَيَّبُ، ثنا يُوسُفُ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

93 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْبَارِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا

Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَاسِرْجِسَ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا اِلَى الصَّلَاةِ صَدَقَةٌ'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا مَعْمَرٌ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ مُخْتَصَرٌ

(بخاری باب طیب الکلام) مسند احمد (۸۱۸۳) سنن الکبری (۵۸۷۵)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر اچھی بات صدقہ ہے اور ہر وہ قدم جو نماز کی طرف اٹھتا ہے وہ بھی صدقہ ہے۔

## انسان اپنی عزت بچانے کے لیے جو خرچ کرے وہ بھی صدقہ ہے

94 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ النَّحَّاسُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا اَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلَى اَهْلِهِ وَنَفْسِهِ كُتِبَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ، وَمَا وَقَى بِهِ الرَّجُلُ عِرْضَهُ كُتِبَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ'' فَقُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ: وَمَا مَعْنَى مَا وَقَى بِهِ الرَّجُلُ عِرْضَهُ؟، قَالَ: اَنْ يُعْطِيَ الشَّاعِرَ اَوْ ذَا اللِّسَانِ الْمُتَّقَى

(الآداب للبیہقی (۱۲۸)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ: بندہ جو کچھ اپنے گھر والوں پر اور اپنی ذات پر خرچ کرتا ہے وہ صدقہ شمار ہوتا ہے اور جو کچھ اپنی عزت بچانے کے لئے خرچ کرتا ہے وہ بھی اس کے لئے صدقہ شمار ہوتا ہے۔ عبد الحمید ہلالی کہتے ہیں کہ میں نے ابن منکدر سے پوچھا کہ اس بات کا ''جو کچھ بندہ اپنی عزت بچانے کے لئے خرچ کرتا ہے''۔ کیا مطلب ہے؟ فرمایا اس سے مراد وہ مال ہے جو ایک نیک شخص اپنی عزت بچانے کے لئے کسی شاعر یا چرب زبان کو دیتا ہے۔

95 وَاَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ بُنْدَارٍ الْقَاضِي، اَبنا اَبُو عَرُوبَةَ، ثنا عَبْدَةُ الصَّفَّارُ، اَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مِسْوَرُ بْنُ الصَّلْتِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا وَقَى بِهِ الْمَرْءُ عِرْضَهُ كُتِبَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ''

Marfat.com

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کچھ بندہ اپنی عزت بچانے کے لئے خرچ کرتا ہے وہ اس کے لئے صدقہ شمار ہوتا ہے۔

## قرابت داروں کو صدقہ دینے کا اجر زیادہ ہے

96 اَخْبَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ اَيُّوبَ وَهِشَامٍ وَحَبِيبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الصَّدَقَةُ عَلَى الْقَرَابَةِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ''

(سنن دارمی (۱۷۲۲) معجم الکبیر (۶۲۰۴)

ترجمہ: حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشتہ داروں کو صدقہ دینا (دوگنا ثواب ہے) صدقہ کا بھی اور صلہ رحمی بھی۔

## صدقہ بری موت سے بچاتا ہے

97 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَبنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرٍ، عَنْ بَعْضِ بَنِي رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ، عَنْ رَافِعٍ وَكَانَ، مِمَّنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيتَةَ السُّوءِ''

(الاموال لابن زنجویہ (۱۳۰۸)

ترجمہ: حضرت رافع رضی اللہ عنہ جو حدیبیہ میں شریک ہوئے ہیں ان سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ بری موت کو روکتا ہے۔

98 اَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَزْوِينِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قَادِنٍ اَبُو بَكْرٍ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ شَاذَانَ اَبُو مَخْرَمَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيتَةَ السُّوءِ''

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ بری موت کو روکتا ہے۔

Marfat.com

صدقہ غضب الٰہی کو ٹھنڈا کرتا ہے

99 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَنَا ابْنُ شَهْرِيَارَ وَابْنُ رِيذَةَ قَالَا: ثنا الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ السِّيرَافِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا اَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ: قُلْتُ: لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ: حَدِّثْنَا شَيْئًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''صَدَقَةُ السِّرِّ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ''

(مسند حارث (۳۰۲) شعب الایمان (۳۱۶۸) معجم الاوسط (۹۴۳))

ترجمہ: ابوجعفر محمد بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں: میں نے عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہم سے کہا کہ مجھے وہ حدیث بیان کرو جو تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ تو انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ خفیہ صدقہ غضب الٰہی کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔

100 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حَمَّادِ بْنِ عَجْلَانَ الْبَجَلِيُّ، اَنَا اَبِيْ، اَنَا عَاصِمُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''صِلَةُ الرَّحِمِ تَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ، وَصَدَقَةُ السِّرِّ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ''

(معجم الاوسط (۹۴۳) معجم ابن مقری (۴۳۳))

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صلہ رحمی عمر (زندگی) میں اضافہ کرتی ہے اور خفیہ صدقہ کرنا غضب الٰہی کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔

نیک کام بری موت سے بچاتے ہیں

101 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ الْاَذَنِيُّ، ثنا اَبُوْ عِمْرَانَ مُوْسَى بْنُ الْاَشْيَبِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الدُّنْيَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ حَاتِمٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''فِعْلُ الْمَعْرُوْفِ يَقِي مَصَارِعَ السُّوْءِ''

(معجم الاوسط (۹۴۳) معجم ابن مقری (۴۳۳))

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی کا کام بری موت سے بچاتا ہے۔

102 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ كُوفِيٍّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ هُوَ التِّنِّيسِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي صَدَقَةَ، عَنِ الْاَصْبَغِ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''صَنَائِعُ الْمَعْرُوْفِ تَقِي مَصَارِعَ السُّوءِ، وَاِنَّ صَدَقَةَ السِّرِّ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ، وَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ تَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ وَتَنْفِي الْفَقْرَ''

(معجم الاوسط (۹۴۳) معجم ابن مقری (۴۳۳))

ترجمہ: بہز بن حکیم اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی کا کام بری موت سے بچاتا ہے اور خفیہ صدقہ غضب الٰہی کو ٹھنڈا کر دیتا ہے اور بے شک صلہ رحمی (رشتہ داروں کے ساتھ نیک سلوک کرنا) عمر میں اضافہ کرتی ہے اور تنگدستی کو ختم کرتی ہے۔

## قیامت کے دن بندہ صدقہ کے سایہ میں ہوگا

103 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُبَارَكٍ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الرَّجُلُ فِي ظِلِّ صَدَقَتِهِ حَتّٰى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ اَوْ يُحْكَمَ بَيْنَ النَّاسِ''

(مسند ابی یعلی (۱۷۶۶) القصد العلی فی زوائد ابو یعلی موصلی (۱۰۵۸))

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (قیامت کے دن) آدمی اپنے صدقہ کے سایہ میں ہوگا حتی کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ فرما دیا جائے گا، یا لوگوں کے درمیان حکم کر دیا جائے گا۔

Marfat.com

## خیر کے دروازوں کا بیان

104 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفِ الْوَاسِطِيُّ. ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ كَيْسَانَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَاَصْبَحْتُ يَوْمًا قَرِيبًا مِنْهُ وَنَحْنُ نَسِيرُ فَقَالَ: ''اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى اَبْوَابِ الْخَيْرِ الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ، وَصَلَاةُ الرَّجُلِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ''

(سنن ترمذی بشار (۲۶۱۶) ابن ماجه (۳۹۷۳) مسند ابی داؤد طیالسی (۵۶۱) شعب الایمان (۲۵۴۹) (۳۰۷۹)

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا تو ایک دن میں آپ کے قریب موجود تھا ہم اس وقت چل رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تیری بھلائی کے دروازوں کی طرف رہنمائی نہ کروں؟ (فرمایا) روزہ ڈھال ہے اور صدقہ خطاؤں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے' جس طرح پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔ اور بندہ کا آدھی رات کو (نماز تہجد) نماز پڑھنا۔

105 اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ السَّدُوسِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: ''يَا كَعْبُ الصَّلَاةُ قُرْبَانٌ، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ''

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن عجرہ سے فرمایا: اے کعب، نماز قرب الٰہی کا ذریعہ ہے اور روزہ ڈھال ہے اور صدقہ غضب الٰہی کو اس طرح ٹھنڈا کرتا ہے' جس طرح پانی آگ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔

## صدقہ میں حد سے تجاوز کرنے کا بیان

106 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ الطَّالْقَانِيُّ الْمُرَابِطِيُّ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، ثنا قُتَيْبَةُ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ

Marfat.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْمُعْتَدِي فِي الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا''
(سنن ترمذی شاکر (٦٤٦) ابن ماجه (١٨٠٨) مصنف ابو شیبه (٩٨٣٨) سنن الکبریٰ للبیهقی (٧٢٨٠) شرح السنة (١٥٩٧)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ (یعنی زکوٰۃ) لینے میں حد سے تجاوز کرنے والا زکوٰۃ نہ دینے والے کی طرح ہے۔

وضاحت: یہاں صدقہ سے مراد زکوٰۃ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ زکوٰۃ لینے میں زیادتی کرنے والا بھی گناہ میں اتنا ہی شامل ہے جتنا زکوٰۃ نہ دینے والا شامل ہے۔

107 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ الْعَسَّالُ، اَبنا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، اَبنا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْمُعْتَدِي فِي الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا''
(سنن ترمذی شاکر (٦٤٦) ابن ماجه (١٨٠٨) مصنف ابو شیبه (٩٨٣٨) سنن الکبریٰ للبیهقی (٧٢٨٠) شرح السنة (١٥٩٧)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ (یعنی زکوٰۃ وصول کرنے) میں تجاوز کرنے والا اس کو منع کرنے (یعنی نہ دینے) والے کی طرح ہے۔

## توبہ کرنے والا گناہ نہ کرنے والے کی طرح

108 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ح وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ثنا وَهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ''
(ابن ماجة (٤٢٥٠) مسند الجعد (١٧٥٦) شعب الایمان (٦٧٩٩) معجم الکبیر للطبرانی (١٠٢٨١) سنن الکبریٰ للبیهقی (٢٠٥٦١)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے، جس نے گناہ نہیں کیا۔

Marfat.com

## اصل اندھیرا تو قیامت کا ہے

109 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَادَ، ثنا هِشَامٌ، ثنا ابْنُ رَجَاءٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

( بخاری (۲۴۴۷) مسلم(۲۵۷۹) سنن ترمذی شاکر (۲۰۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۰۰۲) مسند احمد مخرجا(۶۲۱۰) مصنف ابن ابو شیبہ(۳۵۲۴۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ظلم قیامت کے دن تاریکیوں کی شکل میں ہوگا۔

110 وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمَاجِشُونَ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

( بخاری (۲۴۴۷) مسلم(۲۵۷۹) سنن ترمذی شاکر (۲۰۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۰۰۲) مسند احمد مخرجا(۶۲۱۰) مصنف ابن ابو شیبہ(۳۵۲۴۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ظلم قیامت کے دن تاریکیوں کی شکل میں ہوگا۔

## زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے اور ہر جگر میں اجر ہے

111 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فِرَاسٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْجَزَرِيِّ، يَعْنِي عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، يَعْنِي: عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كَثْرَةُ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ'' فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى رَطْبَةٍ اَجْرٌ''

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے۔اور ہر جاندار کے ساتھ بھلائی کرنے میں اجر ہے۔

Marfat.com

112 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْكِنْدِيُّ، اَبنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ فِرَاسٍ، ثنا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّيْبُلِيُّ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ سُرَاقَةَ، اَوْ غَيْرِهِ اَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ جُعْشُمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ

ترجمہ: حضرت سراقہ بن جعشم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اور راوی نے پھر مختصر یہ حدیث ذکر کی اور یہ حدیث صحیح ہے بخاری نے اس کو تخریج کیا۔

113 اَخْبَرَنَا ابْنُ السِّمْسَارِ، بِدِمَشْقَ قَالَ: ثنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا الْفَرَبْرِيُّ، ثنا الْبُخَارِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، اَبنا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَفِيْهِ "فِي كُلِّ كَبِدٍ رَطْبَةٍ اَجْرٌ"

(بخاری (۲۳۶۳) مسلم (۲۲۴۴) ابن ماجہ (۳۶۸۶) معجم لکبیر للطبرانی (۶۵۹۸) مستدرک للحاکم (۶۵۹۹))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی ہے جس میں یہ الفاظ بھی ہیں: "ہر جاندار کے ساتھ (بھلائی کرنے کا) اجر ہوتا ہے"۔

114 اَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ الْجِرَابِ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِي ابْنُ فَرُّوْخَ، اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. وَفِيْهِ قَالَ: "فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى اَجْرٌ"

(بخاری (۲۳۶۳) مسلم (۲۲۴۴) ابن ماجہ (۳۶۸۶) معجم لکبیر للطبرانی (۶۵۹۸) مستدرک للحاکم (۶۵۹۹))

ترجمہ: عمرو بن شعیب نے مجھے خبر دی اور انہوں نے اپنے والد، دادا سے روایت کیا: ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پھر راوی نے حدیث بیان کی اور اس میں یہ الفاظ بھی ہیں: "ہر جاندار کے ساتھ (بھلائی کرنے کا) اجر ہوتا ہے۔

## عالم کی فضلیت

115 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

Marfat.com

زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى، اَبنا مُحَمَّدُ بْنِ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ سُمَيْعٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلْعُلَمَاءُ اُمَنَاءُ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ''

معجم بن الاعرابی (۵۷۵)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علماء اللہ تعالیٰ کا احسان ہیں اس کی مخلوق پر۔

## رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ

ترجمہ: حکمت کی اصل اللہ تعالیٰ کا خوف ہے۔

116 اَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، بِاِسْنَادِهِ الْمُقَدَّمُ ذِكْرُهُ فِي الْجُزْءِ الْاَوَّلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِي الْخُطْبَةِ الطَّوِيْلَةِ الَّتِيْ فِيْهَا ''اَلشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِنَ الْجُنُوْنِ''، وَمَا ذَكَرَ مَعَهُ

ترجمہ: حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل خطبہ میں یہ بھی ارشاد فرمایا: جوانی جنون کا ایک حصہ ہے۔ (اور اس کے ساتھ دوسری چیزیں بھی ذکر کیں)

## جنت سخیوں کا گھر ہے

117 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ، اَبنا الْقَيْسَرَانِيُّ قَالَ: اَبنا الْخَرَائِطِيُّ ثنا اَبُوْ الْحَارِثِ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا جَحْدَرُ بْنُ الْحَارِثِ الْبَكْرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْجَنَّةُ دَارُ الْاَسْخِيَاءِ

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۵۹۷) ترغیب فی فضائل الاعمال ابن شاہین (۲۶۸))

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت سخیوں کا گھر ہے۔

## جنت تلواروں کے سایہ میں ہے

118 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ. آنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

Marfat.com

النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْقُرَشِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، ثنا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مُوْسٰى، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَلْجَنَّةُ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ''

(بخاری(۲۹۶۶،۲۸۱۸) مسلم(۱۷۴۲)سنن ابی داؤد (۲۶۳۱) سنن ترمذی(۱۶۵۹) ابو داؤد طیالسی (۵۳۲) مسند احمد(۱۹۱۱۴))

ترجمہ: ابوبکر بن ابوموسیٰ نے اپنے والد سے روایت کیا وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جنت تلواروں کے سائے میں ہے۔

## جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے

119 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِيْنَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ الْمُهْتَدِي بِاللّٰهِ بْنِ الْوَاثِقِ بِاللّٰهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ الْاَبَّارُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ''

(الکنی والاسماللدولابی (۱۹۱۱))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

## دعا کی قبولیت کا وقت

120 اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ النَّحْوِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، اَبنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ اَبِي اِيَاسٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلدُّعَاءُ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ لَا يُرَدُّ''

(سنن ابی داؤد (۵۲۱) ابی داؤد طیالسی(۲۲۲۰) مصنف ابن ابو شیبه(۲۹۲۴۴) مسند البزار (۱۵۱۱) سنن الکبریٰ للنسائی(۹۸۱۴))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اذان اور اقامت کے

Marfat.com

درمیان میں (کی جانے والی) دعا رد نہیں ہوتی۔

## حلال کمانا فرض ہے

121 حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعْدٍ الْمَالِيْنِيُّ، اِمْلَاءً. ثنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ الْفَسَوِيُّ بِهَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ. قَالَ: ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمَهْرِقَانِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ كَثِيْرٍ هُوَ ابْنُ رَاشِدٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كَسْبُ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ''

(معجم لابن الاعرابی (۱۱۳۶) سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۱۶۹۵) شعب الایمان (۸۳۶۷)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حلال کمانا ایک فرض کے بعد دوسرا فرض ہے۔

122 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ السَّرَّاجُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، ثنا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''طَلَبُ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ''

(معجم لابن الاعرابی (۱۱۳۶) سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۱۶۹۵) شعب الایمان (۸۳۶۷)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حلال کو تلاش کرنا ایک فرض کے بعد دوسرا فرض ہے۔

## عورتوں کی برکت

123 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، اَبنا اَبُوْ عَرُوْبَةَ الْحَرَّانِيُّ ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عِيْسَى بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَعْظَمُ النِّسَاءِ بَرَكَةً اَقَلُّهُنَّ مُؤْنَةً''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۱۶۳۸۴) مسند احمد (۲۵۱۱۹) مستدرک للحاکم (۲۷۳۲) حلیۃ الاولیا جلد ۲ صفحہ ۱۸۶، سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۴۳۵۶)

Marfat.com

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں میں زیادہ برکت والی (بیوی) وہ ہے' جس کی ضروریات کم ہوں۔ (یعنی اس کا خرچ کم ہو)

## مؤمن، مؤمن کے لیے شیشہ ہے

124 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّوْرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِيعَةَ، ثنا مُحَمَّدٌ عُثْمَانُ الْمُؤَذِّنُ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ''

(سنن ابی داؤد (۴۹۱۸) مسند البزار (۶۱۹۳) معجم الاوسط (۲۱۱۴) شعب الایمان (۷۲۳۹)

(سنن ترمذی (۲۴۵۹) سنن ابن ماجه (۴۲۶۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۲۱۸) مسند احمد (۴/۱۲۴) مستدرک للحاکم (۷۶۳۹)

ترجمہ: حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ عقل مند ہے جس نے اپنے نفس کو اپنا تابعدار بنایا اور موت کے بعد کے لئے عمل کیا اور عاجز وہ ہے جس نے اپنے نفس کی خواہشات کی پیروی کی اور اللہ تعالیٰ سے رحمت کی امید بھی رکھی۔

بندہ اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے

186 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا اَبُو عَرُوبَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو النَّخَعِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْمَرْءُ كَثِيرٌ بِاَخِيهِ''

(امثال الحدیث لابی الشیخ اصبہانی (۴۶)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ زیادہ تو اپنے بھائی کے ساتھ ہوتا ہے۔

187 اَخْبَرَنَا لَبِيبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، اَبنا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحُسَيْنِ، اَبنا اَبُو

Marfat.com

الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَبَحُّ، ثنا اَبُوْ اُمَيَّةَ، ثنا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمِيْمِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ''

(مسند ابی داؤد طیالسی (۲۶۹۶) مسند احمد (۸۴۱۷، ۸۰۲۸) مستدرک للحاکم (۷۳۲۰، ۷۳۱۹) شعب الایمان (۸۹۹۲، ۸۹۹۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس تم میں سے ہر ایک کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس کے ساتھ دوستی کر رہا ہے۔

188 اَنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّخَعِيُّ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نا اَبُوْ عُبَيْدٍ، نا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ اپنے دوست کی دین پر ہوتا ہے۔

## بندہ جس کے ساتھ محبت کرتا ہے اسی کے ساتھ ہوگا

189 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثْرَوَيْهِ، قَالَ: اَبنا الْقَاضِيْ اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْقَاضِيْ، ثنا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوْقٍ، اَنا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ''

وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ، وَاِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ اِسْحَاقُ: اَنا، وَقَالَ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ

(بخاری (۶۱۷۰، ۶۱۶۹، ۶۱۶۸) مسلم (۲۶۴۰) سنن ابی داؤد (۵۱۲۷) جامع ترمذی (۲۳۸۷، ۲۳۸۵) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۲۶۳، ۲۵۱)

ترجمہ: اعمش کہتے ہیں کہ میں نے ابووائل سے سنا وہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو پیار ہوگا۔

Marfat.com

## بندہ کی عزت اس کے دین سے ہے

190 اَخْبَرَنَا قَاضِی الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی الْعَوَّامِ. ثنا عَلِیُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاِسْكَنْدَرَانِیُّ، بِمَكَّةَ. ثنا مُسَدَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَلُوْسِیُّ، ثنا اَبِیْ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كَرَمُ الْمَرْءِ دِيْنُهُ، وَمُرُوءَتُهُ عَقْلُهُ، وَحَسَبُهُ خُلُقُهُ''

مسند ابن الجعد (۲۹۶۲) سنن دار قطنی (۳۸۰۴) سنن الکبری للبیہقی (۱۳۷۷۷) شعب الایمان (۴۳۳۵)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ کی عزت اس کا دین ہے اور عقل اس کی مروت ہے اور خلق اس کا حسب (یعنی اس کے لئے قابل فخر چیز) ہے۔

## انسان کے دین کی خوبصورتی، فضولیات کو ترک کرنے میں ہے

191 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِیُّ، اَبنا ابْنُ شَهْرِيَارَ وَابْنُ رِيْذَةَ قَالَا: ثنا الطَّبَرَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيْصِیُّ اَبُوْ بَكْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ مَرْوَانَ الْفِلَسْطِيْنِیُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِی الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ''

قَالَ الطَّبَرَانِیُّ: تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنِ ابْنِ اَبِی الزِّنَادِ. وَلَا كَتَبْنَاهُ اِلَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدَةَ، وَلَا يُرْوٰى، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، وَلِابْنِ الزِّنَادِ ابْنٌ آخَرُ يُكْنٰى بِاَبِی الْقَاسِمِ، وَلَمْ يُسَمَّ. رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ

(سنن ترمذی (۲۳۱۸، ۲۳۱۷) ابن ماجہ (۳۹۷۶) مسند احمد (۱۷۳۷) معجم الاوسط (۸۴۰۲، ۲۸۸۱، ۳۵۹)

ترجمہ: خارجہ بن زید بن ثابت نے اپنے والد سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضولیات کو چھوڑ دے۔

192 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ. ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اِدْرِيْسَ السَّمَرْقَنْدِیُّ بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْاَصَمُّ. ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدَ. ثنا اَبِیْ قَالَ: ثنا الْاَوْزَاعِیُّ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ

Marfat.com

الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ''

(سنن ترمذی (۲۳۱۸،۲۳۱۷) ابن ماجه (۳۹۷۶) مسند احمد (۱۷۳۷) معجم الاوسط (۸۴۰۲، ۲۸۸۱، ۳۵۹)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضولیات کو چھوڑ دے۔

193 وَاَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، ثنا يُونُسُ وَمَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ''

(سنن ترمذی (۲۳۱۸،۲۳۱۷) ابن ماجه (۳۹۷۶) مسند احمد (۱۷۳۷) معجم الاوسط (۸۴۰۲، ۲۸۸۱، ۳۵۹)

ترجمہ: حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضولیات کو چھوڑ دے۔

194 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَبنا الْقَاضِي اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ سَهْلِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثِ بْنِ بَحْرٍ اَبُو بَحْرٍ، ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ''

(سنن ترمذی (۲۳۱۸،۲۳۱۷) ابن ماجه (۳۹۷۶) مسند احمد (۱۷۳۷) معجم الاوسط (۸۴۰۲، ۲۸۸۱، ۳۵۹)

ترجمہ: حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضولیات کو چھوڑ دے۔

## لوگ کنگھی کے دندانوں کی طرح ہیں

195 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا الْقَاضِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَذَنِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُودٍ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو النَّخَعِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلنَّاسُ كَاَسْنَانِ الْمُشْطِ''
(الكنى والاسماللدولابى (۹۴۹) ترتيب الامالى الخميسية للشجرى (۲۱۰۲)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ کنگھی کے دندانوں کی طرح ہیں۔

## لوگ سونے چاندی کی کانوں کی طرح ہیں

196 اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُنِيرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ السَّيْرَافِيُّ، ثنا اَبُو الْجَعْدِ، ثنا اَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، ثنا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلنَّاسُ مَعَادِنُ كَمَعَادِنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَخِيَارِهِمْ فِي الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوا''
(مسلم (۲۶۳۸) مسند احمد (۱۰۹۵۶) مسند البزار (۹۰۱۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ سونے چاندی کی کانوں کی طرح کا ہیں' جوان میں زمانہ جاہلیت میں بہتر تھا (جب اس نے اسلام قبول کیا) تو وہ اسلام میں بھی بہتر شمار ہوگا' جب اس نے دین کو سمجھ لیا۔

## لوگوں کی مثال اونٹ کی طرح ہے

197 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَبُو سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلنَّاسُ كَاِبِلٍ مِائَةٍ لَا تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً وَاحِدَةً''
(مسلم (۲۵۴۷) ترمذی (۲۸۷۲) ابن ماجه (۳۹۹۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۰۲۶)

ترجمہ: زید بن اسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ کی مثال ان سو اونٹوں (کے ریوڑ) کی طرح ہے' جس میں تو ایک اونٹ بھی سواری کے قابل نہیں پائے گا۔

198 اَنا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلنَّاسُ كَالْاِبِلِ الْمِائَةِ لَا يَجِدُ

Marfat.com

الرَّجُلُ فِيهَا رَاحِلَةً''

ترجمہ: سالم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ کی مثال ایسے سو اونٹوں (کے ریوڑ) کی طرح ہے' جس میں آدمی ایک اونٹ بھی سواری کے لائق نہیں پائے گا۔

جو لوگوں کے پاس ہے اس سے ناامید ہونا مالداری ہے۔

199 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ الصَّفَّارُ، قَالَ: اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ بِشْرٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ يُوسُفَ الْجُعْفِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زِيَادٍ الْعِجْلِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْغِنَى الْيَأْسُ مِمَّا فِي اَيْدِي النَّاسِ، وَمَنْ مَشٰى مِنْكُمْ اِلٰى طَمَعٍ فَلْيَمْشِ رُوَيْدًا''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو چیز لوگوں کے ہاتھ میں ہے اس سے ناامید ہونا غنی یعنی مالداری ہے اور جو تم میں سے لالچ کی طرف چلے اسے چاہیے کہ وہ آہستہ اور نرمی سے چلے۔

ایمان کے بعد عقل کی اصل لوگوں سے محبت کرنا ہے

200 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُودٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عَمْرٍو السَّعْدِيُّ ثُمَّ الْحَنَفِيُّ، قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''رَأْسُ الْعَقْلِ بَعْدَ الْاِيْمَانِ التَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ''

(مسند البزار (۱۸۵۱) معجم الاوسط (۶۰۷۰) شعب الایمان (۸۶۲۳، ۷۷۰۴))

ترجمہ: سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایمان کے بعد عقل کی اصل لوگوں سے محبت کرنا ہے۔

ہر شخص اپنے نفس کا محاسبہ کرنے والا ہے

201 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ فِرَاسٍ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوْفُ بِبُكَيْرٍ، ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ،

Marfat.com

ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ قَيْسٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كُلُّ امْرِئٍ حَسِيبُ نَفْسِهِ، لِيَشْرَبْ كُلُّ قَوْمٍ فِيمَا بَدَا لَهُمْ''

(مسند احمد (۸۰۵۲) مسند ابی یعلی (۶۳۹۹) شرح معانی الآثار (۲۵۴۷))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب عبدقیس کا وفد آیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شخص اپنے نفس کا محاسبہ کرنے والا ہے۔ ہر قوم کو چاہیے کہ وہ جس (برتن) میں چاہے پئے۔

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا جامع خطبہ

202 أَخْبَرَنَا الْقَاضِي أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ الْحَنَفِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزْدَادَ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ خَالِدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: تَلَقَّفْتُ هَذِهِ الْخُطْبَةَ مِنْ فِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيهَا: ''كُلُّ مَا هُوَ آتٍ قَرِيبٌ''

(فضائل الصحابہ۔ احمد بن حنبل (۱۳۶۴) مراسیل ابی داؤد (۵۸) معجم الاوسط (۱۷۸۱) معجم الکبیر طبرانی (۸۵۲۳، ۸۵۲۲، ۸۵۲۳) شعب الایمان (۴۴۵۲، ۴۴۵۳، ۴۴۵۴) شرح السنہ (۳۵۷۵))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مصعب بن خالد بن زید بن خالد جہنی نے اپنے والد سے انہیں ان کے دادا حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے یہ خطبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کیا تھا جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر وہ چیز جو آنے والی ہے وہ قریب ہے۔

وضاحت: شعب الایمان سے اس حدیث کی تخریج کی گئی ہے اس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی یوں ہے۔ حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: بے شک وہ دو چیزیں ہیں ایک سیرت ہے اور دوسری چیز کلام (الٰہی) ہے۔ سب سے بہترین کلام اللہ کا کلام ہے اور سب سے اچھی سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت ہے۔ خبردار، تم اپنے آپ کو نئے کاموں اور بدعتوں (خلاف سنت) سے بچاؤ۔ بے شک بدترین کام دین میں بدعتیں (خلاف سنت کام) ہیں۔ اور ہر نیا بنایا ہوا کام (اور دین میں) خلاف سنت کام بدعت و گمراہی ہے۔ خبردار۔ تمہارے اوپر امیدیں طویل نہ ہو جائیں۔ جو تمہارے دلوں کو سخت کر دیں۔ خبردار، ہر وہ چیز جو آنے والی ہے وہ قریب ہے۔ خبردار ہر وہ چیز دور ہے جو آنے

Marfat.com

والی نہیں ہے۔خبردار! بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں ہی بدبخت تھا اور سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرلے۔خبردار! بدترین خواب جھوٹا خواب ہے۔خبردار! بے شک جھوٹ ٹھیک نہیں ہے۔نہ حقیقت میں اور نہ ہی مذاق میں اور نہ ہی اس صورت میں کہ تم میں سے کوئی شخص بچہ سے وعدہ کرے پھر اس کو پورا نہ کرے۔خبردار! جھوٹ گناہوں کا راستہ دکھاتا ہے اور گناہ دوزخ کا راستہ دکھاتا ہے۔اور بے شک سچ نیکی کا راستہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت کا راستہ دکھاتی ہے اور بے شک سچ بولنے والے سے کہا جاتا ہے کہ اس نے سچ بولا اور درست کیا ہے اور جھوٹ بولنے والے سے کہا جاتا ہے کہ اس نے جھوٹ بولا ہے اور گناہ کیا ہے۔

بے شک میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بندہ جھوٹ بولتا رہتا ہے، یہاں تک کہ جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے اور ایک شخص سچ بولتا رہتا ہے۔یہاں تک کہ وہ سچا لکھ دیا جاتا ہے۔اس کے بعد فرمایا: تم اپنے آپ کو منہ سے کاٹ کھانے سے بچاؤ، کیا تم جانتے ہو کہ وہ کاٹ کھانا کیا ہے؟ وہ چغل خوری ہے۔

## ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے

203 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ صِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَيُّوبَ بْنِ مَاسِيِّ الْبَزَّازُ، بِبَغْدَادَ، ثنا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْاَنْصَارِيُّ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثنا ثَابِتُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ غُنَيْمِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: ثنا الْاَشْعَرِيُّ وَهُوَ اَبُو مُوسَى اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ''

ترجمہ: غنیم بن قیس، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے۔

## ہر چیز تقدیر کے ساتھ ہے

204 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْاَدْفُوِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ السِّيُوطِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ح وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ بْنِ مِهْرَانَ السِّيْرَافِيُّ الْفَارِسِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَاَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُو مَطَرٍ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنَ الْاِسْكَنْدَرِيَّةِ، اَبنا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ خَرُوْفٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، ح، وَاَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ تُرَابُ بْنُ عُمَرَ الْكَاتِبُ، اَبنا الْمُؤَمَّلُ بْنُ يَحْيَى، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَبنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالُوا: ثنا مَالِكٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ حَتّٰى الْعَجْزُ وَالْكَيْسُ'' اَوِ الْكَيْسُ وَالْعَجْزِ

(مسلم (۲۶۵۵) موطا امام مالک (۱۷۸) مسند احمد (۵۸۹۳) صحیح ابن حبان (۶۱۴۹))

ترجمہ: طاؤس بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز تقدیر کے مطابق ہے حتیٰ کہ دانائی اور عاجزی بھی۔

## عالم اور مجلس فقہ

205 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَيْنِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ الْقَاسِمِ الْمَيَانَجِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا مَسْعَدَةُ بْنُ الْيَسَعِ، عَنْ شِبْلِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي حَدِيثٍ: ''وَكُلُّ صَاحِبِ عِلْمٍ غَرْثَانُ اِلٰى عِلْمٍ''

ترجمہ: عمرو بن دینار، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں ارشاد فرمایا: ہر صاحب علم، علم کا بھوکا ہوتا ہے۔☆

وضاحت: اس سے مراد یہ کہ عالم آدمی کبھی بھی علم سے سیر نہیں ہوتا اسے ہر وقت علم کی جستجو رہتی ہے حتیٰ کہ وہ دنیا کو خیر باد کہہ دیتا ہے۔

206 اَخْبَرَنَا اَبُوْ ذَرٍّ عَبْدُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، اِجَازَةً، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ السِّيُوطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ هَارُونَ، اَبنا يَزِيْدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا عُبِدَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ اَفْضَلَ مِنْ فِقْهٍ فِي دِيْنٍ، وَلَفَقِيهٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ، وَلِكُلِّ شَيْءٍ عِمَادٌ وَعِمَادُ هٰذَا الدِّيْنِ الْفِقْهُ'' فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: لَاَنْ اَجْلِسَ سَاعَةً فَاَفْقَهَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُحْيِيَ اللَّيْلَةَ اِلَى الْغَدَاةِ

ترجمہ: سلیمان بن یسار، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی جس طرح بھی عبادت کی گئی ہے' وہ دین میں فقہ حاصل کرنے سے افضل نہیں ہے اور ایک فقیہہ عالم شیطان پر سو عبادت گزاروں سے زیادہ بھاری ہے۔ اور ہر چیز کا ایک ستون ہوتا ہے اور فقہ اس دین کا ستون ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایک گھڑی کے لئے بیٹھ کر دین کا علم حاصل کرلوں یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ بہتر ہے کہ میں رات بھر' صبح ہونے تک نفل نماز ادا کرتا رہوں۔

207 وَاَخْبَرَنَا ذُوْ النُّوْنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْاِخْمِيْمِيُّ، ثنا اَبُوْ الْفَضْلِ اَحْمَدُ بْنُ الْهَرَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، بِسَمَرْقَنْدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَوْتِيْ، اَبنا اَبُوْ عَمْرٍو الْاُمَوِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''لِكُلِّ شَيْءٍ قِوَامٌ، وَقِوَامُ الدِّيْنِ الْفِقْهُ''

ترجمہ: سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر چیز کے لئے ایک قوت ہے اور دین کی قوت (مضبوطی) فقہ ہے۔

## دین میں کوئی دشواری نہیں

208 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''كُلُّ مُشْكِلٍ حَرَامٌ وَلَيْسَ فِي الدِّيْنِ اِشْكَالٌ''

ترجمہ: حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمام مشتبہ امور (یعنی پیچیدگی اور الجھنیں) حرام ہیں اور دین میں کوئی دشواری اور الجھن نہیں ہے۔

## ہر نگران سے' اس کی رعایا کے متعلق پوچھا جائے گا

209 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ بْنِ مِهْرَانَ الْفَارِسِيُّ، ثنا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ''

Marfat.com

ترجمہ: عبداللہ بن دینار کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سب نگرانی کرنے والے ہو اور تم سب کو تمہاری رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔☆

وضاحت: اس حدیث پاک کو سمجھنے کے لئے یہ مثال دی جا رہی ہے جیسا کہ ہر شخص اپنے گھر کا ذمہ دار ہے قیامت کے دن اس کو پوچھا جائے کہ اس نے اپنی ذمہ داری کتنی ادا کی ہے۔ کیا اس نے اپنے بال بچوں کی تربیت کی انہیں حقوق اللہ اور حقوق العباد سکھائے، ان کو رزق حلال کھلایا یا نہیں؟ اگر ذمہ داری ادا کی ہے' تو پھر الحمد للہ۔ اگر نہیں کی تو پھر اب وقت ہے۔ اپنی ذمہ داری ادا کرلو ورنہ قیامت کے دن جواب دہ ہونے پڑے گا۔

## عہد شکنی کرنے والے کے لیے قیامت کے دن جھنڈا ہوگا

210 اَخۡبَرَنَا اَبُوۡ مُحَمَّدٍ عَبۡدُ الرَّحۡمَنِ بۡنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَحۡمَدُ بۡنُ اِبۡرَاهِيۡمَ بۡنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بۡنُ عَبۡدِ الۡعَزِيۡزِ، ثنا مُسۡلِمُ بۡنُ اِبۡرَاهِيۡمَ، ثنا شُعۡبَةُ، عَنۡ سُلَيۡمَانَ الۡاَعۡمَشِ، عَنۡ اَبِيۡ وَائِلٍ، عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ بِقَدۡرِ غَدۡرَتِهِ''

ترجمہ: ابو وائل حضرت عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا ہوگا جس قدر اس نے عہد شکنی کی ہوگی۔

211 وَاَخۡبَرَنَا عَلِيُّ بۡنُ الۡحُسَيۡنِ الدِّمَشۡقِيُّ، اَبنا الۡقَاضِي اَبُو الۡحُسَيۡنِ مُحَمَّدُ بۡنُ عَبۡدِ الۡكَرِيۡمِ الۡمِصِّيۡصِيُّ، ثنا اَبُوۡ سَعِيۡدٍ الۡحَسَنُ بۡنُ عَلِيِّ الۡفَقِيۡهُ، ثنا اَبُوۡ مُوۡسَى الزَّمَنُ، ثنا عَبۡدُ الرَّحۡمَنِ بۡنُ مَهۡدِيٍّ، عَنۡ شُعۡبَةَ، عَنۡ ثَابِتٍ، عَنۡ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: ''لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ يُعۡرَفُ بِهِ'' وَرَوَاهُ مُسۡلِمٌ بِاِسۡنَادِهِ قَالَ: ''لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ يُعۡرَفُ بِهِ بِقَدۡرِ غَدۡرَتِهِ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے ایک جھنڈا ہوگا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔

مسلم نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا کہ ''قیامت کے دن ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے جھنڈا ہوگا۔ جس سے وہ پہچانا جائے جس قدر اس نے عہد شکنی کی ہوگی''۔

## قیامت کے دن لوگوں کے درمیان کن چیزوں کا سب سے پہلے فیصلہ ہوگا؟

212 اَخۡبَرَنَا اَبُوۡ مُحَمَّدٍ عَبۡدُ الرَّحۡمَنِ بۡنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحۡمَدُ بۡنُ اِبۡرَاهِيۡمَ بۡنِ

Marfat.com

جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَحْمَدَ الصُّوفِيُّ الْقَزْوِينِيُّ، ثنا أَبُو عَلِيٍّ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْفِهْرِيُّ، ثنا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا أَبُو الطَّيِّبِ عُثْمَانُ بْنُ الْمُنْتَابِ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ هُوَ ابْنُ الْحَسَنِ أَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''أَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ''

ترجمہ: ابو وائل نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: قیامت کے دن لوگوں کے درمیان سب سے پہلے خون کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

213 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْجَوَالِيقِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حُصَيْنٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هُودٍ الْوَاسِطِيُّ أَبُو إِبْرَاهِيمَ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الصَّلَاةُ، وَأَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ فِي الدِّمَاءِ''

ترجمہ: ابو وائل نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: سب سے پہلے جس کا حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے اور قیامت کے دن لوگوں کے درمیان سب سے پہلے خون (یعنی قتل) کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

## سب سے پہلے حسن اخلاق کا وزن ہوگا

214 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ الْمُعَدِّلُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، أَبنا شَرِيكٌ، عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قِيلَ لَهَا: سَمِعْتِ مِنْ، رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''أَوَّلُ مَا يُوضَعُ فِي الْمِيزَانِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ''

ترجمہ: میمون بن مہران نے سیّدہ اُمّ درداء رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ سیّدہ ام درداء رضی اللہ عنہا سے کہا گیا، کیا آپ

Marfat.com

نے کوئی چیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: سب سے پہلے جو چیز میزان میں رکھی جائے گی وہ حسن خلق ہوگا۔ (یعنی سب سے پہلے حسن خلق کا وزن کیا جائے گا)۔

## سب سے پہلے شرم وحیاء اور امانت اٹھالی جائے گی

215 أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، أَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، قَالَ: مَرَرْتُ عَلَى غَازٍ بِالْجَدِيلَةِ فَقَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَوَّلُ مَا يُرْفَعُ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ الْحَيَاءُ وَالْأَمَانَةُ''

ترجمہ: داؤد بن ابو ہند کہتے ہیں کہ جدیلہ کے مقام پر میرا گذر ایک غازی کے پاس سے ہوا' اس نے بتایا میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس امت سے سب سے پہلے شرم وحیا اور امانت اٹھالی جائے گی۔

216 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا ثَوَابُ بْنُ حُجَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَوَّلُ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةُ، وَآخِرُ مَا تَفْقِدُونَ الصَّلَاةُ''

ترجمہ: ثواب بن حجیل کہتے ہیں کہ میں نے ثابت سے سنا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سب سے پہلے اپنے دین میں امانت کو ضائع کرو گے اور سب سے آخر میں تم نماز کو ضائع کرو گے۔

217 أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ التَّبُوذَكِيُّ، ثنا تَوَّابُ بْنُ حُجَيْلٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَوَّلُ مَا تَفْقِدُونَ مِنْ دِينِكُمُ الْأَمَانَةُ وَآخِرُ مَا تَفْقِدُونَ الصَّلَاةُ''

ترجمہ: تواب بن حجیل کہتے ہیں کہ میں نے ثابت سے سنا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم سب سے پہلے اپنے دین میں امانت کو ضائع کرو گے اور سب سے آخر میں تم نماز کو ضائع کرو

Marfat.com

گے۔

## دوستی اور دشمنی نسلوں میں منتقل ہوتی ہے

218 اَخۡبَرَنَا عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحۡمَدُ بۡنُ مُحَمَّدِ بۡنِ زِيَادٍ، ثنا اِبۡرَاهِيۡمُ الۡحَرۡبِيُّ، ثنا هَارُوۡنُ بۡنُ عَبۡدِ اللهِ، ثنا اَبُوۡ عَامِرٍ، ثنا عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ اَبِيۡ بَكۡرٍ، حَدَّثَنِيۡ مُحَمَّدُ بۡنُ طَلۡحَةَ، عَنۡ اَبِيۡهِ، اَنَّ اَبَا بَكۡرٍ رَضِيَ اللهُ عَنۡهُ قَالَ لِرَجُلٍ يُقَالُ لَهُ: عُفَيۡرٌ: كَيۡفَ سَمِعۡتَ رَسُوۡلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ يَقُوۡلُ؟، قَالَ: سَمِعۡتُهُ يَقُوۡلُ: ''اَلۡوُدُّ يُتَوَارَثُ، وَالۡبُغۡضُ يُتَوَارَثُ''

(مستدرک (۷۳۴۳) شعب الایمان (۹۱۵۷) معجم کبیر طبرانی (۵۰۷))

ترجمہ: عبدالرحمان بن ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں بیان کیا، محمد بن طلحہ نے اپنے والد کے حوالے سے انہیں بتایا: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے فرمایا (جو ان کے ساتھ دوستی رکھتا تھا) اسے عفیر کہتے تھے۔ اے عفیر! کیسے سنا تھا تم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دوستی کے بارے میں کیا کہتے تھے؟ اس نے کہا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ دوستی ایک سے دوسرے نسلوں میں منتقل ہوتی ہے اور دشمنی بھی اسی طرح ہے۔

## چیز کی محبت انسان کو اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے

219 اَخۡبَرَنَا اَبُوۡ مُحَمَّدٍ عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ عُمَرَ بۡنِ مُحَمَّدٍ التُّجِيۡبِيُّ، ثنا عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ سَلۡمَوَيۡهِ بۡنِ اَحۡمَدَ بۡنِ الۡعَبَّاسِ الشَّافِعِيُّ اَبُوۡ بَكۡرٍ الرَّازِيُّ، قَالَ: قُرِئَ عَلَى اَبِيۡ شُعَيۡبٍ عَبۡدِ اللهِ بۡنِ الۡحَسَنِ الۡحَرَّانِيِّ وَاَنَا اَسۡمَعُ قَالَ: حَدَّثَنِيۡ يَحۡيَى الۡبَابُلُتِّيُّ، ثنا اَبُوۡ بَكۡرِ بۡنُ اَبِيۡ مَرۡيَمَ، عَنۡ خَالِدِ بۡنِ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيِّ، عَنۡ بِلَالِ بۡنِ اَبِي الدَّرۡدَاءِ، عَنۡ اَبِيۡهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''حُبُّكَ الشَّيۡءَ يُعۡمِيۡ وَيُصِمُّ''

ترجمہ: بلال بن ابو درداء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی چیز کی محبت تجھے اندھا اور بہرہ کر دے گی۔

220 اَخۡبَرَنَا اَحۡمَدُ بۡنُ مُحَمَّدِ بۡنِ الۡقَاسِمِ الۡاَنۡمَاطِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بۡنُ اَحۡمَدَ بۡنِ جَابِرٍ، اَبنا مُحَمَّدُ بۡنُ مُحَمَّدِ بۡنِ الۡاَشۡعَثِ، ثنا خَالِدٌ، ثنا الۡفَضۡلُ، عَنۡ اَبَانَ، عَنۡ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: ''اَلۡهَدِيَّةُ تَذۡهَبُ بِالسَّمۡعِ وَالۡبَصَرِ''

Marfat.com

ترجمہ: ابان نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہدیہ انسان کی قوت سماعت اور بصارت کو رخصت کر دیتا ہے۔☆

وضاحت: کسی منصب پر فائز شخص کا لوگوں سے ہدیہ اور تحفہ وصول کرنا اس کے دیکھنے اور سننے کی قوت کو ختم کر دیتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ جب اس کو ان تحفہ تحائف دینے والوں کے خلاف کسی معاملہ میں کوئی فیصلہ کرنا پڑے گا تو وہ وصول شدہ ہدیہ حق بات کہنے میں رکاوٹ پیدا کر دے گا۔

## گھوڑوں کی پیشانی میں برکت ہے

221 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ بَشِيْرٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا عَمْرُوْ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: ثنا خَالِدُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ''

(بخاری (۳۶۴۳) سنن ترمذی (۱۶۴۹) سنن ابن ماجه (۲۷۸۶) مسند ابن ابو شیبه (۴۰۵، ۴۰۴) مصنف ابن ابو شیبه (۳۳۴۸۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت تک گھوڑوں کی پیشانی میں بھلائی رکھ دی گئی ہے۔

222 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ، اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ''

(بخاری (۲۸۵۱) مسلم (۱۸۷۴) سنن نسائی (۳۵۷۱) مسند احمد (۱۲۷۵۱، ۱۲۲۹۰، ۱۲۱۲۵)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں برکت ہے۔

223 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ بْنُ السِّمْسَارِ، اَيْضًا، اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ، ثنا الْفَرَبْرِيُّ، ثنا الْبُخَارِيُّ، قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا شَبِيْبُ بْنُ غَرْقَدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ يَعْنِي الْبَارِقِيَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

Marfat.com

''اَلْخَیْرُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِی الْخَیْلِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ''
(بخاری (۳۶۴۳) سنن ترمذی (۱۶۴۹) سنن ابن ماجه (۲۷۸۶) مسند ابن ابو شیبه (۷۰۵، ۷۰۴) مصنف ابن ابو شیبه (۳۳۴۸۴)

ترجمہ: شبیب بن غرقدہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ سے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت تک گھوڑوں کی پیشانی میں بھلائی رکھ دی گئی ہے۔

224 اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مَیْمُوْنٍ النَّصِیْبِیُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ عُثْمَانَ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرَوَیْهِ الصَّفَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِیُّ، ثنا حُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ، ثنا شَیْبَانُ یَعْنِیْ ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عِیْسَی بْنِ عَلِیٍّ الْهَاشِمِیِّ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''یُمْنُ الْخَیْلِ فِیْ شُقْرِهَا''

ترجمہ: عیسیٰ بن علی ہاشمی اپنے والد دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برکت گھوڑے کے زرد و سرخ رنگ میں ہے۔

## سفر عذاب کا ٹکڑا ہے

225 اَخْبَرَنَا اَبُو الْبَرَکَاتِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِیْقٍ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ شُعَیْبٍ النَّسَائِیُّ، اَبنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ یَخْلُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُقْرِئُ، ثنا اَبُو الْحُسَیْنِ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْحَسَنِ الْکِلَابِیُّ، بِدِمَشْقَ سَنَةَ تِسْعٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍ فِیْ ذِی الْقَعْدَةِ، ثنا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ خُرَیْمِ بْنِ مُحَمَّدٍ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ نَصْرِ بْنِ مَیْسَرَةَ السُّلَمِیُّ قَالَا: ثنا مَالِكٌ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلسَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ''

(بخاری (۱۸۰۴، ۳۰۰۱، ۵۴۲۹) مسلم (۱۹۲۷) سنن ابن ماجه (۲۸۸۲) مسند احمد (۷۲۲۵، ۹۷۴۰، ۱۰۴۴۵) سنن دارمی (۲۷۱۲) مسند البزار (۸۹۶۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سفر عذاب کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا ہے۔

Marfat.com

## عورتوں کی اتباع کرنا شرمندگی ہے

226 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْحَسَنِ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْوَشَّاءُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْخَضِرِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَاهُ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''طَاعَةُ النِّسَاءِ نَدَامَةٌ''

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کی اطاعت کرنا شرمندگی ہے۔

## مصائب زبان کے سپرد ہیں

227 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا هَانِي بْنُ عَبْدِ اللهِ الطَّرَسُوسِيُّ، ثنا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ، إِجَازَةً، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عِيسَى الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْبَلَاءُ مُوَكَّلٌ بِالْمَنْطِقِ''

(المجالسه وجواهر العلم (۷۷۵))

ترجمہ: جندب نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مصیبتیں سپرد کی گئی ہیں بولنے کے ساتھ۔

وضاحت: آدمی جتنا زیادہ باتونی ہوگا اتنا ہی زیادہ اس کو مصائب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کیونکہ زیادہ بولنے سے انسان غلطیاں زیادہ کرتا ہے اور پھر وہ اتنا ہی پریشان ہوتا ہے۔ اس لئے فرمایا کہ مصیبتیں بولنے کے سپرد کی گئی ہیں۔ اسی لیے امیر دعوت اسلامی مولانا محمد الیاس عطار قادری فرماتے ہیں: ایک چپ سو سکھ۔

228 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَصْبَهَانِيُّ، أنبا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ التُّسْتَرِيُّ بِهَا وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، قَالَ: ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ هَارُونَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْبَلَاءُ مُوَكَّلٌ بِالْمَنْطِقِ''

ترجمہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مصیبتیں سپرد کی

Marfat.com

گئی ہیں بولنے کے ساتھ۔

## روزہ جسم کی زکوۃ ہے

229 اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمِنْهَالِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الرُّعَيْنِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ جُمْهَانَ. عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الصِّيَامُ نِصْفُ الصَّبْرِ، وَعَلَى كُلِّ شَيْءٍ زَكَاةٌ، وَزَكَاةُ الْجَسَدِ الصِّيَامُ''

(سنن ابن ماجه (۱۷۴۵) معجم الكبير طبرانی (۵۹۷۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: روزہ نصف صبر ہے اور ہر چیز پر زکوۃ لازم ہے اور جسم کی زکوۃ روزہ ہے۔

230 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْبَارِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا سَعِيدٌ الْجُهَنِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الطَّائِيِّ، عَنْ اَبِي مُدِلَّةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الصَّائِمُ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: روزہ دار کی دعا رد نہیں ہوتی۔

231 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ شُعْبَةُ بْنُ الْفَضْلِ الثَّعْلَبِيُّ سَنَةَ تِسْعٍ وَثَلَاثِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، ثنا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ نُمَيْرِ بْنِ عَرِيبٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الصَّوْمُ فِي الشِّتَاءِ الْغَنِيمَةُ الْبَارِدَةُ''

(جامع ترمذی (۷۹۹) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۷۴۱) مسند احمد (۱۸۹۵۹) صحیح ابن خزیمہ (۲۱۴۵)

ترجمہ: حضرت عامر بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سردیوں میں روزے ٹھنڈی غنیمت ہے۔

## مسواک کا فائدہ

232 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا جَعْفَرُ

Marfat.com

بْنُ هِشَامٍ بَغْدَادِيٌّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الصَّدَائِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْمُعَلَّى بْنُ مَيْمُونٍ الْمُجَاشِعِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِي سِنَانٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''السِّوَاكُ يَزِيْدُ الرَّجُلَ فَصَاحَةً''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: مسواک آدمی کی فصاحت کوزیادہ کرتی ہے۔

زبان کی فصاحت انسان کا حسن ہے

233 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ شَيْكَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا بَحْرُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْقَرْقُوْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْجَارُوْدِ الرَّقِّيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''جَمَالُ الرَّجُلِ فَصَاحَةُ لِسَانِهِ''

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: آدمی کا حسن وجمال اس کی زبان کی فصاحت ہے۔

امام اور مؤذن کی ذمہ داری

234 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْاِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ، وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِيْنَ''

(جامع ترمذی (۲۰۷) سنن ابن ماجه (۹۸۱) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۵۲۶) شعب الایمان (۲۸۰۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: امام ذمہ دار ہے اور مؤذن امانت دار ہے۔اے میرے اللہ! آئمہ کو ہدایت عطافرما اور مؤذنین کی مغفرت فرما۔

235 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، ثنا حُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَنْ، سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْمُؤَذِّنُونَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

ترجمہ: سلیمان کہتے ہیں جس نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا اس نے مجھے حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن موذنوں کی گردنیں لوگوں سے زیادہ اونچی ہوں گی۔

وضاحت: اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے منتظر ہوں گے، ایک قول یہ ہے کہ ان کی گردنیں لمبی اس لیے ہوں گی کہ جب قیامت کے دن زیادہ پسینہ آئے گا تو وہ پسینہ ان کے کندھوں سے متجاوز ہو کر ان کی گردنوں تک نہ پہنچ سکے، ایک قول یہ ہے کہ قیامت کے دن رئیس اور سردار ہوں گے کیونکہ عرب سردار کو کنایۃً لمبی گردن والا کہتے تھے۔ ایک قول یہ ہے کہ ان کے پیروکار سب سے زیادہ ہوں گے اور ایک قول یہ ہے کہ ان کے نیک اعمال سب سے زیادہ ہوں گے۔

## کبیرہ گناہ کرنے والوں کی شفاعت

236 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا بِسْطَامُ بْنُ حُرَيْثٍ الصُّوفِيُّ، عَنْ اَشْعَثَ الْحُدَّانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي''

(سنن ابی داؤد (۴۷۳۹) جامع ترمذی (۲۴۳۵) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۷۷۴) مسند احمد (۱۳۲۲۲) شعب الایمان (۳۰۵))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری شفاعت میری امت کے اہل کبائر کے لئے ہے۔

237 سَمِعْتُ الْقَاضِيَ اَبَا عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامَةَ يَحْلِفُ بِاللهِ وَيَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ بْنَ الْحُسَيْنِ يَحْلِفُ بِاللهِ وَيَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ اَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بُرْدٍ يَحْلِفُ بِاللهِ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ نَفِيسٍ، يَحْلِفُ بِاللهِ لَسَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ يَحْلِفُ بِاللهِ لَسَمِعَ هُدْبَةَ بْنَ خَالِدٍ يَحْلِفُ بِاللهِ لَسَمِعَ اَبَا جَنَابٍ الْقَصَّابَ يَحْلِفُ بِاللهِ لَسَمِعَ زِيَادًا النُّمَيْرِيَّ يَحْلِفُ بِاللهِ لَسَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَحْلِفُ بِاللهِ لَسَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي''

Marfat.com

(سنن ابی داؤد (۴۷۳۹) جامع ترمذی (۲۴۳۵) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۷۶۴) مسند احمد (۱۳۲۲۲) شعب الایمان (۳۰۵)

ترجمہ: ابو جناب قصاب، اللہ کی قسم اٹھاتے ہیں کہ انہوں نے زیاد نمیری سے سنا وہ قسم اٹھاتے ہیں کہ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا وہ قسم اٹھاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری شفاعت میری امت کے اہل کبائر کے لئے ہے۔

## فضائل انصار:

238 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَعْرَابِيُّ قَالَ: اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اَلْاَنْصَارُ كَرِشِي وَعَيْبَتِي''

(بخاری (۳۸۰۱) مسلم (۲۵۱۰) جامع ترمذی (۳۹۰۷) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۲۳۶۱،۳۶۹۹۵) مسند احمد (۲۵۹۴،۱۲۸۰۲،۱۳۵۷۴،۱۲۹۵۲،۱۳۰۸۴)

ترجمہ: اسماعیل بن جعفر کو حمید نے بیان کیا کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انصار میرے انتہائی قریبی اور معتمد ساتھی ہیں۔

نوٹ: اس حدیث پاک میں انصار کو کرشی کہا گیا جس کا معنی ہے معدہ۔ اور عیبتی کہا گیا جس کا مطلب ہے صندوق۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح کھانے کو معدہ قبول کرتا ہے اور صندوق کپڑوں کو محفوظ کرتا ہے اسی طرح انصار نے مہاجرین کو کشادہ دلی کے ساتھ قبول بھی کیا اور جس طرح صندوق کپڑے کی حفاظت کرتا ہے اسی طرح انصار نے مہاجرین کو حفاظت بھی کی۔

## اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت پر ہے

239 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاغِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ فَيَّاضٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ التَّمَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ''

(سنن ترمذی (۲۱۶۶) سنن نسائی (۴۰۲۰) شعب الایمان (۷۱۰۶)

Marfat.com

ترجمہ: عبداللہ بن طاؤس نے ہمیں خبر دی انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔

## خاموشی بادشاہی ہے:

240 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْمِنْقَرِيُّ، ثنا الْاَصْمَعِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الصَّمْتُ حُكْمٌ وَقَلِيلٌ فَاعِلُهُ''

ترجمہ: قتادۃ روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خاموشی اقتدار ہے اور اس کے کرنے والے کم ہیں۔

## رزق موت سے بھی جلدی پہنچتا ہے

241 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، كَيْلَجَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الرِّزْقُ اَشَدُّ طَلَبًا لِلْعَبْدِ مِنْ اَجَلِهِ''

ترجمہ: حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رزق بندہ کو اس کی موت سے زیادہ شدت سے طلب کرتا ہے۔

وضاحت: رزق اور موت دونوں بندہ کا پیچھا کرتے ہیں لیکن رزق بندہ کو اس کی موت سے پہلے تلاش کر لیتا ہے۔ اس لئے بندہ کو رزق کے لئے محنت کرنی چاہیے نہ کہ پریشان ہونا چاہیے۔ کیونکہ رزق بھی اس کی تلاش میں ہے۔

## معیشت میں نرمی کرنا

242 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْقَزَّازُ، اَبنا اَبُو سَعِيدٍ هُوَ ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْجِيزِيُّ، ثنا يُونُسُ، هُوَ ابْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا حَجَّاجُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرُّعَيْنِيُّ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ لَهِيعَةَ: شَيْئًا كُنْتُ اَسْمَعُ عَجَائِزَنَا يَقُلْنَهُ: الرِّفْقُ فِي الْعَيْشِ خَيْرٌ مِنْ بَعْضِ التِّجَارَةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ

Marfat.com

سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''الرِّفْقُ فِي الْمَعِيْشَةِ خَيْرٌ مِنْ بَعْضِ التِّجَارَةِ''

(معجم ابن الاعرابی (۶۳۷) معجم الاوسط (۸۷۴۶) شعب الایمان (۶۱۳۶، ۶۱۴۲، ۶۱۳۶))

ترجمہ: محمد بن منکدر نے ہمیں حدیث بیان کی انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ معیشت میں نرمی بہتر ہے بعض تجارت سے۔

243 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''التَّاجِرُ الْجَبَانُ مَحْرُومٌ وَالتَّاجِرُ الْجَسُورُ مَرْزُوقٌ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بزدل تاجر (رزق سے) محروم ہوتا ہے اور دلیر تاجر کو رزق دیا جاتا ہے۔

## اچھا اور برا ملکہ

244 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَيْسَرَانِيِّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِيْ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرٍ، عَنْ بَعْضِ بَنِيْ رَافِعِ بْنِ مَكِيْثٍ، عَنْ رَافِعٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''حُسْنُ الْمَلَكَةِ نَمَاءٌ وَسُوءُ الْمَلَكَةِ شُؤْمٌ''

(مسند ابی یعلیٰ موصلی (۱۵۴۴) مکارم الاخلاق للخرائطی (۵۱۰) معجم الکبیر طبرانی (۴۴۵۱))

ترجمہ: حضرت رافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے زیردست سے اچھا رویہ رکھنا بڑھوتری کا باعث بنتا ہے اور برا رویہ نحوست کا باعث ہوتا ہے۔

245 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَبنا مَعْمَرٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ بَعْضِ بَنِيْ رَافِعِ بْنِ مَكِيْثٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ مَكِيْثٍ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''حُسْنُ الْمَلَكَةِ نَمَاءٌ وَسُوءُ الْمَلَكَةِ شُؤْمٌ، وَالْبِرُّ زِيَادَةٌ فِي الْعُمُرِ وَالصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيْتَةَ السُّوءِ''

Marfat.com

(مسند ابی یعلی موصلی (۱۵۴۴) مکارم الاخلاق للخرائطی (۵۱۰) معجم الکبیر طبرانی (۴۴۵۱)

ترجمہ: عثمان بن زفر نے رافع بن مکیث کے بعض بیٹوں سے روایت کیا اور انہوں نے حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ عنہ سے روایت کیا جو حدیبیہ میں شریک تھے وہ روایت کرتے ہیں کہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے زیردست سے اچھا رویہ رکھنا بڑھوتری کا باعث بنتا ہے اور برا رویہ نحوست کا باعث ہوتا ہے۔ نیکی زندگی کو بڑھاتی ہے اور صدقہ بری موت کو روکتا ہے۔

## دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے آسان ہے

246 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَعَافِرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عِيسَى بْنِ صَالِحِ الْبَزَّازُ اَبُوْ بَكْرٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفِ بْنِ سَوَّارٍ الْبَسْتِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اِيَاسٍ اللَّيْثِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَخِيْهِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''فُضُوْحُ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ فُضُوْحِ الْآخِرَةِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۷۱۸) معجم الاوسط (۲۶۲۹)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اپنے بھائی حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے زیادہ آسان ہے۔

## قبر پہلی منزل ہے

247 اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ الْاِشْبِيلِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْهَاشِمِيُّ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، قَالَ: ثنا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَحِيْرٍ، عَنْ هَانِئٍ، مَوْلَى عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْقَبْرُ اَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْآخِرَةِ''

(سنن ترمذی (۲۳۰۸) سنن ابن ماجہ (۴۲۶۷) مسند احمد (۴۵۴) مسند البزار (۴۴۴) شعب الایمان (۱۰۰۶۹، ۳۹۳)

ترجمہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے غلام ہانی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر پہلی منزل ہے آخرت کی منازل میں سے۔

Marfat.com

248 اَخْبَرَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدٍ الْكَاتِبُ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ الْغَازِيُ، قَالَا: ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي اِسْرَائِيلَ، ثنا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ بَحِيرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ هَانِئًا، مَوْلَى عُثْمَانَ يَقُوْلُ: كَانَ عُثْمَانُ اِذَا وَقَفَ عَلَى قَبْرٍ بَكَى حَتَّى تَبْتَلَّ لِحْيَتُهُ، قَالَ: فَقِيلَ لَهُ تُذْكَرُ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ وَلَا تَبْكِي، وَتَبْكِي مِنْ هٰذَا؟، فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الْقَبْرَ اَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْآخِرَةِ'' وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

(سنن ترمذی (۲۳۰۸) سنن ابن ماجه (۴۲۶۷) مسند احمد (۴۵۴) مسند البزار (۴۴۴) شعب الایمان (۱۰۰۶۹، ۳۹۳)

ترجمہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے غلام ھانی کہتے ہیں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ جب قبر پر کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ آپ کی داڑھی شریف آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔ آپ سے پوچھا گیا کہ جب جنت و دوزخ کا ذکر کیا جاتا ہے اس وقت آپ اتنا نہیں روتے اور قبر پر کھڑے ہوتے ہیں، تو رو پڑتے ہیں، اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے۔

## صبر پہلے صدمہ کے وقت کرنا چاہیے

249 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَبنا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوقٍ، اَبنا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُولَى''

(بخاری (۱۰۳۰۲، ۱۲۸۳) مسلم (۹۲۶) سنن ابو داؤد (۳۱۲۴) سنن نسائی (۱۸۶۹) شعب الایمان (۹۲۵۲) سنن الکبریٰ (۷۱۲۷، ۷۱۲۸)

ترجمہ: حضرت ثابت بنانی رضی اللہ عنہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبر وہ ہے جو صدمہ کے آغاز کے وقت ہو۔

## بچیوں کی تدفین ان کی عزت کا سبب ہے

250 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مَيْمُوْنِ بْنِ اَحْمَدَ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي الْعِصَامِ الْعَدَوِيُّ، ثنا اَبُوْ عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَامِلٍ بِصُورَ، ثنا اَبُوْ عَمْرٍو عَبْدُ اللهِ بْنُ ذَكْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

Marfat.com

قَالَ: لَمَّا عُزِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ ابْنَتِهِ رُقَيَّةَ امْرَاَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ دَفْنُ الْبَنَاتِ مِنَ الْمَكْرُمَاتِ''

(معجم الاوسط (۲۲۶۳) معجم الکبیر طبرانی (۱۲۰۳۵) معجم ابن الاعرابی (۴۰۸) حلیۃ الاولیاء ج ۵ ص ۲۰۹۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نور نظر حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا جو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں (ان کی وفات پر) جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تعزیت کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے فرمایا: بچیوں کو دفن کرنا ان کی تعظیم کا سبب ہے۔

وضاحت: زمانے جاہلیت میں بچیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا لیکن رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی بدولت اللہ کریم نے عورتوں کو بلند رتبہ اور عظمت عطا فرمائی۔ اب بچیوں کو زندہ دفن نہیں کیا جاتا بلکہ فوت ہونے کے بعد انہیں عزت اور تکریم کے ساتھ دفن کیا جاتا ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچیوں کو دفن کرنا ان کی تعظیم کا سبب ہے۔

## میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہے

251 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ الْمُقْرِئُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنُ بُنْدَارٍ الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَدِيبُ، ثنا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْقُرَشِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، ثنا اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا مَا بَيْنَ السِّتِّينَ اِلَى السَّبْعِينَ''

(مسند ابی یعلی موصلی (۶۵۴۳) شعب الایمان (۹۷۷۲) الآداب للبیہقی (۸۰۰)

ترجمہ: ابراہیم بن فضل بن سلیمان نے مقبری سے روایت کیا کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی (اوسط) عمر ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہے۔

وضاحت: اکثر ساٹھ سے ستر سال کے درمیان موت انسان پر وارد ہوتی ہے کیونکہ اس امت کی عمریں بہت کم ہیں۔ اس لیے ہمیں اس تھوڑی عمر میں ہمیشہ رہنی والی زندگی کی تیاری کرنی چاہیے۔

252 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الرُّوزْبَهَانِيِّ، بِبَغْدَادَ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ اِدْرِيسَ السَّامِرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اَبُو

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سَهْلٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَعْمَارُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى السَّبْعِينَ، وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوزُ ذَلِكَ''

(سنن ترمذی (۳۵۵۰) سنن ابن ماجه (۴۲۳۶) مسند ابی یعلی موصلی (۱۳۸، ۵۹۹۰) صحیح ابن حبان (۲۹۸۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی (اوسط) عمریں ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہوں گی اور ان میں سے بہت کم لوگ اس سے آگے جائیں گے۔

## مکروفریب اور دھوکا دینے والا جہنم میں ہوگا

253 وَفِيمَا كَتَبَ إِلَيَّ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ جَابِرٍ فَذَكَرَ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمَكِّيَّ حَدَّثَهُمْ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثنا أَبِي، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا، وَالْمَكْرُ وَالْخَدِيعَةُ فِي النَّارِ''

(صحیح ابن حبان (۵۵۵۹) معجم الاوسط طبرانی (۱۰۲۳۴، ۷۳۸) حلیۃ الاولیاء، ج ۴ ص ۱۸۸۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں اور مکروفریب اور دھوکا کرنے والا آگ میں ہوگا۔

254 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ غَالِبٍ، ثنا الْقَاضِي أَبُو طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثنا أَبِي، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا وَالْمَكْرُ وَالْخَدِيعَةُ فِي النَّارِ''

(صحیح ابن حبان (۵۵۵۹) معجم الاوسط طبرانی (۱۰۲۳۴، ۷۳۸) حلیۃ الاولیاء، ج ۴ ص ۱۸۸۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم میں سے جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں اور مکروفریب اور دھوکہ کرنے والا آگ میں ہوگا۔

وضاحت: حدیث پاک میں جو یہ کہا گیا کہ (جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں ہے) اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص ہمارے طریقہ پر نہیں ہے۔

Marfat.com

## جھوٹی قسم گھر میں تباہی لاتی ہے

255 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّفَّارُ. ابنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَبِيبٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْيَمِيْنُ الْفَاجِرَةُ تَدَعُ الدِّيَارَ بَلَاقِعَ''

(سنن صغیر بیہقی (۳۱۵۹) شعب الایمان (۴۵۰۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ناجائز قسم تو گھروں (یعنی آبادیوں) کو ویران اور برباد کر دیتی ہے۔

256 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ مَنْصُورُ بْنُ عَلِيٍّ الطَّرَسُوْسِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ فِي مَنْزِلِهِ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى اَبِي مُقَاتِلٍ حَرِيشِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَرِيشِ، ابنا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْوَشَّاءُ، ثنا اَبُو سَهْلٍ مَسْعُودُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا الشَّافِعِيُّ قَالَ: ابنا سُفْيَانُ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْكَسْبِ'' [ص:178]

( مسند الحمیدی (۱۰۶۰) مسند احمد (۹۳۴۹، ۷۲۹۳) مسند البزار (۸۷۵۵، ۸۳۱۳) مسند ابی یعلی (۶۴۶۰، ۵۴۷۹) سنن الکبریٰ بیہقی (۱۰۴۰۹)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹی قسم سامان تجارت کو تو فروخت کروا دیتی ہے لیکن کمائی سے برکت کو ختم کر دیتی ہے۔

257 وَاَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ، ثنا سُفْيَانُ هُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوبَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: اس سند کے ساتھ اس کی مثل منقول ہے۔

258 وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، ابنا اَبُو زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، ابنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، ابنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

Marfat.com

الْبُخَارِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''الْحَلِفُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ''

(مسلم (۱۶۰۶) سنن ابی داؤد (۳۳۳۵) سنن نسائی (۴۴۶۱) شعب الایمان (۴۵۰۶) شرح السنہ (۲۰۴۶)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: بے شک میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قسم سامان تجارت کو فروخت کروا دیتی ہے مگر برکت کو ختم کر دیتی ہے۔

## قسم کھانے والے کی نیت کا اعتبار کیا جائے گا

259 أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقْرِئُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ، قَالَ: أبنا أَبُو سَعِيدٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ السِّجْزِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، وَأَنَا أَسْمَعُ، أبنا أَبُو أَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَمْرَوَيْهِ الْجَلُّودِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ فَأَقَرَّ بِهِ، أبنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْيَمِينُ عَلَى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ''

(مسلم (۱۶۵۳) سنن ابن ماجہ (۲۱۲۰) مصنف ابن ابو شیبہ (۱۲۵۹۱، ۱۲۵۹۰) شرح السنہ (۲۵۱۵) سنن الصغیر (۳۱۸۹) سنن الکبریٰ (۲۰۰۳۵)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قسم میں، قسم لینے والے کی نیت کا اعتبار ہوگا۔

## قسم توڑنے کا بیان

260 أَخْبَرَنَا أَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ، ثنا بَدْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَبُو عُبَيْدٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْحَلِفُ حِنْثٌ أَوْ نَدَمٌ''

(سنن ابن ماجہ (۲۱۰۳) مصنف ابن ابو شیبہ (۱۲۶۱۵، ۲۲۲۰۰) مسند ابی یعلی موصلی (۵۶۹۷) معجم الاوسط

Marfat.com

(۸۴۲۵) معجم الصغیر طبرانی (۱۰۸۳) مستدرک للحاکم (۷۸۳۵)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قسم اٹھانے پر یا تو قسم توڑنی پڑتی ہے یا شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔

261 وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ وَذُو النُّونِ قَالَا: ثنا الْعَسْكَرِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْحَلِفُ نَدَمٌ اَوْ مَنْدَمَةٌ''

(سنن ابن ماجه (۲۱۰۳) مصنف ابن ابو شیبه (۱۲۶۱۵،۲۲۲۰۰) مسند ابی یعلی موصلی (۵۶۹۷) معجم الاوسط (۸۴۲۵) معجم الصغیر طبرانی (۱۰۸۳) مستدرک للحاکم (۷۸۳۵)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قسم اٹھانے پر یا تو ندامت ہوتی ہے یا شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔

اضافہ: حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص قسم اٹھائے پھر اس کے غیر میں بہتری سمجھے تو بہتر کام کو اختیار کرے اور قسم کا کفارہ دیدے۔

قسم کا کفارہ: قسم کا کفارہ یہ ہے کہ بندہ تین دن کے مسلسل روزے رکھے یا پھر دس مسکینوں کو کھانا کھلائے یا پھر غلام آزاد کرے۔

## سلام ہمارے لیے دعا اور امان ہے

262 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَنا الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ حَمْكَانَ الْهَمَذَانِيُّ الْفَقِيهُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ السَّرَخْسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ مُوسَى، ثنا اَبُو فَرْوَةَ الرَّهَاوِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''السَّلَامُ تَحِيَّةٌ لِمِلَّتِنَا وَاَمَانٌ لِذِمَّتِنَا''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سلام ہماری ملت (یعنی ہمارے دین کے افراد) کے لئے تحیت (یعنی سلام کرنے کا طریقہ) ہے اور ہمارے ذمیوں کے لیے امان ہے۔

## علم خرچ کرنے سے نفع دیتا ہے

263 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّاهِدُ، اَبنا النَّاقِدُ، ثنا اَبُو بَكْرٍ

Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَاطِبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عِلْمٌ لَا يَنْفَعُ كَكَنْزٍ لَا يُنْفَقُ مِنْهُ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوعلم نفع نہ دے اس کی مثال ایسے خزانے کی مانند ہے جس میں سے خرچ نہ کیا جائے۔

☆وضاحت: علم ایک ایسا خزانہ ہے' جس کو جتنا خرچ کریں گے اتنا ہی بڑھے گا اگر اس کو بند رکھیں گے تو یہ دن بدن گھٹے گا۔ علم کو مال دنیا پر قیاس کر کے اس کو خرچ نہ کرنا جہالت ہے۔

## کھانا کھا کر شکر کرنے والے کا اجر

264 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْجَارُوْدِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي حُرَّةَ، عَنْ عَمِّهِ حَكِيْمِ بْنِ اَبِي حُرَّةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَنَّةَ الْاَسْلَمِيِّ، صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ''

(بخاری (۵۴۶۰) سنن ترمذی (۲۴۸۶) سنن ابن ماجہ (۱۷۶۵، ۱۷۶۴) مسند احمد (۱۹۰۱۴، ۷۸۰۶)

ترجمہ: حضرت سنان بن سنہ اسلمی رضی اللہ عنہ جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی تھے وہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھانا کھانے والا جب شکر ادا کرتا ہے تو اس کو روزہ دار صابر کی طرح اجر ملتا ہے۔

## نماز ہر متقی شخص کی قربانی ہے

265 اَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ الزَّاهِدُ، ثنا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَبُوْ ذَرٍّ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الشَّامِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا (الصَّلَاةُ قُرْبَانُ كُلِّ تَقِيٍّ)

(مسند ابن الجعد (۴۸۶) حلیہ الاولیاء، ج ۳ ص ۱۹۴۔ شعب الایمان (۵۵۱۷) مسند احمد (۱۵۲۸۴) مسند ابی یعلی

Marfat.com

موصلی (۱۹۹۹)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا پھر مختصر سابقہ روایت کا ذکر کیا۔ وہ روایت یہ ہے۔

نماز ہر پرہیزگار شخص کے لئے (بارگاہِ خداوندی میں) قربت کے حصول کا باعث ہے۔

## نماز، ایمان اور کفر کے درمیان فرق کرنے والی ہے

266 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعِ السُّكَّرِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغْدَادِيُّ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ''

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ (مؤمن) اور کافر کے درمیان (فرق) نماز چھوڑنے کا ہے۔

267 وَاَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّدُوْسِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الرُّعَيْنِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ هُوَ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ''

(سنن ابو داؤد (۴۶۷۸) سنن ترمذی (۲۶۲۰،۲۶۴) سنن ابن ماجہ (۱۰۷۸) مسند احمد (۱۴۹۷۹))

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ (مؤمن) اور کافر کے درمیان (فرق) نماز چھوڑنے کا ہے۔

## دین میں نماز کا مقام ایسا ہے، جس طرح جسم میں سر کا ہے

268 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَامِدِ بْنِ مَحْمُوْدِ بْنِ ثَرْثَالٍ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بَطْحَاءَ، قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَكِيْمِ بْنِ مُسْلِمٍ، ثنا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ، ثنا مِنْدَلٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَوْضِعُ الصَّلَاةِ مِنَ الدِّيْنِ كَمَوْضِعِ

Marfat.com

الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ''

(معجم الاوسط(۲۲۹۲)معجم الصغیر طبرانی(۱۶۲))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دین میں نماز کا مقام اس طرح ہے' جس طرح جسم میں سر کا مقام ہے۔

## بیٹھ کر نماز پڑھنے سے آدھا ثواب ملتا ہے

269 اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ النَّحْوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا النَّسَائِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلَاةِ الْقَائِمِ''

(سنن ترمذی(۳۷۱)سنن نسائی(۱۶۵۹)مسند احمد(۶۵۱۲)سنن ابن ماجہ(۱۲۳۰،۱۸۰۸))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنا کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے (اجر میں) نصف ہے۔

## زکوٰۃ' اسلام کا پل ہے

270 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَذَنِيُّ، ثنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فِيْلٍ، ثنا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ حُمْرَةَ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الزَّكَاةُ قَنْطَرَةُ الْاِسْلَامِ''

(معجم الاوسط(۸۹۳۷)شعب الایمان(۳۰۳۸))

ترجمہ: حضرت ابو درداء روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرماتے ہیں: زکوٰۃ اسلام کا پل ہے۔

## مردوں اور عورتوں کی خوشبو

271 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا يَعْقُوْبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْفُرَاتِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ مَاهَانَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنِ الطُّفَاوِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''طِيبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ، وَطِيبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ''

(سنن ابو داؤد (۴۱۷۴) سنن ترمذی (۲۷۸۷) سنن نسائی (۵۱۱۸،۵۱۱۷) شعب الایمان (۷۴۲۴)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس کی خوشبو ظاہر ہو اور اس کا رنگ پوشیدہ رہے اور عورتوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس کا رنگ ظاہر ہو اور اس کی خوشبو پوشیدہ رہے۔

272 اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعِيدٍ النَّحْوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَيْمُونٍ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عن , الطُّفَاوِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''طِيبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ، وَطِيبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ''

(سنن ابو داؤد (۴۱۷۴) سنن ترمذی (۲۷۸۷) سنن نسائی (۵۱۱۸،۵۱۱۷) شعب الایمان (۷۴۲۴)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس کی خوشبو ظاہر ہو اور اس کا رنگ پوشیدہ رہے اور عورتوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس کا رنگ ظاہر ہو اور اس کی خوشبو پوشیدہ رہے۔

## مٹی بچوں کی بہار ہے

273 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، ثنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْغَضَائِرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، بِمَكَّةَ، ثنا مَالِكُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''التُّرَابُ رَبِيعُ الصِّبْيَانِ''

(معجم الکبیر للطبرانی (۵۷۷۵)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مٹی بچوں کی بہار ہے۔

## روحیں جمع شدہ لشکر ہیں

274 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدٌ هُوَ

Marfat.com

ابْنُ صَالِحٍ كَيْلَجَةَ، ثنا أَبُو صَالِحٍ كَاتِبُ اللَّيْثِ، ثنا اللَّيْثُ: عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ اخْتَلَفَ''

(بخاری (۳۳۳۶) مسلم (۲۶۳۸) سنن ابی داؤد (۴۸۳۴) مسند احمد (۷۹۳۵) الادب المفرد (۹۰۱، ۹۰۰) شعب الایمان (۸۶۱۹، ۸۶۲۰، ۸۶۲۱)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: ارواح لشکروں کے اجتماع کی طرح ہوتی ہیں' ان میں سے جو (عالمِ ارواح میں) ایک دوسرے سے متعارف ہوتی ہیں (وہ دنیا میں بھی) ایک دوسرے سے مانوس ہوتی ہیں اور جو (عالم ارواح میں) ایک دوسرے سے شناسا نہیں ہوتی ہیں (وہ دنیا میں بھی) ایک دوسرے سے لاتعلق رہتی ہیں۔

## سچائی اطمینان اور جھوٹ بے چینی دیتا ہے

275 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْجَوَالِيقِيُّ قَدِمَ عَلَيْنَا، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي هُرَيْرَةَ الْجُعْفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ وَعُثْمَانُ وَعَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ وَالْحَسَنُ بْنُ يَزِيدَ، قَالُوا: ثنا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: مَا حَفِظْتَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: حَفِظْتُ مِنْهُ: ''الصِّدْقُ طُمَأْنِينَةٌ وَالْكَذِبُ رِيبَةٌ''

(شرح مشکل الآثار (۲۱۴۰) معجم الابن الاعرابی (۲۲۸۳)

ترجمہ: ابوحوراء کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کہ آپ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا یاد کیا؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو یاد کیا وہ یہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: سچائی انسان کو چین بخشتی ہے اور جھوٹ بے چینی۔

## قرآن ایک خزانہ ہے

276 أَخْبَرَنَا أَبُو ذَرٍّ عَبْدُ بْنُ أَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، إِجَازَةً، أَبنا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: حَدَّثَ الْأَعْمَشُ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْقُرْآنُ غِنًى لَا فَقْرَ بَعْدَهُ وَلَا غِنًى دُونَهُ'' قَالَ الدَّارَقُطْنِيُّ: وَرَوَاهُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ

Marfat.com

مُرْسَلًا. وَهُوَ اَشْبَهُهُمَا بِالصَّوَابِ

(مسند ابی یعلی موصلی (۲۷۷۳) معجم الکبیر طبرانی (۷۳۸) شعب الایمان (۲۳۷۶))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن ایک ایسی دولت (خزانہ) ہے، جس کے بعد کوئی فقر نہیں اور نہ ہی اس کے علاوہ کوئی خزانہ ہے۔

## تقدیر پر ایمان کا فائدہ

277 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُوْ عَقِيلٍ عِيسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَشْعَرِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ الطُّوسِيُّ، ثنا جَمَاهِرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا الْمُزَاحِمُ بْنُ عَوَّامٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِي لُبَابَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْاِيمَانُ بِالْقَدَرِ يُذْهِبُ الْهَمَّ وَالْحَزَنَ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان بالقدر (تقدیر پر ایمان) غم اور پریشانی کوختم کر دیتا ہے۔

## دنیا سے بے رغبتی، دل وبدن کے راحت ہے اور دنیا میں رغبت، غم و پریشانی کو زیادہ کرتی ہے:

278 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا يُوسُفُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّيْدَلَانِيُّ بِمَكَّةَ، ثنا اَبُوْ التَّرِيكِ الْاَطْرَابُلُسِيُّ، ثنا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيحُ الْقَلْبَ وَالْبُدْنَ، وَالرَّغْبَةُ فِي الدُّنْيَا تُكْثِرُ الْهَمَّ وَالْحَزَنَ، وَالْبَطَالَةُ تُقْسِي الْقَلْبَ''

(حلیۃ الاولیاء، ج ۶ ص ۲۸۸۔ شعب الایمان (۱۰۰۵۴))

ترجمہ: حضرت عبد بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی دل اور بدن کوسکون بخشتی ہے اور دنیا میں رغبت کرنا، غم اور پریشانی کو زیادہ کرتا ہے اور بہادری، دل کو سخت کر دیتی ہے۔

## عالم اور طالب علم دونوں خیر میں شریک ہیں

279 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ جَابِرٍ،

Marfat.com

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْغَزِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِنْتِ مَطَرٍ. ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِدْرِيسَ الرَّازِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ. عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْعَالِمُ وَالْمُتَعَلِّمُ شَرِيكَانِ فِي الْخَيْرِ، وَسَائِرُ النَّاسِ شَرٌّ لَا خَيْرَ فِيهِ''

(سنن ابن ماجہ (٢٢٨) سنن دارمی (٣٣٧) معجم الکبیر طبرانی (٧٨٧٥))

ترجمہ: ابوادریس خولانی علیہ الرحمۃ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم اور متعلم دونوں خیر میں شریک ہیں' باقی سب لوگوں شر میں (شریک) ہیں (ان میں) خیر نہیں۔

## جس ہاتھ سے لو، اسی ہاتھ سے دو

280 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ. أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ. ثنا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ. ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ. عَنْ قَتَادَةَ. عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَلَى الْيَدِ مَا أَخَذَتْ حَتَّى تُؤَدِّيَهُ''

(سنن ابو داؤد (٣٥٦١) سنن ترمذی (١٢٦٦) سنن ابن ماجہ (٢٤٠٠) مسند احمد (٢٠١٥٦، ٢٠١٣١، ٢٠٠٨٦) سنن دارمی (٢٦٣٨) معرفۃ السنن والآثار (١١٩٦٨، ١٢٢٣٦))

ترجمہ: حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاتھ نے جو لیا ہو اس کی ادائیگی اس پر لازم ہوگی یہاں تک وہ اسے ادا کردے۔

وضاحت: مطلب یہ ہے کہ جس طرح کسی سے کوئی چیز لی ہے اسی طرح دیانتداری اور ذمہ داری کے ساتھ واپس لوٹا دیں تاکہ لوگوں کا اعتماد بحال رہے اور محبت و پیار اور ایک دوسرے کے ساتھ مشکل وقت میں تعاون کا جذبہ قائم رہے۔

281 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ. أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ. ثنا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ. ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ. عَنْ قَتَادَةَ. عَنِ الْحَسَنِ. عَنْ سَمُرَةَ. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَلَى الْيَدِ مَا أَخَذَتْ حَتَّى تُؤَدِّيَ''

(سنن ابو داؤد (٣٥٦١) سنن ترمذی (١٢٦٦) سنن ابن ماجہ (٢٤٠٠) مسند احمد (٢٠١٥٦، ٢٠١٣١، ٢٠٠٨٦) سنن دارمی (٢٦٣٨) معرفۃ السنن والآثار (١١٩٦٨، ١٢٢٣٦))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاتھ نے جولیا ہو اس کی ادائیگی اس پر لازم ہوگی یہاں تک وہ اسے ادا کردے۔

## بچہ صاحب فراش کا ہے

282 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، ثنا طَاهِرُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَلَبِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ كِلَاهُمَا أَوْ أَحَدُهُمَا، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ''

(بخاری (۶۷۶۵، ۶۷۵۰، ۶۷۴۹، ۴۳۰۳، ۲۷۴۵، ۲۲۱۸) مسلم (۱۴۵۸، ۱۴۵۷) سنن ترمذی (۱۲۷۰، ۱۱۵۷) سنن نسائی (۳۴۸۳، ۳۴۸۲) سنن ابن ماجہ (۲۰۰۴، ۲۰۰۶، ۲۰۰۷) سنن ابو داؤد (۲۲۷۴، ۲۲۷۳)

ترجمہ: سعید بن مسیب اور ابوسلمہ دونوں یا دونوں میں سے کسی ایک نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکا صاحب فراش (جس کے بستر پر پیدا ہوا اسی کا ہے) کے لئے اور زانی کے لئے محرومی ہے۔

283 وَأَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، قِرَاءَةً، أبنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، أَوْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ''

(بخاری (۶۷۶۵، ۶۷۵۰، ۶۷۴۹، ۴۳۰۳، ۲۷۴۵، ۲۲۱۸) مسلم (۱۴۵۸، ۱۴۵۷) سنن ترمذی (۱۲۷۰، ۱۱۵۷) سنن نسائی (۳۴۸۳، ۳۴۸۲) سنن ابن ماجہ (۲۰۰۴، ۲۰۰۶، ۲۰۰۷) سنن ابو داؤد (۲۲۷۴، ۲۲۷۳)

ترجمہ: سعید بن مسیب اور ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکا فراش (جس کے بستر پر پیدا ہوا اسی کا ہے) کے لئے اور زانی کے لئے محرومی ہے۔

## مہمان نوازی دیہاتیوں پر ہے نہ کہ شہر والوں پر

284 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ السَّمَرْقَنْدِيُّ، ثنا أَبُو يَعْلَى عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَلَفٍ النَّسَفِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَخِي عَبْدِ الرَّزَّاقِ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ

Marfat.com

سُفْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الضِّيَافَةُ عَلَى اَهْلِ الْوَبَرِ وَلَيْسَتْ عَلَى اَهْلِ الْمَدَرِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہمان نوازی تو دیہات والوں پر ہے نہ کہ شہر والوں پر۔

## سائل کا حق ہے اگر چہ وہ گھوڑے پر آئے

285 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُوْنُسَ، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا شَيْخٌ، بِمَكَّةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيْهَا الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لِلسَّائِلِ حَقٌّ وَاِنْ جَاءَ عَلَى فَرَسٍ''

(سنن ابو داؤد (۱۶۶۵) مسند ابن ابو شیبہ (۷۸۹) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۸۲۳) مسند احمد (۱۷۳۰) مسند ابی یعلی موصلی (۶۷۸۴) شعب الایمان (۳۱۲۴)

ترجمہ: حضرت فاطمہ بنت حسین رضی اللہ عنہما نے اپنے والد حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سائل کا حق ہے اگر چہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔

وضاحت: سائل کو اگر کچھ دے نہیں سکتے تو اسے مت جھڑکو اگر چہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آیا ہو۔

## بخل سے بڑی کونسی بیماری ہے؟

286 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا ابْنُ اَبِي عُمَرَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَيُّ دَاءٍ اَدْوَاُ مِنَ الْبُخْلِ''

(مسند ابن ابو شیبہ۔ شعب الایمان (۱۰۳۵۸)

ترجمہ: ابن منکدر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ کون سی بیماری ہے جو بخل سے زیادہ بڑی ہے۔

287 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا ابْنُ اَبِي عُمَرَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ،

Marfat.com

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَیُّ دَاءٍ اَدْوَأُ مِنَ الْبُخْلِ''

(مسند ابن ابو شیبہ۔ شعب الایمان (۱۰۳۵۸)

ترجمہ: ابن منکدر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ کون سی بیماری ہے جو بخل سے زیادہ بڑی ہے۔

## چیز ہبہ کر کے واپس لینا، کتے کے قے چاٹنے کی طرح ہے

288 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ جَامِعٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِیِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْعَائِدُ فِی هِبَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُودُ فِی قَيْئِهٖ، لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السُّوْءِ''

(بخاری (۲۵۸۹،۲۶۲۳،۳۰۰۳) مسلم (۱۶۲۰،۱۶۲۲) سنن ترمذی (۱۲۹۸) سنن نسائی (۳۷۰۱،۳۶۹۲،۳۶۹۱) سنن ابن ماجہ (۲۳۸۶)۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہبہ کی ہوئی چیز (کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا) کو واپس لوٹانا' اس کتے کی طرح ہے' جو قے کر کے خود اسے چاٹتا ہے' ہمارے لئے اس سے بری مثال کوئی نہیں۔

## سبزہ اور خوبصورت چیز دیکھنے سے نظر تیز ہوتی ہے

289 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، ثنا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، بِالرَّمْلَةِ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ، ثنا ابْنُ اَبِی فُدَيْكٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلنَّظَرُ اِلَى الْخَضِرَةِ يَزِيْدُ فِی الْبَصَرِ، وَالنَّظَرُ اِلَى الْمَرْاَةِ الْحَسْنَاءِ يَزِيْدُ فِی الْبَصَرِ''

(مشیخہ قاضی المارستان (۳۶۷)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبزے کو دیکھنے سے نظر تیز ہوتی ہے اور خوبصورت عورت دیکھنے سے بھی نظر زیادہ ہوتی ہے۔

Marfat.com

## قیامت کے دن امت محمدیہ کے چہرے روشن ہوں گے

290 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا أَبُوْ حُذَيْفَةَ، ثنا مَطَرُ بْنُ وَاصِلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أُمَّتِيَ الْغُرُّ الْمُحَجَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ''

(معجم ابن الاعرابی (۲۳۱) معجم الاوسط (۸۲۲۲، ۹۲۱۴))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن جب میری امت (کو پکارا جائے گا) تو وضو کی وجہ سے ان کی پیشانیاں چمکتی ہوں گی۔

## عورتوں کے لیے تالی بجانا اور مردوں کے لیے تسبیح

291 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا أَبُوْ الْحُسَيْنِ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ أَحْمَدَ الصَّوَّابُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ مَأْمُوْنٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، ح وَأَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَرُوْذِيُّ بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَفَّافُ، أبنا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ السَّرَّاجُ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''التَّصْفِيْحُ لِلنِّسَاءِ وَالتَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ''

(سنن ابو داؤد (۹۴۲) مسند الحمیدی (۹۵۶) مسند احمد (۲۲۸۰۷، ۲۲۸۰۱) شرح معانی الآثار (۲۵۹۶، ۲۵۹۵) معجم الکبیر طبرانی (۵۹۷۸، ۵۹۵۸، ۵۹۱۴))

ترجمہ: عبدالعزیز بن ابو حازم اپنے والد سے اور انہوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نماز میں امام کے بھولنے پر اسے) عورتوں کے لئے الٹے ہاتھ پر ہاتھ مار کر (یاد کرانا ہے) اور مردوں کے لیے تسبیح ہے (یعنی سبحان اللہ کہہ کر اسے یاد کرائے۔)

## آنکھ شیطان کے تیروں میں سے ایک تیر ہے

292 أَخْبَرَنَا أَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْغَزِّيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبُوْ الْحَسَنِ خَيْثَمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ حَيْدَرَةَ الْقُرَشِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ يَعْنِي

Marfat.com

ابْنَ سَيَّارٍ النَّصِيبِيَّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمَوْصِلِيُّ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''النَّظْرَةُ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ إِبْلِيسَ، مَنْ تَرَكَهَا خَوْفًا مِنَ اللَّهِ آتَاهُ اللَّهُ إِيمَانًا يَجِدُ حَلَاوَتَهُ فِي قَلْبِهِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۱۰۳۶۲) مستدرک (۷۸۷۵)

ترجمہ: صلہ بن زفر نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدنگاہی شیطان کے تیروں میں سے ایک تیر ہے' جس نے اسے اللہ تعالیٰ کے خوف سے چھوڑ دیا' تو اللہ کریم اسے ایسا ایمان عطا فرمائے گا جس کی حلاوت وہ اپنے دل میں پائے گا۔

293 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ، يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ، ثنا أَرْطَاةُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''النَّظْرَةُ سَهْمٌ مَسْمُومٌ مِنْ سِهَامِ الشَّيْطَانِ فَمَنْ تَرَكَهَا مَخَافَتِي أَعْقَبْتُهُ عَلَيْهَا إِيمَانًا يَجِدُ طَعْمَهُ فِي قَلْبِهِ''.

(معجم الکبیر طبرانی (۱۰۳۶۲) مستدرک (۷۸۷۵)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدنگاہی شیطان کے تیروں میں سے زہر میں بجھا ہوا ایک تیر ہے' جو اسے (بدنگاہی کو) میرے خوف سے چھوڑ دے گا' میں اسے ایسا ایمان عطا فرماؤں گا جس کی مٹھاس وہ اپنے دل میں محسوس کرے گا۔

## عورت، گھوڑے اور گھر میں نحوست ہے

294 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ صِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَيُّوبَ الْمَتُّوثِيُّ، ثنا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَ: ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ وَسَالِمٍ، ابْنَيْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الشُّؤْمُ فِي الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ''.

(بخاری (۲۸۵۸) سنن ابی داؤد (۳۹۲۲) سنن ترمذی (۲۸۲۴)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت، گھوڑے

Marfat.com

اور گھر میں نحوست (ہو سکتی) ہے۔

## دو نعمتوں میں لوگ دھوکہ کھاتے ہیں

295 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا اَبُوْ شَيْبَةَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْرَائِيلَ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيْهِمَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ''

(بخاری (۶۴۱۲) سنن ترمذی (۲۳۰۴) سنن ابن ماجه (۴۱۷۰) مصنف ابن ابو شیبه (۳۴۳۵۷) مسند احمد (۳۲۰۷، ۲۳۴۰) شعب الایمان (۹۷۶۹، ۹۷۶۸، ۴۲۲۳)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو نعمتوں میں اکثر لوگ دھوکا کھاتے ہیں (ایک) صحت (دوسری) فراغت۔

## عرب کی ہلاکت قریب کے شر سے ہے

296 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي الْعَنْبَسِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ طُفَيْلٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ''

(بخاری (۷۱۳۵، ۷۰۵۹، ۳۵۹۸، ۳۳۴۶) مسلم (۲۸۸۰) سنن ابو داؤد (۴۲۴۹) سنن ترمذی (۲۱۸۷) سنن ابن ماجه (۳۹۵۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عربوں کی بربادی اس شر کی وجہ سے جو قریب آ چکا ہے۔

## اللہ تعالیٰ، بزدلی اور بہادری جہاں چاہتا ہے رکھتا ہے

297 وَجَدْتُ بِخَطِّ شَيْخِنَا اَبِي مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْاَزْدِيِّ الْحَافِظِ، ثنا طَرْخَانَ بْنُ فَارِسٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، ثنا اَبُوْ مُوْسٰى، مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مَعْدِيُّ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كَرَمُ الْمُؤْمِنِ تَقْوَاهُ، وَمُرُوءَتُهُ خُلُقُهُ، وَنَسَبُهُ دِيْنُهُ،

Marfat.com

وَالْجُبْنُ وَالْجُرْاَةُ غَرَائِزُ يَضَعُهَا اللّٰهُ حَيْثُ يَشَاءُ''

(موطا امام مالک اعظمی (۱۶۸۱) مسند ابی یعلی موصلی (۶۴۵۱) مستدرک (۲۶۹۱، ۴۲۶، ۴۲۵) شعب الایمان (۷۶۴۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کی عزت اس کی پرہیزگاری میں ہے اس کی مروت اس کا حسن خلق ہے اور دین اس کا نسب ہے بزدلی اور بہادری (یہ دونوں) طبیعتیں ہیں اللہ تعالیٰ جہاں چاہتا ہے وہاں ان کو رکھ دیتا ہے۔

## مصائب، مرض اور صدقہ کو پوشیدہ رکھنا نیکی ہے

298 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، اَبنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ حَيَّانَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مِنْ كَنْزِ الْبِرِّ كِتْمَانُ الْمَصَائِبِ وَالْاَمْرَاضِ وَالصَّدَقَةُ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصائب، امراض اور صدقہ کو پوشیدہ رکھنا نیکی کے خزانے میں سے ہے۔

## باپ کے مشابہ ہونا بندہ کی سعادت مندی ہے

299 رَوٰى اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَيِّعُ الْحَافِظُ فِي كِتَابِ فَضَائِلِ الشَّافِعِيِّ، ثنا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّغَانِيُّ، ثنا اَبُوْ رَجَاءٍ مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَبُوْ غَسَّانَ الْقَاضِي اَيُّوبُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فِي فُسْطَاطٍ اِذْ جَاءَهُ السَّائِبُ بْنُ عَبْدِ يَزِيْدَ وَمَعَهُ ابْنُهُ فَنَظَرَ اِلَيْهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: ''مِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ اَنْ يُشْبِهَ اَبَاهُ''

(حلیہ الاولیاء ج ۲ ص ۲۷۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن ''فسطاط'' (خیمے) میں تھے تو سائب بن عبد یزید حاضر خدمت ہوئے اور ان کے ساتھ ان کا بیٹا بھی تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا تو فرمایا: بندہ کی سعادت یہ ہے کہ وہ اپنے والد کے مشابہ ہو۔

Marfat.com

حسن اخلاق بندے کی سعادت مندی ہے

300 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحَارِثِ مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ حُسْنُ الْخُلُقِ''

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۴۲)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ کی سعادت مندی اس کا حسن اخلاق ہے۔

جو دنیا میں اہل معروف ہیں' وہی آخرت میں اہل معروف ہوں گے

301 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عُمَرَ الْيُمْنِيُّ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ رَبِيعَةَ الْقَاضِيْ، اِمْلَاءً، ثنا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مُسْلِمِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الدُّنْيَا هُمْ اَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الْآخِرَةِ، وَاَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الدُّنْيَا هُمْ اَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الْآخِرَةِ''

(مصنف ابن ابو شیبہ رقم الحدیث: ۲۵۴۲۹، الادب المفرد رقم الحدیث: ۲۲۱، مسند البزار رقم الحدیث: ۵۹۷۹، شعب الایمان رقم الحدیث: ۱۰۶۶۷، معجم الاوسط رقم الحدیث: ۴۹۳۱، ۱۵۶۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دنیا میں اہل معروف ہیں وہ آخرت میں بھی اہل معروف ہوں گے۔ جو دنیا میں اہل منکر ہیں وہ آخرت میں بھی اہل منکر ہی ہوں گے۔

وضاحت: اکثر معروف سے مراد نیکی اور منکر سے مراد برائی لی جاتی ہے۔ جو دنیا میں نیک کام کرے گا اسے آخرت میں نیک لوگوں کی سنگت حاصل ہوگی اور گناہ گار اور بدکاری کرنے والوں کو بُرے لوگوں کی سنگت ملے گی جو کہ انتہائی افسوس ناک ہے۔

امانت دار خزانچی صدقہ دینے والے کی طرح ہے

302 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، اَبنا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا اَبُوْ

Marfat.com

أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَازِنُ الْأَمِيْنُ الَّذِى يُعْطِى مَا أُمِرَ بِهِ طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنَ"

(صحیح بخاری رقم الحدیث:۲۲۶۰،سنن ابو داؤد رقم الحدیث:۶۸۴،سنن نسائی رقم الحدیث:۲۵۶۰، مسند احمد مضر جار قم الحدیث:۱۹۵۱۲، شعب الایمان رقم الحدیث:۲۹۲ے۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امانت دار خزانچی جو اپنے مالک کے حکم سے (خدا کی راہ میں) خوش ہو کر دیتا ہے۔ وہ صدقہ دینے والوں میں سے ایک ہے۔

303 وَأَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ خُرَّزَاذَ، أبنا عَلِيُّ بْنُ بَهْشَاذَ النَّجِيرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَ: ثنا أَحْمَدُ بْنُ عِصَامٍ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْخَازِنُ الْأَمِيْنُ الَّذِى يُنْفِذُ مَا أُمِرَ بِهِ طَيِّبَةً بِهِ نَفْسُهُ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنَ''

(صحیح بخاری رقم الحدیث:۲۲۶۰،سنن ابو داؤد رقم الحدیث:۶۸۴،سنن نسائی رقم الحدیث:۲۵۶۰، مسند احمد مضر جار قم الحدیث:۱۹۵۱۲، شعب الایمان رقم الحدیث:۲۹۲ے۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امانت دار خزانچی جو اپنے مالک کے حکم سے (خدا کی راہ میں) خوش ہو کر دیتا ہے' وہ صدقہ دینے والوں میں سے ایک ہے۔

## بادشاہ زمین میں' اللہ کا سایہ ہوتا ہے

304 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُمَرَ الْخَوْلَانِيُّ، أبنا أَبُو عَمْرٍو غَزْوَانُ بْنُ الْقَاسِمِ الْمُقْرِئُ، ثنا أَحْمَدُ هُوَ ابْنُ جَامِعٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''السُّلْطَانُ ظِلُّ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ يَأْوِي إِلَيْهِ كُلُّ مَظْلُومٍ''

(شعب الایمان رقم الحدیث:۶۹۸۴، مسند البزار رقم الحدیث:۵۳۸۳، الاموال لابن زنجویہ رقم الحدیث:۳۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہ زمین میں' اللہ کا سایہ ہوتا ہے' جس کی ہر مظلوم پناہ لیتا ہے۔

Marfat.com

## امر بالمعروف کے علاوہ انسان کی ہر بات اس کے لیے وبال جان ہوگی

414 وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْحُسَيْنِ الشِّيرَازِيُّ، اَيْضًا. ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عِيَاضٍ وَاَبُوْ الْحُسَيْنِ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَلِيٍّ، بِصَيْدَا قَالَا: ثنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ جُمَيْعٍ الْغَسَّانِيُّ ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الرَّقِّيُّ، بِالْمَصِّيصَةِ. ثنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْوَلِيدِ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَثُرَتْ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهُ بِالنَّهَارِ''

(ابن ماجه (۱۳۳۳) شعب الایمان (۲۸۳۰)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جورات کو نفل نماز کی کثرت کرتا ہے دن کے وقت اس کا چہرہ خوبصورت (محسوس) ہوگا۔

415 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دَوَسْتَ اِجَازَةً. اَبنا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ السُّلَمِيُّ، ثنا اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مَطَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الْبَصْرِيُّ. ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ شُبْرُمَةَ الشَّرِيكِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ. ح قَالَ السُّلَمِيُّ، وَأبنا اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مَطَرٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الشِّيرَازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ شَكَامٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ

Marfat.com

حَفْصٍ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، ح قَالَ السُّلَمِيُّ: وَأبنا اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مَطَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُهَيْلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا زَنْجَوَيْهِ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، ح قَالَ السُّلَمِيُّ: وَأبنا اَبُوْ الْوَلِيْدِ الْفَقِيهُ وَاَبُوْ عَمْرِو بْنُ حَمْدَانَ وَاَبُوْ بَكْرٍ الرِّيوَنْجِيُّ قَالُوا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَحْرٍ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، ح قَالَ السُّلَمِيُّ: وَأبنا الْحَجَاجِيُّ وَالْحُسَيْنُ الصَّفَّارُ قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عِمْرَانَ الْغَزِّيُّ الْقَاضِيْ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُزَاحِمٍ، ثنا مُوْسَى بْنُ عَلِيٍّ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، ح، قَالَ لسُّلَمِيُّ: وَأبنا ابْنُ اَبِي عُثْمَانَ الْحِيرِيُّ الزَّاهِدُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُنْذِرٍ الْهَرَوِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ كَثِيرٍ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، ح قَالَ السُّلَمِيُّ: وَاَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زوذانَ الْفَقِيهُ، بِمَكَّةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَثُرَ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهُ بِالنَّهَارِ''

(ابن ماجه (۱۳۳۳) شعب الایمان (۲۸۳۰)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رات کو نفل نماز کی کثرت کرتا ہے دن کے وقت اس کا چہرہ خوبصورت (محسوس) ہوگا۔

416 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى الطَّبَرِيُّ اَبُوْ الْقَاسِمِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُوْ مُطِيعٍ، مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ السِّجْزِيُّ بِبَلْخَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْخُلْمِيُّ، ثنا جَرِيرُ بْنُ الْحَمِيدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَثُرَتْ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهُ بِالنَّهَارِ''

(ابن ماجه (۱۳۳۳) شعب الایمان (۲۸۳۰)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رات کو نفل نماز کی کثرت کرتا ہے دن کے وقت اس کا چہرہ خوبصورت (محسوس) ہوگا۔

417 حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَفِ بْنِ الْفَرَّاءِ

Marfat.com

الْبَغْدَادِيُّ إِمْلَاءً مِنْ كِتَابِهِ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ غَالِبِ الْفَقِيهُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ. ثنا اَبُوْ صَخْرٍ مَالِكُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ سِنَانِ بْنِ عِصَامِ بْنِ جُشَيْنَةَ بْنِ اَسْوَدَ بْنِ مَرْثَدِ بْنِ عَوْفِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ تَمِيمٍ. ثنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ صَعْصَعَةُ بْنُ الْحُسَيْنِ الرَّقِّيُّ الْاَنْصَارِيُّ حَافِظٌ ثِقَةٌ بِمَرْوَ. ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صِرَامِ بْنِ رَيْحَانَ بْنِ جَمِيلٍ. ثنا اَبِيْ. ثنا اَبُوْ الْعَتَاهِيَةِ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الشَّاعِرُ. ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ مِهْرَانَ الْاَعْمَشُ. عَنْ اَبِي سُفْيَانَ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَثُرَتْ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهُ بِالنَّهَارِ''

(ابن ماجه(۱۳۳۳)شعب الایمان(۲۸۳۰))

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رات کو نفل نماز کی کثرت کرتا ہے دن کے وقت اس کا چہرہ خوبصورت (محسوس) ہوگا۔

## دنیا کی محبت، آخرت کا نقصان ہے

418 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ. اَبنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ مُلَاقٍ. ثنا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ. عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ. عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو. عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْطَبٍ. عَنْ اَبِي مُوسَى. اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ اَحَبَّ دُنْيَاهُ اَضَرَّ بِآخِرَتِهِ. وَمَنْ اَحَبَّ آخِرَتَهُ اَضَرَّ بِدُنْيَاهُ. فَآثِرُوا مَا يَبْقَى عَلَى مَا يَفْنَى''

(مسند احمد(۱۹۶۹۷) صحیح ابن حبان(۷۰۹) مستدرک للحاکم(۷۸۹۷) شعب الایمان(۹۸۵۴) شرح السنۃ(۴۰۳۸))

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی دنیا سے محبت کی اس نے اپنی آخرت کا نقصان کیا اور جس نے اپنی آخرت سے محبت کی اس نے اپنی دنیا کا نقصان کیا' پس تم اپنی باقی رہنے والی (زندگی) کو فنا ہونے والی (زندگی) پر ترجیح دو۔

## جس نے بادشاہ کی توہین کی اس نے اللہ تعالیٰ کی توہین کی

419 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ. ثنا

Marfat.com

عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ، ثنا سَعْدُ بْنُ أَوْسٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ كُسَيْبٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللَّهِ أَهَانَهُ اللَّهُ، وَمَنْ أَكْرَمَ سُلْطَانَ اللَّهِ أَكْرَمَهُ اللَّهُ''

(ترمذی (۲۲۲۴) ابی داؤد طیالسی (۹۲۸) مسند البزار (۳۶۷۰) شرح السنة (۲۴۶۲))

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص زمین میں اللہ تعالیٰ کے بادشاہ کی توہین کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو توہین کا بدلہ (سزا) دیتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے بادشاہ کی عزت کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی عزت کرتا ہے۔

## جو کسی قوم کا عمل پسند کرے وہ اسی قوم کی طرح ہے

420 أَخْبَرَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُلَاثَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ أَحَبَّ عَمَلَ قَوْمٍ خَيْرًا كَانَ أَوْ شَرًّا كَانَ كَمَنْ عَمِلَهُ''

ترجمہ: جعفر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے' وہ اپنے دادا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی قوم کے اچھے یا برے عمل کو پسند کرتا ہے' تو وہ (شخص) اس عمل کرنے والے کی طرح ہوگا۔

## جو نیکی کرے اس کا بدلہ دو

421 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، أَبنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ اسْتَعَاذَكُمْ بِاللَّهِ فَأَعِيذُوهُ، وَمَنْ سَأَلَكُمْ بِاللَّهِ فَأَعْطُوهُ، وَمَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيبُوهُ، وَمَنْ أَتَى إِلَيْكُمْ مَعْرُوفًا فَكَافِئُوهُ، فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فَادْعُوا لَهُ حَتَّى تَعْلَمُوا أَنَّكُمْ قَدْ كَافَأْتُمُوهُ''

ترجمہ: مجاہد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم سے اللہ کی پناہ مانگے تم اسے پناہ دو اور جو تم سے اللہ کے نام پر مانگے اسے دو اور جو تم کو بلائے تم اس کو جواب دو (یعنی دعوت قبول کرو)

Marfat.com

اور جو تمہارے پاس بھلائی کے ساتھ آئے (یعنی تمہارے ساتھ بھلائی کرے) تم اس کا بدلہ دو، اگر تم (اس کا بدلہ) نہ پاؤ تو تم اس کے لئے دعا کرو حتیٰ کہ تمہیں یقین ہو جائے کہ تم نے اس کا بدلہ دے دیا ہے۔

## اصل مالداری کیا ہے؟

422 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا أَبُو الْعَبَّاسِ الْفَضْلُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ الْقَسْبَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ الْعِجْلِيُّ، يَنْزِلُ بَنِي عَجَلٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْغِنَى الْيَأْسُ مِمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ، وَمَنْ مَشَى مِنْكُمْ إِلَى طَمَعٍ فَلْيَمْشِ رُوَيْدًا''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مالداری اس چیز کا نام ہے کہ آدمی اس چیز سے مایوس ہو جائے جو لوگوں کے ہاتھ میں ہے اور تم میں سے جو طمع کی خاطر چلا اسے چاہیے کہ وہ آہستہ چلے۔

## اللہ تعالیٰ بوڑھے کا عذر قبول کرتا ہے

423 أَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ أَبُو الْعَبَّاسِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْعَوَّامِ، ثنا أَبُو عُثْمَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْعُمَرِيُّ بِمَدِينَةِ الرَّسُولِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثنا أَبُو إِبْرَاهِيمَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي خَيْرَةَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ عَمَّرَهُ اللهُ سِتِّينَ سَنَةً فَقَدْ أَعْذَرَ إِلَيْهِ''

(مسند احمد (۹۳۹۴) سنن الکبریٰ للنسائی (۱۱۸۲۲) صحیح ابن حبان (۲۹۷۹) سنن الکبریٰ للبیہقی (۶۵۱۸))

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اللہ تعالیٰ ساٹھ سال زندگی دیتا ہے تو (اللہ تعالیٰ) اس کا عذر بھی قبول کرتا ہے۔

424 وَأَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أَبنا ابْنُ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ عَمَّرَهُ اللهُ سِتِّينَ سَنَةً فَقَدْ أَعْذَرَ إِلَيْهِ فِي الْعُمُرِ''

(مسند احمد (۹۳۹۴) سنن الکبریٰ للنسائی (۱۱۸۲۲) صحیح ابن حبان (۲۹۷۹) سنن الکبریٰ للبیہقی (۶۵۱۸))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اللہ تعالیٰ ساٹھ سال زندگی عطا کرتا ہے تو اس کی زندگی میں اس کے عذر کو بھی قبول کرتا ہے۔

## جو ظلم کی نیت نہیں کرتا اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

425 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا دَاوُدُ وَهُوَ ابْنُ الْمُحَبَّرِ، ثنا الْهَيَّاجُ بْنُ بِسْطَامٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ اَصْبَحَ لَا يَنْوِي ظُلْمَ اَحَدٍ غُفِرَ لَهُ مَا جَنَى''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوع روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے صبح اس حال میں کی کہ کسی پر ظلم کی نیت نہیں کی' تو اس کی جو خطا ہو گی اسے معاف کر دیا جائے گا۔

## جو حیاء کرے اس کی غیبت مت کرو

426 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اَبِي غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ السُّكَّرِيُّ بِبَغْدَادَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، قَالَ: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللهِ التَّرْقُفِيُّ، ثنا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَلْقَى جِلْبَابَ الْحَيَاءِ فَلَا غِيبَةَ لَهُ''

(سنن الکبریٰ للبیہقی (۲۰۹۱۵) معجم ابن عساکر (۵۵۱)

ترجمہ: ابوسعد ساعدی روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص حیا کی چادر اتار دے اس کی غیبت (غیبت شمار) نہیں ہوتی ہے۔

427 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقُهُسْتَانِيُّ، ثنا اَبُو الْقَاسِمِ عِيسَى بْنُ الْوَزِيرِ عَلِيُّ بْنُ عِيسَى قَالَ: قُرِئَ عَلَى اَبِي عَلِيِّ بْنِ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقِ وَاَنَا اَسْمَعُ، قِيلَ لَهُ: حَدَّثَكُمُ الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ: ثنا اَبُو عِصَامٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اَبُو سَعْدٍ يَعْنِي السَّاعِدِيَّ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت دیگر اسناد کے ساتھ منقول ہے۔

Marfat.com

## جو گناہ شرمندہ کرے وہ معاف کر دیا جائے گا

428 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا هَمَّامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ دَعْلَجٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ سَاءَتْهُ خَطِيئَتُهُ غُفِرَ لَهُ وَاِنْ لَمْ يَسْتَغْفِرْ''

(معجم ابن الاعرابی (۱۶۳۱))

ترجمہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ جسے اس کی برائی رنجیدہ خاطر کر دے اس کو بخش دیا جائے گا اگرچہ اس نے استغفار نہ کیا ہو۔

وضاحت: گناہ کرنے کے بعد انسان کا شرمندہ اور پریشان ہونا ہی اس کے مؤمن ہونے کی دلیل ہے کیونکہ کافر گناہ سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ مؤمن کو جب دل میں اپنے گناہ کا احساس ہو گیا تو یہی اس کی توبہ ہے' جس کی وجہ سے اللہ کریم اسے معاف فرما دے گا۔

## جو اللہ تعالیٰ سے ڈرا، اس سے سب ڈریں گے

429 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ آزَادْمَرْدَ ثنا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرِ بْنِ سَنِقَةٍ ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَرْوَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا عَامِرُ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَلَّافُ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ خَافَ اللهَ خَوَّفَ اللهُ مِنْهُ كُلَّ شَيْءٍ، وَمَنْ لَمْ يَخَفِ اللهَ خَوَّفَهُ اللهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ''

ترجمہ: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ سے ڈرا اللہ تعالیٰ اس سے ہر چیز کو ڈرائے گا اور جو اللہ تعالیٰ سے خوف زدہ نہ ہوا، تو اللہ تعالیٰ ہر چیز سے اسے خوف زدہ کرے گا۔

## جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے

430 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَبنا عِمْرَانُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ اَحَبَّ

Marfat.com

لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ''

(بخاری (۶۵۰۸، ۶۵۰۷) مسلم (۲۶۸۴، ۲۶۸۳) سنن ترمذی (۱۰۶۷، ۱۰۶۶) سنن نسائی (۱۸۳۶، ۱۸۳۴، ۱۸۳۴) ابن ماجه (۴۲۶۴)

ترجمہ: حسن سے روایت ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اکرم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند فرماتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناپسند کرے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند رکھتا ہے۔

431 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ الْبَزَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا اَبُوْ اُسَامَةَ، ثنا بُرَيْدٌ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَاَبُوْ عُمَرَ الْاَشْعَرِيُّ، وَاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالُوا: نا اَبُوْ اُسَامَةَ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ

(بخاری (۶۵۰۸، ۶۵۰۷) مسلم (۲۶۸۴، ۲۶۸۳) سنن ترمذی (۱۰۶۷، ۱۰۶۶) سنن نسائی (۱۸۳۶، ۱۸۳۴، ۱۸۳۴) ابن ماجه (۴۲۶۴)

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی کریم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند فرماتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند رکھتا ہے۔

مسلم نے اسے روایت کیا، ابوبکر بن ابوشیبہ اور ابوعمر اشعری اور ابوکریب کہتے ہیں ہمیں ابواسامہ نے اس سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت بیان کی۔

## جس نے علم کو چھپایا اس کو آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

432 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ النَّحَّاسِ، قَالَ: ثنا اَبُوْ سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَبُوْ يَحْيٰى، مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ يَعْلَمُهُ فَكَتَمَهُ اُلْجِمَ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ''

(سنن ابی داؤد (۳۶۵۸) جامع ترمذی (۲۶۴۹) ابن ماجه (۲۶۶، ۲۶۴) مسند احمد (۷۹۴۳)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص سے کوئی علم کی بات پوچھی گئی اور اس نے جاننے کے باوجود اسے چھپایا تو (قیامت کے دن کے) اسے آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

433 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ اَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْوَلِيْدِ الْفَسَوِيُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ، نا حَمَّادُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَجَلِيُّ الْاَزْرَقُ، نا اَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ اَبِيْهِ، وَكَانَ مِنَ الْوَافِدِيْنَ الَّذِينَ وَفَدُوا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ اُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ''

(سنن ابی داؤد (۳۶۵۸) جامع ترمذی (۲۶۴۹) ابن ماجہ (۲۶۶، ۲۶۴) مسند احمد (۷۹۴۳))

ترجمہ: قیس بن طلق نے اپنے والد سے روایت نقل کی ہے جو ایک وفد کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے کہ رسول اکرم نے فرمایا: جس شخص سے کوئی علم کی بات پوچھی گئی اور اس نے جاننے کے باوجود اسے چھپایا تو (قیامت کے دن کے) اسے آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

## عمل کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے

434 اَخْبَرَنَا رِفَاعَةُ بْنُ عُمَرَ الْاَمِيْنُ الْكَاتِبُ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَصْرِيُّ ثنا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ، ثنا اَبُوْ السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ السُّوَائِيُّ، ثنا اَبِيْ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، ح قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الْبَصْرِيُّ: وَثَنَا اَبُوْ اللَّيْثِ الْفَرَائِضِيُّ، ثنا اَبُوْ هَمَّامٍ الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُوْنِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ حَدِيثَ الْغَارِ. وَقَالَ فِي آخِرِهِ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ تَكُونَ لَهُ خَبِيئَةٌ مِنْ عَمَلٍ صَالِحٍ فَلْيَفْعَلْ''

(مسند ابن الجعد (۶۸۲) الزهد لابی داؤد (۱۱۲))

ترجمہ: نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ''حدیث غار'' کا ذکر کیا اور اس کے آخر میں فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو شخص یہ استطاعت رکھتا ہو کہ اس کا کوئی نیک عمل سنبھال کے رکھا جا سکے تو اسے ایسا کرنا چاہیے۔

Marfat.com

## جس کے لیے بھلائی کا دروازہ کھل جائے اسے فائدہ اٹھانا چاہیے

435 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ حَرْبٍ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ الْغَسَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَكِيمُ بْنُ عُمَيْرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ فُتِحَ لَهُ بَابٌ مِنَ الْخَيْرِ فَلْيَنْتَهِزْهُ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي مَتَى يُغْلَقُ عَنْهُ''

ترجمہ: حکیم بن عمیر بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے لئے بھلائی کا دروازہ کھولا گیا اسے چاہیے کہ وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کب وہ (دروازہ) اس سے بند کیا جائے گا۔

436 وَاَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ فِرَاسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو عُبَيْدٍ، قَالَ: ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ فُتِحَ لَهُ بَابُ خَيْرٍ فَلْيَنْتَهِزْهُ فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي مَتَى يُغْلَقُ عَنْهُ''

ترجمہ: معاویہ بن صالح نے ضمرہ بن حبیب سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے لئے بھلائی کا دروازہ کھولا گیا اسے چاہیے کہ وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کب وہ (دروازہ) اس سے بند کیا جائے گا۔

## اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے غصہ پینے کا فائدہ

437 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَبُو سَعِيْدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ الْحَارِثِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: ثنا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ اَبْنَاءِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى اِنْفَاذِهِ مَلَاَهُ اللهُ اَمْنًا وَاِيمَانًا، وَمَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ، قَالَ بِشْرٌ: اَحْسَبُهُ قَالَ تَوَاضُعًا كَسَاهُ اللهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ، وَمَنْ زَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللهُ تَاجَ الْمُلْكِ"

(شعب الایمان (۷۹۵۱، ۷۹۵۰)

ترجمہ: سوید بن وہب نے ایک آدمی سے ابنائے اصحاب نبی سے اس نے اپنے والد سے روایت کیا' وہ کہتے ہیں رسول

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص غصے پر قابو پالے اور وہ اس کو نافذ کرنے پر قدرت بھی رکھتا ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کو امن و ایمان سے بھر دے گا اور جو شخص خوبصورت اور عمدہ لباس چھوڑ دے حالانکہ وہ اس پر قدرت رکھتا ہو۔ (بشر کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اور عاجزی کرتے ہو (خوبصورت لباس کو چھوڑ دے) تو اللہ تعالیٰ اس کو عزت کی پوشاک پہنائے گا' اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو شاہی تاج پہنائے گا۔

## رات کو مسجد جانے والے کے لیے نور کی بشارت

438 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ السَّرَّاجُ، بِدِمَشْقَ. اَبنا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ السَّقَا. ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ . ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ. عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ مَشَى فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ آتَاهُ اللّٰهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ''۔

(مصنف ابن ابو شیبہ (۶۴۳۸) سنن دارمی (۱۴۶۲) ابن حبان (۲۰۴۶) معجم الاوسط (۶۶۴۴، ۴۶۹۷)

ترجمہ: ابو ادریس خولانی' حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رات کے اندھیرے میں مساجد کی طرف چلا' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے نور عطا فرمائے گا۔

439 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ. اَنَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ. اَنَا اَبُوْ الْعَلَاءِ الْكُوْفِيُّ. نا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ الْبَغْدَادِيُّ. نا مَنْصُورُ بْنُ سُفْيَانَ. نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ. عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، رَفَعَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ مَشَى فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ آتَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نُوْرًا''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۶۴۳۸) سنن دارمی (۱۴۶۲) ابن حبان (۲۰۴۶) معجم الاوسط (۶۶۴۴، ۴۶۹۷)

ترجمہ: ابو ادریس خولانی حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رات کے اندھیرے میں مساجد کی طرف چلا' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے نور عطا فرمائے گا۔

## جو شخص اپنے بھائی سے محبت کرے گا اسے ایمان کی مٹھاس نصیب ہوگی

440 اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ

Marfat.com

الْفِرْيَابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ التُّرْكِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَجِدَ طَعْمَ الْإِيمَانِ فَلْيُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ تَعَالٰى'' يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ هُوَ أَبُو بَلْجٍ، وَقِيلَ: ابْنُ أَبِي سُلَيْمٍ

(مسند ابو داؤد طیالسی (۲۶۱۷) مسند احمد (۷۹۶۷) مستدرک للحاکم (۷۳۱۲) شرح السنة (۳۴۶۷))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایمان کا ذائقہ پانا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اپنی بھائی سے محبت کرے وہ صرف اللہ تعالیٰ کے لیے اس سے محبت کرے' یحییٰ بن سلیم وہ ابو بلج ہے، اور کہا گیا ہے' وہ ابن ابو سلیم ہے۔

## جس نے مظالم سے مال حاصل کیا اسے جہنم میں ڈالا جائے گا

441 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الدَّقَّاقُ، أبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَلَّادٍ، ثنا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُلَاثَةَ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ الْحِمْصِيُّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ أَصَابَ مَالًا مِنْ نَهَاوِشَ أَذْهَبَهُ اللهُ فِي نَهَابِرَ''

ترجمہ: حضرت ابوسلمہ حمصی نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مظالم سے مال کو پایا۔ اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں ڈالے گا۔

442 أنا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، أنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، إِجَازَةً، نا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَلَّادٍ، نا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا، نا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُلَاثَةَ، نا أَبُو سَلَمَةَ الْحِمْصِيُّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ أَصَابَ مَالًا مِنْ نَهَاوِشَ أَذْهَبَهُ اللهُ فِي نَهَابِرَ''

ترجمہ: حضرت ابوسلمہ حمصی نے ہمیں بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مظالم سے مال کو پایا۔ اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں ڈالے گا۔

## چھ چیزوں کی ضمانت پر جنت کا وعدہ

443 أنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ فِلَسْطِينَ، أنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْحَيْدَرِيُّ الْبِصْرِيُّ الْعَسْقَلَانِيُّ، نا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبَانَ بْنِ شَدَّادٍ،

Marfat.com

نا اَبُو الدَّرْدَاءِ هَاشِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِیُّ، نا عَمْرُوْ بْنُ بَكْرٍ السَّكْسَكِیُّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِیُّ، عَنِ الْقُرَظِیِّ، قَالَ: اجْتَمَعَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیُّ وَمُعَاوِيَةُ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: اَيُّكُمْ شَاءَ فَلْيَبْدَاْ فَلْيَتَحَدَّثْ بِحَدِيْثٍ سَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، سَمِعَتْهُ اُذُنَاهُ وَوَعَاهُ قَلْبُهُ قَالَا: ابْدَاْ فَحَدِّثْنَا اَنْتَ بِمَا تَحْفَظُ. قَالَ: اَفْعَلُ. سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''تَكَفَّلُوا لِي بِسِتٍّ اَتَكَفَّلُ لَكُمْ بِالْجَنَّةِ، اِذَا حُدِّثْتُمْ فَلَا تَكْذِبُوا، وَاِذَا وَعَدْتُمْ فَلَا تُخْلِفُوا، وَاِذَا اُئْتُمِنْتُمْ فَلَا تَخُوْنُوا، وَغُضُّوا اَبْصَارَكُمْ، وَاحْفَظُوا فُرُوجَكُمْ، وَكُفُّوا اَيْدِيَكُمْ'' فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: حَدِّثْ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: " ثَلَاثَةٌ يُحْشَرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُوْلَةٌ اَيْدِيْهِمْ اِلَى اَعْنَاقِهِمْ: الْاَمِيْرُ، وَالْقَاضِي وَالْعَرِيْفُ، لَا يَفُكُّهُمْ مِنَ الْغُلِّ اِلَّا الْعَدْلُ، وَجَائِرُهُمْ فِي النَّارِ اَشَدُّهَا حَرًّا، وَاَبْعَدُهَا قَعْرًا " قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیُّ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَا ضَجَّتِ الْاَرْضُ ضَجِيْجَهَا مِنْ غُسْلِ جَنَابَةٍ مِنْ حَرَامٍ اَوْ سَفْكِ دَمٍ حَرَامٍ، وَمَنْ اَصَابَ مَالًا مِنْ نَهَابِرَ اَهْلَكَهُ اللّٰهُ فِي نَهَاوِشَ، وَمَنْ غَدَا اَوْ رَاحَ اِلَى اَبْنَاءِ الدُّنْيَا لِطَمَعِ دُنْيَا يُصِيْبُهَا فَهُوَ مِمَّنِ اتَّخَذَ آيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا، وَمَنْ حَضَرَ سُلْطَانًا يَتَكَلَّمُ بِمَا يَهْوٰى خِلَافًا لِلْحَقِّ كَانَ قَرِيْنَهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ. وَمَنْ سَعٰى بِاَخِيْهِ عِنْدَ سُلْطَانٍ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ رَحْمَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' فَرَمٰى مُعَاوِيَةُ بِنَفْسِهِ عَنِ السَّرِيْرِ، ثُمَّ دَخَلَ وَتَفَرَّقَ عَنْهُ النَّاسُ فَاَتٰى اُمَّ حَبِيْبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ اُخْتُ مُعَاوِيَةَ فَشَكَا اِلَيْهَا اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِیَّ، وَاَبَا هُرَيْرَةَ عَمَدَا اِلَى اَشَدِّ مَا يَحْضُرُهُمَا مِنَ الْحَدِيْثِ فَصَدَمَانِي بِهِ. فَقَالَتْ اُمُّ حَبِيْبَةَ: وَاَنَا وَاللّٰهِ قَدْ سَمِعْتُ مَعَهُمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزِيَادَةً اَسْقَطَهُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ. قَالَ لَهَا: وَمَا هُوَ؟. قَالَتْ: ''مَنْ اَحْسَنَ فَلِنَفْسِهِ. وَمَنْ اَسَاءَ فَلِنَفْسِهِ'' قَالَ اَبُوْ اَيُّوبَ الْاَنْصَارِیُّ: فَمَنْ يَحْرِصُ عَلَى الْاِمَارَةِ وَالْقَضَاءِ وَالْعَرَافَةِ بَعْدَ قَوْلِكَ هٰذَا؟. قَالَ: شِرَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ: {رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ} [البقرة:200]

ترجمہ: قرظی سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ، حضرت ابوسعید خدری اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایک

Marfat.com

مرتبہ اکٹھے ہوئے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: تم میں سے جو چاہے وہ کوئی ایسی حدیث بیان کرے جو اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو اس کے کانوں نے وہ بات سنی ہو اور اس کے دل نے اسے محفوظ کیا ہو۔ حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں نے کہا کہ (اے امیر معاویہ) جو آپ کو حدیث یاد ہے وہ ہمیں بیان کریں۔

تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں جب تم بات کرو تو جھوٹ نہ بولو، جب وعدہ کرو تو پھر وعدہ خلافی نہ کرو، جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت نہ کرو۔ تم اپنی نگاہوں کو نیچے رکھو۔ اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو اور تم اپنے ہاتھوں کو ظلم کرنے سے روکو۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے ابوہریرہ تم بھی حدیث بیان کرو۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے ابوالقاسم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن تین آدمیوں کو لایا جائے گا جن کے ہاتھ ان کی گردنوں سے بندھیں ہوں گے۔ امیر، قاضی اور قبیلے کا بڑا (یہ ایک بڑا ریاستی عہدہ ہوتا تھا) اور ان کے طوق کو صرف عدل ہی کھلوا سکے گا اور ان میں سے جس نے ظلم کیا ہوگا وہ جہنم میں جائے گا اور جہنم میں بھی سب سے تیز آگ اور سب سے گہرے گڑھے والی جگہ پر جائے گا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ حرام طریقہ سے غسل جنابت اور حرام خون بہانے کی وجہ سے زمین چیختی ہے اور جس کو حرام ذرائع سے مال پہنچا اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں ڈالے گا۔ جس نے صبح یا شام دنیا کو پانے کی خاطر گزارے تاکہ دنیا کو حاصل کرے پس وہ اس شخص کی طرح ہے جس نے اللہ کی آیتوں سے مذاق کیا۔ اور جو بادشاہ کے پاس حاضر ہوا کہ وہ اپنے نفس کی خواہش کے لیے حق کے خلاف بولا تو اس کا نفس بھی نار جہنم میں ہوگا۔ اور جو اپنے بھائی کے (خلاف) بادشاہ کے پاس گیا۔ (یعنی اس کا نقصان پہچانے کے لیے) تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت کو حرام کردے گا۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے آپ کو چارپائی سے نیچے گرادیا۔ جب دوسرے حضرات اٹھ کر چلے گئے تو آپ اپنی بہن ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو زوجہ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ان کے پاس آئے تو کہنے لگے کہ ابوہریرہ اور ابوسعید خدری نے جان بوجھ کر ایسی حدیث پاک پیش کی ہے جس سے انہوں نے مجھے صدمہ پہنچا ہے۔

ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ اللہ کی قسم، میں نے ان دونوں (ابوہریرہ اور ابوسعید خدری) کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی ہے اور اس میں کچھ الفاظ اور بھی تھے جن کو ابوہریرہ نے ذکر نہیں گیا تو امیر معاویہ رضی اللہ

Marfat.com

ہے اور جس نے برائی کی وہ بھی اس کی اپنی ذات کے لیے ہے۔
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے اس فرمان کے بعد امیر، قاضی اور ریاستی عہدوں کے لیے کون
بندے ہیں جو یہ دعا کرتے ہیں۔ اے اللہ ہمیں دنیا دے۔ ان کے لیے آخرت میں کوئی

## یاوآخرت کی بھلائی مل گئی

رحمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا
ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ وَالْقَعْنَبِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ
سِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
مَنْ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا
حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ''

حمیدی (۳۹۷) مسند احمد (۲۷۵۵۳) مسند ابو یعلی (۴۵۳۰) شعب الایمان (۷۶۳۷)

کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی
س سے حصہ ملا تحقیق اسے دنیا اور آخرت کی بھلائی سے حصہ دیا گیا اور جس کو نرمی کے حصہ
آخرت کی بھلائی سے محروم رکھا گیا۔

مَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُعَدِّلُ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ
زِيَادِ بْنِ بِشْرِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَبُوْ عُثْمَانَ سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ
نُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ
دَاءِ، تَرْوِيْهِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
هُ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الْخَيْرِ، وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ

Marfat.com

حصہ عطا کیا گیا تحقیق اسے اس کی بھلائی سے حصہ دیا گیا اور جس کو اس کی نرمی کے حصہ سے محروم رکھا گیا اسے اس کی بھلائی کے حصہ سے محروم رکھا گیا۔ اور یہ بھی فرمایا: مومن کے میزان میں سب سے بھاری چیز حسن اخلاق ہے بے شک اللہ تعالیٰ بے حیاء اور بدزبان شخص سے بغض رکھتا ہے۔

446 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدٌ، هُوَ ابْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ اَبُوْ يَحْيَى الْعَطَّارُ الضَّرِيرُ، ثنا الشَّافِعِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَمَّتِيْ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ''

(جامع ترمذی (۲۰۱۳) مسند حمیدی (۳۹۷) مسند احمد (۲۷۵۵۳) مسند ابو یعلی (۴۵۳۰) شعب الایمان (۷۶۳۷)

ترجمہ: عبدالرحمان بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے قاسم بن محمد کو کہتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں میں نے اپنی پھوپھی ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو نرمی میں سے حصہ ملا تحقیق اسے دنیا اور آخرت کی بھلائی سے حصہ دیا گیا۔

## جس نے لوگوں پر اللہ کی محبت کو ترجیح دی اسے اللہ تعالیٰ کی مدد کافی ہے

447 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا خَلَّادُ بْنُ عِيسٰى، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ آثَرَ مَحَبَّةَ اللهِ عَلَى مَحَبَّةِ النَّاسِ كَفَاهُ اللهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اکرم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی محبت کو لوگوں کی محبت پر فضیلت (ترجیح) دی تو اللہ تعالیٰ اس کے ان کاموں میں کفایت کرے گا جس میں اسے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

## جو جماعت سے جدا ہوا اس کی گردن سے اسلام کا پٹہ اتار لیا جائے گا

448 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَزَادَ مُرْدَ ثنا الْحَبِيبُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ

Marfat.com

ترجمہ: زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فتنہ کے زمانے میں ابن مطیع کے پاس آئے' اس نے ان کے لئے تکیہ منگوایا اور ان کا خیر مقدم کیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمانے لگے میں تمہیں ان دو کلموں کی خبر دینے آیا ہوں جو میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اطاعت سے اپنے ہاتھ کو کھینچا قیامت کے دن اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی اور جو جماعت سے جدا ہوا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

451 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، اَنا ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيهِ النَّضْرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ ذٰلِكَ فِي خُطْبَتِهِ بِالْجَابِيَةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَسْكُنَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مَعَ الِاثْنَيْنِ اَبْعَدُ''

(سنن ترمذی (۲۱۶۵) مسند داؤد طیالسی (۳۱) مسند احمد (۱۷۷) مسند ابی یعلی (۱۴۳، ۱۴۱) مستدرک للحاکم (۳۸۷)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جابیۃ کے مقام پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: نبی کریم نے فرمایا: جو شخص جنت کے درمیان رہنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ (مسلمانوں کی) جماعت کو لازم پکڑے بے شک شیطان ایک کے ساتھ ہوتا اور وہ دو سے دور رہتا ہے۔

452 اَنا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، اَنا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ الْمُفَسِّرِ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْقَاضِي الْمَرْوَزِيُّ، نا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ وَاَبُوْ خَيْثَمَةَ، نا جَرِيرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ النَّاسَ بِالْجَابِيَةِ وَذَكَرَ الْخُطْبَةَ الطَّوِيلَةَ وَفِيهَا: ''فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ'' مُخْتَصَرٌ

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ''جابیہ'' کے مقام پر ایک طویل خطبہ ارشاد فرمایا اس خطبہ میں فرمایا: جو شخص جنت کے درمیان رہنا پسند کرتا ہے اسے چاہیے کہ وہ جماعت کو لازم پکڑے۔

## جس نے ندامت کے ساتھ بیع کو ختم کیا اللہ کریم اس کی لغزش سے درگزر فرمائے گا

453 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْيَمَنِيُّ التَّنُوخِيُّ، ثنا اَبُوْ الطَّيِّبِ عَمْرُو بْنُ اِدْرِيسَ الْغَيْفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْمَدَنِيُّ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

Marfat.com

بْنُ عُمَرَ، ثنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ صَالِحٍ قَالَا: ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ الْفَرْوِيُّ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ أَقَالَ نَادِمًا بَيْعَتَهُ أَقَالَهُ اللهُ عَثْرَتَهُ''

(شرح مشکل الآثار (۵۲۹۱) صحیح ابن حبان (۵۰۲۹) معجم ابن الاعرابی (۲۲۸))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے شرمندگی کے ساتھ اپنی بیع کو فسخ کیا، اللہ تعالیٰ اس کی لغزش سے درگزر فرمائے گا۔

454 أنا أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْمَاطِيُّ أنا أَبُو عَبْدِ اللهِ مَحْمُودُ بْنُ عَلِيٍّ الْقَزْوِينِيُّ بِدِمْيَاطَ أنا أَبُو عُبَيْدِ اللهِ الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبِ بْنِ زِيَادٍ بِمَدِينَةِ الرَّسُولِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نا أَبِي، نا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْفَرْوِيُّ، نا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ أَقَالَ نَادِمًا أَقَالَهُ اللهُ تَعَالَى عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(شرح مشکل الآثار (۵۲۹۱) صحیح ابن حبان (۵۰۲۹) معجم ابن الاعرابی (۲۲۸))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے شرمندگی کے ساتھ (اپنی بیع کو) فسخ کیا۔ تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی لغزشوں سے درگزر فرمائے گا۔

## لوگوں کی عزت کو اچھالنے سے رکنے کا فائدہ

455 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي سَعِيدِ بْنِ سَخْتَوَيْهِ، بِمَكَّةَ، أنبا زَاهِرُ بْنُ أَحْمَدَ، أنبا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، أنبا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، أنبا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أنبا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيُّ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَفَّ لِسَانَهُ عَنْ أَعْرَاضِ النَّاسِ أَقَالَهُ اللهُ تَعَالَى عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(الزهد والرقائق لابن المبارك والزهد لنعيم بن حماد (۷۴۵))

ترجمہ: حضرت ابوجعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اپنی زبان کو لوگوں کی عزت (اچھالنے سے) سے روکا۔ اللہ کریم اس کی لغزش سے قیامت کے دن درگزر فرمائے گا۔

## ماں اور بچہ کے درمیان جدائی کرنے کا نقصان

456 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ، خَلَفُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمُقْرِي أنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ

Marfat.com

الْوَرْدِ، ثنا اَبُوْ يَزِيْدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَبنا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ حُيَيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فَرَّقَ اللهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَحِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ترمذی (۱۵۶۶) مسند احمد (۲۳۴۹۹) معجم الکبیر للطبرانی (۴۰۸۰) مستدرک للحاکم (۲۳۳۴))

ترجمہ: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے ماں اور اس کے بچہ کے درمیان جدائی کی' اللہ کریم قیامت کے دن اس شخص اور اس کے چاہنے والوں کے درمیان جدائی فرمادے گا۔

## سفید بال قیامت کے دن نور ہوں گے

457 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، ثنا اَبُوْ الطَّيِّبِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَفْصًا النَّجَّارَ، اِمَامَ مَسْجِدِ وَاسِطٍ يَقُوْلُ: ثنا عَنْبَسَةُ الْحَدَّادُ، ثنا مَكْحُولٌ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(سنن ترمذی (۱۶۳۴) سنن نسائی (۳۱۴۴) مسند ابوداؤد طیالسی (۱۲۴۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۵۹۵۲) مسند احمد (۶۹۶۲))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے بال بڑھاپے کی وجہ سے اسلام میں سفید ہوئے۔ قیامت کے دن وہ اس کے لئے نور ہوں گے۔

وضاحت: جس نے بچپن سے لے کر جوانی تک پھر جوانی سے لے کر بڑھاپے تک ساری زندگی اسلام میں بسر کی حتیٰ کہ اس کے سر کے بال سفید ہو گئے اور اسے حالت اسلام میں موت آئی تو اس کو قیامت کے دن اللہ کریم عزت کے طور پر نور عطا فرمائے گا۔

## تنگ دست کو مہلت دینے کا فائدہ

458 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

Marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ''

(سنن ابن ماجه (۲۴۱۷) ابن حبان (۵۰۴۵) مكارم الاخلاق للخرائطی (۱۰۷)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تنگ دست (مقروض) کو مہلت دے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر دنیا اور آخرت میں آسانی فرمائے گا۔

459 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ النَّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ، ثنا اَبُو الْمُنْذِرِ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُمَرَ ثنا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ لَهُ اَظَلَّهُ اللّٰهُ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ''

(مسلم (۳۰۰۶) سنن ترمذی (۱۳۰۶) سنن ابن ماجه (۲۴۱۸) مصنف ابن ابو شيبه (۲۲۱۶۹) مسند احمد (۸۷۱۱) سنن دارمی (۲۶۳۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تنگ دست (قرضہ دار) کو مہلت دی یا اس کے قرض کو معاف کر دیا تو اللہ کریم اسے اس دن اپنے عرش کے سائے میں رکھے گا جس دن اس کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

460 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ شَرِيْكِ بْنِ الْفَضْلِ، نا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، نا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِي الْيَسَرِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ'' قَالَ: فَبَصَقَ اَبُو الْيُسْرِ فِي صَحِيْفَتِهِ وَقَالَ لِغَرِيْمِهِ: اذْهَبْ فَهُوَ لَكَ وَذَكَرَ اَنَّهُ كَانَ مُعْسِرًا

(مسلم (۳۰۰۶) سنن ترمذی (۱۳۰۶) سنن ابن ماجه (۲۴۱۸) مصنف ابن ابو شيبه (۲۲۱۶۹) مسند احمد (۸۷۱۱) سنن دارمی (۲۶۳۰)

ترجمہ: حضرت ابوالیسر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تنگ دست (مقروض) کو مہلت دی یا اسے معاف کر دیا۔ تو اللہ تعالیٰ اسے اس دن اپنا سایہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ تو حضرت ابوالیسر نے اپنے صحیفے پر لعاب ڈال کر (اس کی تحریر کو خراب کر دیا) اور اپنے مقروض

Marfat.com

سے یہ فرمایا: تم جاؤ وہ قرض تمہارا ہوا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے سامنے یہ بات ذکر کی گئی تھی کہ وہ مقروض ایک تنگدست شخص تھا۔

461 وَبِهِ نا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، نا شَرِيْكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ اَبِي الْيَسَرِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ لَهُ اَظَلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ''

( مسلم (۳۰۰۶) سنن ترمذی(۱۳۰۶) سنن ابن ماجه(۲۴۱۸) مصنف ابن ابو شيبه(۲۲۱۶۹) مسنداحمد (۸۷۱۱)سنن دارمی (۲۶۳۰) )

ترجمہ: حضرت ابوالیسر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے تنگ دست (مقروض) کو مہلت دی یا اسے معاف کر دیا اللہ تعالیٰ اسے اس دن اپنا سایہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔

462 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ نا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، نا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنا حَنْظَلَةُ بْنُ عَمْرٍو الزُّرَقِيُّ، عَنْ اَبِي حَزْرَةَ، اَخْبَرَنِي عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، وَكَانَ لِلْوَلِيْدِ صُحْبَةٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " خَرَجْتُ مَعَ اَبِي وَاَنَا غُلَامٌ شَابٌّ وَاِذْ اَلْقَى الرَّجُلُ يَقُوْلُ: اَيْ عَمِّ عَرَفْتُ اَنَّهُ مِنْ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَحِبْنَا شَيْخٌ اَوْ كَمَا قَالَ، وَمَعَهُ عَبْدٌ لَهُ يَحْمِلُ صُحُفًا فَقَالَ لَهُ اَبِي: كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا عَمِّ؟، قَالَ: بِخَيْرٍ. قَالَ اَبِي: اَرَى فِي وَجْهِكَ سَفْعَةً مِنْ غَضَبٍ. قَالَ: اَجَلْ، كَانَ لِي عَلَى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ دَيْنٌ فَجِئْتُ اَبْتَغِيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَى الْبَابِ فَخَرَجَ وَلِيدٌ مِنَ الْبَيْتِ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ: هُوَ فِي الْبَيْتِ فَنَادَيْتُ اخْرُجْ اِلَيَّ يَا فُلَانُ، فَخَرَجَ اِلَيَّ، فَقُلْتُ: مَا حَمَلَكَ عَلَى اَنْ سَلَّمْتُ عَلَيْكَ فَلَمْ تَخْرُجْ وَلَمْ تُجِبْنِي؟، قَالَ: وَالَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا عِنْدِي. وَلَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكْذِبَكَ وَاَعِدَكَ فَاُخْلِفَكَ قُلْتُ: آللّٰهُ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ؟، قَالَ: نَعَمْ، آللّٰهُ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ. قَالَ: فَاَشْهَدُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَسَمِعْتُهُ بِاُذُنِي وَوَعَاهُ الْقَلْبُ وَهُوَ يَقُوْلُ: ''مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ اَظَلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ'' قَالَ: فَمَحَوْتُ عَنْهُ الْكِتَابَ. قَالَ عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيْدِ: فَاِذَا عَلَيْهِ بُرْدَةٌ وَنَمِرَةٌ وَعَلَى غُلَامِهِ

Marfat.com

مِثْلُ ذٰلِكَ، قَالَ: فَقُلْتُ اَیْ عَمِّ مَا یَمْنَعُكَ اَنْ تُعْطِیَ غُلَامَكَ هٰذِهِ النَّمِرَةَ وَتَأْخُذَ الْبُرْدَةَ فَیَكُونُ عَلَیْكَ بُرْدَانِ وَعَلَیْهِ نَمِرَةٌ؟، قَالَ: فَاَقْبَلَ عَلٰی اَبِی فَقَالَ: "ابْنُكَ؟، قَالَ: نَعَمْ، فَمَسَحَ عَلٰی رَأْسِی وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِیكَ، اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: ''اَطْعِمُوهُمْ مِمَّا تَأْكُلُونَ وَاكْسُوهُمْ مِمَّا تَكْتَسُونَ'' یَا ابْنَ اَخِی ذَهَابُ مَتَاعِ الدُّنْیَا اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ یَأْخُذَ مِنِّی مَتَاعَ الْآخِرَةِ" قُلْتُ لِاَبِی: اَبَتَاهُ مَنْ هٰذَا؟، قَالَ: "هٰذَا اَبُو الْیَسَرِ بْنُ عَمْرٍو

ترجمہ: عبادہ بن ولید بن عبادہ بن صامت نے ہمیں خبر دی کہ حضرت ولید رضی اللہ عنہ صحابی رسول تھے انہوں نے کہا کہ (ایک دفعہ) میں اپنے والد (حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ) کے ساتھ نکلا اور میں اس وقت جوان تھا۔ اچانک ایک شخص سے ملاقات ہوئی تو وہ کہنے لگا کہ میں نے اس جوان کو صحابی رسول ہونے کی وجہ سے پہچان لیا ہے۔ پس وہ بزرگ ہمارے ساتھ ہو لیے یا جس طرح بھی اس نے کہا، اور اس کے ساتھ ایک غلام تھا جو اس کے لیے صحائف اٹھائے ہوئے تھا۔ میرے والد نے اس بزرگ سے کہا: اے چچا! تم کیسے ہو؟ انہوں نے جواب دیا کہ خیریت سے ہوں۔ پھر میرے والد نے اس سے کہا کہ میں تیرے چہرے کو غصہ سے بدلا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ اس نے کہا: ہاں، فلان بن فلان نے مجھ سے قرض لیا تھا۔ آج میں اس سے رقم واپس لینے آیا تھا، تو میں نے اس کے دروازے پر جا کر سلام کیا۔ تو اندر سے ولید کو نکلتے ہوئے دیکھا تو میں نے اس سے صاحب خانہ کے متعلق پوچھا۔ تو اس نے کہا کہ وہ گھر میں ہے۔ تو میں نے اسے باہر آنے کے لیے آواز دی۔ جب وہ میرے پاس آیا تو میں نے کہا کہ تم نے ایسا کیوں کیا؟ میں نے تجھے سلام کیا تو تو نے نہ مجھے جواب دیا اور نہ ہی تو میرے پاس آرہا ہے؟ تو اس نے کہا قسم ہے اس ذات کی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ اور میں تیرے ساتھ جھوٹ بولنے اور تیرے ساتھ وعدہ خلافی کرنے سے ڈرتا ہوں۔ تو میں نے کہا: کیا اس اللہ کی قسم، جس کے علاوہ کوئی مستحق عبادت نہیں۔ اس نے کہا (ہاں) اس اللہ کی قسم جس کے علاوہ کوئی مستحق عبادت نہیں ہے۔ تو اس شخص نے کہا کہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر تھا تو میں نے اپنے سر اور دل کے کانوں سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے تنگ دست (مقروض) کو مہلت دی یا اسے معاف کر دیا اللہ تعالیٰ اسے اس دن اپنا سایہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ اس نے کہا کہ میں نے اس کو قرض معاف کر دیا۔

حضرت عبادہ بن ولید نے کہا کہ اس بزرگ پر ایک دھاری دار کپڑا اور ایک دھاری والی چادر تھی، اور اسی طرح کا لباس اس کے خادم پر بھی تھا۔ میں نے کہا: اے چچا، تجھے کس چیز نے اپنے خادم کو دھاری دار چادر دینے سے روکا ہے۔ کہ تم خود دو چادریں لو تا کہ تم پر دو چادریں ہوں اور اس پر ایک ہی چادر ہو؟ وہ میرے والد کی طرف آیا اور کہنے لگا: ۔

Marfat.com

تیرا بیٹا ہے؟ انہوں نے کہا۔ ہاں۔ تو اس نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا کہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خدمت اقدس میں تھا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو خود کھاؤ وہی ان کو کھلاؤ اور جیسا خود پہنو ویسا ان کو پہناؤ۔ پھر اس نے کہا: اے میرے بھتیجے، دنیا کے مال کا چلا جانا مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ وہ مجھ سے آخرت کا مال لے۔ میں نے اپنے والد سے کہا کہ اے میرے والد! یہ کون ہیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ حضرت ابوالیسر بن عمرو رضی اللہ عنہ ہیں۔

## دوزبانوں والے شخص کا انجام

463 حَدَّثَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ صِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْبَغْدَادِيُّ اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَيُّوبَ بْنِ مَاسِيِّ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ. ح وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ فِرَاسٍ، فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوْفُ بِبُكَيْرٍ الْحَدَّادُ قَالَا: ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ. ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ ذَا لِسَانَيْنِ فِي الدُّنْيَا جُعِلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ'' وَفِي حَدِيْثِ ابْنِ فِرَاسٍ: ''جَعَلَ اللهُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِسَانَيْنِ مِنْ نَارٍ''

(مسند البزار (۶۶۹۹) معجم الاوسط (۳۳۳۵) معجم ابن عساکر (۸۶۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دنیا میں دوزبانوں والا ہو (یعنی چغل خور ہو جو ادھر کے بات اُدھر اور اُدھر کے اِدھر کرتا ہو) قیامت کے دن اس کی دونوں زبانیں آگ سے بنی ہوئی ہوں گی۔

## بغیر اجازت کے بھائی کے خط کو پڑھنے پر وعید

464 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ. اَبنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَفْصِ بْنِ الْوَصِيِّ. ثنا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ. ثنا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ. ثنا اَبُوْ الْمِقْدَامِ. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ نَظَرَ فِي كِتَابِ اَخِيْهِ بِغَيْرِ اِذْنِهِ فَكَاَنَّمَا يَنْظُرُ فِي النَّارِ'' مُخْتَصَر

(سنن ابی داؤد (۱۴۸۵) شرح السنة باب حکم الجاسوس جلد ۱ صفحہ ۷۴

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی

Marfat.com

خط کو اس کی اجازت کے بغیر دیکھا' گویا کہ وہ آگ میں دیکھتا ہے۔

وضاحت: کسی کی کتاب یا خط کو اس کی اجازت کے بغیر کھولنا اور پڑھنا نہیں چاہیے کیونکہ اس میں بہت ساری خفیہ اور راز کی باتیں لکھی ہوتی ہیں۔

## نیکی کا حکم دینے والا خود بھی نیک ہونا چاہیے

465 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَنْبَارِيِّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ ثنا اَبُوْ عَمْرٍو مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ مَالِكٍ الْحَضْرَمِيِّ ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ آمِرًا بِمَعْرُوْفٍ فَلْيَكُنْ اَمْرُهُ ذٰلِكَ بِمَعْرُوْفٍ''

(شعب الایمان (۷۱۹۸) البدع لابن وضاح (۲۷۷)

ترجمہ: حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اچھائی کا حکم دے اس کا اپنا معاملہ بھی اچھائی کا ہونا چاہیے۔

## اخلاص کا فائدہ، ایمان افروز روایت

466 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَذَنِيُّ ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَذَنِيُّ، قَالَ: قَالَ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ فِيْلٍ الْاِمَامُ بِاَنْطَاكِيَةَ، ثنا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ، ثنا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰهِ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا ظَهَرَتْ يَنَابِيْعُ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهِ عَلَى لِسَانِهِ'' كَاَنَّهُ يُرِيْدُ بِذٰلِكَ: مَنْ يَحْضُرُ الْعِشَاءَ وَالْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ، وَمَنْ حَضَرَهُمَا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا يُدْرِكُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلَى كُتِبَ لَهُ بَرَاءَتَانِ بَرَاءَةٌ مِنَ النَّارِ، وَبَرَاءَةٌ مِنَ النِّفَاقِ

(حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء جلد ۵ صفحہ ۱۸۹

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چالیس دن اللہ تعالیٰ کے لیے مخلص ہو جائے تو اس کی زبان پر اس کے دل سے حکمت کا چشمہ جاری ہو جائے گا۔ گویا کہ آپ یہ فرمانا چاہ رہے تھے: جو شخص چالیس دن فجر اور عشا کی نماز تکبیر اولیٰ (پہلی تکبیر) کے ساتھ ادا کرے اس کے لئے دو چیزوں سے برأت لکھ دی جاتی ہے دوزخ کی آگ سے نجات اور نفاق سے برأت۔

Marfat.com

## مؤمن کی علامات

467 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ''

(بخاری (۶۰۱۸) مسلم (۴۸،۴۷) سنن ابی داؤد (۵۱۵۴) سنن ترمذی (۱۹۶۷) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۴۶۸))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ وہ مہمان کی عزت کرے اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے پڑوسی کی عزت کرے اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اچھی بات کہے یا پھر خاموش رہے۔

468 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ، ثنا سُفْيَانُ، هُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُحْسِنْ اِلٰى جَارِهِ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ''

(بخاری (۶۰۱۸) مسلم (۴۸،۴۷) سنن ابی داؤد (۵۱۵۴) سنن ترمذی (۱۹۶۷) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۴۶۸))

ترجمہ: نافع بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے: حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے ہمسائے سے اچھا سلوک کرے۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے یا پھر خاموش رہے۔

469 اَنَا اَبُوْ ذَرٍّ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدٍ الْهَرَوِيُّ بِمَكَّةَ، اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمُّوَيْهِ السَّرَخْسِيُّ، بِهَرَاةَ وَاَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ الْمُسْتَمْلِيْ بِبَلْخَ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمَكِّيِّ الْكُشْمِيْهَنِيُّ بِهَا قَالُوْا: اَنَا الْفَرَبْرِيُّ، قَالَ: اَنَا الْبُخَارِيُّ، نا

Marfat.com

قُتَيْبَةُ، نا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ''

(بخاری (۶۰۱۸) مسلم (۴۷،۴۸) سنن ابی داؤد (۵۱۵۴) سنن ترمذی (۱۹۶۷) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۴۶۸)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے ہمسائے کو تکلیف نہ دے اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے یا پھر خاموش رہے۔

470 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا الصَّاغَانِيُّ، نا اَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، نا عَمَّارٌ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے ہمسائے کو تکلیف نہ دے

471 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَادَ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَلَا يَحِلُّ لَهُ اَنْ يَثْوِيَ حَتّٰى يُحْرِجَهُ''

ترجمہ: حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اچھی بات کہے یا پھر چپ رہے اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اپنے پڑوسی کی عزت کرے اور جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے اپنے

Marfat.com

مہمان کا اکرام کرنا چاہیے اور اسے ایک دن اور رات کو تحفہ دے (یعنی اہتمام کے ساتھ دعوت کرے) اور تین دن تک اس کی (عام) مہمان نوازی کرے۔ (تین دن) کے بعد جو (خدمت) ہوگی وہ صدقہ میں (شمار) ہوگی۔ مہمان کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ میزبان کے یہاں اتنا عرصہ قیام کرے کہ اسے حرج میں مبتلا کر دے۔

## جس کے ہاتھ پر کسی نے اسلام قبول کیا اس کے لیے جنت کی بشارت

472 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا يَحْيَى بْنُ الرَّبِيعِ الْعَبْدِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُمَوِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَسْلَمَ عَلَى يَدَيْهِ رَجُلٌ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ''

(معجم الاوسط (۳۵۴۶) معجم الصغیر للطبرانی (۴۳۹) معجم الکبیر للطبرانی (۷۸۶))

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے ہاتھ پر کسی شخص نے ہاتھ پر اسلام قبول کیا' اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔

نوٹ: اس حدیث پاک میں کلمہ پڑھانے والے کو جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ شرعی حکم یہ ہے کہ جب کوئی غیر مسلم اپنے آپ کو اسلام قبول کرنے کے لیے پیش کردے تو مسلمان پر فرض ہے کہ وہ فوراً اس کو کلمہ توحید پڑھائے۔

## بھائی کی مدد کرنے کا فائدہ

473 اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَحْمَدَ الْفَارِسِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ صَخْرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْحَكَمِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ نَصَرَ اَخَاهُ بِظَهْرِ الْغَيْبِ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ'' [ص:289]

(مسند البزار (۳۵۴۴، ۳۵۴۲) معجم الکبیر للطبرانی (۷۳۳) شعب الایمان (۷۲۳۳))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کی اس کی غیر موجودگی میں مدد کی اللہ کریم اس کی دنیا اور آخرت میں مدد فرمائے گا۔

474 اَنا اَبُوْ ذَرٍّ عَبْدُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، اِجَازَةً، نا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ فِي كِتَابِ الْعِلَلِ قَالَ: حَدَّثَ حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ

Marfat.com

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

475 وَاَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاشُ، نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، نا يُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ نَصَرَ اَخَاهُ بِظَهْرِ الْغَيْبِ وَهُوَ يَسْتَطِيْعُ نَصْرَهُ نَصَرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ''

(مسند البزار (۳۵۴۲، ۳۵۴۴، ۳۵۴۲) معجم الکبیر للطبرانی (۳۳۷) شعب الایمان (۷۲۳۳)

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے بھائی کی اس کی غیر موجودگی میں مدد کی اور وہ اس کی مدد کرنے کی طاقت بھی رکھتا ہو تو اللہ کریم اس کی دنیا اور آخرت میں مدد فرمائے گا۔

476 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ فَرَّجَ عَنْ اَخِيْهِ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ سَتَرَ عَلَى اَخِيْهِ سَتَرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاللهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ اَخِيْهِ''. قَالَ عَلِيٌّ: وَبَلَغَنِي اَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ هُوَ الْاَعْمَشُ

(سنن الکبریٰ للنسائی (۷۲۴۷) مکارم الاخلاق للطبرانی (۸۶) معجم ابن المقری (۱۳۰۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کی دنیا کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کی اللہ تعالیٰ اس کی آخرت کی تکلیفوں میں سے تکلیف کو دور کرے گا۔ جس نے اپنی بھائی کی پردہ پوشی کی اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی فرمائے گا۔ اللہ کریم بندہ کی مدد میں اس وقت تک لگا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرنے میں مصروف رہتا ہے۔ علی بن عبدالعزیز نامی راوی کہتے ہیں: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ (سند مین مذکور) مجہول شخص وہ اعمش ہے۔

477 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى بْنِ الْحُسَيْنِ السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، نا اَبُو زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ ثنا الْفَرَبْرِيُّ، ثنا الْبُخَارِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا

Marfat.com

اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَالِمًا اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ اَخِيْهِ كَانَ اللهُ فِي حَاجَتِهٖ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس پر ظلم نہیں کرتا اور نہ ہی اسے بے یارومددگار چھوڑتا ہے۔ جو اپنے بھائی کی حاجت پوری کرنے میں مصروف رہتا ہے اللہ کریم اس کی حاجت پوری کرنے میں لگا رہتا ہے۔

478 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا مِنْ كِتَابِهٖ، نا اَبُوْ اَحْمَدَ الْفَرَضِيُّ، نا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ، نا جَبْرُوْنُ بْنُ عِيْسَى بْنِ يَزِيْدَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ، نا سَحْنُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْ سَعِيْدٍ التَّنُوْخِيُّ، نا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مُوْسَى اَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ اَخِيْهِ الْمُؤْمِنِ كَانَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي حَاجَتِهٖ''

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے مؤمن بھائی کی حاجت پوری کرنے میں مصروف رہتا ہے اللہ کریم اس کی حاجت پوری کرنے میں لگا رہتا ہے۔

## جس نے مسجد بنائی اللہ تعالیٰ اس کا گھر جنت میں بنائے گا

479 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ بَنٰى لِلّٰهِ مَسْجِدًا وَلَوْ مِثْلَ مِفْحَصِ قَطَاةٍ بُنِيَ لَهٗ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ''. اَوْ قَالَ: ''بَنَى اللهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ''

(ابن ماجه (۷۳۸) مصنف ابن ابو شیبه (۳۱۵۸) شرح مشکل الآثار (۱۵۵۷) سنن الکبریٰ للبیهقی (۴۲۹۳))

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی اگرچہ وہ قطاۃ (نامی پرندے) کے گھونسلے جتنی ہو۔ اس کے لئے جنت میں گھر بنایا جائے گا۔ یا پھر یوں فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔

480 وَاَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، نا

Marfat.com

الْقَاضِي اَبُو طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ. نا جَعْفَرُ الْفِرْيَابِيُّ. نا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ. نا الْحَكَمُ بْنُ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ الْمُحَارِبِيُّ. نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ الْيَامِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ بَنَى مَسْجِدًا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَوْ مِثْلَ مِفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ''

(ابن ماجه (۷۳۸) مصنف ابن ابو شیبه (۳۱۵۸) شرح مشکل الآثار (۱۵۵۷) سنن الکبریٰ للبیہقی (۴۲۹۳))

ترجمہ: امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی اگرچہ وہ قطاۃ (نامی پرندے) کے گھونسلے جتنی ہو۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔

## علم حاصل کرنے کا اجر

481 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اَبِي غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، بِاَصْبَهَانَ، ثنا اَبُو عَمْرٍو اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْمَدِينِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ وَارَةَ الرَّازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ الرَّحَبِيُّ، مِنْ اَهْلِ دِمَشْقَ حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ طَلَبَ عِلْمًا فَاَدْرَكَهُ كُتِبَ لَهُ كِفْلَانِ مِنَ الْاَجْرِ، وَمَنْ طَلَبَ عِلْمًا فَلَمْ يُدْرِكْهُ كُتِبَ لَهُ كِفْلٌ مِنَ الْاَجْرِ''

(معجم الکبیر للطبرانی (۱۶۵) سنن الکبریٰ للبیہقی (۲۰۳۶۹))

ترجمہ: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم حاصل کیا اور اس کو سمجھا اس کے لئے دو چند (دوگنا) اجر لکھا جائے گا اور جس نے علم حاصل کیا لیکن اس کو سمجھا نہیں اس کے لئے ایک چند (ایک گنا) اجر لکھا جائے گا۔

## اپنے عمل کے ساتھ لوگوں کو رسوا کرنے والے کا انجام

482 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ اَبِي عُبَيْدَةَ فَذَكَرُوا الرِّيَاءَ فَقَالَ شَيْخٌ يُكْنَى اَبَا

Marfat.com

يَزِيْدَ ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهِ سَمَّعَ اللهُ بِهِ سَامِعَ خَلْقِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَحَقَّرَهُ وَصَغَّرَهُ''

(مسند احمد (۷۰۸۵، ۶۹۸۶، ۶۸۳۹، ۶۰۹) معجم الاوسط (۴۹۵۴) شعب الایمان (۶۴۰۲) شرح السنہ (۴۱۳۸))

ترجمہ: عمرو بن مرہ بیان ہیں کہ ہم ابوعبیدہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' ریا کا ذکر ہوا تو شیخ نے کہا جن کی کنیت ابو زید ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اپنے عمل کے حوالے سے لوگوں میں مشہور ہونے کی کوشش کی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اپنی ساری مخلوق کے سامنے رسوا کرے گا' اسے حقیر اور چھوٹا ظاہر کرے گا۔

483 اَنا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ الْمُهَنْدِسِ، نا اَبُوْ بِشْرٍ الدُّوْلَابِيُّ، نا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ، نا حَجَّاجٌ، قَالَ: سَمِعْتُ شُعْبَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: نا رَجُلٌ، فِيْ بَيْتِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو ، يُحَدِّثُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَهُ. لَيْسَ فِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: عمرہ بن مرہ بیان کرتے ہیں کہ ابوعبیدہ کے گھر میں ایک شخص نے ہمیں بیان کیا اس نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے سنا تھا وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث بیان کی ہے' اور اس میں قیامت کے دن کا ذکر نہیں کیا۔

## آخرت کے بدلے دنیا چاہنے والے کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں

484 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اَبُوْ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ طَلَبَ عَمَلَ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْآخِرَةِ فَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ نَصِيْبٍ''

ترجمہ: حضرت ابو بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیا کے کام کو آخرت کے بدلہ چاہا پس اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

Marfat.com

وضاحت: جس شخص نے بھی دنیا کے کام کو آخرت کے کام پر ترجیح دی اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔

## نیکی کا بدلہ ضرور دینا چاہیے

485 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرِ بْنُ نُفَيْلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اُولِيَ مَعْرُوْفًا فَلَمْ يَجِدْ اِلَّا الثَّنَاءَ فَقَدْ شَكَرَهُ، وَمَنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ''

(صحیح ابن حبان (۳۴۱۵)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ساتھ کوئی نیکی کی جائے (وہ اس کا بدلہ ضرور دے) اگر وہ کوئی چیز نہیں پاتا (جس کے ساتھ وہ اس کا شکریہ ادا کرے) تو وہ اس کی تعریف کردے۔ سمجھ لو اس نے اس کا شکرادا کردیا اور جو اس کو چھپائے (اس نیکی کا اظہار نہ کرے جو اس کے ساتھ کی گئی ہے) تحقیق اس نے اس کی ناشکری کی۔

486 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ اَنا الْقَاسِمُ بْنُ لَيْثِ بْنِ مَسْرُوْرٍ اَبُوْ صَالِحٍ الرَّاسِبِيُّ، نا مُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اُولِيَ خَيْرًا فَلْيَجْزِ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى ذٰلِكَ فَلْيُثْنِ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ كَفَرَهُ''

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے ساتھ نیکی کی جائے اس کو چاہیے کہ وہ اس کا بدلہ بھی ادا کرے اور جو اس پر قادر نہ ہو وہ اس نیکی پر اس کی تعریف کرے اور جو شخص ایسا نہ کرے۔ اس نے ناشکری کی۔

487 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ وَصِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَا: ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَيُّوبَ بْنِ مَاسِيَّ الْمَتُّوثِيُّ الْبَزَّارُ، بِبَغْدَادَ، ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَجِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ فِرَاسٍ، بِمَكَّةَ حَرَسَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

Marfat.com

سَهْلٍ الْمَعْرُوْفُ بِبُكَيْرٍ الْحَدَّادُ، ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَجِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اُولِيَ مَعْرُوْفًا فَلْيُكَافِئْ بِهِ فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَلْيَذْكُرْهُ فَاِنْ ذَكَرَهُ فَقَدْ شَكَرَهُ، وَمَنْ تَشَبَّعَ بِمَا لَمْ يَكُنْ فَهُوَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ'' وَفِي رِوَايَةِ الْمَالِيْنِيِّ وَابْنِ فِرَاسٍ: بِمَا لَمْ يَنَلْ

(معجم الاوسط(۲۴۶۳) معجم الکبیر للطبرانی(۲۱۱) شعب الایمان(۸۶۹۲) موارد الظمان الی زوائد ابن حبان(۲۰۷۳)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ساتھ کوئی نیکی کرے اس کو چاہیے کہ وہ اس کا بدلہ ضرور دے اور اگر اس کی طاقت نہ رکھے' تو اس نیکی کا ذکر کرے جب وہ اس کا ذکر کر دے گا تو اس کا شکریہ ادا کر دے گا اور جو شخص کسی ایسی چیز کے حوالے سے خود کو سیر ظاہر کرے جو اس کے پاس نہ ہو وہ جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی مانند ہے۔

یہاں ایک روایت میں ایک لفظ مختلف ہے۔

488 ثنا اَبُوْ الْقَاسِمِ، مَكِّيُّ بْنُ نَظِيفٍ الزَّجَّاجُ، اَبنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْبَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ الْخُزَاعِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْعَدَوِيُّ، ثنا وُرَيْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَسَّانِيُّ الطَّرَابُلُسِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَوْلَى رَجُلًا مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ مَعْرُوْفًا فِي الدُّنْيَا فَلَمْ يَقْدِرْ اَنْ يُكَافِئَهُ كَافَأْتُهُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(حلیہ الاولیا جلد ۱۳ صفحہ ۳۶۶

ترجمہ: ابان بن عثمان بن عفان نے اپنے والد سے روایت کیا کہ انہوں نے بتایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے بنو عبدالمطلب کے کسی شخص کے ساتھ دنیا میں نیکی کی۔ اور (بنو عبدالمطلب کا) وہ فرد اس کا بدلہ نہ دے سکا تو اس کی طرف سے قیامت کے دن میں اس شخص کو بدلہ دوں گا۔

## راز کو چھپانا دفن شدہ بچی کو زندہ کرنے کی طرح ہے

489 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ،

Marfat.com

ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ. ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَشِيطٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ رَأَى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ أَحْيَا مَوْءُودَةً مِنْ قَبْرِهَا'' [ص: 297]

(سنن ابی داؤد (۴۸۹) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۰۹۸) مسند احمد (۱۷۳۳۲) سنن الکبریٰ للنسائی (۷۲۴۱))

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کے بھید کو دیکھ کر چھپایا۔ تو وہ اس شخص کی طرح ہے جس نے کسی زندہ دفن کی ہوئی بچی کو اس کی قبر سے دوبارہ زندہ کیا ہے۔

490 وَأَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ، نا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ. نا ابْنُ الصَّاغَانِيِّ، هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْعَبَّاسِ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَشِيطٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قِيلَ لَهُ: إِنَّ لَنَا جِيرَانًا يَشْرَبُونَ الْخَمْرَ فَلَا نَرْفَعُهُمْ؟. قَالَ: لَا، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "مَنْ رَأَى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا. الْحَدِيثُ

ترجمہ: عقبہ بن عامر کہتے ہیں کہ ہمارے پڑوسی شراب پیتے تھے تو مجھے اس کے متعلق کہا گیا۔ ہم ان کو ظاہر کیوں نہیں کرتے تھے؟ اس کی وجہ یہ تھی کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تھا جس نے کسی کا بھید دیکھ کر اسے پوشیدہ رکھا۔ باقی ترجمہ مذکورہ بالا حدیث میں ہے۔

491 وَأَنَا. أَيْضًا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ. نا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ. نا أَبُو دَاوُدَ. نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ. بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ. وَلَمْ يَقُلْ: ''مِنْ قَبْرِهَا''

ترجمہ: مسلم بن ابراہیم نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا لیکن اس میں (من قبرھا) کا ذکر نہیں کیا۔

492 وَأَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ. نا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ. نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ. بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ. وَلَمْ يَقُلْ: ''مِنْ قَبْرِهَا''

ترجمہ: مسلم بن ابراہیم نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا لیکن اس میں (من قبرھا) کا ذکر نہیں کیا۔

## اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے کا انعام

493 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْبَارِيُّ، أبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ. ثنا إِبْرَاهِيمُ

Marfat.com

بْنُ الْاَشْعَثَ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ انْقَطَعَ اِلَى اللّٰهِ كَفَاهُ اللّٰهُ كُلَّ مُؤْنَةٍ وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ، وَمَنِ انْقَطَعَ اِلَى الدُّنْيَا وَكَّلَهُ اللّٰهُ اِلَيْهَا''

(معجم الاوسط (۳۳۵۹) معجم الصغیر (۳۲۱) شعب الایمان (۱۲۹۰، ۱۲۸۹)

ترجمہ: ہشام نے حسن سے انہوں نے حضرت عمران بن حصین سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ کے لئے کٹ گیا اللہ تعالیٰ اس کی تمام ضروریات کے لئے کافی ہے اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوگا۔ اور جو دنیا کے لئے کٹا اللہ تعالیٰ اس کو اسی (دنیا) کے سپرد کردے گا۔

494 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُنِيرٍ، اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ نا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْمِهْرَجَانِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ السُّلَمِيُّ، نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْاَشْعَثَ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ. وَذَكَرَ فِيْهِ: ''كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَتَهُ''

ترجمہ: محمد بن یزید سلمی، ابراہیم بن اشعث نے حضرت فضیل بن عیاض سے اس کی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا اور اس میں ذکر کیا کہ ''اللہ تعالیٰ اس کی ضروریات کے لئے کافی ہے۔

495 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ الْمِهْرَجَانِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ السُّلَمِيُّ، نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْاَشْعَثَ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ, عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ انْقَطَعَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى كَفَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُؤْنَتَهُ وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ، وَمَنِ انْقَطَعَ اِلَى الدُّنْيَا وَكَّلَهُ اِلَيْهَا'' [ض:299]

(معجم الاوسط (۳۳۵۹) معجم الصغیر (۳۲۱) شعب الایمان (۱۲۹۰، ۱۲۸۹)

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ کے لئے (ہر چیز سے) کٹ گیا اللہ تعالیٰ اس کی تمام ضروریات کے لئے کافی ہوگا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوگا۔ اور جو دنیا کا ہوکر رہ گیا' اللہ تعالیٰ اس کو اسی (دنیا) کے سپرد کردے گا۔

496 وَاَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَدْفُوِيُّ، اَنَا اَبُوْ الطَّيِّبِ اَحْمَدُ بْنُ

Marfat.com

سُلَيْمَانَ الْحَرِيرِيُّ إِجَازَةً، نا أَبُو جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ الْمَرْوَزِيُّ، نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْأَشْعَثِ، صَاحِبُ الْفُضَيْلِ، نا الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ.

ترجمہ: فضیل بن عیاض سے، ہشام سے انہوں نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور (پھر مذکور بالا) حدیث کو ذکر کیا۔

497 وَأَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، أنا أَبُو الْحَسَنِ بْنُ شُعْبَةَ بْنِ الْفَضْلِ، نا أَبُو جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ نا مُعْتَمِرُ بْنُ يَعْقُوبَ، نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ساتھ اپنی تعریف چاہنے والے کا انجام

498 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ الْبَزَّازُ، أبنا أَبُو سَعِيدِ بْنُ الْأَعْرَابِيِّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُوسَى السَّعْدِيُّ الْحَمَّارُ، ثنا قُطْبَةُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ طَلَبَ مَحَامِدَ النَّاسِ بِمَعَاصِي اللهِ عَادَ حَامِدُهُ مِنَ النَّاسِ ذَامًّا"

(معجم ابن الاعرابی (۸۱۶) امالی ابن بشران الجزء الاول (۷۲۱)

ترجمہ: صدیقہ کائنات ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کر کے لوگوں سے تعریف چاہی تو لوگوں سے اس کی تعریف مذمت کے ساتھ ہوگی۔

وضاحت: جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے اور خواہش یہ رکھتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں ایسا نہیں ہوتا بلکہ لوگ اس کو ذلیل سمجھ کر اس کی مذمت کریں گے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا نافرمان تو عزت کے لائق ہی نہیں ہے۔

499 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللهِ بِسَخَطِ النَّاسِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

Marfat.com

وَاَرْضَى عَنْهُ النَّاسَ، وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَا النَّاسِ بِسَخَطِ اللهِ سَخِطَ اللهُ عَلَيْهِ وَاَسْخَطَ عَلَيْهِ النَّاسَ''

(شرح اصول الاعتقاد اهلسنت والجماعت (۲۷۸۸) شرح السنة (۴۲۱۳) موارد الظمان (۱۵۴۲))

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کی ناراضگی کے ساتھ اللہ کریم کی رضا چاہی تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور لوگ بھی اس سے راضی ہو جائیں گے اور جس نے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول لے کر لوگوں کی رضا حاصل کی۔ اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا اور لوگ بھی اس سے ناراض ہو جائیں گے۔

500 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّينَوَرِيُّ بِمَكَّةَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الضَّبِّيُّ السَّمَّانُ، قَالَ: ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللهِ بِسَخَطِ النَّاسِ اَرْضَاهُ اللهُ وَاَرْضَى عَنْهُ النَّاسَ، وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَا النَّاسِ بِسَخَطِ اللهِ سَخِطَ اللهُ عَلَيْهِ وَاَسْخَطَ عَلَيْهِ النَّاسَ''

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کی ناراضگی کے ساتھ اللہ کریم کی رضا چاہی تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور لوگ بھی اس سے راضی ہو جائیں اور جس نے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول لے کر لوگوں کی رضا حاصل کی اس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا اور لوگ بھی اس سے ناراض ہو جائیں گے۔

501 اَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيقِيُّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي حُصَيْنٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوزْجَانِيُّ، نا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ اَرْضَى اللهَ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ النَّاسَ، وَمَنْ اَسْخَطَ اللهَ بِرِضَا النَّاسِ وَكَلَهُ اللهُ اِلَى النَّاسِ''

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص لوگوں کو ناراض کر کے اللہ کو راضی کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور جو شخص لوگوں کی رضا مندی کے لئے اللہ تعالیٰ کو

Marfat.com

ناراض کر دے تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے سپرد کر دیتا ہے۔

وضاحت: جس نے لوگوں کی ناراضگی کی پرواہ کیے بغیر اپنے اللہ کو راضی کیا تو اللہ کریم اس کے تمام معاملات میں معین و مددگار و کافی ہوگا اور جس نے دنیا کی خاطر اپنے اللہ کو ناراض کیا تو اللہ تعالیٰ اس بندہ کو دنیا کے سپرد کر دے گا' جو اس کی ذلت ورسوائی کے لیے کافی ہے۔

## اللہ کریم کی رحمت سے ناامید نہ ہوں

502 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيدِ بْنِ سَخْتَوَيْهِ، بِمَكَّةَ حَرَسَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي هَانِي الْخَوْلَانِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ وَخَالِدَ بْنَ اَبِي عِمْرَانَ، يَقُولَانِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ مَاتَ عَلٰى خَيْرِ عَمَلِهِ فَاَرْجُو لَهُ خَيْرًا، وَمَنْ مَاتَ عَلٰى سَيِّئِ عَمَلِهِ فَخَافُوا عَلَيْهِ وَلَا تَيْاَسُوا''

ترجمہ: ابوہانی خولانی نے ابوعبدالرحمان حبلی اور خالد بن ابوعمران سے سنا یہ دونوں بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو بھلائی کے کام میں موت آئی پس اس کے لئے خیر کی امید ہے اور جس کو برائی کے کام میں موت آئی پس وہ اس سے ڈرے اور (اللہ کی رحمت سے) مایوس نہ ہو۔

## اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ عدل فرمانے والا ہے

503 اَخْبَرَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ الْكَاتِبُ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْحَذَّاءُ، قَالَا: ثنا اَبُو اَحْمَدَ بْنُ الْمُفَسِّرِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِي السَّفَرِ وَمُحَمَّدُ الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ اَذْنَبَ فِي الدُّنْيَا فَعُوقِبَ بِهِ فَاللّٰهُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ يُثْنِيَ عُقُوبَتَهُ عَلٰى عَبْدِهِ، وَمَنْ اَذْنَبَ ذَنْبًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فِي الدُّنْيَا فَاللّٰهُ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَعُودَ فِي شَيْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ''

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے دنیا میں گناہ کیا پھر اسے سزا دی گئی تو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ عدل فرمانے والا ہے کہ وہ اپنے بندے کو دوبارہ سزا دے۔ اور جس نے گناہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے دنیا میں اس کی پردہ پوشی کی اور اسے معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ اس بات سے زیادہ کریم ہے کہ وہ ایسے گناہ کی پھر سے سزا دے جسے اس نے (دنیا میں) معاف

Marfat.com

کر دیا ہو۔

## جو خلوت میں اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرا، اللہ تعالیٰ کو اس کے عمل کی کوئی پرواہ نہیں

504 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ ثنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْخُتُلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ هَاشِمٍ السِّمْسَارُ اَبُوْ بَكْرٍ، ثنا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا سَعِيدَةُ بِنْتُ حُكَّامَةَ، عَنْ اُمِّهَا، عَنْ اَبِيهَا، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَرَعٌ يَصُدُّهُ عَنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اِذَا خَلَا لَمْ يَعْبَأِ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ عَمَلِهِ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص میں ایسا تقویٰ نہ ہو جو اسے تنہائی میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے روکے تو اللہ تعالیٰ کو ایسے شخص کے کسی عمل کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

505 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اِسْحَاقَ النَّاقِدُ ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَاطِبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيُّ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَحْسَنَ صَلَاتَهُ حِيْنَ يَرَاهُ النَّاسُ، ثُمَّ اَسَاءَهَا حِيْنَ يَخْلُوْ فَتِلْكَ اسْتِهَانَةٌ اسْتَهَانَ بِهَا رَبَّهُ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس وقت اچھی طرح نماز ادا کی جب لوگ اسے دیکھ رہے تھے اور جب وہ تنہائی میں گیا تو اس نے برائی کو آسان سمجھا تو اس نے اس عمل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی توہین کی۔

506 اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَذْفُوِيُّ، اَنَا اَبُوْ الطَّيِّبِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَرِيْرِيُّ اِجَازَةً نا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيْرٍ الطَّبَرِيُّ نا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَحْسَنَ صَلَاتَهُ حِيْنَ يَرَاهُ النَّاسُ، وَاَسَاءَهَا حِيْنَ يَخْلُوْ فَتِلْكَ اسْتِهَانَةٌ اسْتَهَانَ بِهَا رَبَّهُ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اچھی طرح نماز ادا کی اور اس وقت جب لوگ اسے دیکھ رہے تھے پھر جب وہ تنہائی میں گیا تو اس نے برائی کو آسان سمجھا تو اس نے اس عمل کے

Marfat.com

ساتھ اللہ تعالیٰ کی توہین کی۔

507 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ. نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا اَبِيْ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَحْسَنَ الصَّلَاةَ حِيْنَ يَرَاهُ النَّاسُ، وَاَسَاءَ حَيْثُ يَخْلُوْ فَهِيَ اسْتِهَانَةٌ يَسْتَهِيْنُ بِهَا رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اچھی طرح نماز ادا کی اور اس وقت لوگ اسے دیکھ رہے تھے اور جب وہ تنہائی میں گیا تو اس نے برائی کو آسان سمجھا تو اس نے اس عمل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی توہین کی۔

508 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ لَمْ تَنْهَهُ صَلَاتُهُ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ لَمْ تَزِدْهُ مِنَ اللهِ اِلَّا بُعْدًا''

ترجمہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اس کی نماز نے برائی اور بے حیائی سے منع نہیں کیا تو اس نے اللہ تعالیٰ سے دوری میں اضافہ ہی کیا۔

509 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيْقِيُّ قَالَ: اَبنا اَبُوْ الْقَاسِمِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي حُصَيْنٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ ثنا يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ اَبُوْ زَكَرِيَّا الْيَرْبُوْعِيُّ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ لَمْ تَنْهَهُ صَلَاتُهُ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ لَمْ يَزْدَدْ بِهَا مِنَ اللهِ اِلَّا بُعْدًا''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اس کی نماز نے برائی اور بے حیائی سے منع نہیں کیا اس نے اللہ تعالیٰ سے دوری میں اضافہ ہی کیا۔

وضاحت: نماز تو انسان کو اللہ تعالیٰ کا قرب عطا کرتی ہے اور قرب اسی وقت ملے گا جب نماز اسے بے حیائی کے کاموں سے روکے۔ اگر ایسا نہیں ہوا تو سمجھ لو کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کے قریب ہونے کی بجائے دور ہو گیا ہے۔

Marfat.com

## اللہ تعالیٰ بندے کے اعمال پر پردہ ڈالتا ہے

510 اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُنْدَارٍ الْقَزْوِینِیُّ، بِمَکَّةَ، ثنا عُبَیْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِیُّ، ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْمُخَرِّمِیُّ ثنا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ الْاَزْدِیُّ، ثنا اَبُوْ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ هُوَ السُّلَمِیُّ قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ یَقُوْلُ عَلٰی مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَتْ لَهُ سَرِیرَةٌ صَالِحَةٌ اَوْ سَیِّئَةٌ نَشَرَ اللهُ عَلَیْهِ مِنْهَا رِدَاءً یُعْرَفُ بِهِ'' وَلَمْ یَذْكُرْ بَیْنَ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ وَبَیْنَ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ

ترجمہ: ابوعبدالرحمان سلمی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ میں نے ان کو منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر فرماتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی نیت اچھی یا بری ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر کپڑا اپھیلا دیتا ہے' جس سے وہ پہچانا جاتا ہے۔ علقمہ بن مرثد اور ابوعبدالرحمان کے درمیان سعد بن عبیدہ کا ذکر نہیں کیا

511 اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ، تُرَابُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُبَیْدٍ ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النَّاصِحِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ سَعِیْدٍ الْقَاضِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُهُ عَلٰی مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَتْ لَهُ سَرِیرَةٌ صَالِحَةٌ اَوْ سَیِّئَةٌ نَشَرَ اللهُ عَلَیْهِ مِنْهَا رِدَاءً یُعْرَفُ بِهِ''

ترجمہ: ابوعبدالرحمان سلمی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ میں نے ان کو منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ فرماتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی اچھی یا بری نیت ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر کپڑا پھیلا دیتا ہے' جس سے وہ پہچانا جاتا ہے۔

512 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْبَارِیُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا بَقِیَّةُ بْنُ الْوَلِیْدِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِی الزُّهْرِیُّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ حَاوَلَ

Marfat.com

اَمْرًا بِمَعْصِيَةٍ كَانَ اَفْوَتَ لِمَا رَجَا وَاَقْرَبَ لِمَجِيْءِ مَا تُتَّقٰی''

ترجمہ: زہری نے ہمیں بیان کرتے ہوئے کہا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی گناہ کا ارتکاب کر کے کسی کام کو پورا کرنے کی کوشش کرے گا تو وہ اس چیز کو ضائع کر دے گا جس کی اسے خواہش تھی اور ایسی صورت حال کو قریب کر دے گا' جس سے بچنا چاہیے تھا۔

513 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا: ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْعَطَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَنَسٍ، قَالَ: ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَافِعٍ السُّلَمِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ حَاوَلَ اَمْرًا بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی كَانَ اَفْوَتَ لِمَا رَجَا وَاَقْرَبَ لِمَجِيْءِ مَا اتَّقٰی''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ساتھ کسی معاملہ کی انجام دہی کی کوشش کی وہ اپنی خواہش سے نامراد ہوگا اور وہ ایسی چیز کو پانے والا ہوگا جس کا اسے خوف ہوگا۔

## قسم کا کفارہ دینا

514 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْمَوَّالِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا حَلَفَتْ فِيْ غُلَامٍ لَهَا اسْتَعْتَقَهَا فَقَالَتْ: لَا اسْتَعْتَقَهَا اللّٰهُ مِنَ النَّارِ اِنْ اَعْتَقْتُهُ اَبَدًا، ثُمَّ مَكَثَتْ مَا شَاءَ اللّٰهُ فَقَالَتْ سُبْحَانَ اللّٰهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ حَلَفَ عَلٰی يَمِيْنٍ فَرَاٰی خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِهٖ، ثُمَّ لِيَفْعَلِ الَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۲۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: عبداللہ بن حسن بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے ایک غلام نے ان سے یہ درخواست کی کہ وہ انہیں آزاد کر دیں' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے قسم اٹھا کر یہ کہا: اگر انہوں نے کبھی

Marfat.com

بھی اس غلام کو آزاد کیا تو اللہ تعالیٰ انہیں جہنم سے آزاد نہ کرے۔ پھر جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا، وہ (اسے آزاد کرنے سے) رکی رہیں۔ پھر (ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا) وہ سبحان اللہ کہتی ہوئی کہنے لگی کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قسم اٹھائے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے اسے چاہیے کہ وہ اپنی قسم کا کفارہ دے پھر وہ کام کرے جو بہتر ہے۔

515 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّيْسَابُورِيُّ، أنا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى الَّذِي هُوَ خَيْرٌ فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ وَلْيَفْعَلْ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸)، مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی بندہ کسی کام کی قسم کھائے پھر اس کو کوئی اور کام بہتر لگے اسے چاہیے کہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور (دوسرے) بہتر کام کو کرے۔

516 أنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، أنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالُوا: أنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أُذَيْنَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن اذینۃ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی بندہ کسی کام کی قسم کھائے پھر اس کو کوئی اور کام بہتر لگے تو اسے چاہیے کہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور (دوسرے) بہتر کام کو کرے۔

517 أنا أَبُو الْقَاسِمِ، خَلَفُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمِصْرِيُّ أنا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْوَرْدِ، أنا أَبُو يَزِيدَ يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ أنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِيْنٍ فَرَاَى خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَلْيَفْعَلْ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی بندہ کسی کام کی قسم کھائے پھر اس کو کوئی اور کام بہتر لگے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور (دوسرے) بہتر کام کو کرے۔

518 اَنَا اَبُوْ يَعْقُوبَ بْنُ خُرَّزَاذَ. اَنَا اَبُوْ يَعْقُوبَ السَّعْتَرِيُّ. نَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُثَنّٰى. نَا اَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَاَلَ رَجُلٌ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ فَحَلَفَ لَا يُعْطِيهُ ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا اَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِيْنٍ فَرَاَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَلْيَاْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ'' مَا اَعْطَيْتُكَ. ثُمَّ اَعْطَاهُ

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے کچھ مانگا تو انہوں نے یہ حلف اٹھالیا کہ وہ اسے کچھ نہیں دیں گے۔ پھر انہوں نے یہ فرمایا: اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا:

''اگر کوئی بندہ کسی کام کی قسم کھائے پھر اس کو کوئی دوسرا کام بہتر لگے اسے چاہیے کہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور (دوسرے) بہتر کام کو کرے''۔

(تو حضرت عدی نے فرمایا:) تو میں نے تمہیں نہیں دینا تھا پھر حضرت عدی نے اس شخص کو (مطلوبہ چیز) دے دی۔

519 وَبِهٖ نَا عَمْرُوْ بْنُ عَلِيٍّ. نَا يَحْيَى. نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ الْاَخْنَسِ. نَا عَمْرُوْ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِيْنٍ فَرَاَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا وَلْيُكَفِّرْ يَمِيْنَهُ وَلْيَاْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: عمرو بن شعیب نے اپنے والد اور دادا کے حوالے سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر

Marfat.com

کوئی بندہ کسی کام کی قسم کھائے پھر اس کو کوئی دوسرا کام بہتر لگے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور (دوسرے) بہتر کام کو کرے۔

520 وَبِهِ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، نا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِذَا حَلَفَ اَحَدُكُمْ عَلَى يَمِيْنٍ فَرَاَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِهِ وَلْيَنْظُرِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ فَلْيَأْتِهِ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کام کی قسم کھالے اور پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے پس اس کو چاہیے کہ وہ اس قسم کا کفارہ دے اور اس بہتر کام کی طرف دیکھے پس وہ اسی کام کو کرے۔

521 وَبِهِ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نا عَفَّانُ، نا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِيْنٍ فَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ ثُمَّ ائْتِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ''

(مسلم (۱۶۵۱، ۱۶۵۰) سنن ترمذی (۱۵۳۰) سنن نسائی (۳۷۸۶، ۳۷۸۵، ۳۷۸۱) سنن ابن ماجه (۲۱۰۸) مسند ابو داؤد طیالسی (۱۴۶۷، ۱۴۴۸، ۱۱۲۲، ۱۱۲۱)

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کوئی قسم اٹھالو تو اس قسم کا کفارہ دے دو اور وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہے۔

## بیٹی سے حسن سلوک کا فائدہ

522 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ ابْتُلِىَ مِنْ هَذِهِ الْبَنَاتِ بِشَىْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ''

(بخاری (۱۴۱۸) مسند احمد (۲۵۳۳۲) شعب الایمان (۸۳۰۸)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ان

Marfat.com

بچیوں کے ساتھ آزمایا گیا اور اس نے ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا (تو یہ بچیاں قیامت کے دن) اس کے لئے دوزخ کی آگ سے رکاوٹ ہوں گی۔

523 اَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ، اَنَا اَبُو يَزِيدَ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، نا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، اَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَتِ امْرَاَةٌ مَعَهَا بِنْتَانِ لَهَا تَسْاَلُ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا، ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ''

(بخاری (۱۴۱۸) مسند احمد (۲۵۳۳۲) شعب الایمان (۸۳۰۸))

ترجمہ: عروہ نے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک عورت اپنی دو بچیوں کے ساتھ میرے پاس آئی اور اس نے (امداد کے لیے) سوال کیا۔ میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ بھی نہیں تھا وہ میں نے اس کو دے دی اس نے اس کھجور کو اپنی بچیوں میں تقسیم کر دیا اور خود اس میں سے کچھ نہ کھایا پھر وہ اٹھی اور چلی گئی جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس واقعہ کی خبر دی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوان بچیوں کے ساتھ آزمایا گیا یہ (بچیاں) اس کے لیے دوزخ کی آگ سے رکاوٹ ہوں گی۔

## چڑیا کو ناحق مارنے کا نقصان

524 اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ الْمُعَلِّمُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَذَنِيُّ، ثنا اَبُو عَرُوبَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ السُّلَمِيُّ، عَنْ اَبِي الْجَارُودِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ قَتَلَ عُصْفُورًا عَبَثًا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَهُ صُرَاخٌ عِنْدَ الْعَرْشِ تَقُولُ: يَا رَبِّ سَلْ هٰذَا فِيمَ قَتَلَنِي فِي غَيْرِ مَنْفَعَةٍ؟"

(سنن نسائی (۴۴۴۶، ۴۴۴۵) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۳۹۳) مسند احمد (۱۹۴۷۰، ۱۹۶۰، ۶۵۵۱) سنن دارمی (۲۰۲۱) شعب الایمان (۱۰۵۶۴))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے چڑیا کو

Marfat.com

فضول مارا۔ وہ قیامت کے دن آئے گی اور عرش کے پاس چیخ چلا کر فریاد کرے گی اور کہے گی: اے اللہ! اس شخص سے پوچھ اس نے مجھے بغیر کسی نفع کے قتل کیوں کیا؟۔

وضاحت: حلال پرندوں اور جانوروں کے گوشت سے فائدہ اٹھائے بغیر محض اپنے شکار کے شوق کو پورا کرنے کے لئے مارنا جائز نہیں ہے ہاں اگر گوشت کھانے کے لئے شکار کیا تو پھر درست ہے۔ بغیر کسی مقصد کے جانوروں کو قتل کرنا ظلم ہے۔

## مال بڑھانے کے لیے لوگوں سے مانگنے والے کا انجام

525 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عُبَيْدِ اللهِ شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمِنْهَالِ اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الرُّعَيْنِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ سَاَلَ النَّاسَ اَمْوَالَهُمْ تَكَثُّرًا فَاِنَّمَا هِيَ جَمْرٌ فَلْيَسْتَقِلَّ مِنْهُ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ اَبِي كُرَيْبٍ، وَوَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلَى قَالَا: نا ابْنُ فُضَيْلٍ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

(مسلم (۱۰۴۱) سنن ابن ماجه (۱۸۳۸) مسند احمد (۷۱۶۳) شرح معانی الاثار (۳۰۲۹) شرح السنه (۱۶۲۳))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا مال بڑھانے کے لیے لوگوں سے سوال کیا پس یہ اس کے لیے آگ کا انگارا ہے۔ اب وہ چاہے تو ان (انگاروں) کو کم کردے یا زیادہ کرے۔

وضاحت: بغیر ضرورت کے صرف مال بڑھانے کی خاطر لوگوں سے مانگتے پھرنا جیسے ہمارے معاشرے میں پیشہ ور بھکاری ہیں یہ ایسا ہی ہے' جس طرح وہ آگ کے انگارے جمع کررہا ہے۔ اب اس کی مرضی ہے کہ وہ انگارے زیادہ جمع کرلے یا ان کو ختم کردے۔ حالانکہ شریعت مطہرہ حاجت مندوں اور مساکین وغیرہ کو اپنی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے سوال کرنے سے منع نہیں کرتی اور امراء کو ان کے ساتھ مالی تعاون کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔ یہ تعاون صرف مستحق لوگوں کے ساتھ ہے نہ کہ پیشہ ور بھکاریوں کے ساتھ۔

526 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا هَاشِمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي دَاوُدَ الْقَاضِي، بِقَيْسَارِيَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنِ

Marfat.com

الصَّدَقَةِ فَقَالَ: ''مَنْ سَاَلَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى فَصُدَاعٌ فِي الرَّأْسِ وَدَاءٌ فِي الْبَطْنِ۔''
(معجم ابن الاعرابی (۲۳۴۳) الاموال لابن زنجویہ (۲۰۹۳))

ترجمہ: حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور صدقہ کے متعلق سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے خوشحال ہونے کے باوجود کسی سے کچھ مانگا تو وہ (اس کے لیے) دردسر اور پیٹ کی بیماری کا باعث ہوگا۔

## مہمان کی عزت کرنا اور بغیر دعوت کے آنے والا چور اور لٹیرا ہے

527 اَخْبَرَنَا اَبُوْ ذَرٍّ عَبْدُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ الْحَافِظُ، اِجَازَةً، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخَلِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الشِّيْرَازِيُّ، عَنِ ابْنِ خَلَّادٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ اَحْمَدَ الْبَصْرِيِّ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيِّ، ثنا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ مَشَى اِلَى طَعَامٍ لَمْ يُدْعَ اِلَيْهِ فَقَدْ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ مُغِيْرًا''

(سنن ابی داؤد (۳۷۴۱) ج۳ص۳۴۱۔ الاداب للبیہقی (۴۶۷) سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۳۴۱۲) شعب الایمان (۹۲۰۰))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کھانے کی طرف چلا اور اس کو کھانے کی دعوت نہیں تھی۔ تحقیق وہ چور بن کر داخل ہوا اور لوٹ مار کرنے والا بن کر نکلا۔

528 اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْمُقْرِئُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْحَمَامِيِّ اِجَازَةً كَتَبَ اِلَيَّ بِهَا مِنْ بَغْدَادَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الشَّافِعِيُّ، ثنا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ طَارِقٍ قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ دُعِيَ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللهَ وَرَسُوْلَهُ، وَمَنْ دَخَلَ عَلَى غَيْرِ دَعْوَةٍ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ مُغِيْرًا''

(سنن ابی داؤد (۳۷۴۱) ج۳ص۳۴۱۔ الاداب للبیہقی (۴۶۷) سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۳۴۱۲) شعب الایمان (۹۲۰۰))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کو دعوت دی گئی اور اس نے (دعوت کو) قبول نہ کیا۔ اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی اور جو شخص دعوت کے بغیر گھس گیا وہ چور بن کر داخل ہوا اور لوٹ مار کرنے والا بن کر نکلا۔

Marfat.com

529 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الشِّيرَازِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا بِمِصْرَ، اَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْبَكَّارِيُّ، ثنا الْقَاضِي اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَهْدِيٍّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، ثنا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ دَخَلَ دَارَ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ مُغِيرًا''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی قوم کے گھر میں (دعوت کھانے کے لیے گھس گیا) بغیر ان کی اجازت کے داخل ہوا۔ وہ چور بن کر داخل ہوا اور لوٹ مار کرنے والا بن کر نکلا۔

## مسلمان بھائی کی مدد کرنا

530 اَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ بْنُ الْغَازِيُّ، ثنا اَبُو سَعْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّقَّاشُ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَيْضِ الْغَسَّانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ، ثنا اَبِي هِشَامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ وُصْلَةً لِاَخِيْهِ الْمُسْلِمِ اِلَى ذِي سُلْطَانٍ فِي مَنْهَجِ بِرٍّ اَوْ تَيْسِيرِ عَسِيرٍ اَعَانَهُ اللهُ عَلَى اِجَازَةِ الصِّرَاطِ يَوْمَ تُدْحَضُ فِيْهِ الْاَقْدَامُ''

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۹۴) صحیح ابن حبان (۵۳۰) معجم الاوسط (۳۳۷۷) شعب الایمان (۷۲۴۳) سنن الکبریٰ بیہقی (۱۶۶۸۰))

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو نیکی کی جگہ پہنچانے میں یا اس کی مشکل کو آسان کرنے کے لئے کسی صاحب جاہ کے پاس گیا تو اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کے دن قدموں کے پھسلنے کے وقت پل صراط سے گزرنے میں مدد فرمائے گا۔

531 اَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ اَنَا اَبُو هَاشِمٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، هُوَ ابْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ

Marfat.com

اَبِيْهِ , عَنْ عَائِشَةَ. قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ وَصْلَةً لِاَخِيْهِ الْمُسْلِمِ اِلٰى سُلْطَانٍ فِيْ مَبْلَغِ بِرٍّ اَوْ تَيْسِيْرِ عَسِيْرٍ اَعَانَهُ اللّٰهُ عَلٰى اِجَازَةِ الصِّرَاطِ عِنْدَ دَحْضِ الْاَقْدَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۹۴) صحیح ابن حبان (۵۳۰) معجم الاوسط (۳۳۷۷) شعب الایمان (۷۶۴۳) سنن الکبریٰ بیہقی (۱۶۶۸۰))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنے مسلمان بھائی کو نیکی پہنچانے کے لیے یا اس کی مشکل کو آسان کرنے کے لئے کسی صاحب جاہ کے پاس گیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن قدموں کے پھسلنے کے وقت اس کی پل صراط سے گزرنے میں مدد فرمائے گا۔

532 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَنَا الْقَاضِيْ اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ , عَنْ عَائِشَةَ. قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَانَ وَصْلَةً لِاَخِيْهِ الْمُسْلِمِ اِلٰى ذِيْ سُلْطَانٍ فِيْ مَبْلَغِ بِرٍّ اَوْ تَيْسِيْرِ عَسِيْرٍ اَعَانَهُ اللّٰهُ عَلٰى اِجَازَةِ الصِّرَاطِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ دَحْضِ الْاَقْدَامِ''

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۹۴) صحیح ابن حبان (۵۳۰) معجم الاوسط (۳۳۷۷) شعب الایمان (۷۶۴۳) سنن الکبریٰ بیہقی (۱۶۶۸۰))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو نیکی پہنچانے کے لیے یا اس کی مشکل کو آسان کرنے کے لئے کسی صاحب جاہ کے پاس گیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن قدموں کے پھسلنے کے وقت پل صراط سے گزرنے میں اس کی مدد فرمائے گا۔

دستر خوان پر گرے ہوئے روٹی کے ٹکڑے کھانے کا فائدہ

533 اَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْبَزَّازُ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، اَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ دُحَيْمٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ اَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ زَيْنَبُ بِنْتُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَتْ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ جَدِّيْ , عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

Marfat.com

بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَكَلَ مَا يَسْقُطُ مِنَ الْخِوَانِ عُوفِيَ مِنَ الْجُنُونِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَوَلَدُهُ وَوَلَدُ وَلَدِهِ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دسترخوان سے گرا ہوا کھانے کا ٹکڑا کھایا (یہ عمل) اس شخص کو اور اس کے بیٹے کو اور اس کے پوتے کو جنون، جذام اور برص کی بیماری سے محفوظ رکھے گا۔

## ''نردشیر'' کا کھیل کھیلنے پر وعید

534 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدَشِيْرِ فَهُوَ كَمَنْ غَمَسَ يَدَهُ فِي لَحْمِ الْخِنْزِيْرِ وَدَمِهِ''

(مسلم (۲۲۶۰) سنن ابی داؤد (۴۹۳۹) سنن ابن ماجه (۳۷۶۳) مسند احمد (۲۳۰۵۶))

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے چوپڑ کا کھیل کھیلا تو گویا کہ اس نے اپنے ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں رنگ لیے۔

وضاحت: ''نردشیر'' کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے یہ ایک قسم کا کھیل ہے، جس کو اردشیر بن بابک شاہ ایران نے ایجاد کیا تھا۔ اس کھیل کے بارے میں کہا گیا کہ جس نے یہ کھیل کھیلا گویا کہ اس نے اپنے ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون کے ساتھ رنگیں کیے۔

535 وَاَنَاهُ اَبُو الْقَاسِمِ الْاَنْبَارِيُّ، نا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ، نا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، نا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدَشِيْرِ فَهُوَ كَمَنْ غَمَسَ يَدَهُ فِي لَحْمِ الْخِنْزِيْرِ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، بِاِسْنَادِهِ وَقَالَ فِيْهِ: فَكَاَنَّمَا صَبَغَ يَدَهُ

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ''نردشیر'' کا کھیل کھیلا تو گویا کہ اس نے اپنے ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں رنگ لیے۔

Marfat.com

## مہمان اہل خانہ کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہ رکھے

536 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِينٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الزَّبِيبِيُّ، بِالْعَسْكَرِ، ثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ نَزَلَ عَلٰى قَوْمٍ فَلَا يَصُومَنَّ تَطَوُّعًا اِلَّا بِاِذْنِهِمْ''

(جامع ترمذی (۷۸۹) حلیۃ الاولیاء جلد ۳ صفحہ ۱۴۳) شرح السنۃ (۱۸۲۰)

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ کسی قوم کے پاس آئے وہ ان (صاحب خانہ) کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ ہرگز نہ رکھے۔

## خلاف سنت عمل کرنے والے شخص کی مذمت

537 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا اَبُوْ الْحَارِثِ عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ وَدِيعٍ قَاضِي طَبَرِيَّةَ قَدِمَ عَلَيْنَا، اَبنا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، ثنا اَبُوْ حَازِمٍ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنِ انْتَهَرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ مَلَاَ اللهُ قَلْبَهُ اَمْنًا وَاِيمَانًا، وَمَنْ اَهَانَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ اٰمَنَهُ اللهُ يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ، وَمَنْ اَلَانَ لَهُ وَاَكْرَمَهُ اَوْ لَقِيَهُ بِبِشْرٍ فَقَدِ اسْتَخَفَّ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بدعتی شخص (خلاف سنت عمل کرنے والے) کو ڈانٹا۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل کو امن وایمان سے بھر دے گا اور جس نے بدعتی شخص (خلاف سنت عمل کرنے والے) کی اہانت کی اللہ تعالیٰ اس کو بڑی گھبراہٹ کے دن امن دے گا۔ اور جس نے اس کی عزت واکرام کیا یا اس کو خندہ پیشانی کے ساتھ ملا تو اس نے' جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا' اسے کمتر سمجھا۔

538 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَبُوْ الْحَارِثِ بْنُ وَدِيعٍ قَاضِي طَبَرِيَّةَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ حَمَّادٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، ثنا اَبُوْ حَازِمٍ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَهَانَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ اٰمَنَهُ اللهُ يَوْمَ الْفَزَعِ

Marfat.com

الْاَكْبَرِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بدعتی شخص (خلاف سنت عمل کرنے والا) کی اہانت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے بڑی گھبراہٹ کے دن (قیامت کے دن) امن دے گا۔

## دنیا کس قدر کافی ہے

539 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دُوسْتَ النَّيْسَابُورِيُّ، اِجَازَةً، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ السُّلَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ هَانِي بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا اَبِي، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَصْبَحَ مُعَافًى فِي بُدْنِهِ آمِنًا فِي سِرْبِهِ عِنْدَهُ قُوتُ يَوْمِهِ فَكَاَنَّمَا حِيزَتْ لَهُ الدُّنْيَا''

(صحیح ابن حبان (۶۷۱) معجم الاوسط (۱۸۲۸) شعب الایمان (۹۸۷۴))

ترجمہ: حضرت اُمّ درداء رضی اللہ عنہ نے حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا: وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جسمانی طور پر عافیت میں ہو اور اپنی چراگاہ یعنی جگہ اور ٹھکانے کے اعتبار سے امن میں ہو۔ اس کے پاس ایک دن کی روزی بھی ہو تحقیق اس کے لیے دنیا سمیٹ دی گئی۔

540 وَاَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ مُوسَى الْهَاشِمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي شُمَيْلَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مِحْصَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ آمِنًا فِي سِرْبِهِ مُعَافًى فِي جَسَدِهِ عِنْدَهُ طَعَامُ يَوْمٍ فَكَاَنَّمَا حِيزَتْ لَهُ الدُّنْيَا''

ترجمہ: سلمہ بن عبیداللہ بن محصن نے اس نے اپنے والد سے روایت کیا: وہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص اپنے گھر میں امن والا ہو۔ اور اپنے جسم اور وجود میں خیر و عافیت والا ہو اور اس کے پاس ایک دن کی روزی بھی موجود ہو پس دنیا اس کے لیے سمیٹ دی گئی۔

541 اَنا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ

Marfat.com

الْبَغْدَادِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ فَرَضَخِ الْاِخْمِيمِيُّ، حَدَّثَنِي جَبْرُونُ بْنُ عِيسَى الْبَلَوِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ اَشْرَبَ حُبَّ الدُّنْيَا الْتَاطَ مِنْهَا بِثَلَاثٍ: شَقَاءٍ لَا يَنْفَدُ عَنَاؤُهُ، وَحِرْصٍ لَا يَبْلُغُ غِنَاهُ، وَاَمَلٍ لَا يَبْلُغُ مُنْتَهَاهُ"

(معجم الکبیر للطبرانی (۱۰۳۲۸) حلیۃ الاولیاء جلد ۸ صفحہ ۱۱۹)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے دل میں دنیا کی محبت جاگزیں ہوگئی اس کے دل میں تین چیزیں چمٹ جاتی ہیں۔ ایسی بدبختی جو اس کی انانیت کو ختم نہیں ہونے دیتی اور ایسی حرص کہ تونگری اس کو نہیں پہنچ سکتی اور ایسی امید جو اپنی انتہاء کو نہیں پہنچ سکتی۔

## اللہ تعالیٰ جس حکمران کے ساتھ بھلائی کرتا ہے اسے اچھے وزیر دیتا ہے

542 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ، ثنا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ وَلِيَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ فَاَرَادَ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا جَعَلَ مَعَهُ وَزِيرًا صَالِحًا، فَاِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ، وَاِنْ ذَكَرَ اَعَانَهُ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَعْظَمُ اَجْرًا مِنْ وَزِيرٍ صَالِحٍ مَعَ اِمَامٍ يُطِيعُهُ وَيَاْمُرُهُ بِذَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى''

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو مسلمانوں کا حکمران بنے اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرمالے تو اس کے لیے اچھے وزیر بنا دیتا ہے جو اسے بھول جانے پر یاد کراتے ہوں اور یاد ہونے پر اس کی مدد کرتے ہوں۔ مسلمانوں میں سے کسی بھی شخص کو اس نیک وزیر سے زیادہ اجر نہیں ملتا جو کسی حکمران کے ساتھ ہوتا ہے اور اس کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں اسے ہدایت کرتا ہے۔

543 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ نَظِيفٍ الْفَرَّاءُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ غِيَاثٍ الْخُرَاسَانِيُّ، قَالَ: ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا، حَدَّثَنِي اَبِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ:

Marfat.com

حَدَّثَنِي اَبِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ عَامَلَ النَّاسَ فَلَمْ يَظْلِمْهُمْ وَحَدَّثَهُمْ فَلَمْ يَكْذِبْهُمْ، وَوَعَدَهُمْ فَلَمْ يُخْلِفْهُمْ، فَهُوَ مِمَّنْ كَمُلَتْ مُرُوءَتُهُ، وَظَهَرَتْ عَدَالَتُهُ، وَوَجَبَتْ اُخُوَّتُهُ، وَحَرُمَتْ غِيْبَتُهُ''

تخریج؛ الکفایہ فی علم الروایۃ للخطیب بغدادی جلد ۱ صفحہ ۷۸

ترجمہ: امام علی رضا اپنے والد امام موسیٰ کاظم کے حوالے سے امام جعفر صادق، امام باقر، امام زین العابدین، امام حسین (رضی اللہ عنہم) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کے ساتھ معاملہ کیا اور ان پر ظلم نہ کیا اور ان سے بات بیان کی لیکن ان سے جھوٹ نہیں بولا اور ان سے وعدہ کیا لیکن وعدہ خلافی نہ کی وہ شخص اس بندہ کی طرح ہے، جس کی مروت کامل ہوگئی اور اس کی عدالت ظاہر ہوگئی اور اس کی اخوت لازم ہوگئی اور اس کی غیبت کرنا حرام ہوگئی۔

## لوگوں سے شکوہ کرنے والے کی حاجت پوری نہیں ہوتی

544 اَنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نا اَبُوْ نُعَيْمٍ، نا بَشِيْرُ بْنُ سَلْمَانَ، عَنْ سَيَّارٍ اَبِي الْحَكَمِ، عَنْ طَارِقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ نَزَلَتْ بِهٖ حَاجَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ، وَاِنْ اَنْزَلَهَا بِاللهِ اَوْشَكَ اللهُ لَهُ بِالْغِنَى، اِمَّا ذُخْرٍ آجِلٍ، وَاِمَّا غِنًى عَاجِلٍ''

(سنن ترمذی (۲۳۲۶) مسند احمد (۴۲۱۹) مسند ابی یعلی (۵۲۱۷) شعب الایمان (۱۰۴۶))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو فاقہ میں مبتلا کیا گیا اور اس نے اپنی حاجت لوگوں سے بیان کرنی شروع کردی تاکہ لوگ اس کی حاجت پوری کریں تو ایسے شخص کا فاقہ دور نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر اس نے اپنی آزمائش پر صبر کیا اور اللہ تعالیٰ سے رجوع کیا تو اللہ کریم جلد یا کچھ دیر کے بعد اسے رزق عطا فرمادے گا۔

## دو چیزوں کی حفاظت پر جنت میں داخلہ

545 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثنا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ،

Marfat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَقِيلٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: كُنْتُ اَنَا، وَاَبُو الدَّرْدَاءِ، عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ''مَنْ حَفِظَ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ''

(مسند البزار (۸۹۱۸) مسند ابو یعلی (۴۶۸۵) مستدرک للحاکم (۸۰۵۸) شعب الایمان (۵۰۲۳))

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور ابودرداء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے دو جبڑوں کے درمیان (زبان) اور دو ٹانگوں کے درمیان (شرمگاہ) کی حفاظت کی وہ جنت میں داخل ہوگا۔

546 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَنَا ابْنُ شَهْرَيَارَ وَابْنُ رِيذَةَ قَالَا: نَا الطَّبَرَانِيُّ، نَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَرِّزُ الْمُقْرِئُ اَبُو مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ، نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ ضَمِنَ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَرِجْلَيْهِ ضَمِنْتُ لَهُ الْجَنَّةَ'' قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا مَعْقِلٌ تَفَرَّدَ بِهِ الْمُغِيرَةُ

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھے دو جبڑوں کے درمیان (زبان) اور دو ٹانگوں کے درمیان (شرمگاہ) کی (حفاظت کی) ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

امام طبرانی فرماتے ہیں: عمرو کے حوالے سے یہ روایت صرف معقل نے نقل کی ہے اور مغیرہ نامی راوی اسے نقل کرنے میں منفرد ہے۔

## جھوٹی حدیث گھڑنے پر وعید

547 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ بِشْرٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری (۱۲۹۱) مسلم (۳) سنن ابی داؤد (۳۶۵۱) ترمذی (۲۶۵۹) ابن ماجہ (۳۰،۳۳،۳۶) مسند ابی داؤد

Marfat.com

طیالسی (۲۵۴۳) مسند احمد (۱۴۱۳، ۱۰۷۵، ۵۸۴)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

548 أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ، بِدِمَشْقَ، ثنا أَبُو زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ ثنا الْفَرَبْرِيُّ، ثنا الْبُخَارِيُّ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: إِنَّهُ لَيَمْنَعُنِي أَنْ أُحَدِّثَكُمْ حَدِيثًا كَثِيرًا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ تَعَمَّدَ عَلَيَّ كَذِبًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری (۱۲۹۱) مسلم (۳) سنن ابی داؤد (۳۶۵۱) ترمذی (۲۶۵۹) ابن ماجه (۳۶، ۳۳، ۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۵۴۳) مسند احمد (۱۴۱۳، ۱۰۷۵، ۵۸۴)

ترجمہ: عبدالعزیز بن صہیب نے بیان کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں تمہیں زیادہ احادیث بیان کروں بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

549 وَأَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ، نا أَبُو زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، نا أَبُو الْوَلِيدِ، نا شُعْبَةُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ لِلزُّبَيْرِ: إِنِّي لَا أَسْمَعُكَ تُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا يُحَدِّثُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ، قَالَ: أَمَا إِنِّي لَمْ أُفَارِقْهُ وَلَكِنْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری (۱۲۹۱) مسلم (۳) سنن ابی داؤد (۳۶۵۱) ترمذی (۲۶۵۹) ابن ماجه (۳۶، ۳۳، ۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۵۴۳) مسند احمد (۱۴۱۳، ۱۰۷۵، ۵۸۴)

ترجمہ: عامر بن عبداللہ بن زبیر نے اپنے والد (عبداللہ بن زبیر) کا یہ بیان نقل کیا: میں نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میں نے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتے ہوئے اس طرح نہیں سنا جس طرح فلاں، فلاں شخص حدیث بیان کرتا ہے۔ تو انہوں نے کہا بے شک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا نہیں رہا، لیکن میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جس شخص نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

550 وَأَنَا ابْنُ السِّمْسَارِ، أَنَا أَبُو زَيْدٍ، أَنَا الْفَرَبْرِيُّ، أَنَا الْبُخَارِيُّ، نا مُوسَى بْنُ

Marfat.com

اِسْمَاعِيْلَ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''تَسَمَّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ'' اَلْحَدِيْثُ. " وَفِيْهِ: ''وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: ابوصالح، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔ اور ایک حدیث میں ہے: جو شخص میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

وضاحت: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت ابوالقاسم تھی، زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں لوگوں کو یہ کنیت رکھنے کی ممانعت تھی۔ علما کرام فرماتے ہیں یہ زمانہ نبوی کے ساتھ خاص تھا لیکن اب کوئی یہ کنیت رکھنا چاہے تو رکھ سکتا ہے۔

551 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ نا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةُ التُّجِيْبِيُّ اَنَا مُوْسَى بْنُ نَاصِحٍ، نا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری(۱۲۹۱) مسلم(۳) سنن ابی داؤد(۳۶۵۱) ترمذی(۲۶۵۹) ابن ماجه(۳۶،۳۳،۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۵۴۳) مسند احمد(۱۴۱۳،۱۰۷۵،۵۸۴)

ترجمہ: ابوزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں بیان کیا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

552 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِيْ اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ نا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، نا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوْقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری(۱۲۹۱) مسلم(۳) سنن ابی داؤد(۳۶۵۱) ترمذی(۲۶۵۹) ابن ماجه(۳۶،۳۳،۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۵۴۳) مسند احمد(۱۴۱۳،۱۰۷۵،۵۸۴)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

553 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: اَنَا الْقَاضِيْ اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، نا عَبْدُ الْاَعْلَى

Marfat.com

بْنُ حَمَّادٍ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ قَالَ مُوْسَى: وَهٰذَا حَدِيثٌ لَمْ نَسْمَعْهُ اِلَّا مِنْ عَبْدِ الْاَعْلَى وَاِنَّمَا كَانَ اَبُوْ عَوَانَةَ يَرْوِي هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

موسیٰ کہتے ہیں ہم نے یہ حدیث عبدالاعلی سے سنی ہے اور ابوعوانہ نے اسے عبدالاعلی سے روایت کیا انہوں سعید بن جبیر سے انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے۔

554 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُوْسَى بْنُ هَارُونَ، نا عَبْدُ الْاَعْلَى، اَيْضًا بِحَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اتَّقُوا الْحَدِيثَ عَلَيَّ فَاِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ كَذَبَ فِي الْقُرْآنِ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میری طرف (جھوٹی) بات منسوب کرنے سے بچو۔ بے شک جس نے میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور جس نے قرآن میں بغیر علم کے کوئی بات کہی اس کا ٹھکانا بھی جہنم ہے۔

555 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، نا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُوْسَى، نا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، نا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، نا عَلِيُّ بْنُ اَبِي فَاطِمَةَ الْغَنَوِيُّ، عَنْ اَبِي مَرْيَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، يَقُوْلُ لِاَبِي مُوْسَى: اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ اَلَمْ تَسْمَعْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''؟ فَقَامَ اَبُوْ مُوْسَى، وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا

(بخاری (۱۲۹۱) مسلم (۳) سنن ابی داؤد (۳۶۵۱) ترمذی (۲۶۵۹) ابن ماجه (۳۶، ۳۳، ۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۵۴۳) مسند احمد (۱۴۱۳، ۱۰۷۵، ۵۸۴)

ترجمہ: ابومریم کہتے ہیں میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو سنا' انہوں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا آپ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے نہیں سنا: جس نے میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

توحضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اٹھ گئے اور انہوں نے کچھ نہیں کہا۔

Marfat.com

556 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ. نَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ. نَا عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ابْنُ ثَوْبَانَ. قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ مُدْرِكٍ، حَدَّثَنِي عَبَايَةُ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری(۱۲۹۱) مسلم(۳) سنن ابی داؤد(۳۶۵۱) ترمذی(۲۶۵۹) ابن ماجه(۳۶،۳۳،۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۵۴۳) مسند احمد(۱۴۱۳،۱۰۷۵،۵۸۴)

ترجمہ: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

557 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ. اَيْضًا. اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ. نَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ. نَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ. نَا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ. عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ. رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ شَيْئًا اعْتَمَدَهُ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(بخاری(۱۲۹۱) مسلم(۳) سنن ابی داؤد(۳۶۵۱) ترمذی(۲۶۵۹) ابن ماجه(۳۶،۳۳،۳۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۵۴۳) مسند احمد(۱۴۱۳،۱۰۷۵،۵۸۴)

ترجمہ: عمر بن عبداللہ بن یعلی بن مرہ اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

558 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، اَيْضًا. اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ. نَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ. نَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو. نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَيْرٍ. عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَى نَبِيِّهِ اَوْ عَلَى عَيْنَيْهِ اَوْ عَلَى وَالِدَيْهِ لَا يَرِيْحُ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ''

ترجمہ: حضرت اوس بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے نبی کی طرف یا اپنی آنکھوں کی طرف یا والدین کی طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی تو وہ شخص جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

559 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ. اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ. نَا مُوْسٰى. نَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بِالْبَصْرَةِ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَمِئَتَيْنِ. وَفِيْهَا مَاتَ. نَا عَوْنُ بْنُ كَهْمَسٍ. نَا مُحَمَّدُ

Marfat.com

بْنُ اَبِي النَّوَّارِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری طرف جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

560 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ نَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسِ بْنِ كَامِلٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا لِيُضِلَّ بِهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی تاکہ وہ اس کے ذریعے (کسی کو) گمراہ کرے' تو اس سے گمراہ ہو گیا پس اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

561 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، اَيْضًا، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نَا اَبُوْ اَحْمَدَ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسٍ، نَا عَلِيٌّ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّكُمْ مَنْصُوْرُوْنَ وَمَفْتُوْحٌ لَكُمْ وَمُصِيْبُوْنَ، فَمَنْ اَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيَتَّقِ اللهَ، وَلْيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ، وَلْيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

(سنن ترمذی (۲۲۵۷) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۲۶) مسند احمد (۴۱۵۶) مسند البزار (۲۰۱۵، ۲۰۱۱))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری مدد کی جائے گی اور تمہارے لیے ممالک فتح ہوں گے اور تمہیں مال غنیمت حاصل ہوگا لہٰذا تم میں سے جو شخص اس زمانہ کو پائے اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے، نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کریگا وہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنائے گا۔

562 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، اَيْضًا، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسٍ، نَا

Marfat.com

ابْنُ حُمَيْدٍ، نا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، نا اَبُوْ مَوْدُوْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ عُثْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

563 وَاَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، اَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ الْمُفَسِّرِ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ الْقَاضِي الْمَرْوَزِيُّ، نا ابْنُ وَكِيعٍ، نا اَبِيْ، عَنِ الدُّجَيْنِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَسْلَمَ، مَوْلَى عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: دجین بن ثابت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے غلام اسلم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا وہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

564 اَنَا ذُوْ النُّوْنِ بْنُ اَحْمَدَ الْعَطَّارُ، نا اَبُوْ الْفَضْلِ اَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ بِمَكَّةَ نا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ، نا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى الْحَمَّالُ، بِالْكُوفَةِ، نا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، نا عِيسَى بْنُ طَهْمَانَ ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

565 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، اَيْضًا، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، اَنَا اَبُوْ الْعَلَاءِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكُوفِيُّ نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَسْبَاطِيُّ، نا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

Marfat.com

566 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَهْرَيَارَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رِيذَةَ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الطَّبَرَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيْطِ الْاَشْجَعِيُّ، صَاحِبُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيْطٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ'' قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: ''لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُبَيْطٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ''

ترجمہ: حضرت نبیط بن شریط رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

## جنت مشکلات کے ساتھ اور دوزخ خواہشات کے ساتھ مزین ہے

567 اَخْبَرَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَسَدٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ، وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ'' تَفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ الْفَرْوِيُّ

(مسلم (۲۸۲۲) ترمذی (۲۵۵۹) مسند احمد (۱۳۶۷۱))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت تکلیف دہ کاموں کے ساتھ اور جہنم خواہشات کے ساتھ گھری ہوئی ہے۔

568 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''حُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ، وَحُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ، نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ وَحُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہنم خواہشات کے

Marfat.com

ساتھ اور جنت تکلیف دہ کاموں کے ساتھ گھیری ہوئی ہے۔

اسے امام مسلم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

## درگزر کرنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ کی محبت لازم ہوگئی

569 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ وَاَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُنِيْرٍ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ الْغَفَّارِ، وَفِي حَدِيْثِ ابْنِ مُنِيْرٍ اَبِي الْحَسَنِ: اَحْمَدَ بْنِ دَاوُدَ اَبِي صَالِحِ الْحَرَّانِيِّ، ثنا اَبُوْ مُصْعَبٍ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''وَجَبَتْ مَحَبَّةُ اللّٰهِ عَلَى مَنْ اُغْضِبَ فَحَلُمَ''

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص پر اللہ تعالیٰ کی محبت ثابت ہوگئی جس کو غضبناک کیا گیا ہو لیکن اس نے بردباری کا ثبوت دیا ہو۔

نوٹ: جس شخص کو کسی سے بدلہ لینے کے لیے برانگیختہ کیا گیا ہو لیکن وہ بدلا لینے کی بجائے درگزر کرتا ہے ایسے شخص کے لیے اللہ تعالیٰ کی محبت لازم ہو جائے گی۔

## مجھے جامع کلمات اور رعب کے ساتھ مبعوث کیا گیا

570 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَوْفِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، اَبنا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ''

(بخاری (۲۴۳، ۲۷۴۷، ۲۹۷۷، ۷۰۱۳) مسلم (۵۲۳) سنن نسائی (۳۰۸۹، ۳۰۸۷) مسند احمد (۷۵۸۵))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جامع کلمات کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہے اور رعب و دبدبہ کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے۔

571 اَنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَنا اَبُوْ زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ اَنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، نا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

Marfat.com

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَذَكَرَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مشرق کی طرف سے آنے والی ہوا کے ساتھ مدد کی گئی

572 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْزُوقٍ، اَبنا حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَافِظُ، اَنا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، اَنا اَبُوْ صَالِحٍ الْمَكِّيُّ، نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الطَّائِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدُوَيْهِ الْمَسْعُوْدِيُّ، اَبنا اَبُوْ عَلِيِّ بْنُ رَزِيْنٍ الْهَرَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مَسْعُوْدِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ''

(بخاری (۱۰۳۵،۳۲۰۵) مسلم (۹۰۰) مسنداحمد (۱۹۵۵،۲۰۱۳،۲۹۸۲،۳۱۷۱،۳۳۳۸) صحیح ابن حبان (۶۴۲)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبا، (مشرق کی طرف سے آنے والی ہوا) کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے اور قوم عاد کو، دبور، (مغرب کی طرف سے آنے والی ہوا) کے ذریعے ہلاک کیا گیا۔

573 اَنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ، اَنا اَبُوْ زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، نا مُسْلِمٌ، نا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ''

(بخاری (۱۰۳۵،۳۲۰۵) مسلم (۹۰۰) مسنداحمد (۱۹۵۵،۲۰۱۳،۲۹۸۲،۳۱۷۱،۳۳۳۸) صحیح ابن حبان (۶۴۲)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبا، (مشرق کی طرف سے آنے والی ہوا) کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے اور قوم عاد کو، دبور، (مغرب کی طرف سے آنے والی ہوا) کے ذریعے ہلاک کیا گیا۔

574 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَاشِمِيُّ، اَنا

Marfat.com

عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور اس کا ذکر کیا۔

575 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَنَا ابْنُ شَهْرِيَارَ وَابْنُ رِيْذَةَ، نا الْاِمَامُ الطَّبَرَانِيُّ، نا مَحْمُوْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نُصِرْتُ بِالصَّبَا، وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ'' قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: ''لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا اَبُوْ عَوَانَةَ. تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ''

(بخاری (۱۰۳۵،۳۲۰۵) مسلم (۹۰۰) مسند احمد (۳۳۳۸، ۳۱۷۱، ۲۹۸۲، ۲۰۱۳، ۱۹۵۵) صحیح ابن حبان (٦۴۲۲)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبا، (مشرق کی طرف سے آنے والی ہوا) کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے اور قوم عاد کو، دبور، (مغرب کی طرف سے آنے والی ہوا) کے ذریعے ہلاک کیا گیا۔

امام طبرانی فرماتے ہیں: قتادہ کے حوالے سے یہ روایت صرف ابوعوانہ نے نقل کی ہے اور محمد بن ابان اسے نقل کرنے میں منفرد ہے۔

## اللہ تعالیٰ اس نوجوان پر خوش ہوتا ہے جس میں نادانی نہ ہو

576 اَخْبَرَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ شُرَحْبِيْلَ، عَنِ ابْنِ لَهِيْعَةَ، عَنْ اَبِي عُشَّانَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''يَعْجَبُ رَبُّكَ مِنَ الشَّابِّ لَيْسَتْ لَهُ صَبْوَةٌ''

(معجم ابن الاعرابی (۸٦٦)

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا رب عزوجل اس نوجوان پر خوش ہوتا ہے جس کی جوانی میں نادانی نہ ہو۔

Marfat.com

جیسی قوم ویسا حکمران

577 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اَبِي غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حَسَّانَ الْبَكَّارِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عِمْرَانَ الْجُوْرِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ الْمُثَنَّى اَبُو الْمُثَنَّى الْبَاهِلِيُّ اَنَّ اَبَاهُ وَعَمَّهُ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيَى حَدَّثَاهُ قَالَا: اَنَا الْكِرْمَانِيُّ بْنُ عَمْرٍو، ثنا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''كَمَا تَكُونُونَ يُوَلَّى اَوْ يُؤَمَّرُ عَلَيْكُمْ''

(شعب الایمان (۷۰۰۶)

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جیسے تم ہو گے ویسے ہی تمہارے اوپر حکمران یا امیر مقرر کیا جائے گا۔

قیامت کے دن لوگ اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے

578 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يُبْعَثُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى نِيَّاتِهِمْ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کو ان کی نیتوں پر اٹھایا جائے گا۔

جھوٹی گواہی دینے والے کا انجام

579 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ ثنا كَعْبُ بْنُ عَمْرِو بْنِ النَّضْرِ الْبَلْخِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ اَبُو الصَّلْتِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ آبَائِهِ، مُتَّصِلًا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يُبْعَثُ شَاهِدُ الزُّورِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُولِغًا لِسَانَهُ فِي النَّارِ كَمَا يُولِغُ الْكَلْبُ لِسَانَهُ فِي الْقَذَرِ''

ترجمہ: علی بن موسیٰ اپنے والد دادا سے متصل روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹی

Marfat.com

گواہی دینے والے کو قیامت کے دن یوں اٹھایا جائے گا کہ اس کی زبان جہنم میں (یوں ڈالی) ہوگی جس طرح کتا گندگی میں اپنی زبان ڈالتا ہے۔

## نیزے کی تکلیف سے زبان کی تکلیف زیادہ ہے

580 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَنْبَارِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُوْ مَنْصُورٍ الصَّاغَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ هَاشِمٍ الْغَسَّانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: مَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِقَوْمٍ يَرْمُونَ نَبْلًا فَعَابَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوا: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّا قَوْمٌ مُتَعَلِّمِينَ، فَقَالَ: ''لَحْنُكُمْ عَلَيْنَا اَشَدُّ مِنْ سُوءِ رَمْيِكُمْ''، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''رَحِمَ اللّٰهُ امْرَءًا اَصْلَحَ مِنْ لِسَانِهِ''

ترجمہ: مصعب بن سعد بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک ایسی قوم کے پاس سے گزر ہوا جو نیزہ بازی کر رہی تھی اور مذاق اڑا رہی تھی پس انہوں نے عرض کیا: یا امیر المومنین! بے شک ہم نیزہ بازی سیکھنے والی قوم ہیں۔ آپ نے فرمایا: تمہارے نیزہ کی تکلیف سے تمہارے لب ولہجہ کی تکلیف ہم پر زیادہ سخت ہے۔ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو اپنی زبان کی اصلاح کرتا ہے۔

581 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، ثنا يُونُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ فَغَنِمَ، اَوْ سَكَتَ فَسَلِمَ''

ترجمہ: حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو کلام کرتا ہے اور غنیمت حاصل کرتا ہے (یعنی اچھا کلام کرتا ہے) یا خاموش رہ کر وہ سلامت رہتا ہے۔ (یعنی غلط بات کر کے گناہ کمانے سے بچ جاتا ہے)

582 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، يُعْرَفُ بِابْنِ الطَّفَّالِ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ نا اَبُوْ اَحْمَدَ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ اِمْلَاءً، نا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ ابْنِ سَبْرَةَ، اَنَّهُ

Marfat.com

سَمِعَهُ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مِرَارٍ: ''رَحِمَ اللهُ امْرَءًا تَكَلَّمَ فَغَنِمَ، أَوْ سَكَتَ فَسَلِمَ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جس نے کلام کیا (اچھا کلام کیا) تو غنیمت حاصل کی۔ یا خاموش رہا تو سلامت رہا (یعنی غلط کلام کر کے گناہ نہیں کمایا)

## وضو اور کھانے کے لیے خلال کرنے والوں کے لیے دعا

583 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الرَّقَاشِيُّ، ثنا رَبَاحُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَحْرٍ، رَجُلٌ مِنْ بَنِي فَارِسٍ، عَنْ أَبِي سَوْرَةَ ابْنِ أَخِي أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: رُبَّمَا خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ''رَحِمَ اللهُ الْمُتَخَلِّلِينَ فِي الْوُضُوءِ وَالطَّعَامِ''

ترجمہ: حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: کئی مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ وضو اور کھانے میں خلال کرنے والوں پر رحم فرمائے۔

## جو اللہ کے ذکر کی وجہ نہ مانگ سکا اللہ تعالیٰ اس کو بہتر عطا کرتا ہے

584 أنا أَبُو النُّعْمَانِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَدْفُوِيُّ، أنا أَبُو الطَّيِّبِ أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ إِجَازَةً نا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ نا ابْنُ وَكِيعٍ وَأَحْمَدُ بْنُ مُظَهِّرٍ الْمِصِّيصِيُّ، قَالَا: نا أَبُو سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ حُمْرَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْوِيهِ عَنْ رَبِّهِ، تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَالَ: " قَالَ جَلَّ وَعَزَّ: مَنْ شَغَلَهُ ذِكْرِي عَنْ مَسْأَلَتِي أَعْطَيْتُهُ أَفْضَلَ مَا أُعْطِي السَّائِلِينَ "

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۹۲۷۳، ۲۹۲۷۱) خلق افعال العباد للبخاری جلد ۱ صفحہ ۱۰۹ شعب الایمان (۵۶۸)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کریم سے روایت کیا کہ اللہ کریم ارشاد فرماتے ہیں: جس شخص کو میرے ذکر نے مجھ سے مانگنے سے مشغول رکھا' تو میں اس کو اس بہتر عطا کروں گا۔ جو میں مانگنے والوں کو عطا کرتا ہوں۔

Marfat.com

## رزق کیسے اور کہاں سے آتا ہے

585 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْمَدَنِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: اجْتَمَعَ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَتَمَارَوْا فِي شَيْءٍ فَقَالَ لَهُمْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: " انْطَلِقُوا بِنَا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَلَمَّا وَقَفُوا عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: جِئْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ ". فَقَالَ: " اِنْ شِئْتُمْ فَاسْاَلُوا، وَاِنْ شِئْتُمْ خَبَّرْتُكُمْ بِمَا جِئْتُمْ لَهُ. فَقَالَ لَهُمْ: جِئْتُمُوْنِي تَسْاَلُوْنِي عَنِ الرِّزْقِ: مِنْ اَيْنَ يَأْتِي؟، وَكَيْفَ يَأْتِي؟، اَبَى اللّٰهُ اَنْ يَرْزُقَ عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ اِلَّا مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُ " مُخْتَصَرٌ

(معجم ابن الاعرابی (۹۸۱)

ترجمہ: امام جعفر بن محمد اپنے والد دادا سے، روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر وعمر اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہم کے درمیان کسی چیز کے بارے میں بحث ہوگئی' تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: تم میرے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چلو، پس جب وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے عرض کیا : یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم آپ سے ایک چیز کے متعلق سوال کرنا چاہتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو تم خود سوال کرلو اور اگر تم چاہتے ہو تو میں خود تمہیں بتا دیتا ہوں جو تم پوچھنے آئے ہو۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بتادیا کہ تم رزق کے متعلق پوچھنے آئے ہو کہ وہ کہاں سے آتا ہے اور کیسے آتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے کہ اپنے بندہ مومن کو روزی دے مگر ایسی جگہ سے جس کو وہ نہیں جانتا۔

وضاحت: جو شخص اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے تو اللہ کریم اس کو وہاں سے روزی دیتا جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔

## فقر ومحتاجی کفر کی طرف لے جاتی ہے

586 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الصَّيْدَنَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْعُقَيْلِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا سُفْيَانُ هُوَ الثَّوْرِيُّ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ يَزِيْدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''كَادَ الْفَقْرُ اَنْ

Marfat.com

يَكُونَ كُفْرًا، وَكَادَ الْحَسَدُ اَنْ يَغْلِبَ الْقَدَرَ''[ص:343]

(الدعا للطبرانی (۱۰۴۸) حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیا جلد ۳ ص ۵۳ شعب الایمان (۶۱۸۸)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ فقر اور محتاجی کفر بن جائے اور قریب ہے کہ حسد تقدیر پر غالب آئے

وضاحت: یعنی فقر و محتاجی اللہ کی ناشکری اور کفر تک پہنچا دیتے ہیں اور حسد اتنی تیز اور جلدی عمل کرتا ہے حتیٰ کہ وہ تقدیر کو بھی پیچھے چھوڑ دیتا ہے۔

587 وَاَنَا هِبَةُ اللّٰهِ، اَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدَانَ، نَا اَبُوْ يَعْقُوبَ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا اَبُوْ عَاصِمٍ، نَا سُفْيَانُ يَعْنِي الثَّوْرِيَّ، عَنْ يَزِيْدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ. وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور (پھر راوی نے) اس کا ذکر کیا۔

## لوگوں کو پہچاننے والے کے ساتھ آزمائش خاص کردی گئی ہے

588 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا خَلَفُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سِمَاكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خُصَّ الْبَلَاءُ بِمَنْ عَرَفَ النَّاسَ، وَعَاشَ فِيْهِمْ مَنْ لَمْ يَعْرِفْهُمْ''

(معجم ابن الاعرابی (۹۴۸)

ترجمہ: جعفر بن محمد نے اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے لوگوں کو پہچان لیا اس کے ساتھ آزمائش خاص کردی گئی۔ اور جس نے لوگوں کو نہ پہچانا تو وہ شخص زندگی کی لذت پا گیا۔

## مؤمن کا مزاج ہر چیز کے مطابق ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے

589 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا مِصْرَ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّيَّاتُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى كُلِّ خَلَّةٍ خَلَا الْخِيَانَةِ وَالْكَذِبِ''

(معجم الکبیر للطبرانی (۱۳۸۱۵) سنن الکبری لبیہقی (۲۰۸۲۸) شعب الایمان (۴۴۶۹، ۴۴۷۱))

ترجمہ: مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا مزاج ہر چیز کے مطابق بنایا گیا ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔

590 وَرَوَاهُ شَيْخُنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيدٍ الْحَافِظُ فِي كِتَابِهِ فَقَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، بِدِمَشْقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خُرَيْمٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، ثنا الْوَصَّافِيُّ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى كُلِّ خُلُقٍ لَيْسَ الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا مزاج ہر چیز کے مطابق بنایا گیا ہے' سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔

591 اَنَا اَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُعَدِّلُ، قَالَ: قُرِئَ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ رَشِيقٍ وَاَنَا اَسْمَعُ، نا اَحْمَدُ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَامَةَ، نا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، نا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَعْمَشَ، يَذْكُرُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَلَى كُلِّ خَلَّةٍ يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ''

ترجمہ: مصعب بن سعد نے اپنے والد سے روایت کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر چیز کے مطابق مومن کا مزاج بنایا گیا ہے' سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔

592 كَتَبَ اِلَيَّ سَهْلُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ السَّجَاعِيُّ بِخَطِّهِ وَاَرَانِي قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ، ثنا اَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

Marfat.com

مُخْتَصَرًا

تَبْنُونَ مَالَا تَسْكُنُونَ وَتَجْمَعُونَ مَالَا تَأْكُلُونَ

ترجمہ: حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر (راوی نے) اس کا مختصر ذکر کیا۔

''عمارتیں وہ بناتے ہو جو تم آباد نہیں کر سکتے اور مال وہ جمع کرتے ہو جو کھاتے نہیں ہو''۔

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شخص پر تعجب فرمانا

593 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ شَيْكَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ التُّسْتَرِيُّ، ابنا اَبُو الْفَضْلِ بَحْرُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ زِيَادٍ الْقَرْقُوبِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمُبَارَكِ الطُّوْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اُمَيَّةَ، ثنا اَبِيْ، ثنا نَوْفَلُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْهُنَائِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ''يَا مَنِ الْمَوْتُ غَايَتُهُ، وَيَا مَنِ الْقَبْرُ مَنْزِلُهُ، وَيَا مَنِ الْكَفَنُ سِتْرُهُ، وَيَا مَنِ التُّرَابُ وِسَادُهُ، يَا مَنِ الدُّوْدُ جِيْرَانُهُ، يَا مَنِ الْمُنْكَرُ وَالنَّكِيْرُ زُوَّارُهُ، يَا اَيُّهَا الْمُوَدِّعُ غَدًا عُرْسَهُ، كَمْ مِنْ مُسْتَقْبِلٍ يَوْمًا لَا يَسْتَكْمِلُهُ، وَمُنْتَظِرٍ غَدًا لَا يَبْلُغُهُ، لَوْ نَظَرْتُمْ اِلَى الْاَجَلِ وَمَسِيْرِهِ لَاَبْغَضْتُمُ الْاَمَلَ وَغُرُوْرَهُ''

(حلیہ الاولیا جلد ۴ ص ۲۴۳ شرح السنۃ (۴۰۹۳))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں وعظ فرماتے ہوتے ہوئے کہا: اے وہ شخص! جس کی موت انتہا ہو اور قبر اس کی منزل ہو اور کفن اس کا پردہ ہو اور مٹی اس کا تکیہ ہو اور کیڑے جس کی پڑوسی ہوں اور منکر نکیر جس کے ملاقاتی ہوں۔ اے الوداع ہونے والے، کل جس کی خوشی کا دن ہو، کتنے ہی ہیں جو آنے والے (آج کے دن کو) مکمل نہیں کر پائیں گے اور کتنے ہی ایسے کل کے انتظار کرنے والے ہیں جو کل کو پہنچ نہیں پائیں گے۔ اگر تم موت اور اس کا تیزی سے آنا دیکھو لو تو تمہاری امیدیں اور غرور ختم ہو جائیں۔

594 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَاَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عُمَرَ النَّاقِدُ قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْخَيَّاشُ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْنُسَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، ثنا اَبِيْ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَجِبْتُ

Marfat.com

لِغَافِلٍ وَلَا يُغْفَلُ عَنْهُ. وَعَجِبْتُ لِمُؤَمِّلِ دُنْيَا وَالْمَوْتُ يَطْلُبُهُ. وَعَجِبْتُ لِضَاحِكٍ مِلْءَ فِيهِ وَلَا يَدْرِي أَأَرْضَى اللّٰهَ أَمْ أَسْخَطَهُ؟''

(شعب الایمان (۱۰۱۰۳)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس غافل پر تعجب کرتا ہوں جس سے غفلت نہیں برتی جاتی (یعنی بندہ غافل ہوتا اور اللہ تعالیٰ اس کا پورا پورا خیال کرتا ہے) اور میں تعجب کرتا ہوں اس پر جو دنیا کی آرزوئیں کر رہا ہے اور موت اس کی تلاش میں ہے اور میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو منہ کھول کر ہنستا ہے مگر وہ نہیں جانتا کہ اس سے رب تعالیٰ راضی ہے یا ناراض ہے۔

595 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ فِرَاسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَالنَّضْرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُوسَى الصَّغِيرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِسْوَرٍ الْهَاشِمِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا عَجَبًا كُلَّ الْعَجَبِ لِلشَّاكِّ فِي قُدْرَةِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرَى خَلْقَهُ. يَا عَجَبًا كُلَّ الْعَجَبِ لِلْمُكَذِّبِ بِالنَّشْأَةِ الْأُخْرَى وَهُوَ يَرَى الْأُولَى. وَيَا عَجَبًا كُلَّ الْعَجَبِ لِلْمُكَذِّبِ بِنُشُورِ الْمَوْتِ وَهُوَ يَمُوتُ كُلَّ يَوْمٍ وَكُلَّ لَيْلَةٍ وَيَحْيَى. وَيَا عَجَبًا كُلَّ الْعَجَبِ لِلْمُصَدِّقِ بِدَارِ الْخُلُودِ وَهُوَ يَسْعَى لِدَارِ الْغُرُورِ. وَيَا عَجَبًا كُلَّ الْعَجَبِ لِلْمُخْتَالِ الْفَخُورِ وَإِنَّمَا خُلِقَ مِنْ نُطْفَةٍ. ثُمَّ يَعُودُ جِيفَةً وَهُوَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَا يَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِهِ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۶۲)

ترجمہ: ابوجعفر عبداللہ بن مسور ہاشمی بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انتہائی تعجب ہے اس شخص پر جو اللہ تعالیٰ کی قدرت میں شک کرنے والا ہے۔ حالانکہ وہ شخص اس (اللہ تعالیٰ) کی مخلوق کو دیکھتا ہے، انتہائی تعجب ہے اس شخص پر جو دوبارہ اٹھائے جانے کو جھٹلانے والا ہے حالانکہ وہ پہلی دفعہ پیدا کرنے کو دیکھ چکا ہے۔ اور انتہائی تعجب ہے اس شخص پر جو موت کے واقع ہونے کا منکر ہے۔ حالانکہ وہ ہر دن اور ہر رات کو مرتا ہے اور زندہ بھی ہوتا ہے (نیند کی حالت میں مرتا ہے اور بیدار ہونے کی حالت میں زندہ ہوتا ہے) اور انتہائی تعجب ہے اس شخص پر جو ہمیشہ رہنے والے گھر کی تصدیق کرنے والا ہے لیکن وہ خود غرور کے گھر کی کوشش کر رہا ہے، متکبر و فخر کرنے والے شخص پر انتہائی تعجب ہے حالانکہ اسے تو نطفہ سے پیدا کیا گیا ہے پھر وہ مردار بن کر لوٹے گا اس دوران اسے معلوم نہیں کہ اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا؟

Marfat.com

### مؤمن کا ہر معاملہ عجیب ہے

596 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَعْلَبَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَجَبًا لِلْمُؤْمِنِ فَوَاللّٰهِ لَا يَقْضِي اللّٰهُ لِلْمُؤْمِنِ قَضَاءً اِلَّا كَانَ خَيْرًا لَهُ''

(مسند احمد (۲۰۲۸۳) مسند ابی یعلی موصلی (۴۳۱۳، ۴۲۱۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا عجیب معاملہ ہے۔ اللہ کی قسم! مومن کے لیے اللہ تعالیٰ جو بھی فیصلہ فرماتے ہیں وہ اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔

### لوگ دنیا پر حریص ہیں لیکن قیامت قریب ہے

597 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ بَشِيْرٍ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ النَّهْدِيَّ، عَنْ سَيَّارٍ اَبِي الْحَكَمِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ عَلَى الدُّنْيَا اِلَّا حِرْصًا، وَلَا تَزْدَادُ مِنْهُمْ اِلَّا بُعْدًا''

(مستدرک للحاکم (۷۹۱۷)

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت قریب ہے اور دنیا کے بارے میں لوگوں کے لالچ میں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے اور دنیا ان سے اور زیادہ دور ہوتی چلی جا رہی ہے۔

### بوڑھے آدمی میں دو چیزیں جوان ہو جاتی ہیں

598 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، ثنا اَبُوْ سَهْلٍ بِشْرُ بْنُ اَحْمَدَ الْاِسْفَرَايِينِيُّ ثنا . اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الذُّهْلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، ثنا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ، وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ" رَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى، وَسَعِيدِ بْنِ مَنْصُورٍ، وَقُتَيْبَةَ بْنِ سَعِيدٍ كُلِّهِمْ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

(مسلم (۱۰۴۷) سنن ترمذی (۲۴۵۵، ۲۳۳۹) سنن ابن ماجه (۴۲۳۴) مسند احمد (۱۳۶۹۴، ۱۲۹۹۸)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان جب بوڑھا ہوتا تو اس کی دو چیزیں جوان ہوجاتی ہیں۔ مال کی حرص اور عمر کی حرص۔

مسلم نے یحیی بن یحیی اور سعید بن منصور، قتیبہ بن سعید ان سب نے ابوعوانہ سے اس سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کیا ہے۔

## دل اس شخص کی محبت پر پیدا کیے گئے ہیں جوان پر احسان کرے

599 اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَقِيهُ، وَاَبُوْ عَبَّادٍ ذُوْ النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ التَّمَّارُ. ثنا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ. ثنا ابْنُ عَائِشَةَ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ الْاَعْمَشِ فَقِيلَ: اِنَّ الْحَسَنَ بْنَ عُمَارَةَ وَلِيَ الْمَظَالِمَ. فَقَالَ الْاَعْمَشُ: يَا عَجَبًا مِنْ ظَالِمٍ وَلِيَ الْمَظَالِمَ. مَا لِلْحَائِكِ مِنَ الْحَائِكِ وَالْمَظَالِمِ؟. فَخَرَجْتُ فَاَتَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ عُمَارَةَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: عَلَيَّ بِمِنْدِيلٍ وَاَثْوَابٍ فَوَجَّهَ بِهَا اِلَيْهِ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ بَكَّرْتُ اِلَى الْاَعْمَشِ فَقُلْتُ: اُجْرِي الْحَدِيثَ قَبْلَ اَنْ يَجْتَمِعَ النَّاسُ يَعْنِي: فَاَجْرَيْتُ ذِكْرَهُ. فَقَالَ: بَخٍ بَخٍ. هٰذَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ زَانَ الْعَمَلَ وَمَا زَانَهُ. فَقُلْتُ: بِالْاَمْسِ قُلْتَ مَا قُلْتَ، وَالْيَوْمَ تَقُوْلُ هٰذَا. فَقَالَ: دَعْ هٰذَا عَنْكَ. حَدَّثَنِي خَيْثَمَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''جُبِلَتِ الْقُلُوبُ عَلَى حُبِّ مَنْ اَحْسَنَ اِلَيْهَا. وَعَلَى بُغْضِ مَنْ اَسَاءَ اِلَيْهَا'' [ص:351]

(حلیہ الاولیاء جلد ۴ ص ۱۲۱ شعب الایمان (۸۵۷۳، ۴۶۵))

ترجمہ: محمد بن عبدالرحمان قریش کا ایک آدمی تھا اس نے ہمیں بیان کیا کہ میں اعمش کے پاس تھا۔ پس کہا گیا: بے شک حسن بن عمارہ مظالم کا سرپرست بن گیا ہے۔ تو اعمش نے کہا: ایسے ظالم شخص پر تعجب ہے کہ وہ مظالم کا سرپرست بنا دیا گیا ہے۔ متکبر کا متکبرانہ چال اور مظالم کیا ہیں؟ پس میں نے حسن بن عمارہ کے پاس آ کر اس بات کی اس کو خبر دی۔ تو اس نے مجھے تولیہ اور کچھ کپڑے دیکر اس کی طرف بھیجا تو میں کل صبح اعمش کے پاس گیا، تو لوگوں کے جمع ہونے سے پہلے میں نے اس کو بات بتائی اور اس کا ذکر کیا تو وہ کہنے لگے۔ شاباش، شاباش، حسن بن عمارہ نے تو عمل کو زینت بخشی ہے (یعنی اعمش اس کی تعریف کرنے لگے) تو میں نے کہا کہ آپ نے کل فلاں فلاں بات کہی تھا۔ اعمش نے کہا کہ تم اس بات کو چھوڑو۔ خیثمہ نے

Marfat.com

ہمیں عبداللہ سے حدیث بیان کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فطری طور پر دل اس شخص کی محبت پر پیدا کیے گئے ہیں جو اس کی طرف احسان کرے اور اس کے بغض پر پیدا کیے گئے ہیں جو اس کی طرف برائی کرے۔

600 وَحَدَّثَ بِهِ شَيْخُنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، نا اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَدِيٍّ الْجُرْجَانِيُّ، نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ خَالِدٍ الدَّسْتُوَائِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ عُتْبَةَ الْكِنْدِيُّ، نا بَكَّارُ بْنُ الْاَسْوَدِ الْعِيْدِيُّ، نا اِسْمَاعِيْلُ الْخَيَّاطُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: بَلَغَ الْحَسَنَ بْنَ عُمَارَةَ اَنَّ الْاَعْمَشَ، وَقَعَ فِيْهِ فَبَعَثَ اِلَيْهِ بِكُسْوَةٍ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَدَحَهُ الْاَعْمَشُ، فَقِيْلَ لَهُ: تَذُمُّهُ ثُمَّ تَمْدَحُهُ؟، فَقَالَ: اِنَّ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنِيْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اِنَّ الْقُلُوْبَ جُبِلَتْ. وَذَكَرَهُ قَالَ ابْنُ عَدِيٍّ لَمْ اَكْتُبْهُ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ هٰذَا الشَّيْخِ، وَهُوَ مَعْرُوْفٌ عَنِ الْاَعْمَشِ مَوْقُوْفًا

ترجمہ: اسماعیل بن خیاط نے ہمیں بیان کیا اس نے اعمش سے، اس نے کہا کہ وہ حسن بن عمارہ کے پاس پہنچے تو انہوں نے اسے پہننے کے لئے کپڑے بھیجے کپڑے ملنے کے بعد جب اعمش نے اس کی تعریف کی تو ان سے کہا گیا: تم (پہلے) اس کی مذمت کرتے تھے اب تم اس کی تعریف کرتے ہو کیا وجہ ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ بے شک خیثمہ نے مجھے حدیث بیان کی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فطری طور پر دل اس شخص کی محبت پر پیدا کیے ہیں (جو اس کی طرف احسان کرے)

اور سابقہ حدیث کا ذکر ابن عدی نے مرفوع نہیں لکھا' سوائے اس شیخ سے اور وہ معروف ہیں انہوں نے اعمش سے روایت کرنے پر موقوف کیا۔

## چند باتیں لکھنے کے ساتھ قلم خشک ہو گیا

601 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْعَنَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ يَعْنِي الْوَاسِطِيَّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْاَيْلِيُّ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنِ الْمُنْبَعِثِ الْاَثْرَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرْدُوْسًا، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: " جَفَّ الْقَلَمُ بِالشَّقِيِّ وَالسَّعِيْدِ، وَفُرِغَ مِنْ اَرْبَعٍ: مِنَ الْخُلُقِ وَالْخَلْقِ، وَالْاَجَلِ، وَالرِّزْقِ "

(معجم ابن الاعرابی (۳۴۴، ۱۳۸))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: قلم شقاوت اور سعادت کے ساتھ خشک ہوگیا ہے۔اور چار چیزوں سے فارغ کیا گیا ہے۔اخلاق سے،خلق (تخلیق) سے،موت اوررزق سے۔

وضاحت: ہرایک شخص کا خوش نصیب ہونا اور بدنصیب ہونا۔اس کی پیدائش،موت اورروزی کے متعلق شکم مادر میں ہی لکھا جاتا ہے یعنی انسان کے متعلق چار چیزیں اس کی پیدائش سے پہلے لکھی جاتی ہیں۔

602 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، ثنا اَبُوْ الطَّيِّبِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ الرِّيَاشِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ صُبَيْحٍ. ثنا يُونُسُ بْنُ حَلْبَسٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " فَرَغَ اللهُ اِلَى كُلِّ عَبْدٍ مِنْ خَمْسٍ: مِنْ عَمَلِهِ، وَاَجَلِهِ، وَاَثَرِهِ، وَرِزْقِهِ وَمَضْجَعِهِ لَا يَتَعَدَّاهُنَّ عَبْدٌ"

(مسند احمد (۲۱۷۲۳) ابن حبان (۶۱۵۰) مسند البزار (۴۱۳۷))

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہر بندہ کو پانچ چیزیں دینے کا ارادہ فرمایا ہے ان کو بندہ چھوڑ نہیں سکتا، اس کے عمل اوراس کی موت اوراس کی مدت (زندگی) اوراس کے رزق اوراس کے ٹھکانے۔

وضاحت: اللہ کریم نے ہرانسان کے لئے پانچ چیزیں لکھ دی ہیں ان سے کوئی شخص کنارہ کشی نہیں کرسکتا وہ پانچ چیزیں یہ ہیں (۱) عمل (۲) موت (۳) زندگی (۴) رزق (۵) ٹھکانا یعنی وہ شخص جنتی ہوگا یا دوزخی۔

603 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُمْ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنِّي شَابٌّ اَعْزَبُ، وَاَنَا اَخَافُ الْفِتْنَةَ عَلَى نَفْسِي فَذَرْنِي اَخْتَصِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا اَنْتِ لَاقٍ، فَاخْتَصِ اَوْ ذَرْ''

ترجمہ: ابوسلمہ نے مجھے خبر دی اس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں غیر شادی شدہ نوجوان ہوں مجھے اپنی ذات پر فتنہ کا ڈر ہے۔تو مجھے اجازت دیں کہ میں خصی ہوجاؤں۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے جس صورتحال کا سامنا کرنا ہے اس کے حوالے سے قلم خشک ہو چکا

Marfat.com

ہے خواہ اب تم خصی ہو جاؤ یا اسے ترک کر دو۔

604 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيُّ، ثنا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''قَدْ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا اَنْتَ لَاقٍ''

(سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۳۴۶۵) ابانۃ الکبریٰ لابن بطہ (۲۰۱۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے جس صورتحال کا سامنا کرنا ہے اس کے حوالے سے قلم خشک ہو چکا ہے۔

## بہترین لوگ اور دوغلا شخص

605 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسَى بْنِ رِجَالٍ الْبَزَّازُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَجِدُوْنَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ ذَا الْوَجْهَيْنِ يَأْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. وَفِيْهِ: ''الَّذِي يَأْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ''

(مسلم (۲۵۲۶) مسند احمد (۷۳۴۱) مسند ابی یعلی (۶۲۶۵)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں میں سے شریر ترین شخص دو چہروں والے (چغلخور یا منافق) کو پاؤ گے۔ وہ آئیں گے ایک چہرے کے ساتھ (اور پھر دوسرے کے پاس) دوسرے چہرے کے ساتھ۔

مسلم بن حجاج نے زہیر بن حرب سے، جریر، عمارہ، ابوزرعہ سے۔ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اس میں الفاظ یہ ہیں: جو ان لوگوں کے پاس ایک چہرے کے ساتھ آتا ہے اور ان کے پاس دوسرے چہرے کے ساتھ جاتا ہے۔

606 وَاَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ نا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

Marfat.com

الْإِسْمَاعِيلِيُّ نا عِمْرَانُ يَعْنِي ابْنَ مُوسٰى، نا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، نا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ , عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَجِدُونَ النَّاسَ مَعَادِنَ، وَخِيَارِهِمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوا، وَتَجِدُونَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ فِي هٰذَا الشَّأْنِ اَشَدَّهُمْ لَهُ كَرَاهِيَةً حَتّٰى يَقَعَ فِيهِ، وَتَجِدُونَ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ ذَا الْوَجْهَيْنِ الَّذِي يَأْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ''

(بخاری(۳۴۹۳) مسلم (۲۵۲۶) مسندللشاشی (۱۷۹۲) ج۱ص۲۷۹۔ مسندالحمیدی (۱۰۷۵) مسند احمد (۱۰۷۹۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کو معدنیات کی طرح پاؤ گے۔ جو لوگ زمانہ جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہوں گے۔ بشرطیکہ وہ (اپنے دین کی تعلیم) سے واقف ہوں اور اس معاملے (حکومت یا سرداری عہدے کے حصول) میں تم سب سے زیادہ بہترین اس شخص کو پاؤ گے جو اس منصب کے حصول سے پہلے اسے سب سے زیادہ ناپسند کرتا تھا اور تم لوگوں میں سب سے زیادہ شریر اس شخص کو پاؤ گے جو دوغلا ہو ایک شخص کے پاس ایک روپ میں آتا ہے اور دوسرے کے پاس دوسرے روپ میں جاتا ہو۔

## نیک لوگ ایک ایک کر کے رخصت ہو گئے

607 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَحْيَى الدَّقَّاقُ، اَبنا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، ثنا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَيُّوبَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ , عَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ اَسْلَافًا الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ حَتّٰى لَا يَبْقٰى اِلَّا حُثَالَةً كَحُثَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيرِ لَا يُبَالِي اللّٰهُ بِهِمْ''

(سنن دارمی (۲۷۲۱) معجم الکبیر للطبرانی (۸۵۵۲،۷۰۸،۷۳۷) شعب الایمان (۷۸۱۷)

ترجمہ: حضرت مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ ایک ایک کر کے رخصت ہو جائیں گے، حتیٰ کہ باقی نہیں رہے مگر بھوسا کھجور اور جو، کے بھوسے کی طرح، اللہ تعالیٰ کو ان کی کوئی پرواہ نہیں ہو گی۔

608 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

Marfat.com

اَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ مُسْتَوْرِدٍ الْفِهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَتَبْقَى حُثَالَةٌ كَحُثَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيْرِ لَا يُبَالِي اللّٰهُ بِهِمْ''

(سنن دارمی (۲۷۶۱) معجم الکبیر للطبرانی (۲۰۸،۸۵۵۲،۷۳۴) شعب الایمان (۷۸۱۷))

ترجمہ: حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ ایک ایک کر کے رخصت ہو جائیں گے باقی بھوسارہ جائے گا کھجور اور جو، کے بھوسے کی طرح اللہ تعالیٰ کو ان کی کوئی پرواہ نہیں ہوگی۔

609 اَنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، بِمَكَّةَ، اَنا اَبُوْ سُلَيْمَانَ حَمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَطَّابِيُّ نا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمِسْوَرِ، نا اَبُوْ نُعَيْمٍ، نا شَرِيْكٌ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ مُسْتَوْرِدٍ الْفِهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَتَبْقَى حُثَالَةٌ كَحُثَالَةِ الشَّعِيْرِ لَا يُبَالِي اللّٰهُ تَعَالٰى بِهِمْ''

(سنن دارمی (۲۷۶۱) معجم الکبیر للطبرانی (۲۰۸،۸۵۵۲،۷۳۴) شعب الایمان (۷۸۱۷))

ترجمہ: حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ ایک ایک کر کے رخصت ہو جائیں گے باقی بھوسارہ جائے گا کھجور اور جوئے کے بھوسے کی طرح اللہ تعالیٰ کو ان کی کوئی پرواہ نہیں ہوگی۔

## اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا، دوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے

610 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا ابْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يُبْصِرُ اَحَدُكُمُ الْقَذَى فِي عَيْنِ اَخِيْهِ وَيَدَعُ الْجِذْعَ فِي عَيْنِهِ''

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی اپنے بھائی کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ کا شہتیر چھوڑ دیتا ہے۔

وضاحت: یہ حدیث پاک بطور ضرب المثل کے بھی بیان کی جاتی ہے کہ دوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے اور اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا۔ مطلب اس کا یہ ہے کہ دوسرے کے چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو

Marfat.com

نظر انداز کرتا ہے۔

## سب سے بڑی خیانت' بھائی سے جھوٹ بولنا ہے

611 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنِي عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَخْبَرَنِي اَبُوْ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اُسَيْدٍ الْحَضْرَمِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ، رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''كَبُرَتْ خِيَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِيثًا هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ وَاَنْتَ لَهُ كَاذِبٌ''

(سنن ابی داؤد (۴۹۷۱) مسند احمد (۱۷۶۳۵) الادب المفرد (۳۹۳) شعب الایمان (۴۴۷۹))

ترجمہ: حضرت سفیان بن اسید حضرمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سب سے بڑی خیانت ہے کہ تو اپنے مسلمان بھائی کو ایک بات بتائے اور وہ اس کو صحیح مان لے' مگر تم نے اس سے جھوٹ بولا ہو۔

612 وَرَوَاهُ شَيْخُنَا اَبُوْ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي اَحْمَدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيٍّ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَامِرٍ نا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو، نا بَقِيَّةُ، حَدَّثَنِي اَبُوْ شُرَيْحٍ ضُبَارَةُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّهُ سَمِعَ، اَبَاهُ، يُحَدِّثُ عَنْ، عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ، سُفْيَانَ بْنِ اُسَيْدٍ، مِثْلَهُ وَقَالَ: ''كَبُرَتْ خِيَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِيثًا هُوَ لَكَ مُصَدِّقٌ وَاَنْتَ لَهُ كَاذِبٌ''

(سنن ابی داؤد (۴۹۷۱) مسند احمد (۱۷۶۳۵) الادب المفرد (۳۹۳) شعب الایمان (۴۴۷۹))

ترجمہ: حضرت سفیان بن اسید حضرمی رضی اللہ عنہ نے اس کی مثل روایت کیا انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سب سے بڑی خیانت ہے کہ تو اپنے مسلمان بھائی کو ایک بات بتائے اور وہ اس کو صحیح مان لے مگر تم نے اس سے جھوٹ بولا ہو۔

613 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذٍ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا، اَسْمَعُ، فِي شَهْرِ رَبِيعٍ الْاَوَّلِ مِنْ سَنَةِ تِسْعٍ وَتِسْعِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، انا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْفَرْغَانِيُّ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ ثنا عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيدِ الْكَلْبِيُّ، ثنا اَبِي اَخْبَرَنِي اَبُوْ شُرَيْحٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اُسَيْدٍ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ

Marfat.com

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: ''کَبُرَتْ خِیَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِیْثًا هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ وَاَنْتَ لَهُ بِهِ كَاذِبٌ''

(سنن ابی داؤد (۴۹۷۱) مسند احمد (۱۷۶۳۵) الادب المفرد (۳۹۳) شعب الایمان (۴۴۷۹))

ترجمہ: حضرت سفیان بن اسید حضرمی رضی اللہ عنہ نے اس کی مثل روایت کیا انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سب سے بڑی خیانت ہے کہ تو اپنے مسلمان بھائی کو ایک بات بتائے اور وہ اس کو صحیح مان لے مگر تم نے اس سے جھوٹ بولا ہو۔

''كَاَنَّ الْحَقَّ فِیهَا عَلٰی غَیْرِنَا وَجَبَ، وَكَاَنَّ الْمَوْتَ فِیهَا عَلٰی غَیْرِنَا كُتِبَ، وَكَاَنَّ الَّذِینَ نُشَیِّعُ مِنَ الْاَمْوَاتِ سَفْرٌ عَمَّا قَلِیلٍ اِلَیْنَا عَائِدُونَ. نُبَوِّئُهُمْ اَجْدَاثَهُمْ وَنَاْكُلُ تُرَاثَهُمْ كَاَنَّا مُخَلَّدُونَ بَعْدَهُمْ. قَدْ نَسِینَا كُلَّ وَاعِظَةٍ، وَاَمِنَّا كُلَّ جَائِحَةٍ. طُوبٰی لِمَنْ شَغَلَهُ عَیْبُهُ عَنْ عُیُوبِ النَّاسِ. وَاَنْفَقَ مِنْ مَالٍ اكْتَسَبَهُ مِنْ غَیْرِ مَعْصِیَةٍ وَخَالَطَ اَهْلَ الْفِقْهِ الْحِكْمَةِ. وَجَانَبَ اَهْلَ الذُّلِّ وَالْمَعْصِیَةِ. طُوبٰی لِمَنْ ذَلَّ فِی نَفْسِهِ وَحَسُنَتْ خَلِیقَتُهُ، وَاَنْفَقَ الْفَضْلَ مِنْ مَالِهِ، وَاَمْسَكَ الْفَضْلَ مِنْ قَوْلِهِ. وَوَسِعَتْهُ السُّنَّةُ وَلَمْ یَعْدُهَا اِلَی الْبِدْعَةِ''

(شعب الایمان (۱۰۰۷۹))

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو، ایسا (لگتا ہے) جیسا کہ اس دنیا میں حق (ہمارے اوپر لازم نہیں ہے) ہمارے غیروں پر واجب کیا گیا ہے۔ اور جیسا کہ موت (ہمارے لیے نہیں) بلکہ ہمارے علاوہ دوسروں پر لکھ دی گئی ہے۔

گویا کہ وہ لوگ جو موت سے رخصت ہو گئے ہیں۔ وہ سفیر بھیجے ہوئے ہیں۔ (ہم مردوں کو آگے بھیج کر ایسے غافل ہو جاتے ہیں جیسا کہ) یہ تھوڑے عرصے بعد واپس ہمارے پاس آجائیں گے۔ ہم لوگ خود ان کو قبروں میں دفن کرتے ہیں۔ پھر ان کے مال و دولت اور وراثت کو ایسے کھاتے ہیں جیسے ہم ان کے پیچھے ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ ہم ہر نصیحت کو بھول جاتے ہیں اور ہم ہر خطرے سے امن اور محفوظ ہو جاتے ہیں۔ وہ شخص خوش نصیب ہے، جس کا اپنے عیبوں پر نظر کرنا اس کو دوسروں کی عیب جوئی سے مصروف کر دیتا ہے۔ اور وہ اپنے مال کو خرچ کرتا ہے، جس کو اس نے گناہ سے نہیں کمایا تھا اور وہ اہل فقہ (مفتیانِ کرام اور علماء کرام) سے میل جول رکھتا ہے اور اہل ذلت و گناہ سے علیحدہ رہتا ہے۔

مبارک بادی ہے اس کے لیے جو اپنے آپ کے نزدیک کم عزت دار ہے۔ حالانکہ اس کے اخلاق اچھے ہیں اور اس کا باطن اصلاح پذیر ہے اور اپنے شر سے لوگوں کو بچاتا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ جو اپنے علم کے ساتھ عمل کرتا ہے اور اپنے اضافی

Marfat.com

مال کو خرچ کرتا ہے۔ اور غیر ضروری بات چیت سے رک جاتا ہے اور اس کے دائرہ عمل میں سنت کافی ہوتی ہے وہ اس کو چھوڑ کر بدعت کی طرف نہیں جاتا۔

614 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، اَبنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْفَضْلُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْهَاشِمِيُّ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ إِمْلَاءً، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا اَبَانُ بْنُ اَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ الْجَدْعَاءِ فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: " اَيُّهَا النَّاسُ. وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اپنی ناک اور کان کٹی ہوئی اونٹنی پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اور اپنے خطبہ میں فرمایا: اے لوگو: اور (پھر راوی نے) اس حدیث کا ذکر کیا۔

## زبان کی حفاظت

615 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ الْبَزَّارُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، سَنَةَ عِشْرِينَ وَمِئَتَيْنِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ وَعَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ غُنَيْمٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ نصيح الْعَنْسِيِّ، عَنْ رَكْبٍ الْمِصْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "طُوبَى لِمَنْ تَوَاضَعَ فِي غَيْرِ مَنْقَصَةٍ، وَذَلَّ فِي نَفْسِهِ فِي غَيْرِ مَسْكَنَةٍ، وَاَنْفَقَ مِنْ مَالٍ جَمَعَهُ فِي غَيْرِ مَعْصِيَةٍ، وَخَالَطَ اَهْلَ الْفِقْهِ وَالْحِكْمَةِ، وَرَحِمَ اَهْلَ الذُّلِّ وَالْمَسْكَنَةِ، طُوبَى لِمَنْ طَابَ كَسْبُهُ، وَصَلُحَتْ سَرِيرَتُهُ، وَكَرُمَتْ عَلَانِيَتُهُ، وَعَزَلَ عَنِ النَّاسِ شَرَّهُ، طُوبَى لِمَنْ عَمِلَ بِعِلْمِهِ، وَاَنْفَقَ الْفَضْلَ مِنْ مَالِهِ وَاَمْسَكَ الْفَضْلَ مِنْ قَوْلِهِ"

(معجم ابن الاعرابی (۲۲۴۶) معجم الکبیر للطبرانی (۴۶۱۶) شعب الایمان (۱۰۰۷۹))

ترجمہ: حضرت رکب مصری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مبارک بادی ہے اس شخص کے لیے جو بغیر کسی نقص و عیب ہونے کے، عاجزی کرتا ہے اور اپنے آپ کو بغیر فقر و محتاجی کے حقیر و کمتر سمجھتا ہے۔ اور اس مال کو خرچ کرتا ہے جو اس نے جمع کیا بغیر گناہ اور ناجائز ذرائع کے اور رحم کرتا ہے اہل غربت اور ناداروں پر اور اہل علم و اہل فراست کے ساتھ میل جول رکھتا ہے۔ مبارک بادی ہے اس کے لیے جو اپنی کمائی کو پاک رکھتا ہے اور اپنی سیرت کو سنوارتا ہے اور جس

Marfat.com

کا ظاہر باعزت ہے اور جس کی تنہائی کے شر سے لوگ محفوظ ہیں۔ اور مبارک بادی ہے اس کے لیے جو اپنے علم کے ساتھ عمل کرتا ہے اور اپنا اضافی مال اللہ کے لیے خرچ کر دیتا ہے اور فضول بات کو روک لیتا ہے (یعنی زبان کی حفاظت کرتا ہے)

## دو چیزوں کی طرف رہنمائی کیے جانے والوں کے لیے بشارت

616 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ بِمَكَّةَ حَرَسَهَا اللهُ ابنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ السَّرَخْسِيُّ، ابنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ابنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ابنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ابنا اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ اَنَّ عَمْرَو بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''طُوبَى لِمَنْ هُدِيَ لِلْاِسْلَامِ وَكَانَ عَيْشُهُ كَفَافًا وَقَنَعَ''

(ترمذی (۲۳۴۹) مسند احمد (۲۳۹۴۴) مستدرک للحاکم (۹۸)

ترجمہ: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے بشارت ہے، جسے اسلام کی ہدایت دی گئی اور ضرورت کے مطابق رزق دیا گیا اور اس پر اس نے قناعت کی۔

617 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْجِيْزِيُّ سَنَةَ تِسْعٍ وَتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، ابنا اَبُوْ عَمْرٍو زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدِ اللهِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَخِي ابْنِ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي اَبُوْ هَانِئٍ حُمَيْدُ بْنُ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَفْلَحَ مَنْ هُدِيَ لِلْاِسْلَامِ، وَكَانَ عَيْشُهُ كَفَافًا وَقَنَعَ بِهِ''

(ترمذی (۲۳۴۹) مسند احمد (۲۳۹۴۴) مستدرک للحاکم (۹۸)

ترجمہ: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کامیاب ہوا، جسے اسلام کی طرف ہدایت دی گئی اور ضرورت کے مطابق رزق دیا گیا اور اس پر اس نے قناعت کی۔

## ابن آدم کے لیے وعظ

618 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دُوْسْتَ النَّيْسَابُوْرِيُّ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ [ص: 362]

Marfat.com

بِالْقُسْطَنْطِينِيَّةِ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ السُّلَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَصَمُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: ثنا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، ثنا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدٍ يَعْنِي: ابْنَ الْمُهَاجِرِ الْحِجَازِيُّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''ابْنَ آدَمَ عِنْدَكَ مَا يَكْفِيكَ وَاَنْتَ تَطْلُبُ مَا يُطْغِيكَ، ابْنَ آدَمَ لَا بِقَلِيلٍ تَقْنَعُ وَلَا مِنْ كَثِيرٍ تَشْبَعُ، اِذَا اَصْبَحْتَ مُعَافًى فِي جَسَدِكَ آمِنًا فِي سِرْبِكَ عِنْدَكَ قُوتُ يَوْمِكَ فَعَلَى الدُّنْيَا الْعَفَاءُ''

(معجم الاوسط (۸۸۷۵) شعب الایمان (۹۸۷۶) حلیۃ الاولیاء جلد ۶ صفحہ ۹۸

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن آدم تیرے پاس جو کچھ ہے وہ تیرے لیے کافی ہے اور تم وہ تلاش کر رہے ہو جو تجھے گمراہ کر دے گا۔ اے ابن آدم نہ تو تھوڑے کے ساتھ قناعت کر کے بھوکا مرے گا اور نہ ہی زیادہ کے ساتھ تو شکم سیر ہو گا۔ اے ابن آدم جب تجھے تیرے جسم میں سلامتی حاصل ہو۔ تیرے ٹھکانے میں تجھے امن ہو اور تیرے پاس تیرے لئے آج کے دن کی روزی موجود ہو تو پھر دنیا پر خاک ہو یعنی ہلاکت ہو۔

## سفارش کرنے پر اجر

619 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ، ثنا اَبُوْ بُرْدَةَ بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، ثنا اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ اَبِي مُوْسٰى، عَنْ اَبِيْهِ، كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَاءَهُ السَّائِلُ اَوْ طُلِبَتْ اِلَيْهِ حَاجَةٌ قَالَ: ''اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا، وَيَقْضِي اللهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا شَاءَ''

(بخاری (۱۴۳۲) سنن ابی داؤد (۵۱۳۲) سنن نسائی (۲۵۵۷) مسند احمد (۱۹۶۶۷) معجم ابن عساکر (۱۲۰۷)

ترجمہ: ابو بردۃ بن ابو موسیٰ نے ہمیں بیان کیا اپنے والد کے حوالے سے۔ وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی سائل۔ یا کوئی حاجت مند آتا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے۔ سفارش کرو، تم اجر دیئے جاؤ گے اللہ تعالیٰ جو چاہے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی فیصلہ سنا دیتا ہے۔

620 اَنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ الْخَصِيبُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، نا

Marfat.com

الْخَرَائِطِيُّ، نا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، نا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الثَّوْرِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنِّي أُوتَى وَأُسْأَلُ فِي الْحَاجَةِ وَأَنْتُمْ عِنْدِي، فَاشْفَعُوا تُؤْجَرُوا، وَيَقْضِي اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا أَحَبَّ''

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک جب مجھے دیا گیااور حاجت کے بارے میں مجھ سے سوال کیا گیااور تم میرے پاس تھے۔پس تم سفارش کرو،تم اجر دیئے جاؤ گے اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر فیصلہ فرماتا ہے جو وہ پسند کرتا ہے۔

621 أنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، نا أَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُورِيُّ نا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا وَفِيهِ: ''اشْفَعُوا وَلْتُؤْجَرُوا''

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اور اس کومختصر ذکر کیا اور اس میں ہے: تم سفارش کرو،تم اجر دیئے جاؤ گے۔

سفر کرنے کا فائدہ

622 أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَيْمُونِ الْكَاتِبُ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ، ثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''سَافِرُوا تَصِحُّوا وَتَغْنَمُوا''

(مسند احمد (۸۹۴۵) امالی ابن بشران (۱۲۴۰) سنن الکبریٰ للبیہقی (۱۳۵۸۹))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تم سفر کرو، صحت پاؤ گے اور غنیمت حاصل کرو گے۔

وضاحت: اس حدیث پاک کے پیش نظر یہ مقول اس مفہوم کو واضح کرنے کے لئے کافی ہوگا۔سفر وسیلہ ظفر یعنی. سفر کامیابی کا زینہ ہے۔

623 أنا أَبُو سَعْدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِينِيُّ، أنا أَبُو مُسْلِمٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ

Marfat.com

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِهْرَانَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرِ بْنِ الْفَضْلِ، نا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الرَّدَّادِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: سہیل بن ابو صالح نے اپنے والد سے انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور (پھر راوی نے) اس حدیث کا ذکر کیا۔

## نفرت مٹاؤ اور آسانی پھیلاؤ

624 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا عَاصِمٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا، وَسَكِّنُوا وَلَا تُنَفِّرُوا''

(بخاری (۶۹، ۶۱۲۵) مسلم (۱۷۳۴) ابی داؤد طیالسی (۲۱۹۹) مسند احمد (۱۲۳۳۳) الادب المفرد (۴۷۳) شعب الایمان (۷۹۳۴)

ترجمہ: ابو تیاح کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آسانی پیدا کرو اور تم تنگی پیدا نہ کرو، اور تم سکون اور آرام بخشو اور متنفر نہ کرو۔

625 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا وَلَا تُنَفِّرُوا''

ترجمہ: ابو تیاح نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آسانی پیدا کرو اور تم تنگی پیدا نہ کرو، اور تم خوشخبری دو اور متنفر نہ کرو۔

## اللہ کی رحمت سے ہی بگڑی بنے گی

626 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، قَالَ: ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا

Marfat.com

شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''قَارِبُوا وَسَدِّدُوا، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يُنَجِّيَهُ الْعَمَلُ'' فَقِيلَ: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟، قَالَ: ''وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ''

(مسلم (۲۸۱۶) ترمذی (۳۱۶۸) ابن ماجہ (۴۲۰۱)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دوسرے کے قریب ہو جاؤ اور سیدھی راہ پر قائم رہو کیونکہ تم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے، جس کا عمل اسے نجات دلا سکے (صحابہ کرام نے) عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ کو بھی نہیں (عمل نجات نہیں دلا سکے گا!) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے بھی نہیں مگر یہ کہ اللہ کریم کی رحمت نے مجھے ڈھانپ لیا ہے۔

627 اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، نَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''سَدِّدُوا وَقَارِبُوا'' مُخْتَصَرٌ

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیدھی راہ پر قائم رہو اور ایک دوسرے کے قریب ہو جاؤ۔

628 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، اَنَا اَبُو اَحْمَدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاصِحُ، نَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُمُعَةَ، نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''سَدِّدُوا وَقَارِبُوا، وَاَبْشِرُوا'' مُخْتَصَرٌ

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیدھی راہ پر قائم رہو اور ایک دوسرے کے قریب ہو جاؤ، اور تم بشارتیں سنو۔

## کبھی کبھی ملاقات کرنے سے محبت بڑھتی ہے

629 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا اَبَا هُرَيْرَةَ زُرْ

Marfat.com

غِبًّا تَزْدَدَ حُبًّا''

(ابی داؤد طیالسی (۲۶۵۸) مسند البزار (۳۹۶۳) معجم الاوسط (۳۰۵۲، ۵۶۴۱) معجم الصغیر طبرانی (۲۹۶) مستدرک للحاکم (۵۴۷۷)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ، تم کبھی کبھی زیارت کرو (اس سے) محبت زیادہ ہوتی ہے۔

وضاحت: کبھی کبھار یعنی وقفہ وقفہ سے ملاقات کرنے سے محبت و پیار برقرار رہتا ہے۔ روزانہ ملاقات سے چاہت میں فرق آجاتا ہے۔

630 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نَا الْحَارِثُ هُوَ ابْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، نَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

631 وَاَنَا التُّجِيْبِيُّ، اَنَا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نَا الْحَسَنُ بْنُ عَفَّانَ، نَا عَمْرُوْ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، نَا طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' پھر اسی مضمون کا ذکر کیا۔

632 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيْقِيُّ نَا اَبُوْ الْقَاسِمِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ حُصَيْنٍ نَا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيُّ اَبُوْ اَيُّوْبَ الشَّاذَكُوْنِيُّ، نَا عَوْبَدُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ الْخَوْلَانِيُّ، نَا اَبِيْ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا اَبَا ذَرٍّ زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا''

(ابی داؤد طیالسی (۲۶۵۸) مسند البزار (۳۹۶۳) معجم الاوسط (۳۰۵۲، ۵۶۴۱) معجم الصغیر طبرانی (۲۹۶) مستدرک للحاکم (۵۴۷۷)

ترجمہ: عبداللہ بن صامت نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! تم کبھی کبھی زیارت کرو (اس سے) محبت زیادہ ہوتی ہے۔

## پہلے سواری باندھو پھر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو

633 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ

Marfat.com

الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا اَبُوْ عَرُوبَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، قَالَ: قَالَ عَمْرُوْ بْنُ اُمَيَّةَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ اُقَيِّدُ رَاحِلَتِيْ وَاَتَوَكَّلُ عَلَى اللهِ اَوْ اَرْسِلُهَا وَاَتَوَكَّلُ؟، قَالَ: ''قَيِّدْهَا وَتَوَكَّلْ''

ترجمہ: جعفر بن عمرو بن امیہ سے روایت ہے کہ حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کیا میں اپنی سواری باندھوں اور پھر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کروں؟ یا پھر اسے (کھلا) چھوڑ کر میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (پہلے) تو اسے باندھ اور پھر تو (اللہ تعالیٰ پر) توکل کر۔

## خرچ کرنے کا آغاز زیر کفالت سے کرو

634 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلٍ الْبَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَبَّانٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَبنا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''ابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ''

(مسند احمد (۶۴۰۲) معجم الاوسط (۸۷۳۱) شرح السنۃ (۱۶۱۸))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو شروع کر اس سے جو تیری کفالت میں ہے۔

وضاحت: جو مستحق بچہ تیری کفالت میں ہے تجھے صدقہ وخیرات کی ابتدا اس سے کرنی چاہیے۔

## جو آزمائے گا وہ غصہ میں آجائے گا

635 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي الْاَذَنِيُّ، ثنا اَبُوْ عَرُوبَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ، عَنِ ابْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي عَطِيَّةَ الْمَذْبُوحِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اُخْبُرْ تَقْلِهْ''

ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (لوگوں کو) آزما۔ (جب تو انہیں آزمائے گا) تو ان پر غصے ہوئے گا اور انہیں چھوڑ دے گا (ان کے باطنی امور پر مطلع ہونے کی وجہ سے)

636 اَخْبَرَنَا الْفَقِيهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْمَرْوَرُذِيُّ الْحَنَفِيُّ قِرَاءَةً

Marfat.com

عَلَيْهِ بِمَكَّةَ حَرَسَهَا اللهُ قَالَ: ثنا اَبُوْ سُلَيْمَانَ حَمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَطَّابِيُّ ثنا ابْنُ اَبِي الدُّقِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَفَعَهُ اِلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اُخْبُرْ تَقْلِهْ، وَثِقْ بِالنَّاسِ رُوَيْدًا''

ترجمہ: ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوع روایت کیا ہے۔ (لوگوں کو) آزما۔ (جب تو انہیں آزمائے گا) تو ان پر غصے ہوگا اور انہیں چھوڑ دے گا (ان کے باطنی امور پر مطلع ہونے کی وجہ سے)۔ تو لوگوں پر آہستہ آہستہ بھروسہ کر۔

## علم کو لکھ کر مقید کرو

637 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ يَعْنِي الدَّارِمِيَّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ جَابِرٍ، مَوْلَى عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ يَعْنِي: عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۶۴۲۷) سنن دارمی (۵۱۴۹) مستدرک للحاکم (۳۶۱، ۳۶۰، ۳۵۹) شرح السنۃ للبغوی جلد ا ص ۲۹۵۔

ترجمہ: ابن شہاب زہری نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم علم کو تحریر کے ساتھ قید کرو۔

وضاحت: علم کو کتاب کے ساتھ قید کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تم علمی باتیں لکھ لیا کرو کیونکہ لکھنے کے ساتھ علم پختہ اور محفوظ ہو جاتا ہے۔

## قرضہ کی کمی آزادی کا باعث ہے اور پرہیزگاری موت کی آسانی کا سبب ہے

638 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرِ بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، ثنا اَبِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، مِنْ اَهْلِ نَجْرَانَ الْيَمَنِ بِعَرَفَاتٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَيْلَمَانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

Marfat.com

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ يُوصِي رَجُلًا: ''يَا فُلَانُ اَقِلَّ مِنَ الدَّيْنِ تَكُنْ حُرًّا , وَاَقِلَّ مِنَ الذُّنُوبِ يَهُنْ عَلَيْكَ الْمَوْتُ، وَانْظُرْ فِي اَيِّ نِصَابٍ تَضَعُ وَلَدَكَ فَاِنَّ الْعِرْقَ دَسَّاسٌ''

''كُنْ وَرِعًا تَكُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ، وَكُنْ قَنِعًا تَكُنْ اَشْكَرَ النَّاسِ، وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا، وَاَحْسِنْ مُجَاوَرَةَ مَنْ جَاوَرَكَ تَكُنْ مُسْلِمًا''

ترجمہ: محمد بن عبدالرحمان بیلمانی نے اپنے والد سے اس نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمار ہے تھے: اے فلاں! تم قرض کو کم کرو تم آزاد ہو جاؤ گے اور تم گناہ کم کرو تجھ پر موت آسان ہو جائے گی اور تم اس بات کا جائزہ لو کہ تم اپنی اولاد کو کونسے نصاب (یعنی رحم) میں رکھنے لگے ہو کیونکہ رگ اثر انداز ہوتی ہے۔

تم تقویٰ اختیار کرو تم لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار ہو جاؤ گے اور تم قناعت اختیار کرو تم لوگوں میں سب سے زیادہ شکر گزار ہو جاؤ گے۔ لوگوں کے لئے وہ چیز پسند کرو جو تم اپنے لیے پسند کرتے ہو تم کامل مومن ہو جاؤ گے اور جو تیرا پڑوسی ہے تم اس پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرو تم کامل مسلمان ہو جاؤ گے۔

## پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک اور دنیا سے بے رغبتی

639 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فِرَاسٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، اَبنا اَبُوْ عُبَيْدٍ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ يَعْنِي: عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ وَاثِلَةَ , عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا. وَقَالَ فِيْهِ: ''جِوَارَ مَنْ جَاوَرَكَ''

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو ہریرہ، اور پھر مختصر اس (حدیث) کا ذکر کیا اور اس میں فرمایا: جو تیرے پڑوس میں پڑوسی ہے۔

640 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوبَ الْخَزَّازُ، ثنا اَبُوْ الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ، اَبنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ وَاثِلَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ وَقَالَ فِيْهِ: ''وَاَحْسِنْ مُجَاوَرَةَ مَنْ جَاوَرَكَ تَكُنْ مُسْلِمًا، وَاَقْلِلِ

Marfat.com

الضَّحِكَ فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ'' وَالصَّوَابُ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ[ص:372]

ترجمہ: مکحول نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ سے انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور (مذکورہ بالا حدیث) کا ذکر اور اس میں یہ فرمایا: ''جو تیرا پڑوسی ہے تم اس پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرو تم مسلمان ہو جاؤ گے اور تھوڑا ہنسو کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے''۔

642 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، ثنا أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنِ هَاشِمٍ، أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَبَا هِرٍّ أَحْسِنْ جِوَارَ مَنْ جَاوَرَكَ تَكُنْ مُسْلِمًا، وَأَحْسِنْ مُصَاحَبَةَ مَنْ صَاحَبَكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا، وَاعْمَلْ بِفَرَائِضِ اللهِ تَكُنْ عَابِدًا، وَارْضَ بِقَسْمِ اللهِ تَكُنْ زَاهِدًا''

(ابن ماجه(۴۱۰۲)مسند احمد(۲۳۷۴۷)مسند البزار(۲۵۰۰)شعب الایمان(۱۰۰۴۳))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابو ہریرہ! تو اپنے اس پڑوسی سے حسن سلوک کر جو تیرے پڑوس میں ہے تم مسلمان ہو جائے گا اور اپنے اس ساتھی سے حسن سلوک کر جو تیرے ساتھ ہے تم مومن ہو جائے گا اور تو اللہ کے فرائض پر عمل کر و تم عابد ہو جائے گا، اور اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی ہو جاؤ۔ تو زاہد (دنیا سے بے رغبت) ہو جائے گا۔

643 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ فِرَاسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَ رَجُلًا فَقَالَ: ''ازْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبُّكَ اللهُ، وَازْهَدْ فِيمَا فِي أَيْدِي النَّاسِ يُحِبُّكَ النَّاسُ''

(ابن ماجه(۴۱۰۲)مسند احمد(۲۳۷۴۷)مسند البزار(۲۵۰۰)شعب الایمان(۱۰۰۴۳))

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو وعظ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم دنیا سے بے رغبتی اختیار کرو اللہ کریم تجھے محبوب رکھے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے (یعنی لوگوں کا مال) اس سے بھی بے رغبت ہو جاؤ لوگ تمہیں محبوب رکھیں گے۔

Marfat.com

644 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ، ثنا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي فَقَالَ: ''كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيبٌ اَوْ كَاَنَّكَ عَابِرُ سَبِيلٍ، وَعُدَّ نَفْسَكَ فِي اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ''

(بخاری (۶۴۱۶) ترمذی (۲۳۳۳) ابن ماجہ (۴۱۱۴) مسند احمد (۴۷۶۴) شعب الایمان (۹۶۶۵))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: تو دنیا میں اس طرح رہ جیسے کوئی مسافر یا کوئی راہ چلتا انسان رہتا ہے اور اپنے آپ کو قبر والوں میں سے شمار کر۔

''دَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلٰى مَا لَا يَرِيبُكَ''

جو چیز تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ دے اس چیز کی خاطر جو تجھے شک میں نہ ڈالے۔

645 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ يَعْقُوبَ بْنِ الْمَأْمُوْنِ الْهَاشِمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَهُ، مُخْتَصَرًا

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور پھر مختصر اس حدیث کا ذکر کیا۔ (جو چیز تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ دے اس چیز کی خاطر جو تجھے شک میں نہ ڈالے)

## ظالم اور مظلوم کی مدد کرو

646 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ صِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَعْبَدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَتُّوثِيُّ، ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْاَنْصَارِيُّ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا''

(بخاری (۲۴۴۴، ۶۹۵۲) ترمذی (۲۲۵۵) مسند احمد (۱۱۹۴۹) مسند ابی یعلی (۳۸۳۸) شعب الایمان (۷۲۰۱))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ظالم یا مظلوم بھائی کی مدد کرو۔

وضاحت: اس حدیث پاک سے یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ مظلوم کی مدد کرو لیکن ظالم کی مدد کیسے ہوگی؟ تو اس کا

Marfat.com

مطلب یہ ہے کہ ظالم کو ظلم سے روکنا اس کی مدد کرنا ہے۔

## تم اہل زمین پر رحم کرو تم پر رحم فرمائے گا

647 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ، ثنا اَبُو الْجَوَّابِ، ثنا عَمَّارٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''ارْحَمْ مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِي السَّمَاءِ''

( مسندابی داؤد طیالسی(۳۳۳) مصنف ابن ابو شیبه (۲۵۳۶۴) مسندابی یعلی (۵۰۶۳) معجم الاوسط (۹۰۱۳، ۳۰۳۱، ۱۳۸۴)مستدرک(۷۶۳۱)

ترجمہ: ابی اسحاق نے ابوعبیدہ سے انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تم اہل زمین پر رحم کرو۔ جو آسمان والا ہے۔ وہ تم پر رحم فرمائے گا۔(تم فرش زمین پر مہربانی کرو اللہ کریم عرش بریں پر مہربانی فرمائے گا)

## درگزر کرنے والا ہی درگزر کیا جائے گا

648 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي التَّمَامِ، اَبنا اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُوسَى النَّحَّاسُ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ نُصَيْرٍ السُّلَمِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اسْمَحْ يُسْمَحْ لَكَ''

(مصنف ابن ابو شیبه(۶۴۲، ۶۴۱)مسند احمد(۲،۲۳۳)معجم الاوسط(۵۴۵۳، ۲۸۰۸)معجم صغیر طبرانی(۸۱۹) شعب الایمان(۸۳۸۷)

ترجمہ: ولید نے ہمیں حدیث بیان کی انہوں ابن جریج سے اس نے عطا سے اس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو درگزر کر، تم سے بھی درگزر کیا جائے گا۔

## وضو کے فوائد

649 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، قَالَ: ثنا الْقَاضِي [ص:377] اَبُو الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَالِدٍ الْبَلْخِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ الْاَزْوَرِ بْنِ غَالِبٍ، عَنِ التَّيْمِيِّ وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا اَنَسُ اَسْبِغِ الْوُضُوءَ يَزِدْ فِي عُمُرِكَ، وَسَلِّمْ عَلَى اَهْلِ بَيْتِكَ يَكْثُرْ خَيْرُ بَيْتِكَ، وَسَلِّمْ عَلَى مَنْ لَقِيكَ مِنْ اُمَّتِيْ تَكْثُرْ حَسَنَاتُكَ، وَلَا تَنَمْ اِلَّا وَاَنْتَ طَاهِرٌ فَاِنَّكَ اِنْ مُتَّ مُتَّ شَهِيدًا، وَصَلِّ صَلَاةَ الضُّحَى فَاِنَّهَا صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ مِنْ قَبْلِكَ، وَصَلِّ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَحْفَظْكَ الْحَفَظَةُ وَوَقِّرِ الْكَبِيرَ وَارْحَمِ الصَّغِيرَ تَلْقَنِي غَدًا''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۶۴۲، ۶۴۱) مسند احمد (۲۲۳۳) معجم الاوسط (۵۴۵۳، ۲۸۰۸) معجم صغیر طبرانی (۸۱۹) شعب الایمان (۸۳۸۷)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اے انس! وضو کامل کرو اس سے تیری عمر میں اضافہ ہوگا اور اپنے گھر والوں کو سلام کیا کرو تیرے گھر کی خیر و برکت زیادہ ہوگی۔ اور میری امت میں سے جس کو تو ملے اس کو سلام کرو تیری نیکیوں میں اضافہ ہوگا اور چاشت کی نماز ادا کرو یہ تم سے پہلے لوگوں کی نماز ہے جو اللہ کی بارگاہ میں رجوع کرنے والے تھے۔ دن اور رات میں نماز پڑھا کرو محافظ فرشتے تیری حفاظت کریں گے۔ اور وضو کے بغیر نہ سونا، اگر (باوضو) تم مرگئے تو شہید ہو گے اور ہر بڑے کی عزت کرو اور ہر چھوٹے پر شفقت کرو۔ کل (قیامت کے دن) تو میرے ساتھ ملاقات کرے گا۔

## سوال کرنے سے بچو

650 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ النَّاقِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَاطِبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اسْتَعْفِفْ عَنِ السُّؤَالِ مَا اسْتَطَعْتَ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تم سوال کرنے (مانگنے سے) سے بچو جتنی تم میں طاقت ہے۔

وضاحت: جتنا ہو سکے لوگوں سے مانگنے سے بچو کیونکہ دینے والا ہاتھ لینے والے سے افضل ہوتا ہے۔

## حق بات کہو! اگرچہ کڑوی ہی کیوں نہ لگے

651 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُو مَرْوَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ شَاذَانَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ

Marfat.com

يَحْيَى بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ، ثنا اَبِيْ، عَنْ جَدِّيْ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَحْدَهُ، فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ. وَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا فِيْهِ: ''قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا''

(شعب الایمان (۴۵۹۲) حلیہ الاولیاء جلد ۱ ص ۱۶۸ ۔ مکارم الاخلاق للخرائطی (۱)

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تنہا تشریف فرما تھے پس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا اور میں نے عرض کیا (پھر راوی نے) نے ایک طویل حدیث پاک بیان فرمائی اس میں یہ بھی ذکر کیا: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) کہ تو حق بات کہہ اگر چہ وہ کڑوی لگے۔

## اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اچھے اخلاق سے ملو

''اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُ كُنْتَ، وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ''

تم تو جہاں کہیں بھی ہو ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اگر کوئی گناہ ہو جائے تو اس کے فوراً بعد نیکی کرو، تو وہ نیکی اس گناہ کو مٹا دے گی اور تم لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے ملو۔

652 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ هُوَ ابْنُ فِرَاسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ، قَالَ: ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر (راوی نے) اسی روایت کو ذکر کیا۔

## صلہ رحمی کرو اگر چہ السلام علیکم کے ساتھ ہو

653 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، اَبنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا اَبِيْ، ثنا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ، مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''بُلُّوا اَرْحَامَكُمْ وَلَوْ بِالسَّلَامِ''

(شعب الایمان (۷۶۰۳، ۷۶۰۲)

Marfat.com

ترجمہ: مجمع بن یحیی بن یزید بن جاریہ انصاری کہتے ہیں کہ انصار کے ایک شخص نے مجھے حدیث بیان کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرو اگر چہ سلام (السلام علیکم) کے ساتھ ہی ہو۔

654 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ صَالِحُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ رِشْدِيْنَ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدٍ الصَّفَّارُ، ثنا الْحَسَنُ، هُوَ ابْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَرْزُوْقٍ النَّصِيْبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ، هُوَ الْوحَاظِيُّ، ثنا خَالِدٌ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ عَامِرٍ، هُوَ اَنْصَارِيٌّ صَحَابِيٌّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بُلُّوا اَرْحَامَكُمْ وَلَوْ بِالسَّلَامِ''

(شعب الایمان (۷۶۰۳، ۷۶۰۲))

ترجمہ: مجمع بن یحیی بن یزید بن جاریہ نے حضرت سوید بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور وہ انصاری صحابی تھے کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرو اگر چہ سلام (السلام علیکم) کے ساتھ ہی ہو۔

## تحفہ محبت کو زیادہ اور کینہ کو ختم کرتا ہے

655 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، اَبنا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ وَسُلَيْمَانُ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا الْمُثَنَّى اَبُوْ حَاتِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''تَهَادَوْا تَزْدَادُوا حُبًّا، وَهَاجِرُوا تُوْرِثُوا اَبْنَاءَ كُمْ مَجْدًا، وَاَقِيْلُوا الْكِرَامَ عَثَرَاتِهِمْ''

(امثال الحدیث لابی الشیخ اصبہانی (۱۲۵) معجم الاوسط (۷۲۴۰))

ترجمہ: قاسم بن محمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم آپس میں ایک دوسرے کو تحفہ دیا کرو، اس سے تمہاری محبت بڑھے گی، اور تم ہر ممنوعہ چیز کو چھوڑ دو، بزرگی تمہاری اولاد کی میراث بنے گی اور نیک لوگوں کی غلطیوں سے درگزر کرو۔

656 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَعْمَرٍ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَبُو الطَّيِّبِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرِّيَاشِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَهَادَوْا فَإِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ''
(ترمذی (۲۱۳۰) نسائی (۲۳۸۶، ۲۳۸۵) شرح السنہ ج ۶، ص ۱۴۱

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آپس میں ایک دوسرے کو تحائف دیا کرو' یہ سینے کی سختی (گھٹن) کو ختم کر دیتا ہے۔

657 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا زَكَرِيَّا الْعَنْبَرِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللهِ الْبُوشَنْجِيَّ، وَحَدَّثَنَا عَنْ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ، عَنْ ضِمَامِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي قَبِيلٍ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''تَهَادَوْا تَحَابُّوا'' فَقَالَ: هُوَ بِالتَّشْدِيدِ مِنَ الْحُبِّ، وَأَمَّا بِالتَّخْفِيفِ فَهُوَ مِنَ الْمُحَابَاةِ
(الادب المفرد (۵۹۴) مسند ابو یعلی (۶۱۴۸) الاداب للبیہقی (۸۱) سنن الصغیر بیہقی (۲۲۳۰))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تحفے دیا کرو اس سے باہمی محبت بڑھتی ہے۔

(تحابوا) اگر تشدید کے ساتھ ہو تو معنی باہمی محبت کرنا ہوگا اگر تخفیف کے ساتھ ہو اس سے مراد محبت ظاہر کرنا ہوگا۔

658 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ ثنا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، قَالَ: قِيلَ لِأَبِي نَصْرٍ التَّمَّارِ وَأَنَا أَسْمَعُ حَدَّثَكَ كَوْثَرُ بْنُ حَكِيمٍ عَنْ مَكْحُولٍ الدِّمَشْقِيِّ وَكَانَ مَوْلَى هُذَيْلٍ، وَكَانَ مِنْ كَابُلِسْتَانَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''تَهَادَوْا بَيْنَكُمْ فَإِنَّ الْهَدِيَّةَ تَذْهَبُ بِالسَّخِيمَةِ'' قَالَ أَبُو نَصْرٍ: نَعَمْ

ترجمہ: مکحول دمشقی روایت کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم آپس میں ایک دوسرے کو تحائف دیا کرو۔ بے شک تحفہ کینہ کو ختم کرتا ہے۔

659 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْفَقِيرُ، رَحِمَهُ اللهُ أبنا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يُوسُفَ الْجَنْدَرِيُّ، ثنا رَشَادٌ، هُوَ مَوْلَى بَنِي الْجَمَّالِ ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ التَّبُوذَكِيُّ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا حُبَابَةُ بِنْتُ عَجْلَانَ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ حَفْصَةَ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ جَرِيرٍ، عَنْ أُمِّ حَكِيمٍ بِنْتِ وَدَاعٍ الْخُزَاعِيَّةِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''تَهَادَوْا فَاِنَّهُ يُضَعِّفُ الْحُبَّ وَيَذْهَبُ بِغَوَائِلِ الصَّدْرِ''

ترجمہ: ام حکیم بنت وداع خزاعیہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: تم آپس میں تحفے دیا کرو' کیونکہ یہ محبت میں اضافہ کرتے ہیں اور سینے کی تنگی کو ختم کرتے ہیں۔

660 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الزَّاهِدُ، ثنا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ جَامِعٍ الْغَسَّانِيُّ الصَّيْدَاوِيُّ بِصَيْدَا اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ قُرَيْشٍ الْحَكِيْمِيُّ بِبَغْدَادَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ النُّوْرِ، ثنا اَبُوْ يُوْسُفَ الْاَعْشَى، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تَذْهَبُ بِالضَّغَائِنِ''

ترجمہ: ہشام بن عروہ نے اپنے والد سے روایت کیا: کیا کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم آپس میں ایک دوسرے کو تحائف دیا کرو' بے شک تحفہ کینہ کو ختم کرتا ہے۔

## خوبصورت چہرے والوں سے خیر مانگو

661 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُجَبَّرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اُطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوْهِ''

(مسند ابی یعلی (۴۷۵۹) معجم الاوسط (۶۱۱۷) شعب الایمان (۳۲۶۴، ۳۲۶۳، ۳۲۶۳))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم خوبصورت چہرے والوں سے خیر (مال) مانگو۔

## نیکی کی دعوت دو اگرچہ ایک ہی آیت ہو

662 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الرَّبِيْعِ الْجُرْجَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، اَبنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِي اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ''

Marfat.com

(بخاری (۳۴۶۱))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پہنچا دو میری طرف سے اگرچہ وہ ایک آیت ہی ہو اور تم بنی اسرائیل سے بات بیان کرو اس میں کوئی حرج نہیں۔

## مؤمن اللہ کے نور سے دیکھتا ہے

663 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ. اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ. ثنا اَبُوْ عَرُوبَةَ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ. ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ. ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ. عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ , عَنْ اَبِي اُمَامَةَ. عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اتَّقُوا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللهِ تَعَالٰى''

(ترمذی (۳۱۲۷) معجم الاوسط (۷۸۴۳، ۳۲۵۴) معجم الکبیر طبرانی (۷۴۹۷))

ترجمہ: حضرت ابوامامہ نے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مومن کی فراست سے ڈرو! بے شک وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔

## گھر بنانے میں حرام مال استعمال کرنے سے بچو

664 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْ ، اَبِي غَسَّانَ الْفَارِسِيُّ. اَبنا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْحَافِظُ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَصَمُّ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ. قَالَ: ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى. عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ. عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ. عَنِ ابْنِ عُمَرَ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اتَّقُوا الْحَرَامَ فِي الْبُنْيَانِ فَاِنَّهُ اَسَاسُ الْخَرَابِ''

(شعب الایمان (۱۰۲۳۷))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم عمارت کی تعمیر میں حرام مال لگانے سے بچو کیونکہ حرام مال ویرانی کی بنیاد ہے۔

## اولاد کو آداب سکھاؤ

665 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ. اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَذَنِيُّ. اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ. ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الْوَصَّابِيُّ. ثنا بَقِيَّةُ. عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُمَارَةَ. عَنِ الْحَارِثِ بْنِ النُّعْمَانِ. عَنْ اَنَسٍ. قَالَ: سَمِعْتُ. رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَكْرِمُوا اَوْلَادَكُمْ وَاَحْسِنُوا آدَابَهُمْ''

Marfat.com

(ابن ماجه (۳۶۷۱)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: تم اپنی اولاد کی عزت کرو اور انہیں اچھے آداب سکھاؤ۔

## اچھی بات کہو یا پھر چپ رہو

666 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْجِيْزِيُّ، اَبنا اَبُوْ عَمْرٍو زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَخِي وَهْبٍ، ثنا عَمِّي عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''قُوْلُوا خَيْرًا تَغْنَمُوا، وَاسْكُتُوا عَنْ شَرٍّ تَسْلَمُوا''

(مستدرک (۷۷۷۴)

ترجمہ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اچھی بات کہو تو غنیمت حاصل کرو گے۔ اور تم بری بات کہنے سے خاموشی اختیار کرو تم سلامتی پاؤ گے۔

## اپنے نطفوں کے لیے عورتیں پسند کرو

667 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيْرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَخَيَّرُوا لِنُطَفِكُمْ''

(ابن ماجه (۱۹۶۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۱۷۴۳۲)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے نطفوں کے لیے (نیک عورتیں) اختیار کرو۔

## لذتوں کو ختم کردینے والی چیز کو یاد کرو

668 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا اَبُوْ عُمَرَ عَبْدُ اللهِ بْنُ دِيْزَوَيْهِ بْنِ شَاسَرْوَيْهِ الدِّمَشْقِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَكْثِرُوا مِنْ ذِكْرِ هَادِمِ اللَّذَّاتِ. فَمَا ذَكَرَهُ عَبْدٌ قَطُّ وَهُوَ فِي ضِيقٍ إِلَّا وَسَّعَهُ عَلَيْهِ، وَلَا ذَكَرَهُ وَهُوَ فِي سَعَةٍ إِلَّا ضَيَّقَهُ عَلَيْهِ''

(مسند البزار (٦٩٨٧) صحیح ابن حبان (٢٩٩٥) شعب الایمان (١٠٠٧٦))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لذتوں کو تباہ کرنے والی چیز کو کثرت سے یاد کرو، جو بندہ اس کو تنگی میں یاد کرتا ہے اس پر وسعت ہو جاتی ہے اور جو اس کو فراخی میں یاد کرتا ہے اس پر تنگی ہو جاتی ہے۔

669 اَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادَةَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا هَدِيَّةُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ.

ترجمہ: محمد بن عمرو سے ان کو ابوسلمہ نے ان کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اور (پھر راوی نے) اس حدیث کا ذکر کیا۔

670 وَاَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ نَا اَبُو الْفَضْلِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ نَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، نَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَكْثِرُوا مِنْ ذِكْرِ هَادِمِ اللَّذَّاتِ'' وَذَكَرَهُ وَقَالَ فِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ

(مسند البزار (٦٩٨٧) ابن حبان (٢٩٩٥))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لذتوں کو توڑ نے والی (موت) کو کثرت سے یاد کرو۔

671 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، اَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَنْصَارِيُّ الْحَرْبِيُّ، نَا اَبُو عُمَرَ، مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ نَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ اَبُو مُحَمَّدٍ التَّمِيمِيُّ ثِقَةٌ، نَا اَبُو عَامِرٍ الْاَسَدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَكْثِرُوا ذِكْرَ هَادِمِ اللَّذَّاتِ، فَاِنَّهُ لَا يَكُونُ فِي كَثِيرٍ اِلَّا قَلَّلَهُ، وَلَا فِي قَلِيلٍ اِلَّا كَثَّرَهُ''

(شعب الایمان (١٠٠٧٤))

Marfat.com

ترجمہ: نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نقل کیا: وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لذتوں کو توڑ دینے والی چیز کو کثرت کے ساتھ یاد کرو! کیونکہ یہ جس بھی زیادہ چیز میں ہوگی اسے تھوڑا کر دے گی اور جس تھوڑی چیز میں ہوگی اسے زیادہ کر دے گی۔

دلوں کو راحت پہنچاؤ

672 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الدَّقَّاقُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ السِّنْدِيِّ، ثنا اَبُوْ طَاهِرٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا الْمُوَقَّرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''رَوِّحُوا الْقُلُوبَ سَاعَةً بِسَاعَةٍ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم دلوں کو لحہ بہ لحہ آرام پہنچاؤ۔

عمامہ باندھنے کا فائدہ

673 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الرَّبِيعِ الْعَبْدِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَرْبِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُمَرَ، ح

"اِعْتَمُّوا تَزْدَادُوا حِلْمًا۔

تم پگڑیاں باندھو۔ اس سے تمہاری بردباری زیادہ ہوگی۔

مذکور بالا الفاظ اس سند کے ساتھ روایت کیے ہیں۔ وہ الفاظ دوبارہ ترجمہ کے ساتھ نقل کیے جاتے ہیں۔ تم پگڑیاں باندھو اس سے تمہاری بردباری زیادہ ہوگی۔

اعمال کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے

674 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْمَقَابِرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ شَاهِينٍ، قَالَ: ثنا مَسْعُودُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَلِكَ فِي حَدِيثٍ وَذَكَرَهُ

Marfat.com

''اِعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ''

ترجمہ: تم عمل کرو ہر انسان کے لیے وہ اعمال آسان کر دیئے جاتے ہیں جن کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

## محبت کرنے والی اور زیادہ بچے پیدا کرنے والی عورت سے نکاح کرو

675 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ ثنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْفَرْغَانِيُّ ثنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَالِسِيُّ بِبَالِس ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ يَعْنِي الْمِصِّيْصِيَّ، ثنا خَلَفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ حَفْصٍ ابْنِ اَخِي اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ، فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاَنْبِيَاءَ''

(سنن ابی داؤد (۲۰۵۰) مسند احمد (۱۳۵۶۹، ۱۲۶۱۳) معجم الاوسط (۵۰۹۹) مستدرک (۲۶۸۵)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی عورت سے شادی کرو۔ بے شک میں تمہاری کثرت کی وجہ سے (قیامت کے دن) انبیاء پر فخر کروں گا۔

## سحری کھانے میں برکت ہے

676 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَسَحَّرُوا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ قُتَيْبَةَ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسٍ يَرْفَعُهُ

(مسند ابی داؤد طیالسی (۲۱۱۸) حلیۃ الاولیاء ج ۱۰، ص ۴۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سحری کھاؤ۔ بے شک سحری میں برکت ہے۔

677 وَاَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفِ بْنِ يَعْقُوْبَ الْوَاسِطِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ كَيْسَانَ النَّحْوِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، نا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْقَاضِيُّ، نا عَارِمٌ وَاَبُوْ الرَّبِيْعِ وَمُسَدَّدٌ، قَالُوْا: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسٍ،

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً''

(مسند ابی داؤد طیالسی (۲۱۱۸) حلیہ الاولیاء ج ۱۰، ص ۴۲۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سحری کھاؤ۔ بے شک سحری کھانے میں برکت ہے۔

## صدقہ کے ذریعہ آگ سے بچو

678 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا سَعْدَانُ هُوَ ابْنُ نَصْرٍ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ''

(بخاری (۱۴۱۷، ۶۰۲۳، ۶۵۴۰، ۶۵۶۳) مسلم (۱۰۶۰) نسائی (۲۵۵۲) مسند ابن الجعد (۴۵۴، ۴۵۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۸۰۳)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آگ سے بچو! خواہ کھجور کے ایک ٹکڑا (صدقہ کرنے) کے ذریعہ سے ہو۔

679 اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ مَلِيحٍ الطَّرَائِفِيُّ، نا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، نا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ'' هٰذَا حَدِيثٌ عَزِيزُ الْوجودِ مِنْ حَدِيثِ مَالِكٍ، اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ اَنَّ اَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ الْغَنِيِّ بْنَ سَعِيْدٍ الْحَافِظَ كَتَبَهُ عَنْهُ

(بخاری (۱۴۱۷، ۶۰۲۳، ۶۵۴۰، ۶۵۶۳) مسلم (۱۰۶۰) نسائی (۲۵۵۲) مسند ابن الجعد (۴۵۴، ۴۵۶) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۸۰۳)

ترجمہ: نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگ سے بچو! اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا (صدقہ کرنے) سے ہو۔

680 اَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ نا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفِ بْنِ حَيَّانَ الشَّافِعِيُّ، بِبَغْدَادَ، نا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حَامِدٍ نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ يَعْنِي ابْنَ الْقَاسِمِ التَّيْمِيَّ اَبُوْ بَكْرٍ الْوَرَّاقَ الْمُلَقَّبُ بِغَرِيفٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَفْصٍ الْفَلَّاسَ،

Marfat.com

يَقُوْلُ: نا اَبُوْ بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ شُعْبَةَ فَجَاءَ سَائِلٌ فَقَالَ شُعْبَةُ: تَصَدَّقُوا، فَلَمْ يَتَصَدَّقُوا، فَقَالَ: حَدَّثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ". فَلَمْ يُعْطِ السَّائِلُ شَيْئًا، فَقَالَ: حَدَّثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ" فَلَمْ يُعْطُوا شَيْئًا. فَقَالَ: حَدَّثنا مُحِلُّ بْنُ خَلِيفَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ" قَالَ: فَلَمْ يُعْطُوا شَيْئًا. فَقَالَ: وَاللهِ لَا اُحَدِّثُكُمُ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ، قُوْمُوا دُكَّانَ الثَّعَاوِبَةِ

(بخاری (۶۵۶۳، ۶۵۴۰، ۶۰۲۳، ۱۴۱۷) مسلم (۱۰۱۰) نسائی (۲۵۵۲) مسند ابن الجعد (۴۵۶، ۴۵۶، ۴۵۴) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۸۰۳)

ترجمہ: ابو بحر بکراوی بیان کرتے ہیں: نے کہا کہ ہم شعبہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو ایک سائل آیا۔ تو شعبہ نے کہا۔ تم صدقہ کرو تو انہوں نے صدقہ نہیں کیا۔ تو شعبہ نے کہا: ابو اسحاق نے ہمیں عبداللہ بن معقل سے ان کو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تم آگ سے بچو! اگر چہ کھجور کے آدھے ٹکڑے کے ساتھ ہو"۔ پس سائل کو کچھ بھی نہیں دیا گیا۔

اعمش نے ہمیں خیثمہ سے ان کو حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تم آگ سے بچو! اگر چہ کھجور کے نصف دانے کے ساتھ ہو! تو ان لوگوں نے کچھ بھی نہیں دیا۔

محل بن خلیفہ نے ہمیں حدیث بیان کی وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم آگ سے بچو۔ اگر چہ کھجور کے نصف دانے کے ساتھ ہو"۔ تو ان لوگوں نے کچھ بھی نہیں دیا۔

تو شعبہ نے کہا کہ اللہ کی قسم! آج میں تم کو کوئی چیز بھی بیان نہیں کروں گا۔ تم ثعاوبہ کی دکان میں صرف رہو جاو۔

681 اَنا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ الْمُقْرِئُ، نا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ كَيْسَانَ النَّحْوِيُّ، نا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ، وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے

Marfat.com

ہوئے سنا اور (پھر راوی نے) اسی مذکورہ بالا حدیث کا ذکر کیا۔

682 اَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَنَا اَبُو زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ''

(بخاری (۶۵۶۳، ۶۵۴۰، ۶۰۲۳، ۱۴۱۷) مسلم (۱۰۶۰) نسائی (۲۵۵۲) مسند ابن الجعد (۴۵۶، ۴۵۴) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۸۰۳)

ترجمہ: حضرت عدی بن حاتم بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آگ سے بچو اگر چہ وہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ساتھ ہی ہو

683 وَاَنَا اَبُو طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعْدُونَ الْمَوْصِلِيُّ نا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ، نا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ'' قَالَ الدَّارَقُطْنِيُّ: قَالَ لَنَا ابْنُ مَنِيعٍ وَلَا اَعْلَمُ حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ اَحَدٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ غَيْرُ اَيُّوبَ بْنِ جَابِرٍ وَهُوَ اَخُو مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ السُّحَيْمِيُّ، وَيُقَالُ: اَنَّهُ اَوْثَقُ مِنْ اَخِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ

(بخاری (۶۵۶۳، ۶۵۴۰، ۶۰۲۳، ۱۴۱۷) مسلم (۱۰۶۰) نسائی (۲۵۵۲) مسند ابن الجعد (۴۵۶، ۴۵۴) مصنف ابن ابو شیبہ (۹۸۰۳)

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آگ سے بچو اگر چہ وہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ساتھ ہی ہو۔

محدث دار قطنی کہتے ہیں ابن منیع نے ہمیں کہا کہ میں نہیں جانتا کہ یہ حدیث کسی ایک نے سماک بن حرب سے بیان کی ہو سوائے ایوب بن جابر کے اور وہ محمد بن جابر سحیمی کا بھائی ہے اور کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے بھائی سے زیادہ قابل اعتماد ہے۔

684 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ الْبَزَّازُ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا اَبُو غَسَّانَ، نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ، رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَهُ

Marfat.com

ترجمہ: عبداللہ بن معقل نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اور (پھر راوی نے) اس بات کا ذکر کیا۔

لالچ ہلاکت کا باعث ہے

685 اَخْبَرَنَا حَمْزَةُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، اَبنا اَبُوْ عَلِيٍّ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْاَصْبَهَانِيُّ ثنا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ، ثنا اَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، ثنا حُسَيْنٌ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْلَمَةَ، نا دَاوُدُ يَعْنِي ابْنَ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرٍ: ''اتَّقُوا الشُّحَّ، فَاِنَّ الشُّحَّ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ (اور ایک سند کے مطابق) حضرت جابر رضی اللہ عنہ یہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لالچ سے بچو بے شک لالچ نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا۔

686 وَاَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْبَارِيُّ، اَنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، اَنا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، اَنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، نا الْحُسَيْنُ، هُوَ الْجُعْفِيُّ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

لوگوں سے بے نیاز ہو جاؤ

803 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، بِمَكَّةَ، ابنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَقِيْهُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ابنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ابنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا امْتَلَاَتْ دَارٌ حَبْرَةً اِلَّا امْتَلَاَتْ عِبْرَةً، وَمَا كَانَ فَرْحَةٌ اِلَّا تَبِعَتْهَا تَرْحَةٌ''

(الزهد والرقائق لابن المبارك والزهد لنعيم بن حماد (٢٦٣)

ترجمہ: یحییٰ بن ابوکثیر سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے، جس گھر میں نقش ونگار اور خوشی ہوتی ہے' وہ عبرت بن جاتا ہے اور جب کوئی خوشی

Marfat.com

آتی ہے تو اس کے ساتھ ہی پریشانی آجاتی ہے۔

نوٹ: حَبرۃ کا ایک معنی یمنی چادر بھی ہے اور نقش ونگار بھی۔ یہاں جو میں مطلب سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ جس گھر میں آرائش کی گئی ہو اور طرح طرح کے نقش ونگار کیے ہوں تو وہ گھر عبرت ہے کیونکہ اس گھر میں ہم نے ہمیشہ نہیں رہنا۔ جس میں ہمیشہ نہیں رہنا اس کو اتنا مزین کرنے کی کیا ضرورت ہے اور جس گھر یعنی قبر میں ہمیشہ رہنا ہے اس کی تیاری کرنے چاہیے۔ اس کو عقائد حقہ اور اعمال صالحہ سے خوبصورت اور مزین کرنا چاہیے۔ اور مزین گھر میں کچھ لمحات کے لیے خوشی آتی ہے اور جب وہی شخص فوت جائے گا تو اس خوشی کے بعد غم و پریشانی ہوگی۔

## جو قوم کی خیر خواہی نہ کرے اس کے لیے جنت حرام ہے

مَا اسْتَرْعَى اللّٰهُ عَبْدًا رَعِيَّةً فَلَمْ يُحِطْهَا بِنُصْحِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

804 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ إِسْحَاقَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْقَاضِي، ثنا أَبُو قِلَابَةَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ذَكْوَانَ، حَدَّثَنِي مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يُحَدِّثُ ابْنَ هُبَيْرَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا اسْتَرْعَى اللّٰهُ عَبْدًا رَعِيَّةً فَلَمْ يُحِطْهَا بِنُصْحِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ''

(شعب الایمان (۲۳۴))

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ کو اللہ تعالیٰ رعیت عطا کرے اور وہ ان کی خیر خواہی نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا۔

805 أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، ثنا أَبُو الْعَبَّاسِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا أَبُو الْأَشْهَبِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: عَادَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ، فَقَالَ مَعْقِلٌ: إِنِّي مُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ عَلِمْتُ أَنِّي حَيٌّ مَا حَدَّثْتُكَ، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ فَرُّوخَ، عَنْ أَبِي الْأَشْهَبِ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ، وَفِيهِ ''وَهُوَ غَاشٌّ'' مَكَانَ ''غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ''

Marfat.com

(مسلم (۱۴۲، ۲۲۷) سنن دارمی (۲۸۳۸) شعب الایمان (۶۹۷۷) شرح السنة (۲۴۷۸))

ترجمہ: حسن بصری بیان کرتے ہیں: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ جب مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو عبیداللہ بن زیاد ان کی عیادت کے لئے آئے تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ فرمانے لگے میں تمہیں ایک ایسی حدیث سنا رہا ہوں جو میں نے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے اگر مجھے مزید زندہ رہنے کی امید ہوتی تو یہ حدیث تمہیں نہ سناتا، میں نے اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جس شخص کو اللہ تعالیٰ لوگوں کے امور کا نگران بنادے اور وہ اس حال میں مرے کہ وہ اپنے فرض میں کوتاہی کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ جنت کو اس پر حرام کر دیتا ہے۔

مسلم نے شیبان بن فروخ سے اس نے اشہب سے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا جس میں "غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ" کی جگہ "وَهُوَ غَاشٌّ" کے الفاظ ہیں۔

806 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ، نَا اَبُوْ مَعْشَرٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَالِكٍ الدَّارِ، قَالَ: دَخَلَ زِيَادٌ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ يَعُوْدُهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُغَفَّلِ: ''يَا زِيَادُ، اتَّقِ اللهَ فَاِنَّ شَرَّ الْاَئِمَّةِ الْحُطَمَةُ'' فَقَالَ لَهُ زِيَادٌ: "اِنَّمَا اَنْتَ مِنْ حُثَالَةِ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ''مَا كَانَ فِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ حُثَالَةٌ، اَفَلَا اُخْبِرُكَ يَا زِيَادُ بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟'' فَقَالَ: بَلَى، وَلَا تَكْذِبْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: ''لَوْ كُنْتُ كَاذِبًا عَلَى اَحَدٍ مَا كَذَبْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ'' سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَا مِنْ اِمَامٍ يَبِيْتُ لَيْلَةً غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ عَرْفَ الْجَنَّةِ وَرِيْحَهَا، وَاِنَّ رِيْحَهَا لَيُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا'' قَالَ: فَقَالَ لَهُ زِيَادٌ: ''سَلْنِيْ مَا شِئْتَ''، قَالَ: ''اَسْاَلُكَ اَنْ لَا تَنْفَعَنِيْ وَلَا تَضُرَّنِيْ، وَاِنْ مَرِضْتُ فَلَا تَعُدْنِيْ، وَاِنْ مُتُّ فَلَا تَشْهَدْنِيْ'' قَالَ: فَلَمْ يَمْكُثْ اِلَّا لَيَالِيَ قَلِيْلَةً حَتّٰى مَاتَ، فَرَاٰى زِيَادٌ النَّاسَ يَزْحُمُوْنَ عَلَى جِنَازَتِهِ، قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُغَفَّلِ، قَالَ: ''اَمَا وَاللهِ لَوْلَا اَنَّهُ سَاَلَنِيْ اَلَّا اَشْهَدَ جِنَازَتَهُ لَشَهِدْتُهُ''

ترجمہ: محمد بن عبداللہ بن مالک الدار بیان کرتے ہیں: زیاد حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے آیا۔ تو حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے زیاد، تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو بے شک آئمہ (یعنی حکمرانوں) کا شر

Marfat.com

تیز آگ (دوزخ) ہے۔ زیاد نے کہا کہ آپ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادنیٰ اصحاب میں سے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ادنیٰ درجہ کے لوگ نہیں ہیں۔ اے زیاد؛ کیا میں تجھ کو ایسی خبر نہ دوں جو میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟۔ زیاد نے کہا: کیوں نہیں، (ضرور سنائیں) اور اس پر جھوٹ نہ بولنا۔ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں کسی کے حوالے سے جھوٹ بولتا ہوتا تو بھی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کوئی جھوٹی بات منسوب نہیں کرنی تھی۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حکمران اس حال میں رات بسر کرتا ہے کہ وہ اپنی رعیت کے حق مین کوتاہی کرتا ہو، تو اللہ کریم جنت اور اس کی خوشبو کو' جو ستر سال کی مسافت سے پائی جائے گی' اس پر حرام کر دیتا ہے۔ زیاد نے ان سے کہا کہ جو آپ چاہتے ہیں وہ مجھ سے مانگ لیں۔ انہوں نے کہا: میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو نہ مجھے نفع دے سکتا ہے اور نہ ہی نقصان۔ اگر میں بیمار ہو جاؤں تو تم میری عیادت نہ کرنا اور اگر میں فوت ہو جاؤں تو تم میرے جنازے میں حاضر نہ ہونا۔ پس وہ رات کا کچھ حصہ زندہ رہے اور وصال گئے۔ زیاد نے ان کے جنازہ میں لوگوں کا ہجوم دیکھا تو پوچھا، یہ کس کا جنازہ ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کا جنازہ ہے۔ زیاد نے کہا کہ اللہ کی قسم: اگر انہوں نے مجھ سے مطالبہ نہ کیا ہوتا اوز جنازہ میں حاضر ہونے سے روکا نہ ہوتا تو میں ضرور ان کے جنازہ میں حاضر ہوتا۔

## نیک وزیر جو اپنے آقا کے ساتھ اللہ کی رضا کے لیے معاملہ کرتا ہے، اجر میں کوئی اس کے برابر نہیں

مَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَعْظَمُ اَجْرًا مِنْ وَزِيرٍ صَالِحٍ مَعَ اِمَامٍ يُطِيعُهُ وَيَأْمُرُهُ بِذَاتِ اللهِ تَعَالٰى

نیک وزیر جو اپنے حاکم کے ساتھ ہو اس کی اطاعت کرتا ہو اور اسے اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے مشورہ دیتا ہو یا اس کا حکم دیتا ہو۔ مسلمانوں میں کوئی شخص اجر میں اس سے زیادہ نہیں۔

807 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ، ثنا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَعْظَمُ اَجْرًا مِنْ وَزِيرٍ صَالِحٍ مَعَ اِمَامٍ يُطِيعُهُ وَيَأْمُرُهُ بِذَاتِ اللهِ تَعَالٰى''

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک وزیر جو اپنے حاکم کے ساتھ ہو اس کی اطاعت کرتا ہو اور اسے اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے مشورہ دیتا ہو یا اس کا حکم

Marfat.com

دیتا ہو۔ مسلمانوں میں کوئی شخص اجر میں اس سے زیادہ نہیں۔

808 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ. ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ. ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ. ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيّ. ثنا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ. عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ. عَنْ عَمْرَةَ. عَنْ عَائِشَةَ. اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا مِنْ اَحَدٍ مِنَ النَّاسِ اَعْظَمُ اَجْرًا مِنْ وَزِيْرٍ صَالِحٍ مَعَ اِمَامٍ يُطِيْعُهُ وَيَأْمُرُهُ بِذَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں سے کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو اجر میں نیک وزیر سے زیادہ ہو جو اپنے حاکم کے ساتھ ہو اس کی اطاعت کرتا ہو اور اسے اللہ کی ذات کا حکم دیتا ہو۔

انسان غلطی کرنے اور بھولنے والا پیدا کیا گیا ہے

809 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ. اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ. ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ. عَنْ اَبِيْ مُعَاذٍ. عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ. عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَلَهُ ذَنْبٌ يُصِيْبُهُ الْفَيْنَةَ بَعْدَ الْفَيْنَةِ. لَا يُفَارِقُهُ حَتّٰى يُفَارِقَ الدُّنْيَا. وَاِنَّ الْمُؤْمِنَ خُلِقَ نَسَّاءً اِذَا ذُكِّرَ ذَكَرَ''۔

(معجم الاوسط (۵۸۸۴)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں ہے کوئی مؤمن مگر اس کے لیے گناہ ہے جو وہ وقتاً فوقتاً کرتا ہے۔ وہ اس سے جدا نہیں ہوتا حتیٰ کہ وہ دنیا سے جدا ہو جاتا ہے اور بے شک مؤمن بہت بھولنے والا پیدا کیا گیا ہے جب اسے نصیحت کی جائے تو یہ اس کو یاد کرتا ہے۔

جب سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کے دونوں طرف فرشتے دعا کرتے ہیں

810 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ. اَبنا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ وَهَيْبِ بْنِ عَطِيَّةَ الْعُطُوْفِيُّ. قَالَ: قُرِئَ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ وَاَنَا اَسْمَعُ. حَدَّثَكُمْ شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ. ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِيْنٍ. ثنا قَتَادَةُ. عَنْ خُلَيْدِ بْنِ

Marfat.com

عَبْدِ اللهِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ اِلَّا بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يَقُوْلَانِ: اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ لِمُنْفِقٍ خَلَفًا، وَعَجِّلْ لِمُمْسِكٍ تَلَفًا"

ترجمہ: حضرت ابو درداء نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بھی سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کے پہلو میں دوفرشتے ہوتے ہیں جو یہ دعا کرتے ہیں۔اے اللہ! خرچ کرنے والے کو جلد بدلہ عطا کر اور روکنے والے (یعنی جو راہ خدا میں خرچ کرنے سے کتراتے ہیں ان کے مال) کو جلد تلف کردے۔

## بھوکے بھیڑیوں سے زیادہ نقصان کرنے والا شخص

811 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ الْبَزَّازُ، ثنا اَبُوْ عَمْرٍو، مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الْقَزْوِينِيُّ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَارِسِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ فِي زَرِيبَةِ غَنَمٍ بِاَسْرَعَ فِيهَا مِنْ حُبِّ الشَّرَفِ وَالْمَالِ فِي دِينِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ''

(معجم الاوسط (٦٢٧٩) شعب الایمان (٩٧٨٦))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوخونخوار بھوکے بھیڑیے جو بکریوں پر چھوڑ دیئے جائیں وہ اتنی زیادہ جلدی تباہی اور فساد نہیں مچاتے جتنا مال کی محبت، منصب کی محبت تیزی اور جلدی سے مسلمان کے دین میں سرایت کرتی ہے۔

812 وَاَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، نا اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الْقَزْوِينِيُّ مِنْ لَفْظِهِ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ السِّمْسَارُ، نا قُطْبَةُ بْنُ الْعَلَاءِ، نا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ فِي حَظِيرَةٍ وَثِيقَةٍ يَأْكُلَانِ وَيَفْرِسَانِ بِاَسْرَعَ فِيهَا مِنْ حُبِّ الشَّرَفِ وَحُبِّ الْمَالِ مِنْ دِينِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے جنہیں بندھی ہوئی بکریوں کے ریوڑ پر چھوڑ دیا جائے اور وہ دونوں انہیں کھائیں اور چیر پھاڑ کریں، تو وہ دونوں ان بکریوں کو

Marfat.com

اتنی تیزی سے نقصان نہیں پہنچاتے جتنی تیزی سے ظاہری عزت کی خواہش اور مال کی محبت' مسلمان شخص کے دین کو نقصان پہنچاتی ہے۔

## دین کی سمجھ بوجھ افضل ترین عبادت ہے

814 اَخْبَرَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَيْمُوْنِ النَّصِيبِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، ثنا اَبُوْ عَمْرٍو، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُعْدُبَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا عُبِدَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ اَفْضَلَ مِنْ فِقْهٍ فِي دِيْنٍ''

(معجم الاوسط (۶۱۶۶) سنن دارقطنی (۳۰۸۵) شعب الایمان (۱۵۸۳))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اللہ تعالیٰ کی جو بھی عبادت کی گئی ہے' وہ دین میں فقہ (سوجھ بوجھ) سے زیادہ افضل نہیں۔

وضاحت: دین کا علم حاصل کرنا سب سے افضل ترین عبادت ہے۔ طلب علم سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں۔ نفل نماز پڑھنے سے دین کا علم حاصل کرنا زیادہ افضل ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں کوئی عمل ایسا نہیں جس کا اجر صلہ رحمی سے جلدی ملتا ہو

815 اَخْبَرَنَا الْخَصِيبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا مِنْ شَيْءٍ اُطِيعَ اللّٰهُ فِيهِ بِاَعْجَلَ ثَوَابًا مِنْ صِلَةِ الرَّحِمِ، وَمَا مِنْ عَمَلٍ يُعْصَى اللّٰهُ فِيهِ بِاَعْجَلَ عُقُوبَةً مِنْ بَغْيٍ'' وَفِي حَدِيثٍ آخَرَ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ يَحْيَى

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اللہ کریم کی اطاعت میں کوئی عمل ایسا نہیں جس کا ثواب صلہ رحمی سے جلدی ملے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کوئی عمل ایسا نہیں جس کی سزا بغاوت سے جلدی ملے۔

نوٹ: مذکورہ حدیث پاک کا مفہوم بیان کیا گیا ہے۔ صلہ رحمی ایک ایسا عمل ہے' جس کا اجر اللہ کریم سب سے جلدی دیتا ہے اور بغاوت ایک ایسا عمل ہے' جس کی سزا اللہ تعالیٰ سب سے جلدی دیتا ہے۔

Marfat.com

جو اپنے اوپر سوال کا دروازہ کھولتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے

816 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْفَارِسِيُّ الشِّيرَازِيُّ، قَدِمَ عَلَيْنَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْفَتْحِ، اَبنا اَبُو الْحُسَيْنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ هَارُونَ ابْنِ اَخِي مِيمِيِّ الْحَافِظُ، ثنا اَبُو عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْبَرْدَعِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ اَبِي بَدْرٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا فَتَحَ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ فَاسْتَغْنُوا''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ نہیں کھولتا مگر اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے پس تم (مانگنے سے) بے نیازی اختیار کرو۔

صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا

817 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَبنا اَبُو الْفَرَجِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَهْرَيَارَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ رِيذَةَ اَبُو بَكْرٍ قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الدَّمِيرِيُّ، اَبنا زَكَرِيَّا بْنُ دُوَيْدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا نَقَصَ مَالٌ مِنْ صَدَقَةٍ، وَلَا عَفَا رَجُلٌ عَنْ مُظْلِمَةٍ اِلَّا زَادَهُ اللهُ بِهَا عِزًّا، فَاعْفُوا يُعِزُّكُمُ اللهُ، وَلَا فَتَحَ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ''، قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الثَّوْرِيِّ اِلَّا قَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ دُوَيْدٍ الْاَشْعَثِيُّ

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا اور آدمی زیادتی کو معاف نہیں کرتا مگر اللہ تعالیٰ اس کی عزت زیادہ کر دیتا ہے پس تم درگزر کرو، اللہ تعالیٰ تمہیں عزت عطا کرے گا اور آدمی اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ نہیں کھولتا مگر اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

Marfat.com

818 نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشِّيرَازِيُّ، نا الشَّيْخُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ رِزْقَوَيْهِ الْفَقِيهُ الْبَغْدَادِيُّ، بِالنُّعْمَانِيَّةِ قَالَ: قُرِئَ عَلَى اَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ لُؤْلُؤٍ فِي سَنَةِ خَمْسٍ وَسَبْعِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ اَنَّهُ سَمِعَ قِيلَ لَهُ: حَدَّثَكُمْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبَانَ السَّرَّاجُ، نا اَبُوْ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ قَاصِّ اَهْلِ فِلَسْطِينَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''ثَلَاثَةٌ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ اِنْ كُنْتُ الْحَالِفُ عَلَيْهِنَّ، مَا نَقَصَ مَالٌ مِنْ صَدَقَةٍ فَتَصَدَّقُوا، وَلَا يَعْفُوْ عَبْدٌ عَنْ مُظْلِمَةٍ يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَفْتَحُ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ''

ترجمہ: حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ کو بیان کرتے ہیں: کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: تین چیزیں ہیں، مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں اس بات پر قسم کھاتا ہوں۔ صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا پس تم صدقہ کیا کرو۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا چاہتے ہوئے ظالم کو معاف کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا درجہ بلند فرمادے گا۔ جو شخص اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے تو مگر اللہ تعالیٰ اس پر غربت کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

819 نا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الشِّيرَازِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْقَاسِمِ الْمُقْرِئُ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَافِظُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُبَيْشٍ، نا الْحُسَيْنُ بْنُ اَبِي الْاَحْوَصِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، نا عَمْرُوْ بْنُ مُجَمِّعٍ، نا يُوْنُسُ بْنُ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''ثَلَاثٌ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ، مَا نَقَصَ مَالٌ مِنْ صَدَقَةٍ فَتَصَدَّقُوا، وَلَا عَفَا رَجُلٌ عَنْ مُظْلِمَةٍ اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا، اعْفُوا يَزِدْكُمُ اللّٰهُ عِزًّا، وَلَا فَتَحَ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ، اَلَا اِنَّ الْعِفَّةَ خَيْرٌ'' قِيلَ: غَرِيبٌ، مِنْ حَدِيثِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِيهِ

ترجمہ: ابوسلمہ بن عبدالرحمان بن عوف نے اپنے والد سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ہیں، جن پر میں قسم کھاتا ہوں، صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا پس تم صدقہ کیا کرو اور جو شخص ظالم کو معاف کرتا ہے اللہ

Marfat.com

تعالیٰ اس کی عزت کو بڑھا دیتا ہے۔تم درگزر کیا کرو اللہ تعالیٰ تمہاری عزت بڑھا دے گا۔اور جو شخص اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر غربت کا دروازہ کھول دیتا ہے۔خبردار مانگنے سے بچنا بھلائی ہے۔

## گالی دینے والے کو جواب نہ دو

820 اَنَا عَلِيُّ بْنُ بَقَاءٍ الشُّرُوطِيُّ، لَفْظًا. اَنَا اَبُو الْفَتْحِ، مَنْصُورُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ النَّضْرُ بِقِرَاءَتِيْ عَلَيْهِ. نَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، نَا اَبُوْ بَكْرٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ الْبَغْدَادِيُّ، نَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَاضِيْ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: شَتَمَ رَجُلٌ اَبَا بَكْرٍ وَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ يَعْجَبُ وَيَتَبَسَّمُ، فَلَمَّا اَكْثَرَ رَدَّ عَلَيْهِ اَبُوْ بَكْرٍ بَعْضَ قَوْلِهِ، فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ، وَقَامَ اَبُوْ بَكْرٍ فَلَحِقَهُ، فَقَالَ لَهُ: ''كَانَ يَشْتُمُنِيْ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَاَنْتَ جَالِسٌ، فَلَمَّا رَدَدْتُ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهِ غَضِبْتَ وَقُمْتَ''. قَالَ: ''اِنَّهُ كَانَ مَعَكَ مَلَكٌ يَرُدُّ عَلَيْهِ، فَلَمَّا رَدَدْتَ عَلَيْهِ قَعَدَ الشَّيْطَانُ، فَلَمْ اَكُنْ لِاَقْعُدَ مَعَ الشَّيْطَانِ''

وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا اَبَا بَكْرٍ هُنَّ حَقٌّ تَعَلَّمْهُنَّ، مَا مِنْ عَبْدٍ ظُلِمَ مُظْلِمَةً فَيَغُضُّ عَنْهَا اِلَّا اَعَزَّ اللهُ فِيْهَا نَصْرَهُ، وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ عَطِيَّةٍ تَصْدِيْقًا وَصِلَةً اِلَّا زَادَهُ اللهُ بِهَا كَثْرَةً، وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ مَسْاَلَةٍ يُرِيْدُ بِهَا كَثْرَةً اِلَّا زَادَهُ اللهُ بِهَا قِلَّةً''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سب وشتم کیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تعجب اور تبسم فرمارہے تھے۔جب اس نے زیادہ سب وشتم کیا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس کی بعض باتوں کا جواب دیا۔تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوکر اٹھ کھڑے ہوئے۔تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اٹھ کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چمٹ گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص نے مجھے گالیاں دیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے۔پھر جب میں نے اس کا جواب دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضگی کا اظہار کیا اور اٹھ گئے۔(اس کی کیا وجہ ہے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری ساتھ ایک فرشتہ تھا جو اس کے سب وشتم کا جواب دے رہا تھا۔جب تو نے اس کا جواب دیا تو شیطان (درمیان) میں بیٹھ گیا تو میں شیطان کے ساتھ نہیں بیٹھ سکتا تھا۔

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! یہ باتیں حق ہیں تم ان باتوں کو سیکھ لو! ایک شخص پر ظلم کیا جاتا ہے اور وہ اس (ظالم) سے صرف نظر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو عزت عطا فرماتا اور اس کی مدد کرتا ہے۔ جو بھی شخص (اللہ تعالیٰ کے حکم کی وجہ سے ملنے والے اجر وثواب) کی تصدیق کرتے ہوئے اور صلہ رحمی کا خیال رکھتے ہوئے کوئی چیز عطیہ کرنے کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے مال میں اضافہ کر دیتا ہے اور جو شخص مال میں کثرت کے لئے (لوگوں سے) مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس (کے مال میں) کمی کا اضافہ کر دیتا ہے۔

821 نا عَلِيُّ بْنُ بَقَاءٍ، نا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عُمَرَ الصَّيْرَفِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُو الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، نا اَبُوْ خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُسْلِمٍ الْقَسْمَلِيُّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ”لَا يَفْتَحُ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ، يَأْخُذُ الرَّجُلُ حَبْلًا فَيَعْمِدُ اِلَى الْجَبَلِ فَيَحْتَطِبُ عَلَى ظَهْرِهِ، فَيَأْكُلُ بِهِ خَيْرٌ اَنْ يَسْاَلَ النَّاسَ مُعْطًى اَوْ مَمْنُوعًا“

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ نہیں کھولتا مگر اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ ایک شخص رسی لیتا ہے اور اس رسی سے لکڑیاں باندھ کر اپنی پیٹھ پر رکھنے کا ارادہ کرتا ہے تاکہ وہ (ان لکڑیوں کو فروخت کر کے روزی کمائے) اس سے کھائے یہ لوگوں سے سوال کرنے سے بہتر ہے کہ وہ اس کو دیں یا نہ دیں۔

822 وَاَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ الْمَوْصِلِيُّ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ حَرْبٍ الْاَنْمَاطِيُّ، نا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، نا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، نا اَبُوْ غَسَّانَ، حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ”لَا يَفْتَحُ اَحَدُكُمْ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ“

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ نہیں کھولتا مگر اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

## سرکش امیر ہی دنیا کا انتظار کرتا ہے

823 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَقِيهُ، ثنا اَبُو

Marfat.com

جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ حَرْبٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا مَعْمَرٌ، عَنْ مَنْ سَمِعَ الْمَقْبُرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا يَنْتَظِرُ اَحَدُكُمْ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا غِنًى مُطْغِيًا، اَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا، اَوْ مَرَضًا مُفْسِدًا، اَوْ هَرَمًا مُفَنِّدًا، اَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا، اَوِ الدَّجَّالَ، فَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ، اَوِ السَّاعَةَ، فَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ''۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک دنیا کا انتظار نہیں کرتا مگر سرکش امیر یا بھلا دینے والا فقر یا فاسد کر دینے والی بیماری یا مخبوط الحواس کر دینے والا بڑھاپا، جلد رخصت کرنے والی موت، یا دجال جو غائب شر ہے اور اس کا انتظار کیا جاتا ہے' یا قیامت اور قیامت تو بہت ہی سخت اور کڑوی ہے۔

وضاحت: ایک روایت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سات باتوں کے آنے سے پہلے نیک اعمال کرنے میں جلدی کرو۔ کیا تم بھلا دینے والے فقر کا انتظار کرتے ہو، یا سرکش کر دینے والی امیری یا فاسد کر دینے والی بیماری یا مخبوط الحواس کر دینے والا بڑھاپا، جلد رخصت کرنے والی موت، یا دجال جو غائب شر ہے اور اس کا انتظار کیا جاتا ہے یا قیامت اور قیامت تو بہت ہی سخت اور کڑوی ہے۔

824 وَاَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ الْبَرَكَاتِ الْعَرَبِيُّ، بِمِصْرَ، اَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيْدِ، اَنَا اَبُو عُثْمَانَ، سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْحَلَبِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي سَكِيْنَةَ، نا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا يَنْتَظِرُ اَحَدُكُمْ اِلَّا غِنًى مُطْغِيًا، اَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا، اَوْ هَرَمًا مُفْلِجًا، اَوْ مَرَضًا مُفْسِدًا، اَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا، اَوِ الدَّجَّالَ، فَشَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ اَوِ السَّاعَةَ، فَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی انتظار نہیں کرتا' سوائے سرکشی کرنے والے امیر کے، بھلا دینے والے فقر کے، مفلوج کر دینے والے بڑھاپے کے، فاسد کر دینے والی بیماری کے اور جلد رخصت کر دینے والی موت کے یا دجال کے جو ایک پوشیدہ شر ہے اس کا انتظار کیا جاتا ہے یا قیامت اور قیامت تو بہت ہی سخت اور کڑوی ہے۔

## مصائب مومن کے گناہوں کا کفارہ بن جاتے ہیں

825 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقَدَّمِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا

Marfat.com

اَبُو شَيْبَةَ دَاوُدُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا يُصِيبُ الْمُؤْمِنَ وَصَبٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا سَقَمٌ وَلَا اَذًى وَلَا حُزْنٌ حَتّٰى الْهَمَّ يَهُمُّهُ اِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهِ مِنْ خَطَايَاهُ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کو جو درد، تھکان، بیماری تکلیف، غم حتیٰ کہ جو رنج پہنچتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اس کی خطاؤں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔

826 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا حَمْدَانُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ، ثنا مُعَلَّى بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: ثنا وُهَيْبٌ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ، اَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا اِلَى الشَّامِ نَسْاَلُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: اَتَيْتُمُ الشَّامَ تَسْاَلُونَ، اَمَا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مَا تَزَالُ الْمَسْاَلَةُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا فِي وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ يَرْفَعُهُ: ''لَا تَزَالُ الْمَسْاَلَةُ بِاَحَدِكُمْ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَلَيْسَ فِي وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ''

(بخاری (۱۴۰۵) نسائی (۲۵۸۵) دارمی (۵۳۸) مسند احمد (۵۶۱۲،۴۶۳۸،۱۷۴۷۵) ابن حبان (۷۳۲۹) مستدرک للحاکم (۸۷۰۴) مسند ابی یعلی (۵۵۸۱) معجم الکبیر (۸۴۴،۸۳۴،۱۳۲۰۷)

ترجمہ: حمزہ بن عبداللہ نے کہا کہ ہم ملک شام کی طرف مانگنے کے لیے نکلے۔ جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: تم لوگ شام (لوگوں سے مالی امداد) مانگنے کے لئے گئے تھے۔ بے شک میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: (دوسرون سے) مانگنے والا اللہ تعالیٰ سے ایسی حالت میں ملاقات کرے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کا ایک بھی ٹکڑا نہیں ہوگا۔

مسلم نے ابوبکر بن ابوشیبہ سے، عبدالاعلیٰ بن عبدالاعلیٰ سے، معمر سے، عبداللہ بن مسلم سے جو زھری کے بھائی ہیں۔ حمزہ بن عبداللہ اپنے والد سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں: (دوسروں سے) مانگنے والا اللہ تعالیٰ سے ایسی حالت میں ملاقات کرے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کا ایک بھی ٹکڑا نہیں ہوگا۔

Marfat.com

## مؤمن ایک جگہ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا

827 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا زَمْعَةُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ''

(بخاری (۶۱۳۳) مسلم (۲۲۹۸) سنن ابی داؤد (۴۸۶۲) ابن ماجه (۳۹۸۲) مسند احمد (۵۹۶۴))

ترجمہ: ابن شہاب، سالم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

828 وَاَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْحَسَنِ الصَّوَّافُ، اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ الْاَنْطَاكِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، اَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ اَبِي مَعْشَرٍ الْحَرَّانِيُّ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، نا اِسْحَاقُ بْنُ يَزِيْدَ، وَالْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَاَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالُوْا: نا اَبُوْ نُعَيْمٍ، نا زَمْعَةُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ". . وَذَكَرَهُ، رَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ قُتَيْبَةَ بْنِ سَعْدٍ، نَا لَيْثٌ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ: ''لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ''

(بخاری (۶۱۳۳) مسلم (۲۲۹۸) سنن ابی داؤد (۴۸۶۲) ابن ماجه (۳۹۸۲) مسند احمد (۵۹۶۴))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع نقل کیا گیا ہے: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

## جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا' وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا

829 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ، اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَصْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا خَلِيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ بَكْرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ بْنَ مُسْلِمٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ زِيَادٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ، يَقُوْلُ: ''لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ''

(سنن ابی داؤد (۴۸۱۱) مسند ابی طیالسی (۲۶۱۳) مسند احمد (۷۹۴۴، ۹۰۳۴، ۱۰۳۷۷۹۳۹))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: اس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کیا جس نے لوگوں کو شکر ادا نہیں کیا۔

830 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الْعُطَارِدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ، عَنِ الْاَشْعَثَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ''

(سنن ابی داؤد (۴۸۱۱) مسند ابی طیالسی (۲۶۱۳) مسند احمد (۹۹۴۴، ۹۰۳۴، ۱۰۳۷۷۷۹۳۹))

ترجمہ: حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کرتا، جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا۔

## دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے اور نیکی سے زندگی زیادہ ہوتی ہے

831 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَيُّوبَ الْمَتُّوثِيُّ، ثنا الْقَاضِي اَبُوْ بَكْرٍ مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، يَعْنِي الْعُمَرِيَّ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ". . فَذَكَرَهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ جو کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں وہ کہتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔۔۔ پھر (راوی نے) اس کا ذکر کیا۔

832 اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ، اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَعْسَمُ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُرَيْشٍ، نا يَحْيَى بْنُ ضُرَيْسٍ، عَنْ اَبِي مَوْدُودٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ، وَلَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ''

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی زندگی میں اضافہ کرتی ہے اور دعا قضا (موت) کو لوٹا دیتی ہے۔

Marfat.com

833 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، نَا ابْنُ حُمَيْدٍ، نَا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ، نَا اَبُوْ مَوْدُودٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ، وَلَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ''

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی زندگی میں اضافہ کرتی ہے اور دعا قضا (موت) کو لوٹا دیتی ہے۔

## ٹھوکر کھانے سے بُردباری آتی ہے اور تجربہ سے حکمت

834 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ نَظِيفٍ الْفَرَّاءُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الصَّابُوْنِيُّ، اَبنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْجَارُوْدِ الْاَحْمَرِيُّ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا يَعْقُوْبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى، مَوْلَى الْعَبَّاسِ بْنِ مُحَمَّدٍ بِمَكَّةَ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنِ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا حَلِيْمَ اِلَّا ذُوْ عَثْرَةٍ، وَلَا حَكِيمَ اِلَّا ذُوْ تَجْرِبَةٍ''، قَالَ الصَّابُوْنِيُّ فِي حَدِيْثِهِ: اَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ۔

(سنن ترمذی (۲۰۳۳) مسند احمد (۱۱۶۶۱، ۱۱۰۵۶) الادب المفرد (۵۶۵) صحیح ابن حبان (۱۹۳))

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ ٹھوکر کھانے سے بُردبار ہوتا ہے اور تجربہ سے ہی حکیم بنتا ہے۔

صابونی نے اپنی حدیث میں کہا کہ ہمیں عبداللہ بن وھب نے خبر دی، عمرو بن حارث نے ہمیں خبر دی۔

835 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ، اَبنا اَبُوْ عَمْرٍو، عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَطْرُوْشِيُّ، ثنا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، اَبنا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ، بِاِسْنَادِهِ اَنَّ دَرَّاجًا اَبَا السَّمْحِ، حَدَّثَهُ وَوَافَقَهُ، اِلَى آخِرِ الْمَتْنِ قَالَ اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ قُتَيْبَةَ: قَالَ لِي بَعْضُ اَصْحَابِنَا: قَالَ لِي اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ اَيْشٍ كَتَبْتَ بِالشَّامِ؟ فَقُلْتُ لَهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ، فَقَالَ: لَوْ لَمْ تَكْتُبْ سِوَاهُ لَمْ تَذْهَبْ رِحْلَتُكَ

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوالعباس بن قتیبۃ نے بیان کیا کہ مجھے ہمارے بعض اصحاب نے کہا کہ امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے کہا کہ تو نے شام والوں کو کیا لکھا؟ تو میں نے عرض کیا کہ یہ حدیث۔ تو انہوں نے کہا اگر تو نے اس کے سوا کچھ نہیں لکھا تو تمہارا سفر ضائع نہیں کیا۔

## حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چند سوال

836 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقُهُسْتَانِيُّ، اَبنا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ حَسَّانَ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ حَسَّانَ الْجُدَيْلِيُّ الدَّمِيُّ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ مُطَيَّنٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: ثنا مُعَاوِيَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُطَيَّنٌ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الزَّيَّاتُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، اَنَّ عَلِيًّا، عَلَيْهِ السَّلَامُ سَاَلَ ابْنَهُ الْحَسَنَ عَنْ اَشْيَاءَ وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَا فَقْرَ اَشَدُّ مِنَ الْجَهْلِ، وَلَا مَالَ اَعْوَدُ مِنَ الْعَقْلِ، وَلَا وِحْدَةَ اَوْحَشُ مِنَ الْعُجْبِ، وَلَا مُظَاهَرَةَ اَوْثَقُ مِنَ الْمُشَاوَرَةِ، وَلَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ، وَلَا حُسْنَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ، وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ، وَلَا عِبَادَةَ كَالتَّفَكُّرِ، وَلَا اِيمَانَ كَالْحَيَاءِ وَالصَّبْرِ''

(معجم الکبیر (۲٦٨٨) حلیۃ الاولیاء ۲ ص ۳۵

ترجمہ: حارث سے روایت ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آپ کے بیٹے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کچھ چیزوں کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے کہا جواب دیا: نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جہالت سے بڑھ کر کوئی محتاجی نہیں، عقل سے زیادہ لوٹنے والا کوئی مال نہیں، خود بینی یا فخر وغرور سے زیادہ کوئی خوف ناک تنہائی نہیں۔ مشاورت سے زیادہ مضبوط ایک دوسرے کی کوئی مدد نہیں۔ عقل تدبیر کی طرح نہیں اور نہیں ہے کوئی حسن، حسن خلق کی طرح۔ اور نہیں ہے کوئی تقویٰ حرام کاموں سے رکنے کی طرح، تفکر کی طرح کوئی عبادت نہیں اور صبر اور حیا کی طرح کوئی ایمان نہیں۔

837 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ شَاذَانَ، نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى، نا اَبِي، عَنْ جَدِّيْ، عَنْ اَبِي اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''يَا اَبَا ذَرٍّ لَا

Marfat.com

عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ. وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ، وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ"

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر، نہیں ہے عقل، تدبیر کی طرح، (حرام کاموں سے) رکنے کی مثل کوئی تقویٰ نہیں اور حسن خلق کی طرح کوئی حسب نہیں۔

838 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ. نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: نا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَسْكَرِيُّ. نا عُزَارَةُ بْنُ عَبْدِ الدَّائِمِ. نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ حَيَّانَ. نا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ. نا اَبُوْ رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ. نا شُعْبَةُ. عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ. عَنِ الْحَارِثِ. عَنْ عَلِيٍّ. قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "لَا فَقْرَ اَشَدُّ مِنَ الْجَهْلِ، وَلَا مَالَ اَعْوَدُ مِنَ الْعَقْلِ. وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ، وَلَا عِبَادَةَ كَالتَّفَكُّرِ"

(معجم الکبیر (۲۶۸۸) حلیہ الاولیاء ج ۲ ص ۳۵

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جہالت سے بڑھ کر کوئی محتاجی نہیں اور عقل سے بڑھ کوئی مال نہیں جو لوٹنے والا ہو اور (حرام کاموں سے) رکنے کی مثل کوئی تقویٰ نہیں اور غور وفکر کی طرح کوئی عبادت نہیں ہے۔

839 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الطَّاهِرِ. مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ. اَبنا اَبُوْ الْحَسَنِ. عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَرْبِيُّ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ. ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ. ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ. عَنْ اَبِيْهِ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا يُتْمَ بَعْدَ حُلُمٍ"

(مسند البزار (۶۲۴۳)

ترجمہ: محمد بن منکدر نے اپنے والد سے روایت کیا۔ انہوں نے بیان کیا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلوغت کے بعد یتیمی نہیں ہوتی۔

## اسلام میں کوئی بندش نہیں

840 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ. شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمِنْهَالِ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ الرَّازِيُّ. ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الرُّعَيْنِيُّ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ. ثنا سُفْيَانُ. عَنْ اَبَانَ. عَنْ اَنَسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ: ''لَا عَقْدَ فِي الْإِسْلَامِ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں کوئی بندش نہیں۔

## اسلام میں دور جاہلیت کا کوئی عہد و پیمان نہیں

841 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَيْمُوْنِ النَّصِيبِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ، سَبَلَانَ، ثنا عَبَّادٌ، عَنْ شُعْبَةَ، ثنا مُغِيرَةُ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ شُعْبَةَ بْنِ التَّوْاَمِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ، وَمَا كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَتَمَسَّكُوا بِهِ''

(بخاری (۲۲۹۴) مسلم (۲۵۳۰، ۲۵۲۹) سنن ابی داؤد (۲۹۲۶، ۲۹۲۵) مسند ابی یعلی (۱۱۸۰)

ترجمہ: قیس بن عاصم سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام میں عہد و پیمان کی کوئی حیثیت نہیں، جو زمانہ جاہلیت میں تھے۔ پس تم اس کے ساتھ جڑے رہو۔

## اسلام میں نکاح اور حج ہے

842 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْفَقِيهُ الشَّافِعِيُّ، اَبنا هِشَامُ بْنُ اَبِي خَلِيفَةَ، اَبنا اَبُوْ جَعْفَرٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّحَاوِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْرَقُ، ثنا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ هُوَ ابْنُ اَبِي الْخُوَارِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا صَرُوْرَةَ فِي الْإِسْلَامِ'' قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّحَاوِيُّ: ''لَمْ نَجِدْ فِي هٰذَا الْبَابِ حَدِيثًا مُتَّصِلَ الْاِسْنَادِ اِلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيثِ''

(سنن ابی داؤد (۱۷۲۹) مسند احمد (۲۸۴۴، ۳۱۱۴) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۱۸۰)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام میں مجرد رہنے کی کوئی گنجائش نہیں۔

امام ابوجعفر طحاوی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: ہم سوائے اس حدیث کے اس باب میں یہ حدیث متصل سند کے ساتھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں پاتے ہیں۔

Marfat.com

843 اَنا ذُوْ النُّونِ بْنُ اَحْمَدَ، نا اَبُوْ الْقَاسِمِ، عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّقَطِيُّ، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، نا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا صَرُورَةَ فِي الْإِسْلَامِ''

(سنن ابی داؤد (۱۷۲۹) مسند احمد (۳۱۱۴، ۲۸۴۴) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۱۸۰))

ترجمہ: عکرمہ b نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام میں مجرد رہنے کی کوئی گنجائش نہیں۔

## فتح مکہ کے بعد کوئی ہجرت نہیں

844 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ، قَالَ: ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَبَّارُ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَاِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا''

(بخاری (۴۳۱۱، ۳۸۹۹) سنن ترمذی (۱۵۹۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۰۲) مصنف عبد الرزاق صنعانی (۱۸۶۶۲))

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتح مکہ کے بعد کوئی ہجرت نہیں لیکن جہاد اور نیت باقی ہیں اور جب تمہیں جہاد کے لیے بلایا جائے تو نکل پڑو۔

## میں اور میرے صحابہ اکٹھا کرنے والے ہیں

845 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، ثنا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوْقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى خَتَمَهَا قَالَ: ''اَنَا حَيِّزٌ وَاَصْحَابِي حَيِّزٌ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب یہ سورت نازل ہوئی (اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پڑھا حتیٰ کہ اس کو ختم کیا۔ پھر فرمایا: میں اکٹھا کرنے والا ہوں اور میرے صحابی بھی اکٹھا کرنے والے ہیں، فتح کے بعد کوئی ہجرت نہیں۔

Marfat.com

846 وَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، نا اَبُو الْوَلِيْدِ الْقُرَشِيُّ، نا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، اَنَا شَيْبَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَاِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا''

(بخاری (۳۸۹۹، ۴۳۱۱) سنن ترمذی (۱۵۹۰) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۰۲) مصنف عبدالرزاق صنعانی (۱۸۶۶۲)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتح مکہ کے بعد کوئی ہجرت نہیں لیکن جہاد اور نیت باقی ہے اور جب تمہیں جہاد کے لیے بلایا جائے تو نکل پڑو۔

847 وَاَنَا ابْنُ السِّمْسَارِ، نا اَبُوْ زَيْدٍ، اَنَا الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا الْبُخَارِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

اسی سند کے ساتھ یہ روایت منقول ہے

## جس میں امانت داری نہیں اس میں ایمان نہیں

848 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ الْبَزَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ بِشْرٍ، ثنا اَبُو الْفَضْلِ، جَعْفَرُ بْنُ عَامِرٍ الْبَزَّارُ، ثنا عَفَّانُ، ثنا حَمَّادٌ، ثنا مُغِيْرَةُ بْنُ زِيَادٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ، وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ''

(مسند احمد (۱۲۵۶۷، ۱۳۱۹۹) مسند ابو یعلی (۲۸۵۸)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہے ایمان اس شخص کا، جس کے لیے امانت نہیں اور اس شخص کا کوئی دین نہیں، جس کے لئے عہد نہ ہو۔

849 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا ابْنُ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ثنا اَبُوْ هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَلَّمَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ: ''لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ، وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ''

(مسند احمد (۱۲۵۶۷، ۱۳۱۹۹) مسند ابو یعلی (۲۸۵۸)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ میں ارشاد فرمایا: اس کا ایمان نہیں جس کے لئے امانت نہیں اور اس کا دین نہیں جس کا عہد نہیں۔

850 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَابْنُ اَبِي الْجَحِيمِ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ فَهْمٍ، قَالُوا: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نا اَبُوْ هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: مَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ: ''لَا اِيمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ''

(مسند احمد (۱۲۵٦۷، ۱۳۱۹۹) مسند ابو یعلی (۲۴۵۸)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ میں ارشاد فرمایا: اس کا ایمان نہیں جس کے لئے امانت نہیں۔

دم، درود کا فائدہ

851 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَبُوْ اُسَامَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُسَامَةَ الْكَلْبِيُّ، ثنا حَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ''

968 اَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ الْمُقْرِئُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّيْسَابُورِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، نا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، نا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، نا الْبَخْتَرِيُّ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ، وَاَبَا بُرْدَةَ يُحَدِّثَانِ عَنْ اَبِيهِمَا يَعْنِي اَبَا مُوسَى الْاَشْعَرِيَّ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَيْسَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ، جُعِلَ عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الْقَتْلُ وَالْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ''

(مسند احمد (۱۹۷۵۲، ۱۹۶۷۸) مسند رویانی (۵۰۵) معجم الاوسط (۴۰۵۵) شعب الایمان (۹۳۴۲))

ترجمہ: بختری بن مختار کہتے ہیں کہ میں نے ابوبکر اور ابو بردہ سے سنا اور یہ دونوں اپنے والد حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ امت، امت مرحومہ ہے۔ آخرت میں ان پر عذاب نہیں ہے۔ زلزلوں، فتنوں اور قتل ہونے کو دنیا میں ان کے لیے عذاب بنا دیا گیا ہے۔

969 وَاَنَاهُ اَبُو عَبْدِ اللهِ الْمُقْرِئُ اَنَا النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا الْبَزَّارُ، نا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، نا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، نا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اُمَّتِيْ اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَيْسَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ، اِنَّمَا عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ''

Marfat.com

(مسند احمد (۱۹۷۵۲، ۱۹۶۷۸) مسند رویانی (۵۰۵) معجم الاوسط (۴۰۵۵) شعب الایمان (۹۳۴۲))

ترجمہ: سعید بن ابو بردہ اپنے والد سے اور وہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میری امت، امت مرحومہ ہے۔ آخرت میں ان پر عذاب نہیں ہے۔ زلزلوں اور قتل ہونے کو دنیا میں ان کے لیے عذاب بنا دیا گیا ہے۔

970 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. اَنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ. مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعْدٍ، عَمْرَو بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ. مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ يَقُوْلُ: لَمَّا دَخَلْتُ بُخَارَى فَفِي اَوَّلِ مَجْلِسٍ حَضَرْتُ مَجْلِسَ الْاَمِيرِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَحْمَدَ فِي جَمَاعَةٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ. فَذَكَرْتُ فِي حَضْرَتِهِ اَحَادِيثَ. فَقَالَ الْاَمِيرُ: حَدَّثَنَا اَبِي. نا يَزِيْدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اُمَّتِيْ اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ. . .''. الْحَدِيثَ. فَقُلْتُ: اَيَّدَ اللهُ الْاَمِيرَ. مَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ اَنَسٌ وَلَا حُمَيْدٌ وَلَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُونَ. فَسَكَتَ وَقَالَ: فَكَيْفَ؟ قُلْتُ: هٰذَا حَدِيثُ اَبِي مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ. وَمَدَارُهُ عَلَيْهِ. فَلَمَّا قُمْنَا مِنَ الْمَجْلِسِ قَالَ اَبُوْ عَلِيٍّ صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ: يَا اَبَا بَكْرٍ جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا. فَاِنَّهُ قَدْ ذَكَرَ لَنَا هٰذَا الْاِسْنَادَ غَيْرَ مَرَّةٍ، وَلَمْ يَجْسُرْ وَاحِدٌ مِنَّا اَنْ يَرُدَّهُ عَلَيْهِ. قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ: اِنَّمَا اَرَادَ الْاَمِيرُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَحْمَدَ حَدِيثَ يَزِيْدَ بْنِ هَارُونَ عَنِ الْمَسْعُودِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوْسَى عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قُلْتُ وَحَدِيثُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرِ بْنِ الْفَضْلِ الْفَقِيهِ الَّذِي رُوِّينَاهُ يَنْتَهِي اِلَى حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ. وَهٰذَا حَدِيثٌ خَرَّجَهُ شَيْخُنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْغَنِيِّ فِي كِتَابٍ جَمَعَ فِيهِ الصَّحِيحَ مِنْ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ عَلَى شَرْطِ صَحِيحَيْ مُسْلِمٍ وَالْبُخَارِيِّ. فَاَمَّا حَدِيثُ الْمَسْعُودِيِّ فَقَدْ رُوِّينَاهُ مِنْ طَرِيقِ الْبَزَّارِ.

ترجمہ: عمرو بن محمد بن منصور کہتے ہیں کہ میں نے ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ کو کہتے ہوئے سنا کہ جب میں سب سے پہلے بخارا شہر میں داخل ہوا۔ تو میں امیر کی مجلس میں حاضر ہوا، تو امیر اسماعیل بن احمد اہل علم کی ایک جماعت میں تھے۔ میں نے ان کی موجودگی میں احادیث کا ذکر کیا، تو امیر نے کہا مجھے میرے والد نے یزید بن ہارون سے، حمید سے، ان کو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

''میری اُمت، اُمت مرحومہ ہے''۔

میں نے دعا کی، اللہ تعالیٰ امیر کی مدد فرمائے۔اس نے یہ حدیث انس، حمید، یزید بن ہارون سے روایت نہیں کی۔تو وہ خاموش ہو گئے اور کہا: کیسے؟ میں نے کہا کہ یہ حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہے اور اس پر ہی اس کا مدار ہے۔ جب ہم مجلس سے اٹھے تو ابوعلی صالح بن محمد بغدادی نے کہا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تجھے جزائے خیر دے اس نے کئی مرتبہ ہمارے سامنے یہ روایت اس سند کے ساتھ بیان کی لیکن ہم میں سے کسی کو یہ جرأت نہ ہوئی کہ وہ اس کی تردید کرے۔

## حسن عہد ایمان سے ہے

971 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْنُسَ، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''وَذَكَرَ حَدِيثًا، وَفِيْهِ اِنَّ حُسْنَ الْعَهْدِ مِنَ الْاِيْمَانِ''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور (پھر راوی نے) حدیث کا ذکر کیا جس میں (یہ الفاظ بھی) تھے۔''بے شک حسن عہد ایمان سے ہے''۔

## دوستی کا احترام کرنا ایمان سے ہے

972 وَاَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، اَنا اَبُوْ الطَّيِّبِ الْجُرَيْرِيُّ، اِجَازَةً، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوْخِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَمَانٍ الصَّنْعَانِيُّ، بِالرُّهَا، نا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ عَجُوزٌ تَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُسَرُّ بِهَا وَيُكْرِمُهَا، فَقُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، اِنَّكَ لَتَصْنَعُ بِهٰذِهِ الْعَجُوزِ شَيْئًا مَا تَصْنَعُهُ بِاَحَدٍ؟، قَالَ: ''اِنَّهَا كَانَتْ تَاْتِينَا عِنْدَ خَدِيجَةَ، اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ كَرَمَ الْوُدِّ مِنَ الْاِيْمَانِ''

(شعب الایمان (۸۷۰۰)

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک بڑھیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کرتی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بہت خوش ہوا کرتے تھے اور اس کی عزت کرتے تھے۔ میں نے عرض کیا: (یارسول اللہ!) میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہوں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بڑھیا کے ساتھ خاص سلوک کرتے ہیں جو دوسروں کے ساتھ نہیں کرتے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہمارے ہاں (بیوی) خدیجہ کے پاس

Marfat.com

آیا کرتی تھی (یعنی یہ ان کی سہیلی ہے)۔ کیا تم نہیں جانتی ہو؟ کہ دوستی کا احترام کرنا ایمان سے ہے۔

## اچھا گمان عبادت ہے

973 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمَالِكِيُّ. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. ثنا عَفَّانُ. ثنا حَمَّادٌ. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ. عَنْ شُتَيْرِ بْنِ نَهَارٍ. عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ''

(مسند احمد (۷۹۵۶، ۸۰۳۶) معجم ابن الاعرابی (۱۱۰۷))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک حسن ظن (اچھا گمان) حسن عبادت سے ہے۔

974 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ. نا اَبُو سَعِيدٍ. اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ. نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْحَجْمِ. نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ. اَنا صَدَقَةُ بْنُ مُوسٰى. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ. عَنْ شُتَيْرِ بْنِ نَهَارٍ. عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ''

(مسند احمد (۷۹۵۶، ۸۰۳۶) معجم ابن الاعرابی (۱۱۰۷))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک حسن ظن (اچھا گمان) حسن عبادت سے ہے۔

## علماءِ انبیاء کے وارث

975 اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ. مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ التَّمِيمِيُّ. اَبنا اَبُو بَكْرٍ. مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ. ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقِ بْنِ دِينَارٍ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ. عَنْ عَاصِمِ بْنِ رَجَاءٍ. عَنْ دَاوُدَ بْنِ جَمِيلٍ. عَنْ كَثِيرِ بْنِ قَيْسٍ. عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ. قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''اِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ''

(ترمذی (۲۶۸۲) ابن ماجه (۲۲۳) ابن حبان (۸۸))

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک علماءِ انبیاء کے وارث ہیں۔

Marfat.com

976 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْق. اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ. اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ. اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ. ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ. اَبنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ. عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ. عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ. عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الدِّينَ يُسْرٌ. وَلَنْ يُشَادَّ هٰذَا الدِّينَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهُ. فَسَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَاسْتَعِينُوا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ دین آسان ہے۔ جو شخص بھی اس میں سختی پیدا کرنے کی کوشش کرے گا یہ دین اس پر غالب آ جائے گا۔ تم لوگ ٹھیک رہو، میانہ روی اختیار کرو، صبح و شام اور رات کی تاریکی میں (نوافل ادا کر کے) مدد حاصل کرو۔

977 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ. اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ. اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ. مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوبَ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ. ثنا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ. ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ. عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادَ. عَنْ نَافِعٍ. عَنِ ابْنِ عُمَرَ. عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''. . وَذَكَرَ حَدِيثًا وَفِيْهِ'' اِنَّ دِيْنَ اللهِ الْحَنِيفِيَّةُ السَّمْحَةُ"

(معجم اوسط (۷۹۴) شعب الایمان (۲۵۳۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اور پھر راوی نے حدیث پاک کا ذکر کیا جس میں یہ تھا) بے شک اللہ تعالیٰ کا دین ہر باطل سے پاک ہے جس میں کوئی تنگی نہیں ہے۔

## صلہ رحمی ثواب میں بڑی نیکی ہے

978 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ. اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ. قَالَ: ثنا الْخَرَائِطِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ. ثنا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ. حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي اُوَيْسٍ. عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ. عَنِ ابْنِ عُلَاثَةَ. عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ. عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ. عَنْ اَبِي سَلَمَةَ. عَنْ اَبِيهِ. اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اَعْجَلَ الطَّاعَةِ ثَوَابًا صِلَةُ الرَّحِمِ''

(معجم اوسط (۱۰۹۲) شعب الایمان (۷۶۰۱) صحیح ابن حبان (۴۴۰)

ترجمہ: ان کو ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثواب کے اعتبار سے زیادہ جلدی

Marfat.com

والی اطاعت (قبول ہونے والی نیکی) صلہ رحمی ہے۔

## حکمت' شرافت کو زیادہ کرتی ہے

979 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ. اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْمُقْرِئُ. ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ. ثنا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَسَنٍ الْاَعْسَمُ. ثنا يُوْسُفُ بْنُ مُسْلِمٍ. ثنا عَمْرُو بْنُ حَمْزَةَ. ثنا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ. عَنِ الْحَسَنِ. عَنْ عَلِيٍّ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''وَذَكَرَ حَدِيثًا وَفِيْهِ'' اِنَّ الْحِكْمَةَ تَزِيْدُ الشَّرِيْفَ شَرَفًا"

(حلیۃ الاولیاء ج ۶ ص ۱۷۳ ۔ ترتیب الامالی الخمیسیۃ للشجری (۳۱۰))

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اور پھر راوی نے ایک حدیث کا ذکر کیا اور اس میں یہ الفاظ بھی تھے) بے شک حکمت' معزز آدمی کی عزت کو زیادہ کرتی ہے۔

## حلال کو حرام کرنے والے کی مثال

980 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ. هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْاَمِيْنُ. اَبنا الْمَيْمُوْنُ بْنُ حَمْزَةَ الْحُسَيْنِيُّ. اَبنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ الرَّافِقِيُّ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيُّ. ثنا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ. اَخْبَرَنِي عُثْمَانُ بْنُ مِكْتَلٍ. حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ. عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَارِيَةَ. عَنْ اَبِيْهِ. اَنَّهُ سَاَلَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ مُحَرِّمَ الْحَلَالِ كَمُحَلِّلِ الْحَرَامِ''

(معجم اوسط (۷۹۸۲) معجم کبیر طبرانی (۸۸۵۲) سنن کبریٰ بیہقی (۱۹۴۳۰))

ترجمہ: یحییٰ بن عباد بن جاریہ نے اپنے والد کے بارے میں نقل کیا ہے: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے سوال کیا: تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کو حرام کرنے والے کی مثال' حرام کو حلال کرنے والے کی طرح ہے۔

981 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ. اَنا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ. نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسٍ. نا اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسٰى. نا عَاصِمٌ. نا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي ذُبَابٍ. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ. عَنْ اَبِيْهِ. اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''مُحَرِّمُ الْحَلَالِ كَمُحَلِّلِ الْحَرَامِ''

Marfat.com

(معجم اوسط (۷۹۸۲) معجم کبیر طبرانی (۸۸۵۲) سنن کبریٰ بیہقی (۱۹۴۳۰)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم نے اپنے والد سے نقل کیا ہے: انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کو حرام کرنے والے کی مثال، حرام کو حلال کرنے والے کی طرح ہے۔

## مال اہل دنیا کا حساب ہے

982 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْفَارِسِيُّ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ. ثنا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ السَّمَّاكُ بِبَغْدَادَ. ثنا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ. ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ. ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ. ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بُرَيْدَةَ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اَحْسَابَ اَهْلِ الدُّنْيَا هٰذَا الْمَالُ''

(سنن نسائی (۳۲۲۵) مسند احمد (۲۲۹۹۰) شعب الایمان (۹۸۲۸) صحیح ابن حبان (۷۰۰)

ترجمہ: عبداللہ بن ابو بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک دنیا والوں کا حسب (یعنی شرافت، عزت) یہی مال ہے۔

## صاحب حق کو بات کرنے کا حق ہے

983 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَرَوِيُّ. ابنا اَبُوْ بَكْرٍ. مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوبَ بِجُرْجُرَايَا. ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْفَسَوِيُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ. ثنا اَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِيُّ. ثنا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ. ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ عَائِشَةَ. قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ: ''اِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا''

(بخاری (۲۶۰۹) مسلم (۱۶۰۱) مسند احمد (۹۸۸۰) شعب الایمان (۱۰۷۱۷)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (پھر راوی نے ایک طویل حدیث میں ذکر کیا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (جس کے کچھ الفاظ یہ ہیں) صاحب حق کو بات کرنے کا حق ہوتا ہے۔

984 وَاَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ. نا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ. اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ. اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ. نا

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، اَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَخَذَ سِنًّا، فَجَاءَ صَاحِبُهُ يَتَقَاضَاهُ، فَقَالُوا لَهُ، فَقَالَ: ''اِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا''، ثُمَّ قَاضَاهُ اَفْضَلَ مِنْ سِنِّهِ وَقَالَ: ''اَفْضَلُكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً''

(بخاری (۲۶۰۹) مسلم (۱۶۰۱) مسند احمد (۹۸۸۰) شعب الایمان (۱۰۷۱۷)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک (شخص سے بطور قرض) اونٹ لیا۔ اس شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر قرض کا تقاضا کرنا شروع کر دیا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اس کے لئے کہا یعنی (اس کے ساتھ سختی کرنی چاہی) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک صاحب حق کو بات کرنے کا حق ہوتا ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایسا اونٹ ادا کیا جو عمر میں اس کے اونٹ سے بہتر تھا اور فرمایا: تم لوگوں میں سے اچھا وہی ہے جو احسن طریقے پر (قرض کی) ادائیگی کرے۔

## حسن اخلاق کی فضیلت

985 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْجِيْزِيُّ، ثنا اَبِيْ، ثنا طَلْقُ بْنُ السَّمْحِ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّهُ مَرِضَ فَعَادَهُ بَعْضُ اِخْوَانِهِ، فَقَالَ لِجَارِيَتِهِ: يَا جَارِيَةُ هَلُمِّي لِاِخْوَانِنَا شَيْئًا وَلَوْ كِسْرًا فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ الْجَنَّةِ''

(معجم ابن الاعرابی (۶۳۶)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ بیمار ہو گئے تو ان کے کچھ بھائی ان کی عیادت کے لئے تشریف لائے تو آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی کنیز سے کہا: اے باندی، ہمارے بھائیوں کے لئے کوئی چیز (کھانے کے لئے) لاؤ اگرچہ وہ کسی چیز کا ٹکڑا ہی ہو۔ بے شک میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: مکارم اخلاق جنتیوں کے اعمال میں سے ہیں۔

986 اَخْبَرَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْكَشِّيُّ، وَكَانَ ذَا خُلُقٍ حَسَنٍ، اَبنا اَبُو الْعَبَّاسِ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسْتَغْفِرِيِّ بِحَدِيْثٍ حَسَنٍ، ثنا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ، ثنا اَبِي اَبُو الْحَسَنِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ، رَجُلٌ حَدِيْثُهُ حَسَنٌ ثنا الْحَسَنُ،

Marfat.com

عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَحْسَنَ الْحَسَنِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ'' اَلْحَسَنُ الْاَوَّلُ ابْنُ سَهْلٍ، وَالثَّانِي ابْنُ دِيْنَارٍ، وَالثَّالِثُ الْبَصْرِيُّ وَالرَّابِعُ ابْنُ عَلِيٍّ

ترجمہ: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک نیکیوں میں سب سے بہتر نیکی، حسن خلق ہے۔

مذکورہ بالا حدیث پاک کی سند میں حسن نام کے چار راویوں کا ذکر آیا ہے۔ پہلے حسن سے مراد حسن بن سہل ہے دوسرے سے مراد حسن بن دینار ہے تیسرے سے مراد حسن بصری ہے اور چوتھے سے مراد حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما ہیں۔

## قوم کا غلام ان کا فرد شمار ہوتا ہے

987 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الدُّوْلَابِيُّ، ثنا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا حَجَّاجٌ، اَخْبَرَنِي شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ''

(مسند احمد (۲۳۸۶۳) مسند الرومانی (۷۲۳) معجم کبیر طبرانی (۹۳۲)

ترجمہ: حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: قوم کا غلام انہی (قوم) میں سے شمار ہوتا ہے۔

988 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسٍ، نا اَحْمَدُ بْنُ جَوَّاسٍ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، نا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ''

(مسند احمد (۲۳۸۶۳) مسند الرومانی (۷۲۳) معجم کبیر طبرانی (۹۳۲)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: قوم کا غلام انہی (قوم) میں سے شمار ہوتا ہے۔

## جنت میں سیدھے سادے لوگوں کی کثرت ہوگی

989 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا يَحْيَى بْنُ الرَّبِيْعِ

Marfat.com

الْعَبْدِيُّ. اَبنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُمَوِيُّ. ثنا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ. ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ. ثنا عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَكْثَرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ الْبُلْهُ''

(شرح مشکل الآثار (۲۹۸۲) شعب الایمان (۱۳۰۴)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اہل جنت میں اکثریت سادہ لوگوں کی ہوگی۔

990 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ. اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِجَازَةً. اَبنا هِشَامُ بْنُ اَبِي خَلِيفَةَ. ثنا اَبُو جَعْفَرٍ الطَّحَاوِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْاَيْلِيُّ. اَبنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ. عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ. عَنِ ابْنِ شِهَابٍ. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ. اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اَكْثَرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ الْبُلْهُ

(شرح مشکل الآثار (۲۹۸۲) شعب الایمان (۱۳۰۴)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اہل جنت میں اکثریت سادہ لوگوں کی ہوگی۔

## جنت میں عورتوں کی تعداد کم ہوگی

991 اَخْبَرَنَا اَبُو مُسْلِمٍ. مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْبَغْدَادِيُّ الْكَاتِبُ. ثنا الْبَغَوِيُّ. ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ. ثنا شُعْبَةُ. عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ. قَالَ: سَمِعْتُ مُطَرِّفًا. يُحَدِّثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَقَلَّ سَاكِنِي الْجَنَّةِ النِّسَاءُ''

(مسلم (۲۷۳۸) مسند احمد (۱۹۸۳۷) صحیح ابن حبان (۷۴۵۷) معجم کبیر طبرانی (۲۶۲)

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک جنت میں عورتیں کم (تعداد میں) ہوں گی۔

## بندے کی حیثیت کے مطابق اس کی آزمائش کی جاتی ہے

992 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ. ثنا عَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ. ثنا الْحَسَنُ يَعْنِي ابْنَ اَحْمَدَ بْنِ فِيلٍ. ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ. ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ. عَنْ مُعَاوِيَةَ

Marfat.com

بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْمَعُوْنَةَ تَأْتِي الْعَبْدَ عَلَى قَدْرِ الْمُؤْنَةِ، وَاِنَّ الصَّبْرَ يَأْتِي الْعَبْدَ عَلَى قَدْرِ الْمُصِيبَةِ''

(مسند البزار (۸۸۷۸) شعب الایمان (۹۴۸۳))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بندہ کی مدد اس کی محنت ومشقت کے حساب سے کی جاتی ہے اور صبر بھی بندہ کی مصیبت کے حساب سے آتا ہے۔

وضاحت: بندہ جتنی محنت ومشقت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسی کے حساب سے اس کی مدد فرماتا ہے اور جس قدر بندہ کو مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسی حساب سے اللہ کریم بندہ کو صبر کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

## اپنے والد کے دوستوں کے ساتھ نیکی کرنا' سب سے بڑی نیکی ہے

993 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ اَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ''

(مسلم (۲۵۵۲) سنن ابی داؤد (۵۱۴۳) ترمذی (۱۹۰۳) مسند احمد (۵۷۲۱) الادب المفرد (۴۱))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: سب سے بہتر نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کے دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔

994 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْغَالِبِ الْبَغْدَادِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسَى الْقُرَشِيُّ، اَبنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْهَاشِمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ اَبِي الْوَلِيْدِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ اَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُوَلِّيَ الْاَبُ''، وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، نَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، نَا اَبِيْ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ جَمِيْعًا، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اُسَامَةَ بِاِسْنَادِهِ: ''اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةَ الرَّجُلِ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُوَلِّيَ''

Marfat.com

(مسلم (۲۵۵۲) سنن ابی داؤد (۵۱۴۳) ترمذی (۱۹۰۳) مسند احمد (۵۷۲۱) الادب المفرد (۴۱)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے بہتر نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کے دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے، باپ کے انتقال کے بعد۔

مسلم بن حجاج نے اسے روایت کیا، حسن بن علی حلوانی نے ہمیں خبردی، یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے ہمیں خبردی، میرے باپ نے خبردی۔ اور لیث بن سعد ان تمام نے ہمیں خبردی، حضرت یزید بن عبداللہ بن اسامہ نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا: ''نیکیوں میں سب سے بہتر نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کے دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے اس کے انتقال کے بعد''۔

## شیطان انسان کے جسم میں خون کی طرح گردش کرتا ہے

995 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءِ الْخَصِيبُ. ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ. ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْبَزَّازُ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ. ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ. عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ. عَنْ اَنَسٍ. اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِى مِنَ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ''

(بخاری (۱۷۱۷، ۱۹، ۶۲۱۹، ۱۸۱، ۲-۲۰۳۱) مسلم (۲۱۷۵، ۲۱۷۴) سنن ابی داؤد (۴۹۹۴، ۲۴۷۰، ۴۷۱۹) سنن ابن ماجہ (۱۷۷۹)

ترجمہ: ثابت بنانی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک شیطان انسان کے جسم میں خون کی طرح گردش کرتا ہے۔

## جس نے لوگوں کا شکر ادا کیا، اس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا

996 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ. ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْبَغْدَادِيُّ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الصُّوفِيُّ. ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَرِيكٍ الْعَامِرِيِّ. عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْعَانِيِّ. عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَشْكَرَ النَّاسِ لِلّٰهِ اَشْكَرُهُمْ لِلنَّاسِ''

(مسند ابن ابو شیبہ (۸۷۳) مسند احمد (۲۱۸۴۶)

ترجمہ: حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک لوگوں

Marfat.com

میں سب سے زیادہ اللہ کا شکر ادا کرنے والا وہ شخص ہے جو ان میں سے لوگوں کا زیادہ شکر ادا کرتا ہے۔

997 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمَالِكِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ هُوَ الصَّائِغُ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَرْمِيُّ، ثنا جُنَادَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَرِيْكٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَشْكَرَ النَّاسِ لِلّٰهِ اَشْكَرُهُمْ لِلنَّاسِ''

(مسند ابن ابو شیبہ (۸۷۳) مسند احمد (۲۱۸۴۶)

ترجمہ: حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک لوگوں میں سب سے زیادہ اللہ کا شکر ادا کرنے والا وہ شخص ہے جو ان میں سے لوگوں کا زیادہ شکر ادا کرتا ہے۔

998 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ اَبُو الْعَلَاءِ الْكُوْفِيُّ، نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَرِيْكٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَشْكَرَ النَّاسِ لِلّٰهِ اَشْكَرُهُمْ لِلنَّاسِ''

(مسند ابن ابو شیبہ (۸۷۳) مسند احمد (۲۱۸۴۶)

ترجمہ: حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک لوگوں میں سب سے زیادہ اللہ کا شکر ادا کرنے والا وہ شخص ہے جو ان میں سے لوگوں کا زیادہ شکر ادا کرتا ہے۔

## مال کو روکنا اور عطا کرنا دونوں فتنہ ہیں

999 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اِعْطَاءَ هٰذَا الْمَالِ فِتْنَةٌ، وَاِمْسَاكَهُ فِتْنَةٌ''

(الآحاد والمثانی لابن ابو عاصم (۲۹۱۰)

ترجمہ: مطرف سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک شخص نے حدیث بیان کی کہ

Marfat.com

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک مال کی عطا بھی فتنہ ہے اور اس کو روکنا بھی فتنہ ہے۔

## اس امت کا عذاب دنیا میں ہی رکھا گیا ہے

1000 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، اَبنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ فَجَعَلَ يُخْتَلِفُ اِلَيْهِ بِرُءُوْسِ الْخَوَارِجِ، كُلَّمَا جِيءَ بِرَأْسٍ قُلْتُ: اِلَى النَّارِ، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ، يَعْنِي الْخَطْمِيَّ: اَلَا تَعْلَمُ يَا ابْنَ اَخِي اَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ عَذَابَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ جُعِلَ فِي دُنْيَاهَا''

(مستدرک (۱۵۶) شعب الایمان (۹۳۴۱)

ترجمہ: ابو بردہ بیان کرتے ہیں: میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس بیٹھا ہوا تھا اتنے میں خوارج کے سرداروں کو لا یا گیا (یا قتل کے بعد ان کے سر لائے گئے) جب بھی کوئی سردار (یا ان کا سر) لا یا جاتا تو میں کہتا یہ بھی جہنم میں گیا۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن یزید یعنی خطمی نے کہا کہ اے میرے بھتیجے کیا تو نہیں جانتا کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک اس امت کا عذاب (سزا) اس کی دنیا میں ہی مقرر کر دی گئی ہے۔

## بندہ گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم ہوتا ہے

1001 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ السَّرَخْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عِيسٰى، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيبُهُ''

(مسند احمد (۲۲۳۸۶) مسند ابی یعلی موصلی (۲۸۲) صحیح ابن حبان (۸۷۲)

ترجمہ: عبداللہ بن ابو جعد نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک آدمی گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم کیا جاتا ہے۔ جو (گناہ) اس نے کیا ہوتا ہے۔

## اللہ کریم اپنے بندوں کی قسم پوری فرما دیتا ہے

1002 حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فِرَاسٍ، بِمَكَّةَ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا اَحْمَدُ

Marfat.com

بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَعْرُوْفُ بِبُكَيْرٍ الْحَدَّادِ، ثنا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَجِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنْ عَبَّادِ اللهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَاَبَرَّهُ''

( بخاری (۲۷۰۳،۲۸۰۶،۴۵۰۰،۴۶۱۱) مسلم (۱۶۷۵) سنن ابی داؤد (۴۵۹۵) سنن نسائی۔(۴۷۵۵، ۴۷۴۷،۴۷۵۶)سنن ابن ماجه(۲۶۴۹)مسند احمد(۱۲۳۰۲)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کے بندوں میں سے کچھ ایسے (بندے) ہیں اگر وہ اللہ تعالیٰ کے نام پر کسی کام کی قسم اٹھائیں تو وہ ضرور اسے پورا فرماتا ہے۔

1003 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ بْنُ السِّمْسَارِ، نا اَبُوْ زَيْدٍ، نا الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا الْبُخَارِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ، نا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

1004 وَاَنَا صِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، اَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَيُّوبَ، نا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكَجِّيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ، نا حُمَيْدٌ، نا اَنَسٌ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

## اللہ کے بندے لوگوں کو چہروں سے پہچان لیتے ہیں

1005 اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ الرَّازِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْاٰدَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، ثنا اَبُوْ بِشْرٍ الْمُزَلِّقُ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا يَعْرِفُوْنَ النَّاسَ بِالتَّوَسُّمِ''

(الطب النبوی لابی نعیم اصبہانی (۶۷)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کے کچھ ایسے بندے ہیں جو لوگوں کو ان کے چہروں سے پہچانتے ہیں۔

1006 وَاَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ صِلَةُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْبَغْدَادِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ الْقَزْوِيْنِيُّ بِمَكَّةَ،

Marfat.com

اَنَا اَبُوْ الْفَضْلِ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ. نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْمُخَرِّمِيُّ. بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ. وَقَالَ فِيْهِ عَنْ ثَابِتٍ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

## اللہ کے کچھ ایسے بندے ہیں جو لوگوں کی ضروریات کے لیے پیدا کیے گئے ہیں

1007 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُمَرَ. ثنا عَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ. ثنا اَبُوْ عِمْرَانَ مُوْسَى بْنُ الْقَاسِمِ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكَزْبَرَانِيُّ. ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي عَمْرٍو الْغِفَارِيُّ. مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ. ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنِ ابْنِ عُمَرَ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا خَلَقَهُمْ لِحَوَائِجِ النَّاسِ يَفْزَعُ النَّاسُ اِلَيْهِمْ فِي حَوَائِجِهِمْ. اُولٰئِكَ الْاٰمِنُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کے کچھ ایسے بندے ہیں، جن کو لوگوں کی ضروریات کے لئے پیدا کیا ہے لوگ اپنی ضروریات میں ان کی طرف پناہ لیتے ہیں۔ یہی لوگ قیامت کے دن امن پانے والے ہوں گے۔

1008 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ. اَنَا اَبُوْ الطَّيِّبِ الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَعْرُوْفُ بِاَبِي بَدْرٍ الشَّافِعِيِّ. نا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَزَّازُ. نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكَزْبَرَانِيُّ. نا عَبْدُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي عَمْرٍو الْغِفَارِيُّ. مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ. نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنِ ابْنِ عُمَرَ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا خَلَقَهُمْ لِحَوَائِجِ النَّاسِ. يَفْزَعُ النَّاسُ اِلَيْهِمْ. اُولٰئِكَ الْاٰمِنُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کے کچھ ایسے بندے ہیں جن کو لوگوں کی ضروریات کے لئے پیدا کیا ہے لوگ (اپنی ضروریات) میں ان کی طرف پناہ لیتے ہیں۔ یہی لوگ قیامت کے دن امن پانے والے ہوں گے۔

1009 حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْكِرَامِ. ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسٍ. ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ. ثنا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ اَبُوْ

Marfat.com

مِحْصَنٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ رَجُلًا فَسَبَقَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسُرَّ بِذَلِكَ الْمُسْلِمُونَ، ثُمَّ قَالَ الرَّجُلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعُودَ يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: نَعَمْ فَسَابَقَهُ فَسَبَقَهُ الرَّجُلُ، فَكَرِهَ ذَلِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَرِهَهُ اَصْحَابُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ حَقًّا عَلَى اللهِ اَنْ لَا يَرْتَفِعَ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا وَضَعَهُ''

بخاری (۶۵۰۱) سنن ابی داؤد (۴۸۰۳) سنن نسائی (۳۵۸۸) مسند احمد (۱۳۶۵۹۹، ۱۲۰۱۰) شعب الایمان (۱۰۰۲۹)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شخص سے دوڑ کا مقابلہ ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے سبقت لے گئے، تو مسلمانوں کو اس پر بہت خوشی ہوئی۔ پھر اس شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ (مقابلہ کرتے ہیں) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ پس مقابلہ ہوا تو وہ شخص سبقت لے گیا تو یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کو گراں گزری، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ وہ دنیا میں جس چیز کو بلند کرتا ہے، تو اس کو نیچا بھی کردے۔

## لکھ کر بھیجے ہوئے سلام کا جواب بھی ضروری ہے

1010 وَجَدْتُ بِخَطِّ شَيْخِنَا اَبِي مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْحَافِظِ قَالَ: ثنا اَبُو طَالِبٍ، يَعْنِي عَبْدَ اللهِ بْنَ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيَّ، ثنا اَبُو يَحْيَى، اَحْمَدُ بْنُ الْحُصَيْنِ الْفَسَوِيُّ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ لِجَوَابِ الْكِتَابِ حَقًّا كَرَدِّ السَّلَامِ'' قَالَ الشَّيْخُ: وَلَيْسَ بِالْقَوِيِّ، يَعْنِي اِسْنَادَهُ

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک خط کا جواب لازمی ہے سلام کے جواب کی طرح۔

شیخ نے کہا اس حدیث کی سند قوی نہیں ہے۔

Marfat.com

وضاحت: جب کوئی شخص کسی کو لکھ کر سلام بھیجتا ہے تو اس کا جواب اسی طرح ضروری ہے' جس طرح سلام کا جواب لازمی ہے۔

1011 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اُنَيْسٌ اَبُوْ عَمْرٍو الْمُسْتَمْلِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ فِي الْمَعَارِيْضِ لَمَنْدُوحَةً عَنِ الْكَذِبِ''

(مصنف ابن ابو شیبه (۲۶۰۹۶) الادب المفرد (۸۵۷) شعب الایمان (۴۴۵۸) سنن کبریٰ بیہقی (۲۰۸۴۳، ۲۰۸۴۲) معجم ابن اعرابی (۹۶۳)

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک معاریض (تعریضات) میں جھوٹ سے کشادگی اور فراخی ہوتی ہے۔

## بیٹا' باپ کی کمائی ہے

1012 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمِ بْنِ سَلَّامٍ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اَفْضَلَ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ، وَاِنَّ وَلَدَهُ مِنْ كَسْبِهِ''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک سب سے افضل چیز وہ ہے جو آدمی اپنی کمائی سے کھاتا ہے اور بے شک اس کا بیٹا بھی اس کی کمائی سے ہے۔

1013 وَحَدَّثَنِيْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، نا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

## حاجت مند کے لیے سوال کرنا جائز ہے

1014 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمُعَدِّلُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ بِشْرٍ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّوْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى هُوَ ابْنُ مَعِيْنٍ يَقُوْلُ: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، اَبنا مُجَالِدٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ:

Marfat.com

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ: ''اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِفَقْرٍ مُدْقِعٍ اَوْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ''

(ترمذی (۶۵۳) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۲۵۹) مسند ابن ابو شیبہ (۸۴۵) مصنف ابن ابو شیبہ (۱۰۶۸۳) مسند احمد (۱۲۱۳۴)

ترجمہ: حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا (اس کے بعد راوی نے ایک طویل حدیث ذکر کی جس میں یہ مذکور ہے:) بے شک سوال کرنا جائز نہیں ہے مگر ایسے فقیر کے لئے جو نہایت ذلت کو پہنچ چکا ہو یا بہت ضروری حاجت مند کے لئے۔

## علم کے ساتھ تھوڑا عمل بھی زیادہ ہوتا ہے

1015 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ، صَالِحُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ رِشْدِيْنَ اِجَازَةً. اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ. ثنا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَرْزُوْقٍ. ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ. ثنا اَبُوْ مَهْدِيٍّ. عَنْ اَبِي الزَّاهِرِيَّةِ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ. قَالَ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ فَقَالَ: ''الْعِلْمُ''. فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. اَسْاَلُكَ عَنِ الْعَمَلِ فَتُخْبِرُنِي بِالْعِلْمِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ قَلِيْلَ الْعَمَلِ مَعَ الْعِلْمِ كَثِيْرٌ، وَكَثِيْرُ الْعَمَلِ مَعَ الْجَهْلِ قَلِيْلٌ''

(جامع بیان العلم وفضلہ (۲۱۴)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے افضل عمل کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علم۔ اس شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے سب سے افضل عمل کے متعلق پوچھا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے علم کے متعلق خبر دی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک علم کے ساتھ تھوڑا عمل زیادہ ہوتا ہے اور جہالت کے ساتھ زیادہ عمل تھوڑا ہوتا ہے۔

1016 اَنَا بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ الْعَسْقَلَانِيُّ اِجَازَةً. حَدَّثَنِي اَبِي. نا اَبُوْ قِرْصَافَةَ. نا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ. نا بَقِيَّةُ. نا حُدَيْرٌ. مَوْلَى السِّمْطِ بْنِ ثَابِتٍ. نا اَبُوْ الزَّاهِرِيَّةِ. اَنَّ رَجُلًا. قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبِرْنِي بِاَفْضَلِ الْعَمَلِ. قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَلَيْكَ بِالْعِلْمِ'' فَقَالَ: اِنَّمَا اَسْاَلُكَ عَنْ اَفْضَلِ الْعَمَلِ. فَقَالَ

Marfat.com

لَهُ: ''عَلَيْكَ بِالْعِلْمِ. فَإِنَّ قَلِيلَ الْعَمَلِ مَعَ الْعِلْمِ كَثِيرٌ، وَإِنَّ كَثِيرَ الْعَمَلِ مَعَ الْجَهْلِ قَلِيلٌ'' وَأَخْبَرَنِي بِهِ أَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ

(جامع بیان العلم وفضلہ (۲۱۴)

ترجمہ: ابوہریرہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، مجھے سب سے افضل عمل کی خبر دیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا: تم علم کو لازم پکڑو۔ اس نے عرض کیا (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے آپ سے سب سے افضل عمل کے متعلق سوال پوچھا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دوبارہ فرمایا: تم علم کو لازم پکڑو۔ بے شک علم کے ساتھ تھوڑا عمل زیادہ ہوتا ہے اور بے شک زیادہ عمل جہالت کے ساتھ تھوڑا ہوتا ہے۔

## بندہ حسن اخلاق کی وجہ سے روزہ دار اور شب بیدار پر فضیلت لے جاتا ہے

1017 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّوْرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ الْعَبْدَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الَّذِي يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ''

(شعب الایمان (۷۶۳۴)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بندہ حسن اخلاق کی وجہ سے دن کو روزہ رکھنے والے روزہ دار اور رات کو قیام کرنے والے شب بیدار کا درجہ پالیتا ہے۔

## حیاء اسلام کا مخصوص اخلاق ہے

1018 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى الصَّدَفِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ لِكُلِّ دِينٍ خُلُقًا، وَإِنَّ خُلُقَ هٰذَا الدِّينِ الْحَيَاءُ''

(سنن ابن ماجہ (۴۱۸۲، ۴۱۸۱) مسند ابی یعلی موصلی (۳۵۷۳) معجم اوسط (۱۷۵۸) معجم صغیر طبرانی (۱۳) شعب الایمان (۷۳۱۸)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر دین کے لئے مخصوص اخلاق ہے اور اس دین (اسلام) کے لئے مخصوص اخلاق شرم وحیا ہے۔

1019 اَنا اَبُوْ مَطَرٍ، عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ خَرُوْفٍ، نا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، نا مَالِكٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ رُكَانَةَ، يَرْفَعُهُ وَفِيْهِ ''لِكُلِّ دِيْنٍ خُلُقٌ، وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَيَاءُ''

(سنن ابن ماجه (۴۱۸۲، ۴۱۸۱) مسند ابی یعلی موصلی (۳۵۷۳) معجم اوسط (۱۷۵۸) معجم صغیر طبرانی (۱۳) شعب الایمان (۷۳۱۸)

ترجمہ: یزید بن طلحہ بن رکانہ نے مرفوع حدیث کے طور پر روایت نقل کی ہے' جس میں یہ الفاظ بھی ہیں: ہر دین کے لیے مخصوص اخلاق ہے اور اسلام کا مخصوص اخلاق شرم وحیا ہے۔

1020 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّاهِدُ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ الْمَالِكِيِّ، اَنا اَبُوْ اَحْمَدَ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَفْصٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ثنا اَبُوْ الْمِقْدَامِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شَرَفًا، وَاِنَّ اَشْرَفَ الْمَجَالِسِ مَا اسْتُقْبِلَ بِهِ الْقِبْلَةَ''

(الادب لابن ابو شیبه (۲۸۱) مصنف ابن ابو شیبه (۲۵۹۳۷) مستدرک (۷۷۰۶)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کے لیے عظمت ہے۔ اور بے شک مجلس کی عظمت یہ ہے کہ وہ قبلہ رخ ہوں۔

1021 اَنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا اِبْرَاهِيْمُ يَعْنِي ابْنَ فِرَاسٍ، اَنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نا اَبُوْ عُبَيْدٍ، نا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّهُ قَالَ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شَرَفًا، وَاِنَّ اَشْرَفَ الْمَجْلِسِ مَا يُسْتَقْبَلُ بِهِ الْقِبْلَةُ، وَاِنَّمَا تَجَالَسُوْنَ بِالْاَمَانَةِ''

(الادب لابن ابو شیبه (۲۸۱) مصنف ابن ابو شیبه (۲۵۹۳۷) مستدرک (۷۷۰۶)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کے لیے عظمت ہے۔ اور بے شک مجلس کی عظمت یہ ہے کہ وہ قبلہ رخ ہوں اور تم لوگ امانت کے ساتھ ایک دوسرے

Marfat.com

کے ہمنشین ہوتے ہو (یعنی ہمنشینی کے دوران کی گفتگو امانت ہوتی ہے)

## مال اُمت کے لیے فتنہ ہے

1022 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُوْ طَاهِرٍ الْمَدِيْنِيُّ، اَبنا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَاِنَّ فِتْنَةَ اُمَّتِيَ الْمَالُ''

(ترمذی (۲۳۳۶) مسند احمد (۱۷۴۷۱) معجم اوسط (۳۲۹۵) شعب الایمان (۹۸۲۷)

ترجمہ: حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشا فرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ہر امت کے لیے ایک فتنہ ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔

1023 اَنا سَعْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّائِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْزَقِيُّ، نا سُفْيَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَرَوِيُّ، نا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، نا اَبُوْ صَالِحٍ، نا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ

حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

1024 وَاَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَنْمَاطِيُّ، نا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ، نا خَالِدٌ، نا الْمُفَضَّلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ فَائِدٍ اَبِي الْوَرْقَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةٌ وَفِتْنَةُ اُمَّتِيَ الْمَالُ''

(ترمذی (۲۳۳۶) مسند احمد (۱۷۴۷۱) معجم اوسط (۳۲۹۵) شعب الایمان (۹۸۲۷)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن ابو اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر امت کے لیے ایک (مخصوص) فتنہ ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان فرمایا: اے لوگو، تمہارے پاس موت آچکی ہے

1025 وَجَدْتُ بِخَطِّ شَيْخِنَا اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْغَنِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْحَافِظِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ

Marfat.com

الْحَسَنِ بْنِ إِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا رَبَاحٌ أَبُو الْمُهَاجِرِ الزَّاهِدُ، ثنا أَبُو يَحْيَى الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَبِي سُورَةَ ابْنِ أَخِي أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيْ بَابِ الْمَسْجِدِ، وَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ: ''يَا أَيُّهَا النَّاسُ، يَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ، جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا جَاءَ، جَاءَ بِالرَّوْحِ وَالرَّحْمَةِ وَالْكَرَّةِ الْمُبَارَكَةِ لِأَوْلِيَاءِ اللهِ مِنْ أَهْلِ دَارِ السُّرُورِ الَّذِينَ كَانَ سَعْيُهُمْ وَرَغْبَتُهُمْ فِيهَا، يَا أَيُّهَا النَّاسُ، يَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ، جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا جَاءَ، جَاءَ بِالْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ وَالْكَرَّةِ الْخَاسِرَةِ لِأَوْلِيَاءِ الشَّيْطَانِ مِنْ أَهْلِ دَارِ الْغُرُورِ الَّذِينَ كَانَ سَعْيُهُمْ وَرَغْبَتُهُمْ فِيهَا، أَلَا إِنَّ لِكُلِّ سَاعٍ غَايَةً، وَغَايَةُ كُلِّ سَاعٍ الْمَوْتُ''

(شعب الایمان (۱۰۰۸۵)

ترجمہ: حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو مسجد کی دونوں چوکھٹوں کو پکڑ کر دروازہ پر کھڑے ہوئے اور بلند آواز کے ساتھ آواز دی اور فرمایا: اے لوگو! اے اہل اسلام، تمہارے پاس موت آچکی ہے اپنے سامان کے ساتھ، آرام وراحت کو بھی ساتھ لائی ہے اور تکلیف وکراہت کو بھی ساتھ لائی ہے، وہ اللہ کے ولیوں کے لیے بابرکت ہے جو سکون والے گھروں میں سے ہیں جن کی کوشش اور رغبت اس دنیا میں اسی گھر کے لیے ہوتی تھی۔ اے لوگو، اے اہل اسلام، موت اپنے ساز وسامان کے ساتھ آچکی ہے، حسرۃ وندامت اور تکلیف ناکامی کو ساتھ لائی ہے شیطان کے دوستوں کے لئے جو اہل غرور کے گھروں والے ہیں۔ ان کی دنیا میں کوشش ورغبت اسی کے لئے ہوتی تھی۔ خبردار بے شک ہر دوڑنے والے کے لئے ایک حد اور انتہا ہے اور ہر کوشش کرنے والے کی حد کی انتہا موت ہے۔

## ہر عامل کے لیے ایک لالچ ہے

1026 أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الشَّافِعِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ أَبِي خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ الطَّحَاوِيُّ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا هُشَيْمٌ، ثنا حُصَيْنٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''... وَذَكَرَ حَدِيثًا وَفِيهِ'' إِنَّ لِكُلِّ عَامِلٍ شِرَّةً، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (ایک حدیث

Marfat.com

کا ذکر کیا اور اس میں یہ تھا) بے شک ہر عمل کرنے والے میں دلچسپی ہوتی ہے اور ہر دلچسپی میں رکاوٹ آ جاتی ہے۔

1027 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ الْجَوَالِيْقِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ضُرَيْسٍ، ثنا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتْ مَوْلَاةٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصُوْمُ الدَّهْرَ وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ، فَقِيْلَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ عَامِلٍ شِرَّةً، وَالشِّرَّةُ اِلَى فَتْرَةٍ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک خادمہ تھی جو دن کو ہمیشہ روزہ رکھتی اور رات کو قیام کرتی اس کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر عمل کرنے والے میں دلچسپی ہوتی ہے اور ہر دلچسپی میں رکاوٹ آ جاتی ہے۔

1028 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُنِيْرٍ، اَبنا اَبُوْ الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا عَمِّي اَبُوْ بَكْرٍ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا الْبُخَارِيُّ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُنِيْبٍ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، دَخَلَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَّكِئٌ، فَقَالَ: ''كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا مُعَاذُ؟'' قَالَ: اَصْبَحْتُ بِاللّٰهِ مُؤْمِنًا، قَالَ: ''اِنَّ لِكُلِّ قَوْلٍ مِصْدَاقًا، وَلِكُلِّ حَقٍّ حَقِيْقَةً''۔ اَلْحَدِيْثُ بِطُوْلِهِ

حلیۃ الاولیاء جلد ۱ ص ۲۴۲۔ ترتیب الامالی الخمیسیۃ (۱۳۴)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! تو نے صبح کس حال میں کی؟ انہوں نے عرض کیا: میں نے صبح اس حال میں کی کہ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ہر بات کا کوئی مصداق ہوتا ہے اور ہر حق کے لئے حقیقت ہوتی ہے۔ (اس کے بعد طویل حدیث ہے)

## اللہ کی چراگاہیں اس کی حرام کردہ چیزیں ہیں

1029 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا الْعُطَارِدِيُّ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ،

Marfat.com

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَاِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهُ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۲۰۳) معجم الکبیر طبرانی (۲۰) سنن کبریٰ ابیہقی (۱۰۴۰۰))

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر بادشاہ کی کچھ چراگاہیں ہوتی ہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اس کی حرام کردہ چیزیں ہیں۔

1030 وَاَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ، اَنَا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا اَبُوْ زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، يَقُوْلُ: وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ، وَفِيْهِ ''اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، اَلَا وَاِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهُ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۲۰۳) معجم الکبیر طبرانی (۲۰) سنن کبریٰ ابیہقی (۱۰۴۰۰))

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر بادشاہ کی کچھ چراگاہیں ہوتی ہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اس کی حرام کردہ چیزیں ہیں۔

## افطاری کے پہلے لقمہ پر یہ دعا پڑھیں

1031 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ الْاِسْفَرَايِيْنِيُّ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ لِكُلِّ صَائِمٍ دَعْوَةً، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُفْطِرَ فَلْيَقُلْ عِنْدَ اَوَّلِ لُقْمَةٍ: يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ اغْفِرْ لِي"

(ترتیب الامالی الخمیسیۃ (۱۵۸۴))

ترجمہ: حضرت حارث بن عبیدہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر روزہ دار کے لئے ایک دعا ہوتی ہے اور جب وہ روزہ افطار کرنے کا ارادہ کرے تو اس کو پہلے لقمہ پر یہ دعا پڑھنی چاہیے: يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ اغْفِرْ لِي" اے وسیع بخشش فرمانے والے، تو مجھ کو بخش دے۔

## روزہ عبادت کا دروازہ ہے

1032 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ الْاِسْفَرَايِيْنِيُّ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ ابْنُ اَبِي

Marfat.com

مَرْيَمَ الْغَسَّانِيُّ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ بَابًا، وَاِنَّ بَابَ الْعِبَادَةِ الصِّيَامُ''
(الزہد والرقائق لابن مبارک (۱۴۲۳)

ترجمہ: حضرت ضمرہ بن حبیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کے لئے دروازہ ہوتا ہے اور عبادت کا دروازہ روزہ ہے۔

## عارفین کے دل تقویٰ کا مرکز ہیں

1033 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ، مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَصْبَهَانِيُّ الزَّاهِدُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، ثنا وَثِيْمَةُ بْنُ مُوْسٰى، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنِ ابْنِ سَمْعَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ مَعْدِنًا، وَمَعْدِنُ التَّقْوٰى قُلُوْبُ الْعَارِفِيْنَ''

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کے لئے کوئی مرکز ہوتا ہے اور تقویٰ کا مرکز عارفین لوگوں کے دل ہیں۔

1034 وَاَنَا ذُو النُّوْنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، ثنا اَبُوْ الْفَضْلِ، اَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ بِمَكَّةَ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوْبَ الشَّامِيُّ، نا اَنَسُ بْنُ سُلَيْمٍ الْخَوْلَانِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءٍ، نا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ مَعْدِنًا، وَمَعْدِنُ التَّقْوٰى قُلُوْبُ الْعَارِفِيْنَ''

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کے لئے کوئی مرکز ہوتا ہے اور تقویٰ کا مرکز عارفین لوگوں کے دل ہیں۔

## سورہ یاسین کی فضلیت

1035 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ النَّحَّاسُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ هَارُوْنَ اَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ

Marfat.com

اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْبًا، وَاِنَّ قَلْبَ الْقُرْآنِ يس، فَمَنْ قَرَاَيس كُتِبَ لَهُ بِقِرَاءَتِهَا قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ عَشْرَ مِرَارٍ''

(ترمذی (۲۸۸۷) سنن دارمی (۳۴۵۹) مسند البزار (۹۳۱۳) ترتیب الامالی الخمیسیة للشجری (۴۷۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر چیز کا دل ہوتا اور قرآن کا دل (سورہ) یاسین ہے۔ پس جس نے سورہ یاسین کو پڑھا تو اس کے لئے دس مرتبہ قرآن پڑھنا لکھا جائے گا (یعنی دس مرتبہ قرآن پڑھنے کا اجر لکھا جائے گا۔)

1036 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، ثنا اَبُو الطَّيِّبِ، اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ اِجَازَةً، ابنا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنِي زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثنا شَبَابَةُ، ثنا مَخْلَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، وَعَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْبًا، وَاِنَّ قَلْبَ الْقُرْآنِ يس وَمَنْ قَرَاَيس وَهُوَ يُرِيدُ بِهَا اللهَ عَزَّ وَجَلَّ غَفَرَ اللهُ لَهُ، وَاُعْطِيَ مِنَ الْاَجْرِ كَاَنَّمَا قَرَاَ الْقُرْآنَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ مَرَّةً، وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ قُرِئَ عِنْدَهُ اِذَا نَزَلَ بِهِ مَلَكُ الْمَوْتِ سُورَةُ يس نَزَلَ بِكُلِّ حَرْفٍ مِنْ سُورَةِ يس عَشَرَةُ اَمْلَاكٍ يَقُومُونَ بَيْنَ يَدَيْهِ صُفُوفًا يُصَلُّونَ عَلَيْهِ، وَيَسْتَغْفِرُونَ لَهُ، وَيَشْهَدُونَ غُسْلَهُ، وَيُشَيِّعُونَ جِنَازَتَهُ، وَيُصَلُّونَ عَلَيْهِ، وَيَشْهَدُونَ دَفْنَهُ، وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ قَرَاَيس وَهُوَ فِي سَكَرَاتِ الْمَوْتِ لَمْ يَقْبِضْ مَلَكُ الْمَوْتِ رُوحَهُ حَتَّى يَجِيئَهُ رِضْوَانُ خَازِنُ الْجَنَّةِ بِشَرْبَةٍ مِنْ شَرَابِ الْجَنَّةِ فَيَشْرَبُهَا، وَهُوَ عَلَى فِرَاشِهِ، فَيَقْبِضُ مَلَكُ الْمَوْتِ رُوحَهُ وَهُوَ رَيَّانُ، فَيَمْكُثُ فِي قَبْرِهِ وَهُوَ رَيَّانُ، وَيُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ رَيَّانُ، وَلَا يَحْتَاجُ اِلَى حَوْضٍ مِنْ حِيَاضِ الْاَنْبِيَاءِ حَتَّى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ رَيَّانُ''

(ترمذی (۲۸۸۷) سنن دارمی (۳۴۵۹) مسند البزار (۹۳۱۳) ترتیب الامالی الخمیسیة للشجری (۴۷۷)

ترجمہ: حضرت ابو بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر چیز کا دل ہوتا ہے اور قرآن کا دل سورۃ یاسین ہے۔ جس نے اس کو اللہ کی رضا کے لئے تلاوت کیا اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کرے گا اور بارہ مرتبہ قرآن پڑھنے کا اجر عطا کیا جائے گا۔ جس مسلمان کے پاس سورہ یاسین کو پڑھا جائے جب ملک الموت آئے گا تو سورہ

Marfat.com

یاسین کے ہر حرف کے ساتھ دس فرشتے نازل ہوں گے جو صف بستہ اس کے سامنے کھڑے ہوں گے اس کے لئے رحمت کی دعا کریں گے اس کے لئے بخشش مانگیں گے اس کے غسل میں حاضر ہوں گے اس کے جنازہ کے ساتھ چلیں گے اس پر نماز جنازہ پڑھیں گے اس کے دفنانے میں شامل ہوں گے۔ اور جس مسلمان نے سکرات الموت کی حالت میں سورہ یاسین کو پڑھا تو ملک الموت اس وقت تک اس کی روح قبض نہیں کرے گا جب تک رضوان جنت کے خازن فرشتے جنت کا شربت اس کو پیش نہ کرلیں گے۔ پس وہ اس کو نوش کرے گا۔ حالانکہ وہ زمین پہ تھا۔ ملک الموت اس کی روح قبض کریں گے اس حال میں کہ وہ سیراب ہوگا۔ وہ اپنی قبر میں ٹھہرے گا اس حال میں کہ وہ سیراب ہوگا اور وہ قیامت کے دن اٹھایا جائے گا۔ اس حال میں کہ یہ سیراب ہوگا۔ اور وہ انبیا کرام علیہم السلام کے حوضوں میں سے کسی حوض کی طرف محتاج نہیں ہوگا۔ حتی کہ وہ جنت میں داخل ہوگا اس حال میں کہ وہ سیراب ہوگا۔

## ہر نبی نے اپنی دعا کرلی لیکن میں نے اپنی دعا پوشیدہ رکھی ہے

1037 اَخْبَرَنَا ذُوالنُّونِ بْنُ اَحْمَدَ الْاِخْمِيمِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ يَعْقُوبَ بْنِ مِقْسَمٍ، اِمْلَاءً بِبَغْدَادَ سَنَةَ خَمْسِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ قَالَ: قُرِئَ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ وَاَنَا حَاضِرٌ اَسْمَعُ قَالَ: ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى بْنُ صَفْوَانَ السُّلَمِيُّ ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً، وَاِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' رَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ اَبِي غَسَّانَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُثَنًّى وَابْنِ بَشَّارٍ. وَاللَّفْظُ لِاَبِي غَسَّانَ قَالُوا: نَا مُعَاذٌ يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ. نَا اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: . . وَذَكَرَهُ

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ہر نبی کے لئے ایک دعا ہے اور میں نے اپنی دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھا ہے۔

1038 اَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيقِيُّ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حُصَيْنٍ، نَا اَبُو جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَوْدِيُّ، نَا اَبِي، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوْ بِهَا فِي اُمَّتِهِ. وَاِنِّي جَعَلْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لئے ایک خاص دعا ہوتی ہے، وہ اپنی امت کے لیے دعا فرماتے ہیں اور میں نے اپنی دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھا ہے۔

1039 اَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ، صَالِحُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِيْنَ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْزُوْقٍ اَبُوْ الْحَسَنِ قَالَا: نا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اَحْمَدَ الصَّفَّارُ الْحِمْصِيُّ، نا مُوْسَى بْنُ عِيْسَى بْنِ الْمُنْذِرِ، نا اَبُوْ الْيَمَانِ، نا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً، وَاُرِيْدُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ اَنْ اَخْتَبِئَ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ مَرْزُوْقٍ ''لِكُلِّ نَبِيٍّ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لیے ایک خاص دعا ہے۔ پس میں نے ارادہ کیا کہ میں اپنی دعا آخرت میں اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھوں۔
ابن مرزوق کی روایت میں ہے "لِكُلِّ نَبِيٍّ"

1040 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ رُشَيْدٍ، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْقُرَشِيُّ، نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُوْ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ بْنِ اَسَدِ بْنِ خَارِجَةَ الثَّقَفِيُّ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِكَعْبِ الْاَحْبَارِ: اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوْ بِهَا، فَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اَخْتَبِئَ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ". فَقَالَ كَعْبٌ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَعَمْ

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کعب احبار سے کہا کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لئے ایک خاص دعا ہے، جس کے ساتھ انہوں نے دعا فرمائی اور میں چاہتا ہوں کہ میں یوم قیامت کے لئے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھوں۔ کعب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ہاں۔

1041 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، نا اَحْمَدُ بْنُ

Marfat.com

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُو بِهَا تُسْتَجَابُ لَهُ، وَأُرِيدُ أَنْ أَخْتَبِئَ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي فِي الْآخِرَةِ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لیے ایک خاص دعا ہوتی ہے جس کے ساتھ وہ دعا کرتے ہیں وہ دعا ان کے لئے قبول کی جاتی ہے۔ پس میں نے ارادہ کیا کہ میں اپنی دعا آخرت میں اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھوں۔

1042 أنا أَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، أنا الْقَاضِي أَبُو الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، نا مَنْصُورٌ، نا أَبُو أُوَيْسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ، فَأُرِيدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَخْتَبِئَ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لئے ایک خاص دعا ہوتی ہے۔ پس میں نے ارادہ کیا اگر اللہ نے چاہا تو میں نے اپنی دعا اپنی امت کی شفاعت کے لئے سنبھال کر رکھی ہے۔

1043 أنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، أنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، نا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، نا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً قَدْ دَعَا بِهَا فِي أُمَّتِهِ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لئے ایک خاص دعا ہے جس کے ساتھ انہوں نے اپنی امت کے لئے دعا فرمائی اور میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھا ہے۔

1044 أنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، نا نَصْرُ بْنُ أَحْمَدَ الْمُرَجَّى، بِالْمَوْصِلِ، نا أَبُو يَعْلَى، أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، نا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ دَعَا بِهَا، وَإِنِّي ادَّخَرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً

Marfat.com

لِاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لئے ایک خاص دعا ہوتی ہے جس کے ساتھ انہوں نے دعا فرمائی ہے اور میں نے قیامت کے دن کے لئے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھا

1045 التَّجِیْبِیُّ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَامِیْ، نا یُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَی، نا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لِكُلِّ نَبِیٍّ دَعْوَةٌ، وَاُرِیْدُ اَنْ اَخْتَبِیَٔ دَعْوَتِیْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ شَفَاعَةً لِاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ''

(مسند احمد (۱۵۲۶۳، ۱۴۱۱۱، ۱۳۹۳۲، ۱۳۲۸۱، ۱۳۱۷۰، ۱۲۳۷۶، ۹۵۵۳، ۹۵۰۴) مسند ابی یعلی موصلی (۳۲۳۳، ۳۰۹۷، ۳۰۲۲، ۲۹۷۰، ۲۸۴۲) شعب الایمان (۶۹۴۶)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے لیے (ایک خاص) دعا ہے اور میں نے چاہا کہ میں اپنی مخصوص دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لئے سنبھال کر رکھ لوں اگر اللہ نے چاہا۔

1046 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِیْبِیُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیْدٍ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا شَرِیْكٌ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَی خَبَّابٍ نَعُوْدُهُ وَفِیْ بَیْتِهِ حَائِطٌ یُبْنَی، فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: ''اِنَّ الْمُؤْمِنَ یُؤْجَرُ فِیْ نَفَقَتِهِ كُلِّهَا، اِلَّا شَیْئًا جَعَلَهُ فِی التُّرَابِ اَوِ الْبِنَاءِ''

(مسند البزار (۲۱۲۱) مسند للشاشی (۱۰۰۳)

ترجمہ: حارثہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کی عیادت کے لیے اور ان کے گھر میں دیوار تعمیر ہو رہی تھی تو وہ کہتے ہیں میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک مؤمن کو ہر چیز خرچ کرنے کا اجر دیا جاتا ہے مگر ایسی چیز (کا نہیں دیا جاتا) جس کو وہ مٹی یا عمارت میں لگا دے۔

1047 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْكِنْدِیُّ، نا یَعْقُوْبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ الْمُقْرِیُٔ، نا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، نا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَرَی

Marfat.com

فِي الشِّعْرِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُجَاهِدُ بِسَيْفِهِ وَلِسَانِهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَكَاَنَّمَا يَنْضَحُوْنَهُمْ بِالنَّبْلِ''

(معجم الاوسط (٦٦٩))

ترجمہ: عبدالرحمان بن کعب بن مالک نے اپنے والد سے روایت کیا کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، شعر کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک مؤمن اپنی زبان اور تلوار کے ساتھ جہاد کرتا رہتا ہے اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، گویا کہ وہ (مؤمن، شاعری کے ذریعے) دشمنوں پر تیروں کی بارش کرتے ہیں۔

## حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے

1048 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا اَبُوْ سَهْلٍ، مَحْمُوْدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ جَعْفَرٍ الْعُكْبُرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَفْصَةَ اَبُوْ حَفْصٍ الْخَطِيْبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ الْمُسْتَهِلِّ، بِحَلَبَ، ثَنِي الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْحَسَدَ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے، جس طرح آگ خشک لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

1049 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ، وَذُوْ النُّوْنِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا: نا الْعَسْكَرِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ، نا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ، نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، نا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ اَبِي عِيسَى الْحَنَّاطِ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْحَسَدَ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے، جس طرح آگ خشک لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

## تقویٰ اور حسن اخلاق کی وجہ سے لوگ جنت میں داخل ہوں گے

1050 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ يَزِيْدَ الْاَوْدِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي،

Marfat.com

يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ. يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''تَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ؟'' قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ. قَالَ: ''فَاِنَّ اَكْثَرَ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ الْاَجْوَفَانِ الْفَمُ وَالْفَرْجُ. تَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ؟'' قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ. قَالَ: ''فَاِنَّ اَكْثَرَ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَى اللّٰهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم جانتے ہو۔ کیا چیز لوگوں کو کثرت سے جہنم میں داخل کرے گی؟ لوگوں (صحابہ کرام) نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ تر لوگ دو چیزوں، منہ اور شرم گاہ کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوں گے۔ پھر فرمایا: کیا تم جانتے ہو جو چیز لوگوں کو کثرت سے جنت میں داخل کرے گی۔ عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا: جو چیز لوگوں کو جنت میں داخل کرے گی ان میں کثرت اللہ تعالیٰ کے تقویٰ اور اچھے اخلاق کی ہوگی۔

## اسلام غریبوں سے شروع ہوا تھا اور غرباء میں ہی پلٹے گا

1051 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ. ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الصَّدَفِيُّ. ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ. اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ الْبَصْرِيُّ الْحِنَّائِيُّ. ثنا الْحَسَنُ بْنُ الْمُثَنّٰى. قَالَ: ثنا عَفَّانُ. ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ. ثنا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الدِّيْنَ بَدَاَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَاَ. فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ''

(ترمذی (۲۶۳۰) مسند احمد (۹۰۵۴) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۶۷) معجم الاوسط (۲۷۷۴))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام غربت (غریب الوطنی) کی حالت میں شروع ہوا اور غربت ہی کی حالت میں لوٹ جائے گا جس طرح شروع ہوا تھا تو غرباء (یعنی غریب الوطنی لوگوں) کے لئے خوشخبری ہو۔

1052 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْمَاطِيُّ. نا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَابِرٍ. نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ. نا يَحْيَى. حَدَّثَنِيْ اَخِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ. عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْحُنَيْنِيِّ. عَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ. عَنْ اَبِيْهِ. عَنْ جَدِّهِ.

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الدِّيْنَ بَدَاَ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ كَمَا بَدَاَ غَرِيْبًا، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ''. فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنِ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: ''اَلَّذِيْنَ يُحْيُوْنَ سُنَّتِيْ وَيُعَلِّمُوْنَهَا عِبَادَ اللّٰهِ''

(ترمذی (۲۶۳۰) مسند احمد (۹۰۵۴) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۶۷) معجم الاوسط (۲۷۷۷)

ترجمہ: کثیر بن عبداللہ مزنی نے اپنے والد سے انہیں ان کے دادا نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک دین غربت (غریب الوطنی) کی حالت میں شروع ہوا اور عنقریب غربت کی طرف لوٹ جائے گا جس طرح یہ شروع ہوا تھا۔ پس غرباء (یعنی غریب الوطن لوگوں) کے لئے خوشخبری ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غرباء کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: وہ لوگ جو میری سنت کو زندہ کرتے ہیں اور اس کی اللہ کے بندوں کو تعلیم دیتے ہیں۔

1053 اَنَا الْحَسَنُ بْنُ فِرَاسٍ الْمَكِّيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَكِّيُّ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نَا زَكَرِيَّا بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا الْحُنَيْنِيُّ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ كَمَا بَدَاَ، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ''. قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَنِ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: ''اَلَّذِيْنَ يُحْيُوْنَ سُنَّتِيْ وَيُعَلِّمُوْنَهَا عِبَادَ اللّٰهِ''

(مسلم (۱۴۶) ترمذی (۲۶۲۹) ابن ماجہ (۳۹۸۷،۳۹۲۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۶۹) مسند احمد (۳۷۸۴)

ترجمہ: کثیر بن عبداللہ نے اپنے والد سے نقل کیا ہے: انہیں ان کے دادا نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اسلام غربت کی حالت میں شروع ہوا اور عنقریب غربت کی طرف لوٹ جائے گا جس طرح یہ شروع ہوا تھا۔ پس غرباء کے لئے خوشخبری ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غرباء کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: وہ لوگ جو میری سنت کو زندہ کرتے ہیں اور اس کی اللہ کے بندوں کو تعلیم دیتے ہیں۔

1054 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْحَسَنِ الْهَاشِمِيُّ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا ابْنُ قُدَامَةَ، نَا جَرِيْرٌ، وَلَيْثٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بَدَاَ الْاِسْلَامُ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَاَ، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ''

(مسلم (۱۴۶) ترمذی (۲۶۲۹) ابن ماجہ (۳۹۸۷،۳۹۲۸) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۶۹) مسند احمد (۳۷۸۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام غربت کی حالت میں شروع ہوا تھا اور عنقریب غربت کی حالت میں لوٹ جائے جس طرح یہ شروع ہوا تھا۔ پس غرباء کے لئے خوشخبری ہے۔

Marfat.com

1055 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَهْرِيَارَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رِيذَةَ، قَالَا: نا الطَّبَرَانِيُّ، نا اُسَامَةُ بْنُ اَحْمَدَ التُّجِيْبِيُّ الْمِصْرِيُّ، اَنا اَبُوْ الطَّاهِرِ، اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، اَنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ الصَّوَّافُ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَاَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ''، قِيلَ: وَمَنِ الْغُرَبَاءُ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: ''الَّذِينَ يَصْلُحُونَ اِذَا فَسَدَ النَّاسُ''

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اسلام غربت کی حالت میں شروع ہوا اور عنقریب غربت کی طرف لوٹ جائے گا جس طرح شروع ہوا تھا۔ پس غربا کے لئے خوشخبری ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غرباء کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ جو اس وقت ٹھیک رہتے ہیں، جب لوگ فساد کرتے ہیں۔

## عالم دین کے علاوہ فتنہ سب کو تباہ کرے گا

1056 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَبُوْ حَاتِمٍ اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ الْفَضْلِ الْاُبُلِّيُّ، ثنا عَطِيَّةُ بْنُ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيدِ، ثنا اَبِي، قَالَ: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَدْهَمَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْفِتْنَةَ تَجِيءُ فَتَنْسِفُ الْعِبَادَ نَسْفًا، فَيَنْجُو الْعَالِمُ مِنْهَا بِعِلْمِهِ''

(حلیہ الاولیاء جلد ۸ ص ۴۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک فتنہ جب آتا ہے تو وہ بندوں کو ملیامیٹ کر دیتا ہے۔ پس عالم لوگ اپنے علم کی بدولت اس فتنہ سے بچ جائیں گے۔

1057 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دُوْسْتَ النَّيْسَابُوْرِيُّ لَقِيتُهُ بِالْقُسْطَنْطِينِيَّةِ ثنا اَبُوْ زُرْعَةَ، مُحَمَّدُ بْنُ الْجُرْجَانِيِّ بِمَكَّةَ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ الصَّرِيفِينِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْعَيْنَ لَتُدْخِلُ الرَّجُلَ الْقَبْرَ، وَتُدْخِلُ الْجَمَلَ الْقِدْرَ''

Marfat.com

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک نظر بد بندہ کو قبر میں دھکیل دیتی ہے اور اونٹ کو ہنڈیا میں داخل کر دیتی ہے۔

1058 اَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، نَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ يَعْنِي الْبَغَوِيَّ، نَا شُعَيْبٌ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

شعیب نے ہمیں اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا۔

1059 وَاَنَا ذُو النُّوْنِ بْنُ اَحْمَدَ الْعَطَّارُ، نَا اَبُو الْفَضْلِ، اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ، نَا اَبُو الْفَضْلِ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بِنِيرَةَ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي عَلِيٍّ اللَّهَبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ اِنَّ الْعَيْنَ لَتُدْخِلُ الْمَرْءَ الْقَبْرَ وَالْجَمَلَ الْقِدْرَ''

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ بے شک نظر بد بندہ کو قبر میں دھکیل دیتی ہے اور اونٹ کو ہنڈیا میں داخل کر دیتی ہے۔

## تکبر سے کپڑے لٹکانے والے کے لیے وعید

1060 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ، مُنِيْرُ بْنُ اَحْمَدَ الْخَلَّالُ قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الَّذِي يَجُرُّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' وَفِي حَدِيْثِ اَبِي مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

(مسلم (۲۰۸۵) سنن نسائی (۵۳۲۷) سنن ابن ماجہ (۳۵۶۹) مسند احمد (۵۷۷۶، ۵۴۳۹، ۴۴۸۹))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک جو شخص غرور کے ساتھ اپنے کپڑے کو لٹکائے گا قیامت کے دن اللہ کریم اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

1061 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْبَغْدَادِيُّ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ

Marfat.com

اِسْحَاقَ الْقَاضِیُ، نا سُلَیْمَانُ، نا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ اَیُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الَّذِی یَجُرُّ ثَوْبَهٗ مِنَ الْخُیَلَاءِ لَا یَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ'' مُخْتَصَرٌ

(مسلم (۲۰۸۵) سنن نسائی (۵۳۲۷) سنن ابن ماجه (۳۵۶۹) مسند احمد (۵۷۷۶، ۵۴۳۹، ۴۴۸۹)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک جو شخص غرور کے ساتھ اپنے کپڑے کو لٹکائے گا قیامت کے دن اللہ کریم اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

1062 وَاَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَعَافِرِیُّ، اَنَا اَبُوْ عَلِیِّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ الْمُطَرِّزُ، نا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِیُّ، نا مُحَمَّدٌ، هُوَ ابْنُ رُمْحٍ، اَنَا اللَّیْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ: ''اِنَّ الَّذِی یَجُرُّ ثَوْبَهٗ مِنَ الْخُیَلَاءِ لَا یَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ''

(مسلم (۲۰۸۵) سنن نسائی (۵۳۲۷) سنن ابن ماجه (۳۵۶۹) مسند احمد (۵۷۷۶، ۵۴۳۹، ۴۴۸۹)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک جو شخص غرور کے ساتھ اپنے کپڑے کو لٹکائے گا' قیامت کے دن اللہ کریم اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

## اللہ تعالیٰ معاملات میں نرمی کو پسند کرتا ہے

1063 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِیِّ الْبَغْدَادِیُّ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَحْیَی الْاَصْبَهَانِیُّ، بِالْاِسْكَنْدَرِیَّةِ، ثنا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، اِمَامُ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ بِاَصْبَهَانَ، ثنا اَبُوْ مُصْعَبٍ، ثنا مَالِكٌ، ثنا الْاَوْزَاعِیُّ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الرِّفْقَ فِی الْاَمْرِ كُلِّهٖ''

(بخاری (۶۳۹۵، ۶۰۲۴) مسلم (۲۱۶۵) ترمذی (۲۷۰۱) الادب المفرد (۴۶۲) مسند ابی یعلی (۴۴۲۱)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم تمام معاملات میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔

1064 اَنَا اَبُوْ عَلِیِّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الصَّبَّاغِ الْفَقِیْهِ، ثنا اَبُوْ عَمْرٍو، اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ الضَّحَّاكُ الْهِلَالِیُّ، نا یَحْیَی بْنُ عُثْمَانَ،

Marfat.com

نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، نا سَلَمَةُ بْنُ الْعَيَّارِ، نا مَالِكٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے

1065 وَأَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعِيدِ الْحَوْفِيُّ، نا أَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبِ النَّسَائِيُّ، نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَهْطًا مِنَ الْيَهُودِ دَخَلُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَاقَتِ الْحَدِيثَ، وَقَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ یہود کی ایک بڑی جماعت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی (اس کے بعد راوی نے پوری حدیث نقل کی ہے' جس کے آخر میں یہ ہے) اُم المومنین فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ کریم ہر معاملہ میں نرمی کو پسند فرماتا ہے۔

1066 أَنَا أَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَهْضَمٍ بِمَكَّةَ، نا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقَطَّانُ، نا أَبُو حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، نا أَبُو مُسْهِرٍ عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ مُسْهِرٍ، نا مَالِكٌ، نا الْأَوْزَاعِيُّ، يَأْثُرُهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ، حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ، نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

(بخاری (۶۹۲۷، ۶۳۹۵، ۶۰۲۴) مسلم (۲۱۶۵) ترمذی (۲۷۰۱) الادب المفرد (۴۶۲) مسند ابی یعلی (۴۴۲۱))

ترجمہ: ابن شہاب سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم تمام معاملات میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے

1067 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى بْنِ السِّمْسَارِ بِدِمَشْقَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي دُجَانَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَوْرَانِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللّٰهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ

Marfat.com

وَيُحِبُّ أَنْ يَرَى نِعْمَتَهُ عَلَى عَبْدِهِ، وَيُبْغِضُ الْبُؤْسَ وَالتَّبَاؤُسَ''
(مسند ابی یعلیٰ (۱۰۵۵))

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے اور وہ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنی نعمت کو اپنے بندے پر دیکھے اور وہ سخت محتاجی اور تکلف کے ساتھ مفلس بننے کو ناپسند فرماتا ہے۔

1068 وَأَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُظَفَّرٍ الْأَدِيبُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ. ثنا أَبُو الْقَاسِمِ، عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ قُدَيْدٍ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''إِنَّ اللهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُثَنَّى، وَمُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ، وَإِبْرَاهِيمَ بْنِ دِينَارٍ، جَمِيعًا عَنْ يَحْيَى بْنِ حَمَّادٍ، وَقَالَ ابْنُ مُثَنَّى: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ، عَنْ فُضَيْلٍ الْفُقَيْمِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا

ترجمہ: عبید اللہ بیان کرتے ہیں: مجھے میرے والد نے اپنے والد اور دادا سے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے۔

1069 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا أَبُو عَرُوبَةَ، ثنا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُلِحِّينَ فِي الدُّعَاءِ''

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم دعا میں گریہ وزاری کو پسند کرتا ہے۔

1070 أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاشُ، نا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ، نا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، مِثْلَهُ، وَفِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ روایت اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

Marfat.com

## اللہ تعالیٰ متقی لوگوں کو پسند فرماتا ہے

1071 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْفَارِقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ الْكُوفِيُّ الْعَبْسِيُّ، قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا رَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، ثنا [ص:148] عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، خَرَجَ اِلَى مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ يَبْكِي عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ يَا مُعَاذُ؟ قَالَ: اَبْكَانِي شَيْءٌ سَمِعْتُهُ مِنْ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ''اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَخْفِيَاءَ الْاَتْقِيَاءَ، الَّذِينَ اِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوا، وَاِذَا حَضَرُوا لَمْ يُعْرَفُوا، وَلَمْ يُدْعَوْا، قُلُوبُهُمْ مَصَابِيحُ الْهُدَى، يَخْرُجُونَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ''

(سنن ابن ماجه (۳۹۸۹) مستدرک للحاکم (۴)

ترجمہ: زید بن اسلم نے اسلم سے روایت کیا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ایک دن مسجد نبوی کی طرف تشریف لے گئے تو وہاں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرانور کے پاس روتے ہوئے دیکھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے رونے کا سبب پوچھا تو انہوں نے فرمایا: مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث نے رلا دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا بے شک اللہ تعالیٰ ان نیک متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو چھپے رہتے ہیں اگر وہ غائب ہو جائیں تو کوئی انہیں تلاش نہیں کرتا اگر وہ سامنے آتے ہیں تو کوئی کھانے تک کا نہیں پوچھتا اور نہ ہی کوئی انہیں پہچانتا ہے۔ ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں۔ ایسے لوگ گرد آلود تاریک فتنہ سے نکل جائیں گے۔

## اللہ تعالیٰ ہنرمند شخص کو پسند کرتا ہے

1072 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ ثَرْثَالٍ، ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بَطْحَاءَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الزَّيَّاتُ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُؤْمِنَ الْمُحْتَرِفَ''

(معجم الاوسط (۸۹۳۴) شعب الایمان (۱۱۸۱)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم

Marfat.com

ہنر مند مومن کو پسند کرتا ہے۔

1073 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ السُّكَّرِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نَا اَبُوْ الرَّبِيْعِ السَّمَّانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يُحِبُّ الْمُحْتَرِفَ''

(معجم الاوسط (۸۹۳۴) شعب الایمان (۱۱۸۱)

ترجمہ: سالم نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ ہنر مند شخص کو پسند فرماتا ہے۔

1074 وَاَنَا اَبُوْ سَعْدٍ الصُّوْفِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُرْجَانِيُّ الْفَقِيْهُ، نَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، نَا مُجَاشِعٌ، نَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، نَا الرَّبِيْعُ، بِاِسْنَادِهِ: ''اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُؤْمِنَ الْمُحْتَرِفَ''

(معجم الاوسط (۸۹۳۴) شعب الایمان (۱۱۸۱)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم ہنر مند مومن کو پسند کرتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ دکھی دل کو پسند کرتا ہے

1075 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُوْ الْعَبَّاسِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، اَبنا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اَبُوْ اَيُّوْبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا عَمْرُوْ بْنُ بِشْرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ كُلَّ قَلْبٍ حَزِيْنٍ''

(مسند البزار (۴۱۵۰) مستدرک للحاکم (۷۸۸۴) حلیۃ الاولیا جلد ۶ ص ۹۰

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم ہر غمگین دل کو پسند کرتا ہے۔

1076 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمَالِكِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ

Marfat.com

جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ إِلْيَاسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ فَاطِمَةَ ابْنَةِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ يُحِبُّ مَعَالِيَ الْأُمُورِ وَأَشْرَافَهَا، وَيَكْرَهُ سَفْسَافَهَا''

ترجمہ: حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بلند مرتبہ اور عزت والے امور کو پسند کرتا ہے اور پست امور کو ناپسند کرتا ہے۔

1077 وَأَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي الْكِرَامِ، نا الشَّرِيفُ الْمَعْرُوفُ بِمُسْلِمٍ أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ طَاهِرٍ الْحُسَيْنِيُّ، نا طَاهِرُ بْنُ دَاوُدَ، نا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ إِلْيَاسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ مَعَالِيَ الْأَخْلَاقِ وَأَشْرَافَهَا، وَيَكْرَهُ سَفْسَافَهَا''

ترجمہ: حضرت علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بلند مرتبہ اور عزت والے اخلاق کو پسند کرتا ہے اور پست اخلاق کو ناپسند کرتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ رخصت کو بجالانا اتنا ہی پسند کرتا ہے جتنا گناہ کو ترک کرنا پسند کرتا ہے

1078 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ حَرْبِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ يُحِبُّ أَنْ تُؤْتَى رُخْصَتُهُ كَمَا يُحِبُّ أَنْ تُتْرَكَ مَعْصِيَتُهُ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنی (دی ہوئی) رخصت کو بجالانا اتنا ہی پسند فرماتا ہے جتنا وہ تمہارے نافرمانی چھوڑنے کو پسند کرتا ہے۔

1079 أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، نا الْقَاضِي أَبُو الطَّاهِرِ، نا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، نا أَبُو عُمَرَ، حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحُلْوَانِيُّ الضَّرِيرُ، نا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْبَصْرِيُّ، بَيَّاعُ الْخُمُرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ تُؤْتٰى رُخْصَةُ كَمَا يُحِبُّ اَنْ تُؤْتٰى عَزَائِمُهُ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا عَزَائِمُهُ؟ قَالَ: ''فَرَائِضُهُ''

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنی (دی ہوئی) رخصت کو بجالانا اتنا ہی پسند فرماتا ہے جتنا وہ فرائض کو ادا کرنا (پسند کرتا ہے)۔ ام المؤمنین نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اس کے عزائم سے مراد کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے (مقرر کردہ) فرائض ہیں۔

## اللہ کریم کے پسندیدہ اور ناپسندیدہ کام

1080 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا اَبُوْ طَاهِرٍ، عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْفَضْلِ الْاَزْرَقِيُّ، حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْجُرْجَانِيُّ، ثنا اَبُوْ يَعْقُوْبَ، اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا اَبِيْ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ حَوْشَبٍ، وَمَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَرَفِ عِمَامَتِيْ فَقَالَ: ''يَا عِمْرَانُ، اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يُحِبُّ الْاِنْفَاقَ وَيُبْغِضُ الْاِقْتَارَ، فَاَنْفِقْ وَاَطْعِمْ، وَلَا تَصِرَّ صَرًّا فَيَعْسُرُ عَلَيْكَ الطَّلَبُ، وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْبَصَرَ النَّافِذَ عِنْدَ مَجِيْءِ الشَّهَوَاتِ وَالْعَقْلَ الْكَامِلَ عِنْدَ نُزُوْلِ الشُّبُهَاتِ، وَيُحِبُّ السَّمَاحَةَ وَلَوْ عَلٰى تَمَرَاتٍ، وَيُحِبُّ الشَّجَاعَةَ وَلَوْ عَلٰى قَتْلِ حَيَّةٍ''

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے عمامہ کا شملہ پکڑ کر فرمایا: اے عمران! بے شک اللہ تعالیٰ خرچ کرنے کو پسند کرتا ہے اور بخل کو ناپسند کرتا ہے۔ پس تم کھاؤ اور کھلاؤ اور نہ روکو، ورنہ تم پر طلب تنگ کردی جائے گی۔ اور جان لو، بے شک اللہ تعالیٰ نزول شبہات کے وقت کامل عقل مندی کو پسند کرتا ہے۔ اور سخاوت کو پسند کرتا ہے اگرچہ وہ چند کھجوروں کی ہو۔ اور وہ بہادری کو پسند کرتا۔ اگرچہ وہ سانپ مارنے کی ہی ہو۔

1081 اَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، نا ابْنُ بُنْدَارٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، نا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، نا حَوْشَبٌ، وَمَطَرٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: اَرْخٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَرَفِ عِمَامَتِيْ مِنْ وَرَائِيْ ثُمَّ قَالَ: ''يَا عِمْرَانُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاِنْفَاقَ وَيُبْغِضُ الْاِقْتَارَ، فَكُلْ وَاَطْعِمْ، وَلَا تَصِرَّ صَرًّا

Marfat.com

فَيَعْسُرَ عَلَيْكَ الطَّلَبُ. وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْبَصَرَ النَّافِذَ عِنْدَ مَجِيْءِ الشَّهَوَاتِ، يَعْنِي وَالْعَقْلَ الْكَامِلَ عِنْدَ نُزُولِ الشَّهَوَاتِ. وَيُحِبُّ السَّمَاحَةَ وَلَوْ عَلَى تَمَرَاتٍ وَيُحِبُّ الشَّجَاعَةَ وَلَوْ عَلَى قَتْلِ حَيَّةٍ''

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے عمامہ کا شملہ پکڑ کر میرے پیچھے لٹکایا پھر فرمایا: اے عمران! بے شک اللہ تعالیٰ خرچ کرنے کو پسند کرتا ہے اور بخل کو ناپسند کرتا ہے۔ پس تم کھاؤ اور کھلاؤ اور نہ روکو، ورنہ تم پر طلب تنگ کردی جائے گی۔ اور جان لو! بے شک اللہ تعالیٰ نزول شبہات کے وقت کامل عقل مندی کو پسند کرتا ہے۔ اور سخاوت کو پسند کرتا ہے اگرچہ وہ چند کھجوروں کی ہو۔ اور وہ بہادری کو پسند کرتا۔ اگرچہ وہ سانپ مارنے کی ہی ہو۔

## اللہ تعالیٰ حمد کو پسند فرماتا ہے

1082 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْاِمَامُ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ الْمَحَامِدَ'' مُخْتَصَرًا

(الادب المفرد (۸۶۱) سنن کبریٰ نسائی (۷۶۹۸) معجم کبیر (۸۲۰)

ترجمہ: حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک آپ کا رب محامد (اپنی حمد بیان کرنے' یا قابل تعریف باتوں) کو پسند کرتا ہے۔

## ہنس مکھ شخص کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

1083 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا اَبُوْ عُمَرَ، اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَارِدِيُّ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ السَّهْلَ الطَّلْقَ''

(شعب الایمان (۷۶۹۸)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نرم خو ہنس مکھ (شخص کو) پسند کرتا ہے۔

Marfat.com

1084 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ، قَالَ: اَمْلٰی عَلَیْنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عُبَیْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْفَارِقِیُّ فِی مَسْجِدِ الْجَامِعِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ الْكُوْفِیُّ الْعَبْسِیُّ، ثنا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنْ جُوَیْبِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللهَ یُحِبُّ السَّهْلَ الطَّلْقَ''

(شعب الایمان (۷۶۹۸))

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نرم خو ہنس مکھ (شخص کو) پسند کرتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ توبہ کو آخری وقت تک قبول فرماتا ہے

1085 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّجِیْبِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادِ بْنِ بِشْرٍ الْاَعْرَابِیُّ، ثنا الْحَارِثِیُّ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا اَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ نَبِیَّ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللهَ یَقْبَلُ تَوْبَةَ عَبْدِهٖ مَا لَمْ یُغَرْغِرْ''

(ترمذی (۳۵۳۷) مسند احمد (۶۱۶۰) مسند ابی یعلی (۵۷۱۷، ۵۶۰۹) حلیہ الاولیا جلد ۵ ص ۱۹۰

ترجمہ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ اس وقت تک قبول کرتا رہتا ہے جب تک اس کی روح اس کی حلق تک نہ پہنچے۔

1086 اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْقُوْبَ یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ النَّجِیْرَمِیُّ، اَبنا عَلِیُّ بْنُ اَحْمَدَ الْمُهَلَّبِیُّ، اَبنا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُتَیْبَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، ذَكَرَهٗ فِیْ غَرِیْبِ الْحَدِیْثِ قَالَ: یَرْوِیْهِ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِیَادٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِیْ عَاصِمٍ هُوَ النَّهْدِیُّ ''اِنَّ اللهَ یُبْغِضُ الْعِفْرِیَةَ النِّفْرِیَةَ الَّذِیْ لَمْ یُرْزَاْ فِیْ جِسْمِهٖ وَلَا مَالِهٖ''

ترجمہ: مذکورہ بالا سند کے ساتھ یہ روایت مذکور ہے۔

بے شک اللہ تعالیٰ اس بڑے سخت مکار خبیث کو ناپسند کرتا ہے' جس نے اپنے جسم اور مال میں سخاوت نہیں کی۔

## تین کام اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں

1087 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ سَعِیْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا

Marfat.com

الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، وَسَعِيدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمُ الْعَبَثَ فِي الصَّلَاةِ وَالرَّفَثَ فِي الصِّيَامِ وَالضَّحِكَ عِنْدَ الْمَقَابِرِ''

ترجمہ: یحییٰ بن ابوکثیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کو تمہارا نماز کے دوران عبث حرکت کرنا' روزے کے دوران جماع کرنا اور قبروں کے پاس ہنسنا ناپسند ہے۔

## کثرت سوال اور مال کا ضائع کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں

1088 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ الْخَصِيبُ، اَبنا اَبُو اَحْمَدَ، مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ قَالَ: ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ، اُرَاهُ قَالَ: ثنا الْمَرْوَرُوذِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ وَرَّادٍ، قَالَ: كَتَبَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ اِلَى مُعَاوِيَةَ يُمْلِي عَلَيَّ وَاَنَا اَكْتُبُ بِيَدِي، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ عَنْ قِيلَ وَقَالَ وَاِضَاعَةِ الْمَالِ وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ''

(حدیث خیثمہ بن سلیمان ج ا ص ۱۹۷

ترجمہ: عبدالملک بن عمیر نے وراد سے روایت کیا کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا انہوں نے مجھے املاء کروایا اور میں نے اپنے ہاتھ سے لکھا کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں قیل وقال اور مال ضائع کرنے اور کثرت سوال سے منع فرماتا ہے۔

1089 وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ، ثنا اَبُو زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، انا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، ثنا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنِ ابْنِ اَشْوَعَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي كَاتِبُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ اِلَى الْمُغِيرَةِ اَنِ اكْتُبْ اِلَيَّ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَكَتَبَ اِلَيْهِ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "اِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا: قِيلَ وَقَالَ وَاِضَاعَةَ الْمَالِ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ" (حدیث خیثمہ بن سلیمان ج اص ۱۹۷۔

ترجمہ: شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے معتمد خصوصی نے مجھے جو حدیث بیان کی' اس میں یہ مذکور

Marfat.com

ہے: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ لکھنے والے خود ہی تھے انہوں نے کہا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا کہ مجھے وہ بات لکھیں جو تم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک اللہ کریم تمہاری تین چیزیں ناپسند کرتا ہے۔ قیل وقال کرنا اور مال کو ضائع کرنا اور کثرت سوال کرنا۔

1090 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، نا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدٍ الْاَرُزِّيُّ، نا عُبَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ، جَارُ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ، نا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، وَالْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَا: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَاِضَاعَةَ الْمَالِ، وَمَنْعًا وَهَاتِ، وَوَأْدَ الْبَنَاتِ، وَعُقُوقَ الْاُمَّهَاتِ''

(بخاری (۲۹۲، ۲۴۷۳، ۶۴۷۳، ۵۹۷۵، ۲۴۸۰) مسلم (۱۲،۱۴) مسند احمد (۱۸۲۳۰، ۱۸۱۹۲، ۱۸۱۹۲) الادب المفرد (۴۶۰)

ترجمہ: حضرت عمار بن یاسر اور مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہما ان دونوں روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے قیل وقال اور کثرت سوال اور مال کے ضائع کرنے کو ناپسند کرتا ہے۔

1091 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرَائِضِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ يَغَارُ لِلْمُسْلِمِ فَلْيَغَرْ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ مسلمان کے لیے غیرت فرماتا ہے تو مسلمان کو بھی غیرت کرنی چاہیے۔

1092 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، اَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَاشِمِيُّ، اَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

محمد بن حسین نے، قاسم بن احمد ھاشمی نے، عثمان بن عبداللہ نے ہمیں خبر دی۔ انہوں نے اپنے سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا۔

Marfat.com

رحم دل لوگوں پر رحم کیا جاتا ہے

1093 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْحَمُ مِنْ عِبَادِهِ اِلَّا الرُّحَمَاءَ''

(الادب المفرد (۵۱۲) المجالسة وجواهر العلم (۲۷۰۹))

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے صرف رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم کرتا ہے۔

وضاحت: جو لوگوں پر رحم کرتا ہے اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرماتا ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ تم زمین والوں پر رحم کرو۔

صدقہ بری موت سے بچاتا ہے

1094 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمِنْهَالِ السَّدُوْسِيُّ، ثنا اَبُو الْعَبَّاسِ، اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، اَبنا اَبُوْ عَمْرٍو الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الرُّعَيْنِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُحْرِزٍ، عَنْ يَزِيْدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ لَيَدْرَاُ بِالصَّدَقَةِ سَبْعِيْنَ مَيْتَةً مِنَ السُّوْءِ''

(الاموال لابن زنجویہ (۱۳۱۰))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ صدقہ کی وجہ سے ستر قسم کی بری موتوں کو دور فرماتا ہے۔

وضاحت: صدقہ کرنے سے انسان بری موت سے بچ جاتا ہے۔ جیسا کہ حدیث مذکورہ بالا میں آیا کہ ستر قسم بری موت صدقہ کی وجہ سے دور فرمائی جاتی ہے۔

1095 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، ثنا اَبُوْ طَاهِرِ بْنُ فِيْلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ، ثنا مُضَرُ بْنُ نُوْحٍ السُّلَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

اَنَّهُ قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ لَيَنْفَعُ الْعَبْدَ بِالذَّنْبِ يُذْنِبُهُ"

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بندہ کو گناہ کے ساتھ بھی فائدہ دیتا ہے جو وہ گناہ کرتا ہے۔

1096 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ"

ترجمہ: حضرت نعمان بن عمرو بن مقرن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ کریم اس دین کی کسی فاجر شخص کے ذریعے مدد فرمائے گا۔

1097 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، ثنا اَبُوْ زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، انا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، انا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا اَبُو الْيَمَانِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَبنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ، وَقَالَ فِي آخِرِهِ: "لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ"

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم مقام خیبر میں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ اور (پھر راوی نے) ایک طویل حدیث کا ذکر کیا اور اس کے آخر میں فرمایا: "مسلمان کے سوا کوئی جنت میں داخل نہیں ہوگا اور بے شک اللہ تعالیٰ اس دین کی مدد کسی فاسق مرد کے ذریعے بھی فرما دیتا ہے"۔

### کھانے کے بعد شکر ادا کرنے سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے

1098 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الصَّفَّارِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْحَاقَ النَّاقِدُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسٰى، ثنا اَبُوْ سَلَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ اللّٰهَ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ اَنْ يَأْكُلَ الْاُكْلَةَ اَوْ يَشْرَبَ

Marfat.com

الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا''، وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ وَابْنِ نُمَيْرٍ، وَاللَّفْظُ لَهُ، قَالَا: ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ بِاِسْنَادٍ مِثْلَهُ، وَفِيْهِ ''اَنْ يَاْكُلَ الْاُكْلَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا، اَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا''

(مسلم (۲۷۳۴) ترمذی (۱۸۱۶) مصنف ابن ابو شیبه (۲۹۵۶۶، ۲۴۴۹۹) مسند احمد (۱۲۱۶۸)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے راضی ہوتا ہے جب وہ کھائے یا پیئے اور اس پر (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا کرے۔

مسلم بن حجاج نے ابوبکر بن ابوشیبہ اور ابن نمیر سے روایت کیا ان دونوں کے الفاظ یہ ہیں: ہمیں ابواسامہ نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا اور اس میں الفاظ یہ ہیں: کھانا کھائے اور اس کا شکر ادا کرے یا پیئے اور اس پر (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا کرے۔

1099 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللهَ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ اَنْ يَاْكُلَ الْاُكْلَةَ فَيَحْمَدُ اللهَ عَلَيْهَا، اَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدُ اللهَ عَلَيْهَا''

(مسلم (۲۷۳۴) ترمذی (۱۸۱۶) مصنف ابن ابو شیبه (۲۹۵۶۶، ۲۴۴۹۹) مسند احمد (۱۲۱۶۸)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے راضی ہوتا ہے جب وہ کھائے اور اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے یا پیئے اور اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔

## اللہ تعالیٰ بندے پر نعمت کے اثرات کو دیکھنا پسند کرتا ہے

1100 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي مُحَمَّدٍ الْبَزَّازُ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّقَّاشُ، ثنا اَبُوْ اَيُّوْبَ، سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ مُخْتَصَرًا

''اِنَّ اللهَ اِذَا اَنْعَمَ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً اَحَبَّ اَنْ تُرَى عَلَيْهِ''

Marfat.com

ابواحوص نے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ان سے فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ پر انعام فرماتا ہے تو وہ پسند کرتا کہ اس پر (اس نعمت کے اثرات) دیکھے۔''

1101 اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ، سَعْدُ بْنُ عَلِيِّ الزَّنْجَانِيُّ، نا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدٍ الْمُؤَذِّنُ، نا اَبُوْ عَلِيِّ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ النَّهَاوَنْدِيُّ، نا اَبُوْ يَعْلَى، مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ الْاُبُلِّيُّ، ثنا اَبُوْ الرَّبِيعِ، خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، نا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللهَ يُحِبُّ اَنْ يَرَى اَثَرَ نِعْمَتِهِ عَلَى عَبْدِهِ، وَيَكْرَهُ الْبُؤْسَ وَالتَّبَاؤُسَ''

(جامع ترمذی (۲۸۱۹) شرح السنه (۳۱۱۸)۔مسند ابی یعلی (۱۰۵۵))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنی نعمت کو اپنے بندے پر دیکھے اور وہ سخت محتاجی اور تکلف کے ساتھ مفلس بننے کو ناپسند فرماتا ہے۔

1102 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْغَازِيُّ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، اَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، نا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّهُ خَرَجَ عَلَيْهِمْ وَعَلَيْهِ مُقَطَّعَةُ خَزٍّ لَمْ يُرَ عَلَيْهِ مِثْلُهَا، فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِذَا اَنْعَمَ اللهُ عَلَى عَبْدٍ اَحَبَّ اَنْ يَرَى اَثَرَ نِعْمَتِهِ عَلَيْهِ'' قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ: قَدْ اَسْنَدَ شُعْبَةُ عَنْ هٰذَا الشَّيْخِ حَدِيثَيْنِ، وَلَا نَعْلَمُ لَهُ رَاوِيًا غَيْرَ شُعْبَةَ، وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْمُفَضَّلِ قَرَابَةٌ، فَاِنَّ هٰذَا بَصْرِيٌّ، وَالْمُفَضَّلُ حِجَازِيٌّ، وَقَدْ تَفَرَّدَ بِالرِّوَايَةِ عَنْ شُيُوخٍ لَمْ يَرْوِ عَنْهُمْ غَيْرُهُ۔

(معجم ابن المقری (۹۶۱))

ترجمہ: ابورجاء بیان کرتے ہیں: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ ان کے پاس آئے تو انہوں نے اونی چادر اوڑھی ہوئی تھی ان کے جسم پر اس جیسی (عمدہ چادر) کبھی نہیں دیکھی گئی تھی جب ان سے اس بارے میں بات کی گئی تو انہوں نے فرمایا:

بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ پر کوئی انعام کرتا ہے تو وہ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنی

Marfat.com

نعمت کو اپنے بندے پر دیکھے۔

## علماء کے اٹھ جانے سے علم اٹھالیا جائے گا

1103 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ نَظِيفِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، اَبنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الْبَصْرِيُّ، سَنَةَ ثَمَانٍ وَسَبْعِينَ وَمِئَتَيْنِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا مِنَ النَّاسِ، وَلَكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ'' [ص:163]

(بخاری(۱۰۰) مسلم(۲۶۷۳) جامع ترمذی(۲۶۵۲) سنن ابن ماجه(۵۲) مصنف ابن ابو شیبه(۳۷۵۹۰) مسند احمد(۶۵۱۱)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اٹھائے گا کہ اسے لوگوں (کے دلوں) سے کھینچ لے بلکہ علماء کو (دنیا سے) رخصت کروا کے' علم کو اٹھالے گا۔

1104 وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَبنا اَبُو زَيْدٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " وَذَكَرَهُ، وَقَالَ فِيهِ: ''اِنَّ اللهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ الْعِبَادِ''

(بخاری(۱۰۰) مسلم(۲۶۷۳) جامع ترمذی(۲۶۵۲) سنن ابن ماجه(۵۲) مصنف ابن ابو شیبه(۳۷۵۹۰) مسند احمد(۶۵۱۱)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اور (پھر راوی نے) اس کا ذکر کیا اور اس میں فرمایا: اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اٹھائے گا کہ اسے لوگوں (کے دلوں) سے کھینچ لے۔

1105 اَنَا الْحَسَنُ بْنُ فِرَاسٍ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَكِّيُّ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نَا الْقَعْنَبِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ، عَنْ هِشَامٍ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

1106 وَاَنَاهُ ابْنُ فِرَاسٍ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نَا عَارِمُ بْنُ

Marfat.com

الْفَضْلِ، نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

1107 أنا صَالِحُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ رِشْدِينَ، أنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الدَّارِيُّ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْإِمَامِ، نا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلَكِنْ يَقْبِضُ الْعُلَمَاءَ بِعِلْمِهِمْ، فَإِذَا لَمْ يَبْقَ عَالِمٌ اتَّخَذَ النَّاسُ رُؤَسَاءَ جُهَّالًا، فَسُئِلُوا، فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَأَضَلُّوا''

(بخاری(۱۰۰) مسلم(۲۶۷۳) جامع ترمذی(۲۶۵۲) سنن ابن ماجه(۵۲) مصنف ابن ابو شیبه(۳۷۵۹۰) مسند احمد(۶۵۱۱)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اٹھائے گا کہ اسے لوگوں (کے دلوں) سے کھینچ لے بلکہ وہ علماء (کی ارواح) قبض کر کے ان کے علم کو اٹھا لے گا' یہاں تک کہ کوئی عالم نہیں رہے گا تو لوگ جاہلوں کو اپنا امیر بنالیں گے ان سے مسائل پوچھیں گے اور وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے' خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

## آخرت کی نیت پر دنیا عطا کی جاتی ہے' نہ کہ دنیا کی نیت پر آخرت عطا کی جاتی ہے

1108 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، أبنا زَاهِرُ بْنُ أَحْمَدَ، أبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، أبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، أبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أبنا عِيسَى بْنُ سَبْرَةَ الْمَدِينِيُّ، أَخْبَرَنِي مَنْ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ''إِنَّ اللهَ يُعْطِي الدُّنْيَا عَلَى نِيَّةِ الْآخِرَةِ، وَأَبَى أَنْ يُعْطِيَ الْآخِرَةَ عَلَى نِيَّةِ الدُّنْيَا''

ترجمہ: عیسیٰ بن سبرہ مدنی بیان کرتے ہیں: مجھے خبر دی اس شخص نے جس نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ آخرت کی نیت پر دنیا عطا کرتا ہے اور دنیا کی نیت پر آخرت عطا نہیں فرماتا ہے۔

1109 وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأُدْفُوِيُّ، أبنا أَبُو الطَّيِّبِ أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَرِيرِيُّ إِجَازَةً، أبنا أَبُو جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، أبنا

Marfat.com

ابْنُ اَبِي الْعَنْبَسِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ الْبَجَلِيُّ اَبُو عَاصِمٍ، ابْنُ بِنْتِ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، اَبنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَلَا اُرَاهُ اِلَّا قَدْ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ يُعْطِي الدُّنْيَا عَلَى نِيَّةِ الْآخِرَةِ وَاَبَى اَنْ يُعْطِيَ الْآخِرَةَ عَلَى نِيَّةِ الدُّنْيَا''

ترجمہ: ابن سیرین نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے انہوں نے مرفوعاً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ آخرت کی نیت پر دنیا عطا کرتا ہے اور دنیا کی نیت پر آخرت عطا نہیں فرماتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ بندے کے ہاتھوں کو خالی نہیں لوٹاتا

1110 اَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ، اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِهْرَانَ اِمْلَاءً، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعْبَةَ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا اَبُو هَمَّامٍ الْاَهْوَازِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ يَسْتَحْيِي مِنَ الْعَبْدِ اَنْ يَرْفَعَ اِلَيْهِ يَدَيْهِ فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ''

(الترغیب فی فضائل الاعمال وثواب ذلک لابن شاہین (۱۴۵))

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بندہ سے حیا فرماتا ہے کہ وہ (بندہ) اس کی طرف اپنے ہاتھ اٹھائے اور وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) اس کے ہاتھوں کو خالی لوٹا دے۔

1111 اَنا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، اَنا اَبُو الطَّيِّبِ الْجُرَيْرِيُّ، اَنا اَبُو جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، نا ابْنُ الْمُثَنَّى، نا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ جَعْفَرٍ، يَعْنِي ابْنَ مَيْمُونٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيمٌ يَسْتَحْيِي مِنْ عَبْدِهِ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَيْهِ اَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا''

ترجمہ: حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تمہارا رب حیا والا، کرم فرمانے والا ہے، وہ اپنے بندہ سے حیا فرماتا ہے جب بندہ اس کی طرف اپنے ہاتھ اٹھائے اور وہ اس کے ہاتھوں کو خالی لوٹائے۔

Marfat.com

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے زمین کو پاک اور مسجد (یعنی جائے نماز) بنادیا ہے

1112 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُبَابُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ، ثنا اَبُوْ ذَرٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ لِي الْاَرْضَ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا''

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے پوری زمین کو میرے لیے مسجد (جائے نماز) اور طہارت کے حصول کا ذریعہ بنادیا ہے۔

## جہاں تک امت کے لیے زمین سمیٹ دی گئی ہے، وہاں تک اس کی حکومت ہوگی

1113 اَخْبَرَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، اَبنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا الْقَاضِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ اَوْ قَالَ اِنَّ رَبِّي زَوٰى لِي الْاَرْضَ فَرَاَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا، وَاِنَّ مُلْكَ اُمَّتِي سَيَبْلُغُ مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا''

(مسند احمد (۲۲۴۵۲)

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ (راوی کو شک ہے) یا فرمایا۔ بے شک میرے رب تعالیٰ نے زمین کو میرے لیے اکٹھا کردیا پس میں نے اس کے مشرق و مغرب کو دیکھ لیا اور میری امت کی سلطنت عنقریب وہاں تک ہوگی، جہاں تک زمین میرے لئے اکٹھی کی گئی۔

## امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دل کی باتوں (یعنی سوچ اور خیال) کو معاف کیا گیا ہے

1114 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ نَفْسَهَا مَا لَمْ تَكَلَّمْ بِهِ اَوْ تَعْمَلْ بِهِ''

(بخاری (۶۶۶۴) مسلم (۲۰۱) سنن ابی داؤد (۲۲۰۹) سنن ابن ماجه (۲۰۴۰) مصنف ابن ابو شیبه (۱۸۰۶۲) مسند احمد (۹۱۰۸، ۱۰۱۳۶)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے ان کی دل کی باتوں (یعنی سوچ اور خیال) کو معاف فرمادیا ہے جب تک وہ اس پر عمل نہ کرے یا زبان سے نہ کہے۔

1115 .وَاَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْاُدْفُوِيُّ، اَنَا اَبُوْ الطَّيِّبِ، اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، نَا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، اَنَا ابْنُ سَيَّارٍ، نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، نَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِيْ عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ اَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَنْطِقْ بِهِ اَوْ تَعْمَلْ بِهِ'' رَوَاهُ مُسْلِمٌ، نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْغُبَرِيُّ وَاللَّفْظُ لِسَعِيْدٍ، نَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِيْ عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ اَنْفُسَهَا مَا لَمْ يَتَكَلَّمُوا اَوْ يَعْمَلُوا بِهِ''

(بخاری(۶۶۶۴) مسلم(۲۰۱) سنن ابی داؤد(۲۲۰۹) سنن ابن ماجه (۲۰۴۰) مصنف ابن ابو شیبه(۱۸۰۶۲) مسند احمد(۱۰۱۳۶، ۹۱۰۸)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت سے ان کی دل کی باتوں کو معاف فرمادیا ہے جب تک وہ زبان سے نہ کہے یا اس پر عمل نہ کرے۔

مسلم کے الفاظ یہ ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا: بے شک اللہ تعالیٰ نے میری امت سے ان کے دل کی باتوں کو معاف فرمادیا ہے جب تک وہ کلام نہ کرے یا اس پر عمل نہ کرے۔

1116 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ، مَنْصُورُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَنْمَاطِيُّ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ مُوْسَى الْعَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَوْحٍ الْقُتَيْرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ نَجِيحٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَيْثَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ بِقِسْطِهِ وَعَدْلِهِ جَعَلَ الرَّوْحَ وَالْفَرَحَ فِي الْيَقِيْنِ وَالرِّضَا، وَجَعَلَ الْهَمَّ وَالْحَزَنَ فِي الشَّكِّ وَالسُّخْطِ''، اِلَّا اَنَّهُ شَكَّ فِي الْفَرَحِ اَوِ الْفَرَحِ

(حلیہ الاولیا جلد ۷ ص ۱۳۰)

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نے اپنے عدل وانصاف کے ساتھ روح اور کشادگی کو یقین اور رضا میں رکھا ہے اور غم وحزن کو شک اور ناراضگی میں رکھا ہے۔
مگر راوی کو حفظ فرج (یعنی کشادگی) اور فرح (خوشی) میں شک ہے۔

## غیرت عورتوں پر اور شرم وحیا مردوں پر لازم ہے

1117 اَخۡبَرَنَا اَبُوۡ مُحَمَّدٍ عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحۡمَدُ بۡنُ مُحَمَّدِ بۡنِ زِيَادٍ، ثنا اَحۡمَدُ بۡنُ حَازِمٍ، ثنا عُبَيۡدُ بۡنُ الصَّبَّاحِ، ثنا كَامِلٌ، عَنِ الۡحَكَمِ، عَنۡ اِبۡرَاهِيۡمَ، عَنۡ عَلۡقَمَةَ، عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الۡغَيۡرَةَ عَلَى النِّسَاءِ، وَالۡحَيَاءَ عَلَى الرِّجَالِ، فَمَنۡ صَبَرَ مِنۡهُنَّ احۡتِسَابًا كَانَ لَهُ مِثۡلُ اَجۡرِ شَهِيۡدٍ''

(معجم ابن الاعرابی (۸۱۳) الکنی والاسماءللدولابی (۱۶۸۹))

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے عورتوں پر غیرت کو اور شرم وحیا کو مردوں پر لازم کر دیا ہے۔ پس ان میں سے جس نے بھی نیکی کے ارادہ سے اس پر صبر کیا اس کے لئے شہید کے برابر اجر ہوگا۔

وضاحت: معجم ابن الاعرابی نے اپنی کتاب میں مذکورہ بالا حدیث پاک کی تخریج کی ہے اس میں ان (وَالۡحَيَاءَ عَلَى الرِّجَالِ) الفاظ کی جگہ (والجهاد على الرجال) کے الفاظ ہیں کہ مردوں پر جہاد کو لازم کر دیا ہے۔

## اللہ تعالیٰ بندے کی زبان کے پاس ہے

1118 اَخۡبَرَنَا مُحَمَّدُ بۡنُ اَبِيۡ سَعِيۡدٍ، اَبنا زَاهِرُ بۡنُ اَحۡمَدَ الۡفَقِيۡهُ، اَبنا مُحَمَّدُ بۡنُ مُعَاذٍ، اَبنا الۡحُسَيۡنُ بۡنُ الۡحَسَنِ، ثنا عَبۡدُ اللّٰهِ بۡنُ الۡمُبَارَكِ، اَبنا عُمَرُ بۡنُ ذَرٍّ، عَنۡ اَبِيۡهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ عِنۡدَ لِسَانِ كُلِّ قَائِلٍ فَاتَّقَى اللّٰهَ امۡرُؤٌ وَعَلِمَ مَا يَقُوۡلُ''

ترجمہ: عمر بن ذر نے اپنے والد سے روایت کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ہر کہنے والے کی زبان کے پاس ہے پس بندہ کو اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیے اور جاننا (یعنی دھیان رکھنا) چاہیے جو وہ کہتا ہے۔

1119 اَخۡبَرَنَا اَبُو الۡعَبَّاسِ، اَحۡمَدُ بۡنُ الۡحَسَنِ الرَّازِيُّ بِمَكَّةَ، اَبنا عَبۡدُ اللّٰهِ بۡنُ مُحَمَّدِ بۡنِ جَعۡفَرٍ، اَبنا اَحۡمَدُ بۡنُ جَعۡفَرِ بۡنِ نَصۡرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بۡنُ مُقَاتِلٍ، ثنا عَلِيُّ بۡنُ عَبۡدِ اللّٰهِ الۡبَارِقِيُّ، عَنۡ عَبۡدِ الۡكَرِيۡمِ، عَنِ الۡحَسَنِ، عَنۡ اَبِيۡ هُرَيۡرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ

Marfat.com

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ لَا يَقْبَلُ عَمَلَ عَبْدٍ حَتّٰى يَرْضَى قَوْلَهُ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۴۱، ۳۴۳۶۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بندے کا عمل قبول نہیں کرتا۔ جب تک وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) اس بندے کے قول (یعنی ایمان کے لفظی اعتراف) سے راضی نہیں ہوتا۔

نوٹ: جب تک بندہ کلمہ توحید نہیں پڑھ لیتا اس وقت تک اللہ تعالیٰ بندے کے کسی عمل کو قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ عمل کی قبولیت کے لیے ایمان شرط ہے۔

اجر آزمائش کے ساتھ ہے

1120 حَدَّثَنَا اَبُوْ ذَرٍّ عَبْدُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، إِجَازَةً، اَبنا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَهْدِيٍّ الدَّارَقُطْنِيُّ فِي كِتَابِ الْعِلَلِ قَالَ: رَوٰى حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا اَرَادَ بِقَوْمٍ خَيْرًا ابْتَلَاهُمْ''

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو ان کو آزماتا ہے۔

1121 اَخْبَرَنَا الشَّرِيفُ اَبُوْ إِبْرَاهِيمَ اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْمَيْمُوْنِ بْنِ حَمْزَةَ الْحُسَيْنِيُّ، اَبنا جَدِّي الْمَيْمُونُ بْنُ حَمْزَةَ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ الْعَسَّالُ، ثنا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةُ، ثنا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''إِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ، وَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا اَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ، فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَا، وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السَّخَطُ''

(جامع ترمذی (۲۳۹۶) شعب الایمان (۹۳۲۵) شرح السنہ (۱۴۳۵)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بڑا اجر بڑی مصیبتوں کے ساتھ ہے جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے آزماتا ہے اگر وہ اس (آزمائش) پر راضی ہو تو اس کے لئے (اللہ تعالیٰ کی) رضا ہے۔ جو ناراض ہوا اس کے لئے (اللہ تعالیٰ کی) ناراضگی ہے۔

Marfat.com

## جو علم فائدہ نہ دے وہ باعث عذاب ہے

1122 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَحْمَدَ الطَّرَسُوْسِيُّ، قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْمَالِكِيُّ، ثنا عُمَيْرُ بْنُ مِرْدَاسٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ مِقْسَمٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَالِمٌ لَمْ يَنْفَعْهُ اللّٰهُ بِعِلْمِهِ''

(معجم ابن المقری (۷۷) شعب الایمان (۱۶۴۲)).

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک لوگوں میں سب سے زیادہ عذاب قیامت کے دن اس عالم کو ہوگا جس کے علم کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اسے فائدہ نہ دیا۔

## اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین شخص

1123 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ فَرَقَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهِ'' وَفِيْهِ قِصَّةٌ اخْتَصَرْتُهَا

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین شخص وہ ہوگا جس کی بے حیائی کے ڈر سے لوگ اس سے جدا ہوں۔

اور اس حدیث میں ایک قصہ منقول ہے' جس کو میں نے مختصر نقل کیا ہے۔

1124 اَنا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ بْنِ مَسْرُوْرٍ الرَّاسِبِيُّ، نا مُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي يُوْنُسَ مَوْلَى عَائِشَةَ اَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتِ: اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّهُ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ: قَالَتْ فَلَمَّا دَخَلَ هَشَّ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْبَسَطَ لَهُ ثُمَّ خَرَجَ الرَّجُلُ وَاسْتَأْذَنَ رَجُلٌ

Marfat.com

آخَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اسْتَأْذَنَ نِعْمَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ. قَالَتْ: فَلَمَّا دَخَلَ لَمْ يَنْبَسِطْ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا انْبَسَطَ لِلْآخَرِ، وَلَمْ يُهَشَّ لَهُ قَالَتْ: فَلَمَّا خَرَجَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ لِفُلَانٍ مَا قُلْتَ ثُمَّ هَشَشْتَ وَانْبَسَطْتَ اِلَيْهِ، وَقُلْتَ لِفُلَانٍ مَا قُلْتَ ثُمَّ لَمْ اَرَكَ صَنَعْتَ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ مَنِ اتُّقِيَ لِفُحْشِهِ"

(مسند ابی یعلی (۴۸۳۲) مسند احمد (۲۵۲۵۴)

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کے اندر آنے کی) اجازت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اپنے خاندان کا بُرا فرد ہے' اُمّ المؤمنین نے کہا کہ جب وہ شخص داخل ہوا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی آمد پر خوشی کا اظہار کیا' اور اس کے ساتھ بے تکلف ہو گئے۔ پھر وہ شخص چلا گیا' پھر ایک دوسرے شخص نے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کے اندر آنے کی) اجازت طلب کی تو جس وقت اس نے اجازت طلب کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اپنے خاندان کا اچھا فرد ہے۔ اُمّ المؤمنین نے کہا کہ جب وہ شخص داخل ہوا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ بے تکلف نہیں ہوئے' جس طرح اس پہلے شخص کے ساتھ ہوئے اور نہ ہی اس کی آمد پر خوشی کا اظہار کیا۔ جب وہ بھی چلا گیا۔ تو ام المؤمنین نے عرض کیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فلاں کو کہا جو آپ نے کہا اور اس کی آمد پر آپ نے خوشی کا اظہار کیا اور پھر اس کے ساتھ بے تکلف ہو گئے اور دوسرے کو آپ نے یہ کہا۔ پھر میں نے اس کی مثل کوئی عمل نہیں دیکھا جو آپ نے کیا ہو۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! لوگوں میں بدترین شخص وہ ہے' جس کی بے حیائی سے ڈرا جائے۔

## بدنصیب وہ ہے' جس نے دنیا کی خاطر آخرت برباد کی

1125 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَسَنُ بْنُ الْمَيْمُوْنِ بْنِ اَحْمَدَ الصَّفَّارُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الْوَرْدِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَابِرٍ، ثنا يُوْسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَكَمِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَبْدًا اَذْهَبَ آخِرَتَهُ بِدُنْيَا غَيْرِهِ''

(سنن ابن ماجه (۳۹۶۶) معجم الکبیر طبرانی (۷۵۵۹) شعب الایمان (۶۵۳۹)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک قیامت

Marfat.com

کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین شخص وہ ہوگا' جس نے کسی دوسرے کی دنیا کے لئے اپنی آخرت برباد کی۔

1126 اَخْبَرَنَا الْمُحْسِنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْكِرَامِ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ الدَّارِمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ اَشْقَى الْاَشْقِيَاءِ مَنِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ فَقْرُ الدُّنْيَا وَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ'' مُخْتَصَرٌ

ترجمہ: عطا بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک سب سے زیادہ بدنصیب شخص وہ ہے' جس پر دنیا کا فقر اور آخرت کا عذاب جمع ہوجائے۔

## امت سے تین چیزوں کا خوف

1127 ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ، ثنا الْمُؤَمَّلُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عِيسٰى، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "اِنِّي اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِي بَعْدِي اَعْمَالًا ثَلَاثَةً: زَلَّةُ عَالِمٍ وَحُكْمٌ جَائِرٌ وَهَوًى مُتَّبَعٌ"

ترجمہ: کثیر بن عبداللہ نے اپنے والد، دادا سے ہمیں بیان کیا (ان کے دادا بیان کرتے ہیں:) میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک میں اپنے بعد اپنی امت کے متعلق تین باتوں سے ڈرتا ہوں۔ عالم کی لغزش اور ظالم حکمرانی اور نفس کی پیروی کرنے والوں سے۔

## میں تمہیں دوزخ میں گرنے سے بچا رہا ہوں

1128 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، اَبنا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ خَلَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبٍ، ثنا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ حَفْصٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنِّي مُمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَتَقَاحَمُوْنَ فِيْهَا تَقَاحُمَ الْفَرَاشِ وَالْجَنَادِبِ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۱۶۷۸) مسند البزار (۲۰۴)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک میں تمہاری کمر سے پکڑ کر (تمہیں) آگ میں گرنے سے روکنے والا ہوں اور تم منہ کے بل اس میں گرتے ہو (جس طرح روشن آگ میں) تتلیاں اور ٹڈیاں گرتی ہیں۔

وضاحت: جب رات کو آگ جلائی جائے تو اس آگ کی روشنی کی طرف کیڑے پتنگے دوڑ دوڑ کر آتے ہیں بالاخر وہ اس آگ میں جل کر راکھ ہو جاتے ہیں۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کا مطلب بھی یہی ہے کہ لوگ دوزخ کی آگ میں گر رہے ہیں، یعنی ایسے اعمال کرتے ہیں جن کی وجہ سے جہنم لازم ہو جاتی ہے اور وہ جہنم کا ایندھن بنتے چلے جا رہے ہیں۔ اور میں انہیں ان کے کمر سے پکڑ کر اس آگ میں گرنے سے بچا رہا ہوں۔

1129 اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ، هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ طَالِبٍ، اِجَازَةً، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَّادٍ، حَدَّثَنِي اَبِيْ، نَا اَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبٍ، نَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ حَفْصٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنِّي مُمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَتَقَاحَمُونَ فِيهَا تَقَاحُمَ الْفَرَاشِ وَالْجَنَادِبِ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۱۶۷۸) مسند البزار (۲۰۴))

ترجمہ: حضرت ابن عباس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک میں تمہاری کمر سے پکڑ کر (تمہیں) آگ میں گرنے سے روکنے والا ہوں اور تم منہ کے بل اس میں گرتے ہو (جس طرح روشن آگ میں) تتلیاں اور ٹڈیاں گرتی ہیں۔

1130 اَنَا تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو، بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاِمَامِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ قَالَا: نَا اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، نَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْقَاضِيْ، نَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ اَبِي شَيْبَةَ، نَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقُمِّيُّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنِّي مُمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ وَتَغْلِبُونِيْ، تَقَاحَمُونَ فِيهَا تَقَاحُمَ الْفَرَاشِ وَالْجَنَادِبِ، اُوشِكُ اَنْ اُرْسِلَ حُجَزَكُمْ وَاَفْرَطَ لَكُمْ عَنْ اَوْ عَلَى الْحَوْضِ الشَّكُّ مِنْ مَالِكٍ وَسَتَرِدُونَ عَلَيَّ مَعًا وَاَشْتَاتًا فَاَعْرِفُكُمْ بِاَسْمَائِكُمْ وَسِيمَاكُمْ كَمَا يَعْرِفُ الرَّجُلُ الْغَرِيبَةَ مِنَ الْاِبِلِ فِي

Marfat.com

اِبِلِهٖ، وَيُذْهَبُ بِكُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، وَاُنَاشِدُ فِيكُمْ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ فَاَقُوْلُ: اَىْ رَبِّ رَهْطِىْ، اَىْ رَبِّ اُمَّتِىْ. فَيُقَالُ: اِنَّكَ لَا تَدْرِىْ مَا اَحْدَثُوا بَعْدَكَ، اِنَّهُمْ كَانُوا يَمْشُوْنَ بَعْدَكَ الْقَهْقَرٰى. فَلَاَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَأْتِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُ شَاةً لَهَا يُعَارٌ اَوْ يُنَادِىْ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، فَاَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ وَلَاَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَأْتِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُ بَعِيرًا لَهُ رُغَاءٌ، يُنَادِىْ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، فَاَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ، وَلَاَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَأْتِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُ فَرَسًا لَهُ حَمْحَمَةٌ، يُنَادِىْ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، فَاَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ بَلَّغْتُ، وَلَاَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَأْتِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُ قَشْعًا مِنْ اٰدَمٍ يُنَادِىْ: يَا مُحَمَّدُ، يَا مُحَمَّدُ، فَاَقُوْلُ: لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ بَلَّغْتُ"

(البزار، البحر الزخار (المسند) ۱۵، ۲۱۴:۱، رقم (۲۰۴)۔سدوسیی، مسند عمر بن خطاب: ۲، ۸۴۔الترغیب والترھیب رقم (۱۱۶۹) ج ۱ص ۳۱۸۔ھیثمی مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ۸۵:۳۔تفسیر ابن کثیر، ج ۵ص ۴۲۳، سورہ المؤمنون

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میں تمہیں کمر سے پکڑ کر آگ سے روکنے والا ہوں اور تم اس میں ایک دوسرے سے بڑھ کر گرتے ہو، (یا فرمایا) تم پروانوں اورٹڈیوں کی طرح آگ میں گرتے ہو اور میں تمہیں کمر سے پکڑنے والا ہوں اور میں حوض کوثر پر تمہارا پیش رو ہوں گا، (عن الحوض یا علی الحوض مالک کو اس میں شک ہے۔) پس تم میرے پاس اکیلے اور گروہ در گروہ آؤ گے تو میں تمہاری پیشانیوں اور ناموں سے تمہیں ایسے پہچانتا ہوں گا جیسے ایک شخص اجنبی اونٹ کو اپنے اونٹوں کے درمیان میں پہچان لیتا ہے۔ پس تمہیں بائیں طرف سے (عذاب والے فرشتے) پکڑ کر لے جانا چاہیں گے۔ تو میں اللہ کریم کی بارگاہ میں عرض کروں گا: اے میرے رب، میری امت، میری امت، تو وہ فرمائے گا یا کہا جائے گا: اے محمد! آپ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد (دین میں) کیا کیا خلاف سنت کام کیے؟ یہ لوگ آپ کے بعد الٹے پاؤں پھر گئے تھے یعنی مرتد ہو گئے تھے۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) میں تم میں سے کسی ایک شخص کو ایسی حالت میں پاؤں گا کہ وہ قیامت کے دن اپنی گردن پر چیختی ہوئی بکری اٹھائے ہوئے آئے گا اور میرا نام لے لے کر آوازیں دے گا، یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم، یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ لیکن میں اس سے صاف کہہ دوں گا کہ میں (اب) اللہ تعالیٰ کے سامنے تمہارے کسی کام نہیں آسکتا، میں نے تو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا تھا۔ اسی طرح جو بلبلاتے ہوئے اونٹ کو اٹھائے ہوئے آئے گا اور آواز دے گا، یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم، یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ تو میں اس سے بھی کہوں گا اب میں خدا کے سامنے تمہارے کسی کام نہیں آسکتا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا تھا۔ کچھ لوگ آئیں گے جن کی گردن پر ہنہناتا ہوا گھوڑا سوار ہوگا۔ وہ بھی مجھے پکاریں گے، یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم، یا محمد صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم۔ میں ان سے بھی یہی کہوں گا کہ میں اب تیرے لیے کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ بعض چمڑے کا مشکیزہ اٹھائے ہوئے آئیں گے اور پکاریں گے یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ تو میں کہوں گا کہ اب میں تیرے کسی کام کا مالک نہیں۔ میں تو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا چکا ہوں۔

1131 اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ الْجِرَابِ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، نَا عَمْرُوْ بْنُ مَرْزُوْقٍ، نَا الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عُبَيْدَةَ النَّهْدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُحَرِّمْ حُرْمَةً اِلَّا وَقَدْ عَلِمَ اَنَّهُ سَيَطَّلِعُهَا مِنْكُمْ مُتَطَلِّعٌ، اَلَا وَاِنِّيْ مُمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ اَنْ لَا تَهَافَتُوْا فِي النَّارِ تَهَافُتَ الْفَرَاشِ وَالذُّبَابِ''

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز حرام نہیں کی مگر وہ جانتا ہے۔ بے شک تم میں سے کچھ لوگ اس کی (حرام کردہ چیزوں کی) خواہش رکھتے ہیں۔ خبردار، بے شک تمہاری کمر سے پکڑ کر میں تمہیں روکنے والا ہوں، کہ تم آگ میں نہ گرو۔ تو تم کیڑے پتنگوں کی طرح گرتے ہو۔

1132 نَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا سُفْيَانُ، نَا اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا اَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ جَعَلَ الْفَرَاشُ وَالدَّوَابُّ يَتَقَحَّمُوْنَ فِيْهَا، فَاَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ، وَاَنْتُمْ تَقَحَّمُوْنَ فِيْهَا''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک میری اور تمہاری مثال اس شخص کی طرح ہے۔ جس نے آگ روشن کی جب اس کا اردگرد روشن ہوا تو کیڑے پتنگے اس میں منہ کے بل گرنے لگے تو میں تمہاری کمر سے پکڑنے والا ہوں آگ میں گرنے سے۔ حالانکہ تم اس میں منہ کے بل گرتے ہو۔

1133 نَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ، نَا اِسْمَاعِيْلُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، نَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَالِيْ آخُذُ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ''

ترجمہ: بہز بن حکیم نے اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا سے روایت کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

ارشاد فرمایا: میں تمہیں آگ میں گرنے سے تمہاری کمر سے پکڑنے والا ہوں۔

نوٹ: تمہاری حالت ایسی ہے، جس کی وجہ تم آگ میں گرنے لگتے ہو تو میں تمہیں تمہاری کمر سے پکڑ کر جہنم میں گرنے سے بچا لیتا ہوں۔

1134 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، قَالَ: اَقْبَلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي رَجُلَانِ مِنَ الْاَشْعَرِيِّينَ، فَقَالَ "يَا اَبَا مُوسٰى اَوْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ اِنَّا لَا نَسْتَعْمِلُ عَلَى عَمَلِنَا مَنْ اَرَادَهُ"

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں دو اشعری قبیلے کے آدمیوں کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوموسیٰ یا کہا: اے عبداللہ بن قیس! بے شک ہم اسے حاکم نہیں بناتے اپنی امارت پر، جو اس کا ارادہ کرے۔

1135 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ، ثنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَبنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، وَاَبِي الدَّهْمَاءِ، قَالَا: اَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ، فَقَالَ: اَخَذَ بِيَدِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَّمَنِي مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ، فَكَانَ مِمَّا حَفِظْتُهُ عَنْهُ: "اِنَّكَ لَا تَدَعُ شَيْئًا اتِّقَاءَ اللّٰهِ اِلَّا اَعْطَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا مِنْهُ"

(مسند ابن ابو شیبہ (۹۹۴) شعب الایمان (۵۳۶۴))

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابودہماء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ دیہات کے ایک آدمی کے پاس گئے۔ اس دیہاتی روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے وہی سکھانے لگے جو اللہ نے ان کو سکھایا تھا۔ میں نے جو کچھ ان سے سیکھا وہ یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک تو اللہ کی ناراضگی سے بچنے کے لئے جس چیز کو چھوڑے گا اللہ تعالیٰ تجھے اس سے بہتر عطا کرے گا۔

1136 اَنَا بِهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَنَا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا ابْنُ عَفَّانَ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، نا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ، وَفِيهِ عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، وَاَبِي بِلَالٍ رَجُلٌ قَدْ سَمَّاهُ

Marfat.com

ترجمہ: حسب سابق مضمون اس سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

1137 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْبَزَّازُ، نا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُ، نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، نا سُفْيَانُ، نا اَيُّوْبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اُلْقِيَ لَهُ مِنْبَرٌ خَلَتْ قَوَائِمُهُ مِنْ حَدِيْدٍ، فَحَفِظْتُ مِمَّا عَلَّمَنِي اَنَّهُ قَالَ: ''اِنَّكَ لَا تَدَعُ شَيْئًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ، اِلَّا اَثَابَكَ اللّٰهُ مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ''

(مسند ابن ابو شیبہ (۹۹۴) شعب الایمان (۵۳۶۴))

ترجمہ: حمید بن ھلال نے ایک شخص سے روایت کیا وہ بیان کرتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے منبر بچھایا گیا جس کے پائے لوہے کے تھے۔ پس میں نے وہ یاد کیا جو آپ نے مجھے سکھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو چیز تو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے چھوڑے گا تو اللہ تعالیٰ تجھے اس سے بہتر چیز عطا کرے گا۔

1138 نا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوبَ، نا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ، نا مُسَدَّدٌ، نا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، نا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنِ الَّذِي، سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ عَمَّنْ سَمِعَهُ مِنْهُ قَالَ: اَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ فَقُلْتُ: عَلِّمْنِي مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ، فَنَزَلَ وَاُلْقِيَ لَهُ كُرْسِيٌّ قَوَائِمُهُ حَدِيْدٌ فَقَالَ: ''اِنَّكَ لَا تَدَعُ شَيْئًا اتِّقَاءَ اللّٰهِ اِلَّا بَدَّلَكَ اللّٰهُ مَكَانَهُ خَيْرًا مِنْهُ'' قَالَ رِفَاعَةُ الْعَدَوِيُّ: ''انْتَهَيْتُ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ غَرِيْبٌ جَاءَ يَسْاَلُ عَنْ دِيْنِهِ لَا يَدْرِي مَا دِيْنُهُ. قَالَ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ خُطْبَتَهُ فَاُتِيَ بِكُرْسِيٍّ خِلْتُ قَوَائِمَهُ حَدِيْدًا، قَالَ فَقَعَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يُعَلِّمُنِي مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ، ثُمَّ اَتَى عَلَى خُطْبَتِهِ فَاَتَى عَلَيْهَا''

ترجمہ: حمید بن ہلال نے اس شخص سے روایت کیا جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا اس شخص نے بیان کیا: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے۔ تو میں نے عرض کیا مجھے وہ کچھ سکھائیے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سکھایا ہے۔ پس آپ کے لئے لوہے کے ستون والی رکھی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو اللہ تعالیٰ کے ڈر سے جو چیز چھوڑے گا اللہ

Marfat.com

تعالیٰ اس کی جگہ اس سے بہتر چیز تجھے عطا کرے گا۔

حضرت رفاعہ عدوی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم گفتگو فرما رہے تھے تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں مسافر آدمی ہوں اور اپنے دین کے متعلق پوچھنے آیا ہوں۔ جو دین کو نہیں جانتا تھا۔ وہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گفتگو ختم فرمائی اور تشریف فرما ہوئے اور ایک لوہے کے پائے والی کرسی لائی گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر بیٹھے اور مجھے وہ کچھ سکھانا شروع ہو گئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سکھا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو پھر آپ خطبے کے لیے تشریف لے گئے اور اسے ادا کیا۔

## بخشش لازم کرنے والے اعمال

1139 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيْقِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْجُعْفِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: ثنا يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا جَهْمُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُوْ رَجَاءٍ النَّهْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنْ مُوْجِبَاتِ الْمَغْفِرَةِ اِدْخَالَ السُّرُوْرِ عَلٰى اَخِيْكَ الْمُسْلِمِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۴۶۹، ۲۷۳۱) شعب الایمان۔ج۵، ص ۶۲

ترجمہ: عبداللہ بن حسن بن حسن نے اپنے والد دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بخشش کو لازم کرنے والی چیزوں میں یہ ہے کہ تو اپنے مسلم بھائی (کے دل) میں خوشی کو داخل کردے۔

1140 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، قَالَ: ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: ثنا اَبِيْ، قَالَ: اَعْطَانَا ابْنُ الْاَشْجَعِيِّ كِتَابًا فِيْهِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ، اَيُّ عَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ؟ فَقَالَ: ''اِنَّ مِنْ مُوْجِبَاتِ الْمَغْفِرَةِ بَذْلَ السَّلَامِ وَحُسْنَ الْكَلَامِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۴۶۹، ۲۷۳۱) شعب الایمان۔ج۵، ص ۶۲

ترجمہ: مقدام بن شریح نے اپنے والد دادا سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے عرض کیا: یارسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون سا عمل ہے جو مجھے جنت داخل کرے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بخشش کو لازم کرنے والی چیزیں، سلام کو پھیلانا اور حسن کلام ہے۔

Marfat.com

دنیا میٹھی ہے اس کی رنگینیوں سے بچو

1141 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ الْكَاتِبُ، اَبنا اَبُوْ الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَمَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُوْرٍ، ثنا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَاِنَّ اللهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا، فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ، فَاتَّقُوا الدُّنْيَا، وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، وَمَا مِنْ كَلِمَةٍ اَفْضَلَ مِنْ كَلِمَةِ عَدْلٍ عِنْدَ اِمَامٍ جَائِرٍ''

(مسلم (۲۷۴۲) سنن ترمذی (۲۱۹۱) مسند احمد (۲۷۰۵۵)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک دنیا سرسبز اور میٹھی ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ نے تم کو اس میں اپنا خلیفہ بنایا ہے پس وہ دیکھتا ہے جو تم اس میں عمل کرتے ہو۔ پس تم دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو اور ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنے سے کوئی بات افضل نہیں ہے۔

1142 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّوْرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ مَسْلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، ثُمَّ قَامَ خَطِيبًا، فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهِ: ''اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَاِنَّ اللهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا، فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ''، وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُثَنًّى وَمُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ مَسْلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا نَضْرَةَ، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

(مسلم (۲۷۴۲) سنن ترمذی (۲۱۹۱) مسند احمد (۲۷۰۵۵)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑھائی اور کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا اور خطبہ میں فرمایا: بے شک دنیا سرسبز اور میٹھی ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ نے تم کو اس میں اپنا خلیفہ بنایا ہے پس وہ دیکھتا ہے جو تم اس میں عمل کرتے ہو۔

1143 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمَالِكِيُّ، ثنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا

Marfat.com

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ عُبَيْدٍ سَنُوطَا، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَذَاكَرَ هُوَ وَحَمْزَةُ الدُّنْيَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ اَخَذَ عَفْوَهَا بُوْرِكَ لَهُ فِيهَا''

ترجمہ: حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ دنیا کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے پس جس نے اس کے درگزر کو لیا اس کے لئے اس میں برکت ہوگی۔

1144 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدٌ، نَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ عَبْدُوْسِ بْنِ كَامِلٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُرُزِّيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي ضِرَارٍ، عَنْ عَمَّتِهِ عَمْرَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي ضِرَارٍ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَصَابَ مِنْهَا مِنْ حِلِّهِ فَذٰلِكَ الَّذِي بُوْرِكَ لَهُ، وَكَمْ مِنْ مُتَخَوِّضٍ فِي مَالِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمَالِ رَسُوْلِهِ لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

ترجمہ: سیدہ عمرہ بنت حارث بن ابوضرار کہتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک دنیا سرسبز میٹھی ہے پس جس کو اس کا حلال حصہ پہنچا اس کے لیے اس میں برکت ڈال دی گئی ہے اور کتنے لوگ ہیں جو زبردستی اللہ تعالیٰ کے مال اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مال میں گھسنے والے ہیں ان کے لیے قیامت کے دن آگ ہوگی۔

## انسان کے دل میں بہت سارے راستے ہیں

1145 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا مُوْسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ مِنْ قَلْبِ ابْنِ آدَمَ بِكُلِّ وَادٍ شُعْبَةً، فَمَنِ اتَّبَعَ قَلْبُهُ الشِّعَبَ كُلَّهَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ فِي اَيِّ وَادٍ اَهْلَكَهُ''

(سنن ابن ماجہ (۴۱۶۶) شعب الایمان (۳۶۰۳، ۳۶۰۲)

ترجمہ: ہمیں موسیٰ بن علی بن رباح نے خبر دی کہ میں نے اپنے والد سے سنا وہ حدیث بیان کرتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک انسان کے دل میں ہر وادی میں ایک گھاٹی ہوتی ہے تو جو شخص تمام گھاٹیوں کا پیچھا کرتا

Marfat.com

ہے تو اللہ تعالیٰ اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کرتا کہ وہ شخص کون سی وادی میں ہلاکت کا شکار ہوگا۔

1146 اَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، اَخْبَرَنِي اَبِي، نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

''اِنَّ اَعْظَمَ نِسَاءِ اُمَّتِي بَرَكَةً اَصْبَحُهُنَّ وَجْهًا وَاَقَلُّهُنَّ مَهْرًا''

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک میری امت کی خواتین میں بڑی برکت والی وہ ہیں کہ ان کے چہرے روشن اور ان کے مہر کم ہوں۔''

## دین میں نرمی کے ساتھ داخل ہو جاؤ

1147 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَبُو يَحْيَى هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مَسَرَّةَ، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا اَبُو عَقِيلٍ يَحْيَى بْنُ خَالِدِ بْنِ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ هٰذَا الدِّينَ مَتِينٌ فَاَوْغِلْ فِيهِ بِرِفْقٍ، وَلَا تُبَغِّضْ اِلَى نَفْسِكَ عِبَادَةَ اللّٰهِ، فَاِنَّ الْمُنْبَتَّ لَا اَرْضًا قَطَعَ وَلَا ظَهْرًا اَبْقَى''

(معجم ابن الاعرابی (۱۸۳۵) شعب الایمان (۳۶۰۳، ۳۶۰۲))

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ دین مضبوط ہے اس میں نرمی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ اور اپنے رب تعالیٰ کی عبادت کو اپنے نفس پر ناپسند نہ کرو۔ کیونکہ تیزی سے سفر کرنے والا نہ تو راستہ طے کر پاتا ہے اور نہ ہی سواری کو ٹھیک رہنے دیتا ہے۔

1148 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمَالِكِيُّ، اَنا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْفَاكِهِيُّ، اَبنا اَبُو يَحْيَى، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ہمیں ابو یحیی نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل بیان کیا۔

## مہمان کے ساتھ چلنا سنت ہے

1149 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا

Marfat.com

يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ سَافِرِيٍّ، أَبنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُرْوَةَ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يَخْرُجَ الرَّجُلُ مَعَ ضَيْفِهِ إِلَى بَابِ الدَّارِ''

(سنن ابن ماجه (۳۳۵۸) شعب الایمان (۹۲۰۲)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی (میزبان) کا اپنے مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک جانا سنت ہے۔

1150 أنا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، نا أَبُو طَاهِرِ بْنُ فِيلٍ، نا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الْعَطَّارُ، بِالرَّقَّةِ، نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، يَعْنِي ابْنَ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مِثْلَهُ

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باقی مذکورہ بالا حدیث کی مثل ہے۔

## جب تک انسان اپنا رزق پورا نہ کھائے لے اس وقت تک موت نہیں آئے گی

1151 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، أبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ، ثنا هُشَيْمٌ، أبنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ، عَمَّنْ أَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''إِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رُوعِي أَنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا، فَاتَّقُوا اللهَ وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ''

(حلیہ الاولیاء جلد ۱۰، صفحہ ۲۶

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک روح القدس (جبرائیل) نے میرے دل میں یہ بات ڈالی ہے۔ بے شک کسی جان کو موت ہرگز نہیں آئے گی حتیٰ کہ وہ اپنا رزق پورا کر لے۔ (تو اے لوگو!) تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو، اور تم اپنی طلب کو پاک کرو۔ (یعنی رزق حلال تلاش کرو)۔

1152 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأُدْفُوِيُّ، أنا أَبُو الطَّيِّبِ، أَحْمَدُ

Marfat.com

بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ اِجَازَةً، ثنا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ قَالَ: وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا حَجَّاجٌ، يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ: قَالَ جَابِرٌ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يَمُوتَ حَتّٰى يَسْتَكْمِلَ رِزْقَهُ، وَلَا تَسْتَبْطِئُوا الرِّزْقَ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ، وَاَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، وَخُذُوا مَا حَلَّ وَذَرُوا مَا حَرُمَ''

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! بے شک تم میں کسی ایک کو اس وقت تک موت ہرگز نہیں آئے گی جب تک وہ اپنا رزق مکمل نہ کر لے اور تم رزق کو دیر کرنے والا نہ پانا اور تم اسے ڈرو اور تم (رزق حلال کی) طلب کو پاکیزہ بناؤ۔ اور جو حلال ہے اس کو لے لو اور جو حرام ہے اس کو چھوڑ دو۔

## انسان میں جب حیاء نہ رہے تو وہ جو مرضی کرے

1153 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَكِيمٍ الْاُزْرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ الْجِرَابِ، ثنا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُولٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ''

ترجمہ: سنن ابن ماجه (۴۱۸۳) مسند احمد (۱۷۰۹۸، ۲۲۳۴۵) الادب المفرد (۵۹۷) معجم الاوسط (۲۳۱۱، ۲۹۸۶)

ترجمہ: حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک لوگوں نے پہلے انبیاء کرام کے کلام میں یہ بات پائی ہے: جب تم میں حیاء نہ رہے تو تم جو چاہے کرو۔

1154 وَاَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ، اَنَا اَبُوْ زَيْدٍ، اَنَا الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا الْبُخَارِيُّ، نَا آدَمُ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ''

(سنن ابن ماجه (۴۱۸۳) مسند احمد (۱۷۰۹۸، ۲۲۳۴۵) الادب المفرد (۵۹۷) معجم الاوسط (۲۹۸۶، ۲۳۱۱))

ترجمہ: حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے

Marfat.com

شک لوگوں نے پہلے انبیاء کے کلام میں یہ بات پائی ہے۔ جب تم میں حیاء نہ رہے تو تم جو چاہے کرو۔

1155 وَاَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَنَا ابْنُ جَامِعٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

عبداللہ بن مسلمہ قعنبی نے اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل نقل کیا۔

1156 اَنَا رِفَاعَةُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِي رِفَاعَةَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ، اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ السَّدُوْسِيُّ الْبَصْرِيُّ اِمْلَاءً مِنْ حِفْظِهِ بِالْجَامِعِ الْعَتِيْقِ بِمِصْرَ، نَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ، نَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ ح ونا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغَوِيُّ ابْنُ بِنْتِ مَنِيْعٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ الْجَوْهَرِيُّ، نَا شُعْبَةُ، وَشَرِيْكٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلَى اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ''

(سنن ابن ماجہ (۴۱۸۳) مسند احمد (۱۷۰۹۸،۲۲۳۴۵) الادب المفرد (۵۹۷) معجم الاوسط (۲۳۱۱،۲۹۸۶))

ترجمہ: حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک لوگوں نے پہلے انبیاء کرام کے کلام میں یہ بات پائی ہے۔ جب تم میں حیاء نہ رہے تو تم جو چاہے کرو۔

## نمازی اللہ تعالیٰ کے دروازے پر دستک دیتا ہے

1157 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْفَسَوِيُّ، بِمَكَّةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ خَرُوْفٍ، بِمِصْرَ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْاَيْلِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ الْمُصَلِّيَ لَيَقْرَعُ بَابَ الْمَلِكِ، وَاِنَّهُ مَنْ يُدِمْ قَرْعَ الْبَابِ يُوْشِكُ اَنْ يُفْتَحَ لَهُ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک نمازی شخص بادشاہ حقیقی کے دروازہ پر دستک دیتا ہے اور جو ہمیشہ دروازہ پر دستک دیتا رہتا ہے۔ قریب ہے کہ اس کے لئے دروازہ کھل جائے۔

1158 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَيْمُوْنِ الْكَاتِبُ، اَبنا اَبُوْ

Marfat.com

الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ حَفْصٍ، ثنا اَبُوْ كُرَيْبٍ، ثنا اَبُوْ خَالِدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ فِي الصَّلَاةِ لَشُغْلًا''

(بخاری (۱۲۱۶) سنن ابی داؤد (۹۲۳) جامع ترمذی (۳۹۰) سنن ابن ماجہ (۱۰۱۹) مسند ابن ابو شیبہ (۲۱۹))

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک نماز میں مشغولیت ہے۔

1159 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَالِكِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْمٍ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفِ بْنِ سَوَّارٍ الْبَسْتِيُّ، حَدَّثَنِي اَبُوْ مُحَمَّدٍ، يَحْيَى بْنُ ثُمَامَةَ بْنِ حُجْرٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: ''اِنَّ رَبِّي اَمَرَنِي اَنْ يَكُوْنَ نُطْقِي ذِكْرًا، وَصَمْتِي فِكْرًا وَنَظَرِي عِبْرَةً''

ترجمہ: ابن عائشہ نے اپنے والد سے ہمیں بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور اپنے خطبہ میں فرمایا: بے شک میرے رب عزوجل نے مجھے حکم دیا کہ میری گویائی ذکر ہو اور میری خاموشی فکر ہو اور میری نظر عبرت ہو۔

## مجھے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے

1160 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ الشَّاهِدُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ الْعَنَزِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ، ثنا اَبُوْ الْخَطَّابِ الْحَسَّانِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرِ بْنِ الْخُمُسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا اَنَا رَحْمَةٌ مُهْدَاةٌ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۱۷۸۲) سنن دارمی (۱۵) مستدرک للحاکم (۱۰۰) شعب الایمان (۱۳۷۴، ۱۳۳۹))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک میں رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

1161 وَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ الْحُسَيْنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْفَارِضُ، اَبنا الْقَاضِي اَبُوْ الطَّاهِرِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ سَهْلُ بْنُ اَبِي سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ ثنا اَبُوْ الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، بِاِسْنَادٍ مِثْلِهِ، وَقَالَ فِيْهِ: ''يَا اَيُّهَا

Marfat.com

النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا رَحْمَةٌ مُّهْدَاةٌ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۱۷۸۲) سنن دارمی (۱۵) مستدرک للحاکم (۱۰۰) شعب الایمان (۱۳۷۴، ۱۳۳۹)

ترجمہ: اعمش نے اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کیا ہے اور اس میں یہ الفاظ نقل کیے۔ اے لوگو! بے شک میں رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

## جاہل سے نہ پوچھو

1162 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، قَالَ: قُرِئَ عَلَى اَبِي سَعِيْدٍ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَعْرَابِيِّ وَاَنَا اَسْمَعُ. ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ. ثنا عَاصِمٌ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ. عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ''

(سنن ابی داؤد (۳۳۶) دار قطنی (۷۲۹) سنن صغیر بیہقی (۱۰۷۵، ۲۳۶) معرفۃ السنن والآثار (۱۶۶۱)

ترجمہ: حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک نہ جاننے کا علاج' پوچھ لینا ہے۔

1163 وَاَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ. اَنَا اَبُوْ الطَّيِّبِ الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَاشِمِيُّ الْمَعْرُوْفُ. بِابْنِ بِنْتِ الشَّافِعِيِّ. نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَفَّانَ الْجَرْجَرَائِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِالْعَسُوْلِيِّ. بِاَنْطَاكِيَةَ. نا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُلَّا. نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ. عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ خُرَيْقٍ. عَنْ عَطَاءٍ. عَنْ جَابِرٍ. وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ. بِطُوْلِهِ. وَفِيْهِ: فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللهُ. اَلَا سَاَلُوْا اِذْ لَمْ يَعْلَمُوْا. فَاِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ"

(سنن ابی داؤد (۳۳۶) دار قطنی (۷۲۹) سنن صغیر بیہقی (۱۰۷۵، ۲۳۶) معرفۃ السنن والآثار (۱۶۶۱)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے (پھر راوی نے) ایک طویل حدیث نقل کی اور اس میں یہ مذکور ہے' جب وہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے اس کو قتل کر دیا تو اللہ تعالیٰ ان کو برباد کرے جب انہیں علم نہیں تھا تو انہوں نے دریافت کیوں نہیں کیا کیونکہ نہ جاننے کا علاج سوال کرنا ہے۔

وضاحت: اس مذکورہ بالا روایت کا مضمون یہ ہے کہ سردی میں ایک شخص کا سر زخمی ہو گیا اور اس کو احتلام ہونے کی وجہ

Marfat.com

سے غسل فرض ہوگیا۔ اس نے اپنی ساتھیوں سے پوچھا اگر تم اجازت دو تو میں تیمم کرلوں انہوں نے اجازت نہ دی حتیٰ کہ اس شخص نے پانی سے غسل کیا تو وہ مرگیا۔ جب یہ واقعہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے اس کو قتل کردیا اللہ تعالیٰ ان کو برباد کرے۔ جب وہ نہیں جانتے تھے تو انہوں نے دریافت کیوں نہیں کیا؟۔

## عزت والا ہی صاحب عزت کی قدر جانتا ہے

1164 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ بَكَّارٍ الضَّبِّيُّ اَبُو الْوَلِيْدِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عَمِّهِ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَقَدْ اَطَافَ بِهِ اَصْحَابُهُ اِذْ اَقْبَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَقَفَ فَسَلَّمَ، ثُمَّ نَظَرَ مَجْلِسًا يُشْبِهُهُ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وُجُوهِ اَصْحَابِهِ، اَيُّهُمْ يُوَسِّعُ لَهُ، وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ جَالِسًا عَنْ يَمِيْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَزَحْزَحَ لَهُ عَنْ مَجْلِسِهِ وَقَالَ: هٰهُنَا يَا اَبَا الْحَسَنِ، فَجَلَسَ بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ اَبِي بَكْرٍ، قَالَ اَنَسٌ: فَرَاَيْتُ السُّرُوْرَ فِي وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى اَبِي بَكْرٍ فَقَالَ: ''يَا اَبَا بَكْرٍ اِنَّمَا يَعْرِفُ الْفَضْلَ لِاَهْلِ الْفَضْلِ ذَوُو الْفَضْلِ''

(معجم ابن الاعرابی (۵۵۵، ۱۴۱)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارے درمیان مسجد میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اور صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے تو حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے اور کھڑے ہوئے اور سلام کیا۔ پھر مجلس کو دیکھا، تو وہ اس کی طرح تھی۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کی چہروں کی طرف دیکھا کہ ان میں سے کون اس (علی المرتضی) کے لیے مجلس میں جگہ کھلی کرتا ہے۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں جانب بیٹھے ہوئے تھے وہ اپنی جگہ سے ہٹے اور کہا: اے ابوالحسن، یہاں تشریف لائیں تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بیٹھ گئے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ اقدس پر خوشی کو دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی متوجہ ہوکر فرمایا: اے ابوبکر! صاحب فضل ہی فضل والے کے

Marfat.com

فضل کو پہچانتا ہے۔

## مجھے اخلاق کی تکمیل کے مبعوث کیا گیا ہے

1165 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَبُوْ نُعَيْمٍ، ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ الْكُوفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ''

(سنن الکبریٰ للبیہقی (۲۰۷۸۲)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک میں اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں۔

## گمراہ کن آئمہ سے خطرہ

1166 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّافِقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَضِرِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَزَّارُ، ثنا سِيدَانُ بْنُ مُضَارِبٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيَ الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ''

(سنن ترمذی (۲۲۲۹) مسند احمد (۲۲۳۹۴، ۲۲۳۹۳) سنن دارمی (۲۷۹۴، ۲۱۵)

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اپنی امت کے بارے میں گمراہ کرنے والے حکمرانوں کا اندیشہ ہے۔

## اعمال اپنے خاتمے کے ساتھ ہیں

1167 حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْاٰدَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ جَعْدٍ، ثنا اَبُوْ غَسَّانَ، مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ''

(صحیح ابن حبان (۳۴۰) معجم کبیر طبرانی (۵۷۸۴)

Marfat.com

ترجمہ: ابوحازم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اعمال خواتیم (انجام) کے ساتھ ہیں۔

وضاحت: ایک شخص ساری زندگی کفر پر ڈٹا رہا بالآخر اللہ کریم نے اسے ایمان کی دولت سے سرفراز فرما دیا اور اسی حالت ایمان میں اس کا خاتمہ ہوا تو اب اس کے ایمان کا اعتبار کیا جائے کیونکہ اس کی زندگی کا اختتام ایمان پر ہوا ہے۔

1168 اَنا اَبُوْ ذَرٍّ عَبْدُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَرَوِيُّ، نا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمُّوَيَةَ، وَاَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ الْمُسْتَمْلِي وَاَبُوْ الْهَيْثَمِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمَكِّيِّ الْكُشْمِيْهَنِيُّ قَالُوا: ثنا الْفَرَبْرِيُّ، اَنا الْبُخَارِيُّ، نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، نا اَبُوْ غَسَّانَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، مِثْلَهُ

ابوحازم نے مجھے حضرت سہل رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس کی مثل حدیث بیان کی۔

قسم توڑ کر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے

1169 حَدَّثَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيْدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا عَمِّي يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْبَاهِلِيُّ، نا الْخَضِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُجَاعٍ، نا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نا بَشَّارُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا الْحَلِفُ حِنْثٌ اَوْ نَدَمٌ''

(ابن ماجه (۲۱۰۳) معجم الاوسط (۸۴۲۵) معجم صغیر طبرانی (۱۰۸۳) صحیح ابن حبان (۴۳۶۶))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک قسم کھا کر توڑنی پڑتی ہے یا پھر شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے۔

1170 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَنا ابْنُ شَهْرَيَارَ، وَابْنُ رِيْذَةَ قَالَا: نا الطَّبَرَانِيُّ، اَنا مُوْسَى بْنُ الْحُصَيْنِ الْوَاسِطِيُّ، نا اَبُوْ الشَّعْثَاءِ، عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ، نا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ، اَنا بَشَّارُ بْنُ كِدَامٍ، اَخُوْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا الْحَلِفُ حِنْثٌ اَوْ نَدَمٌ'' قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَمْ يَرْوِهِ عَنْ بَشَّارٍ اِلَّا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَلَا نَحْفَظُ لِبَشَّارٍ حَدِيثًا مُسْنَدًا غَيْرَهُ

(ابن ماجه (۲۱۰۳) معجم الاوسط (۸۴۲۵) معجم صغیر طبرانی (۱۰۸۳) صحیح ابن حبان (۴۳۶۶))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک قسم کھا کر توڑنی پڑتی ہے یا پھر شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے۔

اعمال کا دارومدار نیت پر ہے

1171 سَمِعْتُ الْقَاضِي اَبَا عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَامَةَ بْنِ جَعْفَرٍ الْقُضَاعِيَّ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عُمَرَ الصَّفَّارَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اِبْنَ الْاَعْرَابِيِّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا رِفَاعَةَ، هُوَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَدَوِيُّ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَائِشَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْوَهَّابِ بْنَ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُوْلُ: ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ'' مُخْتَصَرٌ

(بخاری (۱) سنن ابی داؤد (۲۲۰۱) سنن ابن ماجه (۴۲۲۷) مسند حمیدی (۲۸) حلیۃ الاولیاء جلد ۸، ص ۴۲)

ترجمہ: علقمہ بن وقاص کہتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

1172 نا ابْنُ السِّمْسَارِ، نا اَبُوْ زَيْدٍ، نا الْفَرَبْرِيُّ، نا الْبُخَارِيُّ، نا الْحُمَيْدِيُّ، نا سُفْيَانُ، نا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَذَكَرَهُ

محمد بن ابراہیم نے علقمہ بن وقاص سے سنا کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا اور اس کا ذکر کیا۔

1173 انا ذُو النُّوْنِ بْنُ اَحْمَدَ الْعَطَّارُ، نا اَبُوْ الْفَضْلِ، اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ بِمَكَّةَ، نا اَبُوْ حَامِدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَنَادِكِيُّ الْهَرَوِيُّ بِهَرَاةَ، نا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، نا نُوْحُ بْنُ حَبِيْبٍ، نا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَلِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا

Marfat.com

فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ''

(بخاری (۱) سنن ابی داؤد (۲۲۰۱) سنن ابن ماجه (۴۲۲۷) مسند حمیدی (۲۸) حلیۃ الاولیا جلد ۸، ص ۴۲)

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی، پس جس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہجرت کی تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے شمار ہوگی اور جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہوتا کہ وہ اس کو حاصل کرے یا کسی عورت کے لئے ہجرت کی تا کہ وہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی کے لئے ہوگی۔

## عورتوں کے لیے تصفیح کرنا ہے

1174 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَبنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: بَلَغَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْءٌ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ، وَفِيهِ: ''اِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ''

(بخاری (۲۶۹۰) سنن نسائی (۱۱۸۳) مسند حمیدی (۹۵۶) مسند احمد (۲۲۸۰۱))

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اطلاع ملی کہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان کوئی چیز (لڑائی ہونے والی) تھی پس اس نے ایک حدیث ذکر کی اور اس میں یہ تھا۔ ''بے شک عورتوں کے لئے الٹ ہاتھ پر ہاتھ مار کر تالی بجانا ہے''۔

وضاحت: نماز میں جب عورتیں حاضر ہوں تو سب سے پیچھے صف میں کھڑی ہوں اگر امام نماز میں بھول جائے تو خواتین اسے منہ سے آواز دے کر لقمہ نہ دیں بلکہ ان کے لئے تصفیح کرنا ہے یعنی ایک ہاتھ کی ہتھیلی دوسرے ہاتھ کی پشت پر ماریں تا کہ امام کو اپنی غلطی یاد آجائے۔

1175 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، ثنا اَبُو عَبْدِ رَبِّ الْعِزَّةِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا بَقِيَ مِنَ الدُّنْيَا بَلَاءٌ وَفِتْنَةٌ، وَاِنَّمَا مَثَلُ عَمَلِ اَحَدِكُمْ كَمَثَلِ

Marfat.com

الْوِعَاءِ إِذَا طَابَ أَعْلَاهُ طَابَ أَسْفَلُهُ، وَإِذَا خَبُثَ أَعْلَاهُ خَبُثَ أَسْفَلُهُ''

(معجم کبیر طبرانی (۸۲۶)

ترجمہ: ابوعبدرب العزت بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک دنیا میں سے فتنہ اور بلائیں باقی ہیں اور بے شک تم میں سے ہر ایک کے عمل کی مثال برتن کی طرح ہے۔ جب اس کا اوپر والا حصہ پاک ہوتا ہے تو اس کا نیچے والا بھی پاک ہوجاتا ہے اور اگر اس کا اوپر والا حصہ پلید ہوتا ہے تو اس کا نیچے والا بھی پلید رہتا ہے۔

## رضاعت' بھوک سے ثابت ہوتی ہے

1176 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا فَاطِمَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَيَّانَ، قَالَتْ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسٰى، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: ''إِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ'' مُخْتَصَرٌ

(مسلم (۱۴۵۵) مصنف ابن ابو شیبہ (۱۷۰۲۴) مسند احمد (۲۵۷۹۰، ۲۵۰۷۳) شرح السنہ (۲۲۸۵)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رضاعت بھوک سے ثابت ہوتی ہے۔

1177 وَأَنَا ابْنُ السِّمْسَارِ، أنا أَبُو زَيْدٍ، نا الْفَرَبْرِيُّ، أنا الْبُخَارِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أنا سُفْيَانُ، عَنْ أَشْعَثَ، بِإِسْنَادِهِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَفِيهِ: ''يَا عَائِشَةُ انْظُرْنَ مَنْ إِخْوَانُكُنَّ، فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ''

(مسلم (۱۴۵۵) مصنف ابن ابو شیبہ (۱۷۰۲۴) مسند احمد (۲۵۷۹۰، ۲۵۰۷۳) شرح السنہ (۲۲۸۵)

ترجمہ: اشعث نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا اور اس حدیث میں یہ ذکر کیا کہ (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) اے عائشہ! تم خواتین اپنے (رضاعی) بھائیوں کی تحقیق کرلیا کرو کیونکہ رضاعت بھوک سے ثابت ہوتی ہے۔

## زنگ آلود دلوں کا علاج دو چیزوں کے ساتھ ہوتا ہے

1178 أَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الشُّجَاعِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّفَّاءُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ الْأَشَجِّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ: ''اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوبَ تَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيدُ'' قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا جِلَاؤُهَا؟ قَالَ: ''ذِكْرُ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ''
(شعب الایمان (۱۸۵۹)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ان دلوں کو زنگ لگ جاتا ہے جس طرح لوہے کو زنگ لگ جاتا ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اس (زنگ آلود دل) کا علاج کیا ہے؟ فرمایا: موت کو یاد کرنا اور قرآن کی تلاوت کرنا۔

1179 وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَزْوِينِيُّ الصُّوفِيُّ، اَبنا اَبُو عَلِيٍّ، حَمْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو عَلِيٍّ، اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوبَ تَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيدُ''، قِيلَ: فَمَا جِلَاؤُهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ''تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ''
(شعب الایمان (۱۸۵۹)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ان دلوں کو زنگ لگ جاتا ہے جس طرح لوہے کو زنگ لگ جاتا ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اس (زنگ آلود دل) کا علاج کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کی تلاوت کرنا۔

1180 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُو سَعِيدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا اَبُو يَحْيَى بْنُ اَبِي مَيْسَرَةَ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ، ثنا نُوحُ بْنُ جَعْوَنَةَ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ مُتَوَكِّئًا عَلَيَّ وَهُوَ يَقُولُ: ''اَيُّكُمْ يَسُرُّهُ اَنْ يَقِيَهُ اللّٰهُ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ؟'' ثُمَّ قَالَ: ''اَلَا اِنَّ عَمَلَ الْجَنَّةِ حُزْنٌ بِرَبْوَةٍ''، ثَلَاثًا. "اَلَا اِنَّ عَمَلَ النَّارِ اَوْ قَالَ: الدُّنْيَا سَهْلٌ بِشَهْوَةٍ". الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اس

Marfat.com

حال میں کہ آپ میرے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے اور ارشاد فرما رہے تھے کہ تم میں کون ہے جو یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جہنم کی گرمی سے بچائے؟ پھر فرمایا: خبردار! جنت کا عمل ٹیلے پر موجود پتھر ہے۔ یہ بات آپ نے تین مرتبہ فرمائی (اور پھر فرمایا:) خبردار! جہنم کا عمل (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) دنیا کا عمل نفسانی خواہش کے ہمراہ آسان ہوتا ہے (اس کے بعد طویل حدیث ہے)۔

## قسم اٹھا کر توڑنا پڑتی ہے یا پھر شرمندہ ہونا پڑتا ہے

1181 اَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَنْدِسِ، نا اَبِي، نا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْجَشَّاشُ، نا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ بَشَّارِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَمَا اِنَّ النَّذْرَ وَالْيَمِينَ حِنْثٌ اَوْ نَدَمٌ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک نذر مان کر یا قسم اٹھا کر توڑنا پڑتی ہے یا پھر شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔

## خبر معاینہ کی طرح نہیں ہوتی

1182 اَخْبَرَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْبَغْدَادِيُّ الْكَاتِبُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَبِي دَاوُدَ السِّجِسْتَانِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ''

(مسند احمد (۲۴۴۷، ۱۸۴۲) مسند البزار (۵۰۶۲) صحیح ابن حبان (۶۲۱۳) معجم الاوسط (۶۹۸۶، ۶۹۴۳، ۲۵)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبر (خود) دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔

وضاحت: خبر معاینہ کی طرح نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ خبر کسی کے ذریعہ سے پہنچی ہوتی جبکہ معاینہ انسان نے خود کیا ہوتا ہے اس لیے کہا گیا کہ خبر معاینہ کی طرح نہیں ہو سکتی۔

1183 وَاَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دَرَانٍ غُنْدَرٌ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمَاْمُونَ، عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هُشَيْمِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ

Marfat.com

ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ''
(مسند احمد (۱۸۴۲،۲۴۴۷) مسند البزار (۵۰۶۲) صحیح ابن حبان (۶۲۱۳) معجم الاوسط (۶۹۴۳،۶۹۸۶،۲۵))
ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبر (خود) دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔

1184 وَاَنَاهُ اَبُوْ مُسْلِمٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ، قَالَ: قَرَأْنَا عَلَى الْمُؤَمَّلِ بْنِ اِهَابٍ، نا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، نا هُشَيْمٌ، بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ، قَالَ يَحْيَى: لَمْ يَسْمَعْهُ هُشَيْمٌ
ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

## فاسق کی غیبت نہیں

1185 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوْفِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي حُصَيْنٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْدَبَةُ بْنُ يَحْيَى، بِمَعْدِنِ الْبَصْرَةِ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''لَيْسَ لِفَاسِقٍ غِيْبَةٌ''
ترجمہ: بہز بن حکیم نے اپنے والد، دادا سے روایت کیا کہ بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فاسق کی غیبت نہیں ہوتی ہے۔
وضاحت: اگر کوئی شخص کسی فاسق کی غیبت کرتا ہے تو وہ گناہ گار نہیں ہوگا کیونکہ فاسق کے عیب کو بیان کرنے سے دوسرے لوگ اس کے شر سے بچ جائیں گے۔

1186 وَاَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ خَلَفِ بْنُ يَعْقُوْبَ الْوَاسِطِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، نا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ الرَّقِّيُّ، نا جَعْدَبَةُ بْنُ يَحْيَى، بِمَعْدِنِ الْبَصْرَةِ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ
ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

1187 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، قَالَ: اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: ثنا ابْنُ عُتْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا ابْنُ الْاَجْلَحِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ: ''لَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ''

(شرح السنہ للبغوی (۲۱۹۰) معرفۃ السنن والآثار (۱۱۹۷۵))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ظلم کے طور پر کسی کی زمین ہتھیانے والے کا کوئی حق نہیں ہوگا۔

## مومن کے اخلاق میں چاپلوسی نہیں

1188 اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمُقْرِئُ، قَالَ: ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ الْمَارِسْتَانِيُّ، قَالَ: قَالَ اِسْحَاقُ بْنُ الْبُهْلُولِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَيْسَ مِنْ خُلُقِ الْمُؤْمِنِ الْمَلَقُ''

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''چاپلوسی کرنا مومن کے اخلاق میں سے نہیں ہے''۔

## موت کے بعد رضا مندی طلب کرنے کا موقع نہیں

(بخاری (۵۰۲۸) جامع ترمذی (۲۹۰۸) سنن ابن ماجه (۲۱۲، ۲۱۱) مسند احمد (۴۰۵) مسند البزار (۳۹۶) سنن کبریٰ للنسائی (۷۹۸۳) معجم ابن المقری (۱۸۵)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جوقرآن خود سیکھے اوراس کوسیکھائے۔

## اچھاوہ ہے جواپنے گھروالوں سے اچھا ہے

1243 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَاجِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، بِالرَّمْلَةِ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّوْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُوْرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ''

(جامع ترمذی (۳۸۹۵) سنن نسائی (۹۶۱۹) سنن ابن ماجه (۱۹۷۷) مسند البزار (۳۹۶) صحیح ابن حبان (۴۱۷۷) معجم الاوسط (۶۱۴۵)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جواپنے گھروالوں کے ساتھ بہتر ہے۔

1244 اَنَا ذُوالنُّوْنِ بْنُ اَحْمَدَ، نَا اَبُو الْفَضْلِ، اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ، نَا اَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاٰدَمِيُّ بِالْمَوْصِلِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ

Marfat.com

اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ، وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِي''

(جامع ترمذی (۳۸۹۵) سنن نسائی (۹۶۱۹) سنن ابن ماجه (۱۹۷۷) مسند البزار (۳۹۶) صحیح ابن حبان (۴۱۷۷) معجم الاوسط (۶۱۴۵)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ بہتر ہے۔ اور میں تم سب سے زیادہ اپنے گھر والوں کے ساتھ بہتر ہوں۔

1245 اَنَا هِبَةُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُمَرَ الصَّوَّافُ، اَنَا الْقَاضِي اَبُو الْحَسَنِ الْاَذَنِيُّ، اَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، نَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ رُؤْبَةَ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهِ''

(جامع ترمذی (۳۸۹۵) سنن نسائی (۹۶۱۹) سنن ابن ماجه (۱۹۷۷) مسند البزار (۳۹۶) صحیح ابن حبان (۴۱۷۷) معجم الاوسط (۶۱۴۵)

ترجمہ: حضرت ابو کبشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ بہتر ہے۔

## اچھے اور برے لوگ

1246 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الشَّاهِدُ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا الْحَضْرَمِيُّ، هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ "ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُكُمْ مَنْ يُرْجَى خَيْرُهُ وَيُؤْمَنُ شَرُّهُ وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجَى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ''

(جامع ترمذی (۲۲۶۳) مسند احمد (۸۸۱۲، ۸۹۲۰) صحیح ابن حبان (۵۲۸، ۵۲۷) شعب الایمان (۱۰۷۵۵)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں بہتر وہ ہے' جس سے بھلائی کی امید ہو اور اس کے شر سے امن ہو۔ اور تمہارے برے وہ ہیں جن سے نہ تو بھلائی کی کوئی امید ہو اور نہ ان کی شر سے لوگ محفوظ ہوں۔

1247 وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْغَسَّانِيُّ، بِطَرَابُلُسِ الشَّامِ ''ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، يُوسُفُ بْنُ الْقَاسِمِ الْمَيَانَجِيُّ'' ثنا اَبُوْ خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ

Marfat.com

الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، بِإِسْنَادِهِ قَالَ: ''أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ، مِنْ شَرِّكُمْ؟'' فَقَالَ رَجُلٌ: بَلَى، فَقَالَ: وَذَكَرَهُ

(جامع ترمذی (۲۲۶۳) مسند احمد (۸۸۱۲،۸۹۲۰) صحیح ابن حبان (۵۲۷،۵۲۸) شعب الایمان (۱۰۷۵۵))

ترجمہ: عبدالعزیز بن محمد نے اپنی سند کے ساتھ ہمیں خبر دی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں تمہارے برے کے مقابلے میں بہتر کی خبر نہ دوں؟ ایک شخص نے عرض کیا: کیوں نہیں؟ پھر (راوی نے) حسب سابق روایت کا ذکر کیا۔

1248 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْفَارِسِيُّ، أنا أَبُو أَحْمَدَ الْفَرَضِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ، نا جَبْرُونُ بْنُ عِيسٰى، نا سَحْنُونُ بْنُ سَعِيدٍ، نا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي مُوسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أُخْبِرُكُمْ بِخِيَارِكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ؟ خِيَارُكُمْ مَنْ يُؤْمَنُ شَرُّهُ وَيُرْجٰى خَيْرُهُ، وَشِرَارُكُمْ مَنْ لَا يُرْجٰى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ''

(جامع ترمذی (۲۲۶۳) مسند احمد (۸۸۱۲،۸۹۲۰) صحیح ابن حبان (۵۲۷،۵۲۸) شعب الایمان (۱۰۷۵۵))

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں تمہارے برے کے مقابلے میں بہتر کی خبر دوں؟ (پھر ارشاد فرمایا) تم میں بہتر وہ ہے' جس سے بھلائی کی امید ہو اور اس کے شر سے امن ہو۔ اور تمہارے برے وہ ہیں جن سے نہ تو بھلائی کی کوئی امید ہو اور نہ ان کے شر سے لوگ محفوظ ہوں۔

سب سے اچھا گھر وہ ہے' جس میں یتیم کی عزت ہو

1249 أَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ زَيْدٍ، ثنا فَهْدٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ، ثنا الْحُنَيْنِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلَاءَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُ بُيُوتِكُمْ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ مُكْرَمٌ''

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۲۶۰) حلیۃ الاولیاء ج ۶ ص ۳۳۷۔ شعب الایمان (۱۰۵۲۷))

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے گھروں میں بہترین گھر وہ ہے جس میں یتیم کی عزت کی جاتی ہے۔

Marfat.com

## بہترین مال

1250 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ اَبِي نَعَامَةَ الْعَدَوِيِّ عَمْرِو بْنِ عِيسٰى، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ بُدَيْلٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''خَيْرُ الْمَالِ سِكَّةٌ مَأْبُورَةٌ وَفَرَسٌ مَأْمُورَةٌ''

ترجمہ: حضرت سوید بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہترین مال پھل دار کھجور کا وہ درخت ہے جس میں پیوندکاری کی گئی ہو اور وہ گھوڑا ہے جو فرمانبردار ہو۔

## گھر میں عورتوں کی مسجد

1252 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ الْمُقْرِئُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ كَثِيرٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى اَبِيْ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي السَّمْحِ، عَنِ السَّائِبِ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''خَيْرُ مَسَاجِدِ النِّسَاءِ قَعْرُ بُيُوتِهِنَّ''

(مسند احمد (۲۶۵۴۲) صحیح ابن خزیمہ (۱۶۸۳) مستدرک (۷۵۶) سنن کبریٰ بیہقی (۵۳۶۰))

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کی بہترین مساجد ان کے گھر کا اندرونی حصہ ہے۔

وضاحت: اس سے مراد یہ ہے کہ عورت اپنے گھر میں جتنا پردے والی جگہ نماز ادا کرے اتنا ہی اس کے لیے افضل ہے۔

## سفید کپڑا اور اثمد سرمہ کا فائدہ

1253 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْبَغْدَادِيُّ نَزِيلُ الْبَصْرَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ الْجُنَابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ اَبُو يَزِيدَ الْقُرَشِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ

Marfat.com

خُثَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ، فَالْبِسُوهَا اَحْيَاءَكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ. وَاِنَّ مِنْ خَيْرِ اَكْحَالِكُمُ الْاِثْمِدَ، يَجْلُوْ الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ''

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تمہارے لیے بہترین کپڑا سفید رنگ کا ہے تم اسے اپنے زندوں کو پہناؤ اور تم اس میں اپنے مردوں کو کفن دو۔ اور بے شک ''اثمد'' تمہارے لیے بہترین سرمہ ہے وہ نظر کو تیز کرتا ہے اور بالوں کا اگاتا ہے

1254 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الْبَصْرِيُّ الطَّبِيبُ، نا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُ كُحْلِكُمُ الْاِثْمِدُ اَجْلَاهُ لِلْبَصَرِ، وَاَنْبَتُهُ لِلْاَشْعَارِ، وَخَيْرُ ثِيَابِكُمُ الْبِيضُ اَلْبِسُوهَا اَحْيَاءَكُمْ وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اثمد تمہارے لیے بہترین سرمہ ہے وہ نظر کو تیز کرتا ہے اور بالوں کا اگاتا ہے اور تمہارے لیے بہترین کپڑا سفید رنگ کا ہے تم اسے اپنے زندوں کو پہناؤ اور تم اس میں اپنے مردوں کو کفن دو۔

## بہترین جوان اور بہترین بوڑھا

1255 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمَالِكِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمٌ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُ شَبَابِكُمْ مَنْ تَشَبَّهَ بِكُهُولِكُمْ، وَشَرُّ كُهُولِكُمْ مَنْ تَشَبَّهَ بِشَبَابِكُمْ''

(مسند ابی یعلی موصلی (۳۴۸۳) معجم الاوسط (۵۹۰۴) معجم الکبیر طبرانی (۲۰۲) شعب الایمان (۷۴۱۹))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے بہترین جوان وہ ہیں جو تمہارے بوڑھوں کی مشابہت اختیار کریں اور تمہارے بدترین بوڑھے وہ ہیں جو تمہارے جوانوں کی مشابہت اختیار کریں۔

## مردوں کی پہلی صف اور عورتوں کی آخری صف بہتر ہے

1256 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ، اَبنا اَبُو سَعِيدُ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، قَالَ: ثنا

Marfat.com

الْحَارِثُ بْنُ أَبِي أُسَامَةَ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُ صُفُوفِ الرِّجَالِ أَوَّلُهَا وَشَرُّهَا آخِرُهَا، وَخَيْرُ صُفُوفِ النِّسَاءِ آخِرُهَا وَشَرُّهَا أَوَّلُهَا''

(مسلم (۴۴۰) سنن ابی داؤد (۶۷۸) جامع ترمذی (۲۲۴) سنن نسائی (۸۲۰) سنن ابن ماجه (۱۰۰۱))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردوں کی بہترین صف انکی پہلی صف ہے اور سب سے کم درجہ بہتر صف ان کی آخری صف ہے۔ اور عورتوں کی بہترین صف ان کی آخری صف ہے اور سب سے کم درجہ بہتر ان کی آخری صف ہے۔

وضاحت: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ پہلی صف میں شامل ہونے کا ثواب کتنا ہے تو وہ قرعہ اندازی شروع کریں۔ اس حدیث پاک میں نماز کی پہلی صف میں شامل ہونے کی اہمیت کو بیان فرمایا گیا ہے۔

1257 أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، أَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا أَبُو نُعَيْمٍ، نا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

1258 أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو الْحَسَنِ الْفَارِضِيُّ، أَنَا أَبُو طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْقَاضِيُّ، نا أَبُو حَفْصٍ، عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بِالْبَصْرَةِ، نا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ الْقَطَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُ صُفُوفِ الرِّجَالِ فِي الصَّلَاةِ مُقَدَّمُهَا، وَشَرُّهَا مُؤَخَّرُهَا، وَخَيْرُ صُفُوفِ النِّسَاءِ مُؤَخَّرُهَا، وَشَرُّهَا مُقَدَّمُهَا''

ترجمہ: محمد بن عجلان کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ان کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان فرمائی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز میں مردوں کی سب سے بہتر صف آگے والی ہے اور کم درجہ بہتر ان کی آخر والی صف ہے۔ اور عورتوں کی سب سے بہتر صف آخر والی ہے اور کم درجہ بہتر ان کی آگے والی صف ہے۔

1259 وَأَنَا أَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ، نا أَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

Marfat.com

اَنا جَرِيرٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خَيْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ اَوَّلُهَا، وَشَرُّهَا آخِرُهَا، وَخَيْرُ صُفُوْفِ النِّسَاءِ آخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا''

(مسلم (۴۴۰) سنن ابی داؤد (۶۷۸) جامع ترمذی (۲۲۴) سنن نسائی (۸۲۰) سنن ابن ماجه (۱۰۰۱))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردوں کی بہترین صف ان کی پہلی صف ہے اور سب سے کم درجہ بہتر صف ان کی آخری صف ہے۔ اور عورتوں کی بہترین صف ان کی آخری صف ہے اور سب سے کم درجہ بہتر ان کی آخری صف ہے۔

## اوپر والا ہاتھ نیچے والے سے بہتر ہے

1260 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَامِدِ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ ثَرْثَالٍ، اَبنا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا خَالِدٌ، ثنا سُلَيْمَانُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى''

(مسلم (۱۰۳۴) مسند احمد (۱۵۳۱۷) سنن دارمی (۱۶۹۳) شعب الایمان (۳۱۴۵) معرفة السنن والآثار (۸۵۰۱) معجم الاوسط (۸۷۳۱))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

وضاحت: جس ہاتھ سے صدقہ وخیرات کی جائے وہ ہاتھ بہتر ہے صدقہ لینے والے ہاتھ سے کیونکہ دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے۔

## تھوڑی چیز جو پوری ہو جائے وہ اس زیادہ چیز سے بہتر ہے جو پوری نہ ہو

1261 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ، هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا الْقَاضِي، عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُوْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَبُو النَّضْرِ، ثنا يَزِيْدُ بْنُ رَبِيْعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْاَشْعَثِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ثَوْبَانَ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهَى''

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو چیز تھوڑی ہو اور پوری ہو جائے وہ اس زیادہ چیز سے بہتر ہے جو زیادہ ہو اور (یعنی جس کی کثرت) بندے کو غافل کر دے۔

1262 وَاَنَا اَبُو الْقَاسِمِ، هِبَةُ اللّٰهِ. اَنَا الْقَاضِي عَلِيٌّ، اَنَا اَبُو عَرُوبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ اَبِي مَعْشَرٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

محمد بن عوف نے ہمیں اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کیا۔

1263 اَنَا ذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاِخْمِيمِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ اَبُو تُرَابٍ الْمَوْصِلِيُّ، سَنَةَ سِتٍّ وَاَرْبَعِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ. نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اِمْلَاءً. نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ. نَا فُضَالُ بْنُ جُبَيْرٍ. عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوا اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ. مَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهَى. اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا هُمَا نَجْدَانِ، نَجْدُ الْخَيْرِ وَنَجْدُ الشَّرِّ. فَمَنْ جَعَلَ نَجْدَ الشَّرِّ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ نَجْدِ الْخَيْرِ يَعْنِي فَقَدْ هَلَكَ. اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ''

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم اللہ عزوجل کی طرف آؤ۔ جو چیز تھوڑی ہو اور پوری ہو جائے وہ اس زیادہ چیز سے بہتر ہے جو زیادہ ہو (یعنی جس کی کثرت) بندے کو غافل کر دے۔ اے لوگو! دو چیزیں واضح ہیں، بھلائی اور برائی۔ پس جس نے برائی کی اور اس کو بھلائی پر پسند کیا پس وہ ہلاک ہو گیا۔ اے لوگو! آگ سے بچو خواہ وہ کھجور کے ایک ٹکڑے سے ہی ہو۔

## عورت دنیا کا سب سے اچھا سامان ہے

1264 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمُقْرِئُ، ثنا الْقَاضِي اَبُو عِمْرَانَ، مُوسَى بْنُ الْقَاسِمِ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَلِيلٍ الدَّقَّاقُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا الثَّوْرِيُّ، ح. وَاَخْبَرَنَا اَبُو سَعْدٍ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِينِيُّ، اَبنا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَيُّوبَ. ثنا الْقَاضِي يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ. ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِهَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ''

Marfat.com

(معجم الاوسط (۸۶۳۹) معجم الکبیر (۱۴۶۴۲، ۱۴۶۴۱، ۱۴۶۳۳، ۱۴۶۲۴، ۵۸، ۴۹) حلیه الاولیا: ج ۳
ص ۳۱۰۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا ایک مال ہے اور دنیا کا بہترین مال نیک عورت ہے۔

1265 وَاَنَاهُ هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ اَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ، عُمَرُ بْنُ عِرَاكٍ. نا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِيْنَ. نا اَبُو الطَّاهِرِ، اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ. حَدَّثَنِي رِشْدِيْنُ، عَنِ ابْنِ اَنْعَمَ. عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَاَفْضَلُ مَتَاعِ الدُّنْيَا امْرَاَةٌ صَالِحَةٌ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَيْرٍ الْهَمْدَانِيِّ. نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ. نَا حَيْوَةُ. اَخْبَرَنِي شُرَحْبِيْلُ بْنُ شَرِيْكٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ''

(معجم الاوسط (۸۶۳۹) معجم الکبیر (۱۴۶۴۲، ۱۴۶۴۱، ۱۴۶۳۳، ۱۴۶۲۴، ۵۸، ۴۹) حلیه الاولیا: ج ۳
ص ۳۱۰۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا ایک مال ہے اور دنیا کا بہترین مال نیک عورت ہے۔

مسلم نے محمد بن عبداللہ نمیر ہمدانی سے، عبداللہ بن یزید، حیوۃ، شرحبیل بن شریک نے ہمیں خبر دی، انہوں نے ابو عبدالرحمان حبلی سے سنا، وہ عبداللہ بن عمرو سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا سامان ہے اور دنیا کا بہترین سامان نیک عورت ہے۔

## بری مجلس سے تنہائی بہتر ہے شرارت کرنے سے چپ رہنا اچھا ہے

1266 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ، اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ. ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ الْقَيْسَرَانِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ. ثنا سَعْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ. ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ. ثنا شَرِيْكٌ. عَنْ اَبِي الْمُحَجَّلِ. عَنْ مُعَفَّسِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ. عَنِ ابْنِ الشَّنِيَّةِ. قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا ذَرٍّ وَحْدَهُ قَاعِدًا فِي الْمَسْجِدِ مُحْتَبِيًا بِكِسَاءٍ مِنْ صُوْفٍ فَقَالَ: قَالَ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِنَ الْجَلِيسِ السُّوءِ، وَالْجَلِيسُ الصَّالِحُ خَيْرٌ مِنَ الْوَحْدَةِ، وَإِمْلَاءُ الْخَيْرِ خَيْرٌ مِنَ السُّكُوتِ، وَالسُّكُوتُ خَيْرٌ مِنْ إِمْلَاءِ الشَّرِّ''

ترجمہ: ابن شنبہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو اونی چادر لپیٹے ہوئے مسجد میں تنہا بیٹھے ہوئے دیکھا تو آپ روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بری مجلس میں بیٹھنے سے، تنہا بیٹھنا بہتر ہے۔ اور نیک محفل میں بیٹھنا تنہا بیٹھنے سے بہتر ہے۔ اور چپ رہنے سے بھلائی کو پھیلانا بہتر ہے اور شر پھیلانے سے، چپ رہنا اچھا ہے۔

1267 وَاَنَاهُ هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، اَنَا الْقَاضِي اَبُو الْحَسَنِ الْاَذَنِيُّ، نا اَبُو عَرُوبَةَ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيدِ، نا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

## نیکی کو پورا کرنا، اس کی ابتداء کرنے سے افضل ہے

1268 اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ، يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ الْمُكْتِبُ، اَبنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَنْطَاكِيُّ، اَبنا اَبُو عِمْرَانَ، مُوسَى بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْاَشْيَبِ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ عُمَرَ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِسْتِتْمَامُ الْمَعْرُوْفِ خَيْرٌ مِنَ ابْتِدَائِهِ''

(معجم صغیر طبرانی (۴۳۲)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی کو مکمل کرنا افضل ہے اس کی ابتداء کرنے سے۔

1269 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، اَنَا ابْنُ شَهْرِيَارَ، وَابْنُ رِيذَةَ، قَالَا: اَنَا الطَّبَرَانِيُّ، نا حَامِدُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّبَرَانِيُّ الْبَزَّارُ الْمُعَدِّلُ، نا صَالِحُ بْنُ بِشْرٍ الطَّبَرَانِيُّ، نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ، نا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِسْتِتْمَامُ الْمَعْرُوْفِ اَفْضَلُ مِنَ ابْتِدَائِهِ''

Marfat.com

(معجم صغیر طبرانی (۴۳۲)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی کو مکمل کرنا افضل ہے اس کی ابتداء کرنے سے۔

## سنت کے مطابق تھوڑا عمل بہتر ہے

1270 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُودٍ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ، ثنا حَزْمُ بْنُ اَبِي حَزْمٍ، قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: بَلَغَنَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''عَمَلٌ قَلِيلٌ فِي سُنَّةٍ خَيْرٌ مِنْ عَمَلٍ كَثِيرٍ فِي بِدْعَةٍ''

(الابانة الکبریٰ لابن بطہ (۲۴۳، ۲۴۵، ۲۴۹، ۲۴۸، ۲۴۴، ۱۵۱) حلیۃ الاولیاء ج۳ ص ۷۶ شعب الایمان (۹۰۷۸)

ترجمہ: حزم بن ابوحزم کہتے ہیں کہ میں نے حسن (بصری) کو فرماتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں ہمیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنت کے مطابق تھوڑا عمل بہتر ہے اس زیادہ عمل سے جو خلاف سنت ہو۔

## مومنین میں بہترین لوگ

1271 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ كَامِلٍ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا، عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خِيَارُكُمْ كُلُّ مُفْتَنٍ تَوَّابٍ''

(مسند البزار (۷۰۰) شعب الایمان (۶۷۱۹، ۶۷۱۸)

ترجمہ: نعمان بن سعد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر گناہ گار توبہ کرنے والا تمہارا بہترین شخص ہے۔

1272 اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّدُوسِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خِيَارُكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً''

Marfat.com

(بخاری (۲۳۰۵،۲۳۹۳،۲۳۹۳) سنن نسائی (۴۶۱۸،۴۶۹۳) مسند احمد (۹۱۰۶) مسند البزار (۹۳۲۲) سنن کبریٰ نسائی (۶۱۶۸،۶۲۴۶)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو اچھی طرح قرض ادا کرتے ہیں۔

وضاحت: مذکورہ بالا حدیث پاک کا پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک اونٹ ادھار تھا جب وہ لینے کے لیے آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے دیدو۔ چنانچہ اس وقت اس کے وعدے سے بہتر اونٹ ہی مل سکا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہی اس کو دیدو۔ اس نے عرض کیا۔ آپ نے میرا حق ادا کر دیا ہے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقعہ پر ارشاد فرمایا: تم میں بہترین لوگ وہ ہیں جو قرض کو اچھی طرح ادا کرتے ہیں۔

سنن نسائی رقم الحدیث: ۴۶۱۸، ۴۶۹۳۔

1273 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى السِّمْسَارُ بِدِمَشْقَ، اَنا اَبُوْ زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُثْمَانَ، اَخْبَرَنِي اَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ، وَقَالَ فِيهِ: ''اِنَّ مِنْ خَيْرِكُمْ اَوْ خَيْرُكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً''

(بخاری (۲۳۰۵،۲۳۹۳) سنن نسائی (۴۶۱۸،۴۶۹۳) مسند احمد (۹۱۰۶) مسند البزار (۹۳۲۲) سنن کبریٰ نسائی (۶۱۶۸،۶۲۴۶)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی ہے۔ (جس میں یہ مذکور ہے:) اور اس میں کہا (کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا): تم میں سے بہترین لوگ (راوی کو شک ہے) یا تمہارے بہترین لوگ وہ ہیں جو اچھی طرح قرض ادا کرتے ہیں۔

1274 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، قَالَ: ابنا صَافِي بْنُ عَبْدِ اللهِ الطَّرَسُوْسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ، اِجَازَةً، ثنا جَعْفَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّدُوْسِيُّ، ثنا مُوْسَى بْنُ سَهْلٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي حَمْدَانَ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خِيَارُ الْمُؤْمِنِينَ الْقَانِعُ وَشِرَارُهُمُ الطَّامِعُ''

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومنین میں بہترین

Marfat.com

شخص وہ ہے جو قناعت پسند ہو اور (ان میں) لالچی شخص ان کا شریر ترین فرد ہے۔

1275 وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْغَزِّيُّ الصُّوفِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَنْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَبَانَ، ثنا اَبُو الدَّرْدَاءِ، هَاشِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ بَكْرٍ السَّكْسَكِيُّ، عَنِ الزَّبَدِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''خِيَارُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقَانِعُ وَشِرَارُهُمُ الطَّامِعُ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومنین میں بہترین شخص وہ ہے جو قناعت پسند ہو اور (ان میں) لالچی شخص ان کا شریر ترین فرد ہے۔

## امت کے بہترین لوگ

1276 اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَرْغَانِيُّ، اَبنا الْحَاكِمُ اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، ثنا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْاَزْهَرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَلِيْلٍ الْقُوْمَسِيُّ، ثنا نُوحُ بْنُ حَبِيْبٍ، ثنا ابْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خِيَارُ اُمَّتِيْ عُلَمَاؤُهَا، وَخِيَارُ عُلَمَائِهَا حُلَمَاؤُهَا، اِلَّا وَاِنَّ اللهَ يَغْفِرُ لِلْعَالِمِ الرَّحِيْمِ اَرْبَعِيْنَ ذَنْبًا قَبْلَ اَنْ يَغْفِرَ لِلْجَاهِلِ الْبَذِيءِ ذَنْبًا وَاحِدًا، وَاِنَّ الْعَالِمَ الرَّحِيْمَ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَنُوْرُهُ قَدْ اَضَاءَ، فَيَسِيْرُ فِيْهِ كَمَا يَسِيْرُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ'' قَالَ الْحَاكِمُ: ابْنُ مَسْلَمَةَ: مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ الْمَدِيْنِيُّ، وَلَيْسَ بِالْقَعْنَبِيِّ

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت میں بہترین لوگ علماء ہیں اور علماء میں بہترین لوگ بردبار ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ رحم دل عالم کے چالیس گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اس سے پہلے کہ وہ بدزبان جاہل کا ایک گناہ معاف کردے۔ بے شک رحم دل عالم کو قیامت کے دن لایا جائے گا اور اس کے نور کی روشنی ہوگی پس وہ اس (روشنی) میں اس طرح چلے گا جس طرح روشن ستارہ چلتا ہے۔

1277 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيْقِيُّ، اَبنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْفَرَّاءُ، ثنا ابْنُ قَنْبَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَنْبَرٌ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خِيَارُ اُمَّتِيْ اَحِدَّاؤُهُمْ، الَّذِيْنَ اِذَا غَضِبُوْا رَجَعُوْا''

Marfat.com

(معجم الاوسط (۵۷۹۳) شعب الایمان (۷۹۴۹)

ترجمہ: ابن قنبر بیان کرتے ہیں: مجھے میرے والد قنبر نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ انہوں روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کے بہترین لوگ احداء ہیں کہ جب وہ غصے میں آجاتے ہیں تو فوراً رجوع کر لیتے ہیں۔

1278 وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَوْصِلِيُّ، اَبنا طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ زِيْدَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ قَنْبَرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''خِيَارُ اُمَّتِيْ اَحِدَّاؤُهَا، الَّذِينَ اِذَا غَضِبُوا رَجَعُوا''

(معجم الاوسط (۵۷۹۳) شعب الایمان (۷۹۴۹)

ترجمہ: عبداللہ بن قنبر بیان کرتے ہیں: ان کو ان کے والد نے بیان کیا انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ انہوں روایت کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کے بہترین لوگ احداء ہیں کہ جب وہ غصے میں آجاتے ہیں تو فورا رجوع کر لیتے ہیں۔

## فضلیت والے اعمال

1279 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي نُعَيْمٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ اللِّسَانُ''، قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ مَا صَدَقَةُ اللِّسَانِ؟ قَالَ: ''الشَّفَاعَةُ تَفُكُّ بِهَا الْاَسِيرَ، وَتَحْقِنُ بِهَا الدِّمَاءَ، وَتَجُرُّ بِهَا الْمَعْرُوْفَ وَالْاِحْسَانَ اِلَى اَخِيكَ، وَتَدْفَعُ عَنْهُ الْكَرِيهَةَ''

(معجم ابن الاعرابی (۱۹۱۲) معجم الکبیر طبرانی (۶۹۶۲)

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: افضل صدقہ زبان ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زبان کا صدقہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا سفارش کرنا کہ اس سے قیدی چھوٹ جاتا ہے اور خون گرانے کو روکتی ہے اور نیکی اور احسان کو اپنی بھائی کی طرف بھیجتی ہے اور اس سے مصیبت کو دفع کرتی ہے۔

Marfat.com

1280 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ الْخَطِيبُ، اَبنا اَبُو اَحْمَدَ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا عَبَّاسُ التَّرْقُفِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۱۴۲۶۵۳، ۱۴۲۶۱۵، ۶۹، ۳۱) شعب الایمان (۱۰۵۸۱)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کے درمیان صلح کروانا بہترین صدقہ ہے۔

وضاحت: دو مسلمانوں کے درمیان اگر دشمنی پڑ جائے تو ان کے درمیان صلح کروانا یہ افضل ترین صدقہ ہے۔

1282 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِينَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الْكَاشِحِ''

(مسند حمیدی (۳۳۰) صحیح ابن خزیمہ (۲۳۸۶) معجم الاوسط (۳۲۷۹) معجم کبیر طبرانی (۲۰۴) مستدرک (۱۴۷۵) شعب الایمان (۷۵۸۲، ۳۱۵۴)

ترجمہ: حمید بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں: ، ام کلثوم بنت عقبہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بہترین صدقہ وہ ہے جو ضرورت مند رشتہ دار پر کیا جائے۔

1283 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْزُوقٍ، اَبنا اَبُو عَبْدِ اللهِ مَحْمُودُ بْنُ يَعْلَى الْقَزْوِينِيُّ بِدِمْيَاط، ثنا اَبُو صَالِحٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمُهَلَّبِ بِاَصْبَهَانَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الضَّحَّاكِ، ثنا اَبُو اَيُّوبَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ انْتِظَارُ الْفَرَجِ''، لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَالِكٍ مُتَّصِلًا اِلَّا بَقِيَّةُ

(مسند البزار (۶۲۹۷) معجم الاوسط (۵۱۶۹) معجم ابن المقری (۷۹۹)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کشادگی کا انتظار کرنا افضل

Marfat.com

ترین عبادت ہے۔

1284 اَخْبَرَنَا الشَّرِيفُ اَبُو الْقَاسِمِ حَمْزَةُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ. ثنا اَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ الدَّارَقُطْنِيُّ، ثنا اَبُو الطَّيِّبِ، مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْكَوْكَبِيُّ وَاَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْهَيْثَمِ الْبَزَّازُ قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَبَّادٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ يَعْنِي ابْنَ كُهَيْلٍ، عَنْ حُجَيَّةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَفْضَلُ عُبَادَةِ اُمَّتِيْ قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ''

(شعب الایمان (۱۸۶۵))

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرآن کی تلاوت کرنا، میری امت کی افضل ترین عبادت ہے۔

1285 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا الْقَاضِي اَبُو بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اِسْمَاعِيلَ الضَّبِّيُّ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي بِشْرٍ، حَدَّثَنِي وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَفْضَلُ الْحَسَنَاتِ تَكْرِمَةُ الْجُلَسَاءِ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے ہم نشینوں کی عزت کرنا افضل ترین نیکی ہے۔

1286 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، ثنا هِشَامُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرُّعَيْنِيُّ، ثنا الصَّبَّاحِيُّ هُوَ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَبنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ اَمِيرٍ جَائِرٍ''

(سنن ابی داؤد (۴۳۴۴) سنن ابن ماجه (۴۰۱۱) جامع ترمذی (۲۱۷۴) مسند ابن الجعد (۲۳۲۶) مسند احمد (۱۱۱۴۳))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ظالم حکمران کے سامنے کلمہ حق کہنا افضل ترین جہاد ہے۔

1287 اَنا نَصرُ بنُ عَبدِ العَزِيزِ المُقرِئُ، اَنا اَبُو اَحمَدَ الفَرَضِيُّ، نا اِسمَاعِيلُ بنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، نا مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ المَلِكِ الدَّقِيقِيُّ، نا يَزِيدُ بنُ هَارُونَ، اَنا اِسرَائِيلُ، اَنا مُحَمَّدُ بنُ جُحَادَةَ، عَن عَطِيَّةَ، عَن اَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''اَفضَلُ الجِهَادِ كَلِمَةُ عَدلٍ عِندَ سُلطَانٍ جَائِرٍ اَو اَمِيرٍ جَائِرٍ''

(سنن ابی داؤد (۴۳۴۴) سنن ابن ماجه (۴۰۱۱) جامع ترمذی (۲۱۷۴) مسند ابن الجعد (۳۳۲۶) مسند احمد (۱۱۱۴۳)

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جابر بادشاہ (راوی کو شک ہے) یا ظالم امیر کے سامنے کلمہ حق کہنا افضل ترین جہاد ہے۔

1289 اَخبَرَنَا اِسمَاعِيلُ بنُ رَجَاءٍ العَسقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بنُ مُحَمَّدٍ القَيسَرَانِيُّ، قَالَ: ثنا الخَرَائِطِيُّ، ثنا الرَّمَادِيُّ، ثنا جَعفَرُ بنُ عِيسٰى، ثنا رِشدِينُ بنُ سَعدٍ، عَن زَبَّانِ بنِ فَائِدٍ، عَن سَهلِ بنِ مُعَاذٍ، عَن اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَفضَلُ الفَضَائِلِ اَن تَصِلَ مَن قَطَعَكَ، وَتُعطِيَ مَن حَرَمَكَ، وَتَصفَحَ عَمَّن ظَلَمَكَ''

(مسند احمد (۱۵۶۱۸) معجم کبیر طبرانی (۴۱۳) مکارم الاخلاق للخرائطی (۲۹۵)

ترجمہ: سہل بن معاذ نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فضائل میں افضل ترین چیز یہ ہے کہ جو تجھ سے قطع تعلقی کرے تو اس سے تعلق جوڑ، اور جو تجھے محروم کرے تو اس کو عطا کر اور جو تم پر زیادتی کرے تو اس سے درگزر کر۔

## فقہ اور تقویٰ افضل ترین عبادت ہے

1290 اَخبَرَنَا اَبُو عَبدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بنُ الحَسَنِ النَّاقِدُ، اَبنا اَبُو عَبدِ اللهِ، اَحمَدُ بنُ مُحَمَّدٍ الخَيَّاشُ، ثنا اِسحَاقُ بنُ اِبرَاهِيمَ، ثنا مُحَمَّدُ بنُ آدَمَ، ثنا مُعَلًّى، عَن لَيثٍ، عَن مُجَاهِدٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَابنِ عَبَّاسٍ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''اَفضَلُ العِبَادَةِ الفِقهُ وَاَفضَلُ الدِّينِ الوَرَعُ''

(معجم الاوسط (۹۲۶۴) معجم صغیر طبرانی (۱۳۷۰۶، ۱۱۱۴)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابن عباس اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: افضل عبادت، فقہ (دین کی سمجھ بوجھ) ہے اور افضل دینی (عمل) پرہیزگاری ہے۔

## حسن اخلاق کامل ایمان کی نشانی ہے

1291 اَنا اَبُوْ الْحَسَنِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْمَاطِيُّ، اَنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، مَحْمُوْدُ بْنُ عَلِيٍّ الْقَزْوِينِيُّ بِدِمْيَاط، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِي الْمَحَامِلِيُّ بِبَغْدَادَ، نا اَبُوْ هَاشِمٍ الرِّفَاعِيُّ، نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

''اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا''

(سنن ابی داؤد (۴۶۸۲) جامع ترمذی (۱۱۶۲، ۲۶۱۲) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۰۳۶۹، ۲۵۳۲۱، ۳۰۴۳۵، ۳۰۳۷۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
مومنین میں سے کامل ایمان اس کا ہے، جس کا اخلاق سب سے اچھا ہے۔

## علم عبادت سے افضل ہے

1292 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا السَّوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''فَضْلُ الْعِلْمِ اَفْضَلُ مِنَ الْعِبَادَةِ''

(معجم الکبیر طبرانی (۱۰۹۶۹) شعب الایمان (۵ تا ۸۱، ۱۵۷۹) مستدرک (۳۱۴)۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علم کا درجہ عبادت سے افضل ہے۔

## بھوکے کو کھلانا افضل ترین عمل ہے

1293 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْجِيْزِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ، ثنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ بْنُ مَسْرُوْقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْبَرْجَلَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ، ثنا زَرْبِيٌّ، مُؤَذِّنُ مَسْجِدِ هِشَامِ بْنِ

Marfat.com

حَسَّانَ، ثنا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا مِنْ عَمَلٍ اَفْضَلَ مِنْ اِشْبَاعِ كَبِدٍ جَائِعٍ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بھوکے شخص کے پیٹ کو بھرنے (یعنی شکم سیر کرنا) سے افضل کوئی عمل نہیں۔

## رات کے سجدے کی فضیلت

1294 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، بِمَكَّةَ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ السَّرَخْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ صُهَيْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ اِلَى اللّٰهِ بِشَيْءٍ اَفْضَلَ مِنْ سُجُوْدٍ خَفِيٍّ''

(الزهد والرقائق لابن المبارك (۱۵۴))

ترجمہ: ضمرۃ بن حبیب بن صہیب نے ہمیں کہا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خفیہ سجدے (نماز تہجد) سے افضل کوئی چیز نہیں جس کے ساتھ بندہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہو۔

## اولاد کے لیے بہترین تحفہ ادب سکھانا ہے

1295 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّجِيرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُهْزَاذَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَامِرُ بْنُ اَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَيُّوبَ بْنَ مُوْسٰى، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهُ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ''

(جامع ترمذی (۱۹۵۲) مسند احمد (۱۶۷۱۰، ۱۶۷۱۷) معجم الکبیر طبرانی (۱۳۲۳۴) مستدرک (۷۶۷۹) شعب الایمان (۸۲۸۷، ۸۲۸۶، ۸۲۸۵، ۸۲۸۴، ۱۵۵۳))

ترجمہ: عامر بن ابوعامر خزاز کہتے ہیں کہ میں نے ایوب بن موسیٰ سے سنا کہ وہ اپنے والد، دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی والد اپنے بیٹے کو اچھے ادب (یعنی اچھی تربیت) سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دیتا۔

1296 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ،

Marfat.com

ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ أَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازُ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدًا نَحْلًا خَيْرًا لَهُ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ''

(جامع ترمذی (۱۹۵۲) مسند احمد (۱۶۷۱۷، ۱۶۷۱۰) معجم الکبیر طبرانی (۱۳۲۳۴) مستدرک (۷۶۷۹) شعب الایمان (۸۲۸۷، ۸۲۸۶، ۸۲۸۵، ۸۲۸۴، ۱۵۵۳)

ترجمہ: ایوب بن موسیٰ اپنے والد، دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی والد اپنے بیٹے کو اچھے ادب (یعنی اچھی تربیت) سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دیتا۔

1297 وَحَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ فِرَاسٍ. قِرَاءَةً عَلَيْنَا مِنْ لَفْظِهِ بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَكِّيُّ. ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. ثنا مُسْلِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ. وَالْقَوَارِيرِيُّ قَالَا: ثنا عَامِرُ بْنُ أَبِي عَامِرٍ: ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى الْقُرَشِيُّ، عَنْ أَبِيهِ. عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدًا نَحْلًا أَفْضَلَ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ''

(جامع ترمذی (۱۹۵۲) مسند احمد (۱۶۷۱۷، ۱۶۷۱۰) معجم الکبیر طبرانی (۱۳۲۳۴) مستدرک (۷۶۷۹) شعب الایمان (۸۲۸۷، ۸۲۸۶، ۸۲۸۵، ۸۲۸۴، ۱۵۵۳)

ترجمہ: ایوب بن موسیٰ قرشی اپنے والد، دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی والد اپنے بیٹے کو اچھے ادب (یعنی اچھی تربیت) سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دیتا۔

## دنیا سے بے رغبت لوگ ہدایت کے امام اور علم چراغ ہیں

1298 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ. ثنا أَبُو عُبَيْدٍ. ثنا شَاذُ بْنُ فَيَّاضٍ. ثنا أَبُو قَحْذَمٍ. عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ. قَالَ: مَرَّ عُمَرُ بِمُعَاذٍ وَهُوَ يَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكَ يَا مُعَاذُ؟ قَالَ: حَدِيثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ أَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَأَحَبُّ الْعِبَادِ إِلَى اللّٰهِ الْأَتْقِيَاءُ الْأَخْفِيَاءُ. الَّذِينَ إِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوا وَإِذَا شَهِدُوا لَمْ يُعْرَفُوا. أُولٰئِكَ أَئِمَّةُ الْهُدٰى وَمَصَابِيحُ الْعِلْمِ''

(سنن ابن ماجه (۳۹۸۹) مستدرک (۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس سے

Marfat.com

گزر ہوا تو آپ نے پوچھا: اے معاذ تم کیوں رو رہے ہو؟ انہوں نے کہا کہ میں نے اس صاحب قبر یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سنی ہے۔ بے شک تھوڑی سی ریا کاری بھی شرک ہے اور اللہ تعالیٰ بندوں میں سے ان نیک متقی بندوں کو محبوب رکھتا ہے جو چھپے رہتے ہیں اگر وہ غائب ہو جائیں تو کوئی انہیں تلاش نہیں کرتا اگر وہ سامنے آ جائیں تو کوئی انہیں پہچانتا نہیں۔ وہ لوگ ہدایت کے امام ہیں اور علم چراغ ہیں۔

نرم مزاج بندے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

1299 اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْمَيْمُوْنِ النَّصِيبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ الْقَصْرِيُّ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يُونُسَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ فَرُّوخَ، عَنْ عُثْمَانَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا سَمْحًا بَائِعًا وَمُشْتَرِيًا، وَقَاضِيًا وَمُقْتَضِيًا''

(سنن ابن ماجه (۲۲۰۲) شعب الايمان (۱۰۷۴۰) موطا مالك عبد الباقی (۱۰۰) موطا امام مالك اعظمی (۲۵۲۵)

ترجمہ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے کو پسند کرتا ہے۔ جو خرید و فروخت کرتے ہوئے اور کوئی ادائیگی کرتے ہوئے یا ادائیگی کا تقاضا کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے۔

1300 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا ابْنُ شَهْرِيَارَ، وَابْنُ رِيذَةَ، قَالَا: نا الطَّبَرَانِيُّ، نا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ، اَنا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمْحًا قَاضِيًا وَسَمْحًا مُقْتَضِيًا''، قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ

(سنن ابن ماجه (۲۲۰۳) شعب الايمان (۱۰۷۴۱، ۷۷۵۸) صحيح ابن حبان (۴۹۰۳) سنن كبرىٰ بيهقی (۱۰۹۷۸)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحمت فرمائے جو کوئی ادائیگی کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے اور تقاضا کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے۔

امام طبرانی نے کہا کہ محمد بن منکدر سے مروی نہیں ہے سوائے ابو غسان کے۔

مساجد کی زمین اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے

1301 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دُوسْتَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ

Marfat.com

السُّلَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ سُلَيْمَانَ، بِبَغْدَادَ. ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيّ بْنِ بِلَالٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا اَبِي مَهْدِيٌّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَحَبُّ الْبِقَاعِ اِلَى اللّٰهِ الْمَسَاجِدُ''

(مسند البزار (۳۴۳۰)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسندیدہ زمین کا ٹکڑا جو ہے وہ مساجد ہیں۔

وضاحت: زمین کے جس حصہ پر مساجد قائم ہیں وہ جگہیں اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہیں۔

## ہمیشہ کیے جانے والا عمل خدا کو پسند ہوتا ہے اگرچہ تھوڑا ہو

1302 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ''

(مسند احمد (۲۶۳۰۷) مسند البزار (۷۹۶) شرح السنہ بغوی (۹۳۷) معرفۃ السنن والآثار (۵۴۳۴)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کو وہ عمل سب سے زیادہ پسند ہے جو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

1303 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، قَالَ: اَبنا اَبُو الطَّاهِرِ، اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْمَدِينِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا اَشْهَبُ، اَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ''

(مسند احمد (۲۶۳۰۷) مسند البزار (۷۹۶) شرح السنہ بغوی (۹۳۷) معرفۃ السنن والآثار (۵۴۳۴)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے، اللہ تعالیٰ کو وہ عمل سب سے زیادہ پسند ہے جو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

1304 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، اَنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

Marfat.com

نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، نا عَبْدُ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ الْعُمَرِيَّ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''عَلَيْكُمْ مِنَ الْاَعْمَالِ مَا تُطِيقُونَ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوا، وَاِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ اَدْوَمُهَا [ص:255] وَاِنْ قَلَّ''

(مسند احمد (۲۶۳۰۷) مسند البزار (۷۹۶) شرح السنہ بغوی (۹۳۷) معرفۃ السنن والآثار (۵۴۳۴))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جو اعمال کرنے کی طاقت رکھتے ہو ان کو اپنے اوپر لازم کرلو۔ بے شک اللہ تعالیٰ تنگی نہیں کرتا حتیٰ کہ تم خود تنگی پیدا کرو۔ اللہ تعالیٰ کو وہ عمل سب سے زیادہ پسند ہے' جو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

## عادل حکمران اللہ کے قریب ہوگا

1305 اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَبْهَرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَمَّادٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ بْنِ عَامِرٍ، اَبنا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَدْنَاهُمْ مِنْهُ مَجْلِسًا اِمَامٌ عَادِلٌ''

(جامع ترمذی (۱۳۲۹) مسند ابن الجعد (۲۰۰۴، ۲۰۳۵) مسند احمد (۱۱۵۲۵، ۱۱۱۷۴))

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ محبوب اور سب سے زیادہ قریب بیٹھنے والا عادل حکمران ہوگا۔

## مخلوق' اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے

1306 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْخَضِرِ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا اَبُو الْفَرَجِ، مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَبْدَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، قَالَ: اَمَا تَرٰى، كُنَّا مَعَ الْمَأْمُونِ بِالشَّمَاسِيَّةِ، وَاِلَى جَنْبِهِ يَحْيَى بْنُ اَكْثَمَ، فَنَظَرَ اِلَى النَّاسِ، فَقَالَ لِيَحْيَى: اَمَا تَرٰى، حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِيَالُ اللّٰهِ فَاَحَبُّهُمْ اِلَيْهِ اَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهِ''

Marfat.com

(مسند الحارث (۹۱۱) معجم الکبیر طبرانی (۱۰۰۳۳) مکارم الاخلاق للخرائطی (۲/۱۰) حلیہ الاولیا ج ۲ص ۲۳۷۔ شعب الایمان (۷۰۴۷، ۷۰۴۶)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان (لوگوں) کوسب سے زیادہ محبوب رکھتا ہے جو اس کے کنبہ کو نفع پہنچائیں۔

## عورت نماز گھر کے اندرونی حصے میں پڑھے

1307 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْحَاقَ النَّاقِدُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَاطِبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا صَلَّتِ امْرَاَةٌ صَلَاةً اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ صَلَاتِهَا فِي اَشَدِّ بَيْتِهَا ظُلْمَةً''

(سنن الکبریٰ ابیہقی (۵۳۶۲)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: عورت جو نماز اپنے گھر کی تاریکی (تنہائی یا گھر کے اندرونی حصے) میں پڑھے وہ اللہ تعالیٰ کوسب سے زیادہ پسند ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ چیز

1308 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَقِيهُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا مِنْ جَرْعَةٍ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ جَرْعَةِ غَيْظٍ كَظَمَهَا رَجُلٌ اَوْ جَرْعَةِ صَبْرٍ عَلَى مُصِيبَةٍ، وَمَا مِنْ قَطْرَةٍ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ قَطْرَةِ دَمْعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ قَطْرَةِ دَمٍ اُهْرِيقَتْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ''

(الزھد والرقائق لابن المبارک والزھد لنعیم بن حماد (۶۷۲) سنن ابن ماجہ، باب الحلم۔

ترجمہ: حسن بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی بھی گھونٹ اس سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہے جو غصے کا گھونٹ کوئی شخص پیتا ہے اور مصیبت پر کئے جانے والے صبر کے گھونٹ سے (زیادہ پسندیدہ نہیں ہے) اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی بھی قطرہ اس سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہے' جو آنسو کا قطرہ اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے (بہتا ہے) یا پھر خون کا وہ قطرہ جو اللہ کی راہ میں بہایا جاتا ہے۔

Marfat.com

## قرآن قیامت کے دن شفاعت کرے گا

1309 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِيِّ الْفَقِيهُ بِالرَّمْلَةِ، ثنا الْقَاضِي اَبُوْ الْحُسَيْنِ، مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَنْبِجِيُّ، ثنا اَبُوْ عَرُوبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيْشُونَ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''نِعْمَ الشَّفِيعُ الْقُرْآنُ لِصَاحِبِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۰۰۴۷) حلیہ الاولیاء ۷ ص ۲۰۶۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن قرآن اپنے پڑھنے والے کے لیے سب سے اچھی شفاعت کرے گا۔

1310 اَنا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، نا اَبُوْ الطَّيِّبِ، اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، نا اَبُوْ كُرَيْبٍ، نا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اقْرَءُوا الْقُرْآنَ، فَاِنَّهُ نِعْمَ الشَّفِيعُ لِصَاحِبِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

ترجمہ: ابوسلام بیان کرتے ہیں: میں نے ابوامامہ سے سنا وہ کہتے ہیں میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قرآن کو پڑھو! بے شک یہ اپنے پڑھنے والے کی قیامت کے دن اچھی شفاعت کرے گا۔

## حکمت کی بات بہترین تحفہ ہے

1311 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، ثنا اَبُوْ سَعِيدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ثنا ابْنُ عَفَّانَ، يَعْنِي الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، ثنا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَ الْهَدِيَّةُ الْكَلِمَةُ مِنْ كَلَامِ الْحِكْمَةِ يَسْمَعُهَا الرَّجُلُ الْمُؤْمِنُ فَيَلْتَوِي عَلَيْهَا حَتّٰى يُؤَدِّيَهَا لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ''

ترجمہ: عبدالرحمان بن زید نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہترین ہدیہ وہ

Marfat.com

کلمہ ہے جو حکمت کے کلام سے ہو جس کو بندہ مومن سنتا ہے پس وہ اس پر دشوار ہو جاتا ہے حتیٰ کہ وہ اس کلمہ کو اپنے مسلمان بھائی کی طرف لوٹا دے۔

وضاحت: حکمت کی بات جب بندہ مومن سنتا ہے تو وہ اس کے پاس امانت ہوتی ہے جب تک وہ اس امانت کو کسی مسلمان بھائی تک پہنچا نہ دے اس وقت تک اس کو چین نہیں آتا۔

## کھجور اچھا مال ہے

1312 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ، مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَحْيَى، أبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَالِبِ الْبَغْدَادِيُّ، أبنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْجُشَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، مِنْ أَهْلِ وَادِي الْقُرَى قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ آبَائِهِ، عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَ الْمَالُ النَّخْلُ الرَّاسِخَاتُ فِي الْوَحْلِ، الْمُطْعِمَاتُ فِي الْمَحْلِ''

ترجمہ: موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مجھے میرے والد نے اور انہوں نے اپنے آباء کرام سے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھجور کتنا ہی پیارا مال ہے جو کیچڑ میں مضبوط ہوتا ہے اور محل میں کھایا جاتا ہے۔

1313 أَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، إِجَازَةً، أَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ فَذَكَرَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔

1314 وَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْحَارِثِ الْأَصْبَهَانِيُّ، أَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: أَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْعَسْكَرِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ التَّمَّارُ، نا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، نا مُعَلَّى بْنُ مَيْمُونٍ، نا دَاوُدُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّخْلِ فَقَالَ: ''تِلْكَ الرَّاسِخَاتُ فِي الْوَحْلِ. '' الْحَدِيثَ

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کھجور سے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کیچڑ میں مضبوط ہوتی ہیں۔

Marfat.com

## اچھا مال اچھے مرد کے لئے

1315 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، ثنا اَبُوْ سَعِيدِ بْنُ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُوْ عُبَيْدِ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعِمَّا بِالْمَالِ الصَّالِحِ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ'' مُخْتَصَرٌ

(مسند ابی داؤد طیالسی (۱۰۶۱) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۲۱۸۸) مسند احمد (۱۷۷۶۳،۱۷۸۰۲) مسند ابی یعلی موصلی (۷۳۳۶) صحیح ابن حبان (۳۲۱۱) شرح السنہ بغوی (۴۴۹۶، ۴۰۹۴))

ترجمہ: حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھا مال اچھے مرد کے لیے ہے۔

## حکمت کی بات اچھا تحفہ ہے

1316 اَنَا ذُوْ النُّوْنِ بْنُ اَحْمَدَ الْعَصَّارُ، نا اَبُوْ الْفَضْلِ اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ، نا حَمَّادُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نا اَبُوْ يَزِيْدَ خَالِدُ بْنُ هَانِئٍ الْاَسَدِيُّ، نا اَبِيْ، نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ، نا حُصَيْنٌ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَفْضَلَ الْهَدِيَّةِ اَوْ اَفْضَلَ الْعَطِيَّةِ الْكَلِمَةُ مِنْ كَلَامِ الْحِكْمَةِ يَسْمَعُهَا الْعَبْدُ ثُمَّ يَتَعَلَّمُهَا ثُمَّ يُعَلِّمُهَا اَخَاهُ خَيْرٌ مِنْ عِبَادَةِ سَنَةٍ''

(فوائد تمام (۴۲۴))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے بہتر ہدیہ یا عطیہ وہ کلمہ ہے جو حکمت کی باتوں میں سے ہو۔ جس کو بندہ سنے پھر اس کو سیکھے اور پھر وہ اپنے بھائی کو اس کی تعلیم دے تو یہ ایک سال کی عبادت سے افضل ہے۔

1317 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقُهُسْتَانِيُّ، ثنا الشَّيْخُ اَبُوْ الْقَاسِمِ عِيسَى بْنُ الْوَزِيرِ عَلِيِّ بْنِ عِيسَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَ الْعَوْنُ عَلَى تَقْوَى اللّٰهِ الْمَالُ''

Marfat.com

ترجمہ: محمد بن منکدر بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے تقویٰ کے لیے مال اچھی مدد ہے۔

## بدشگونی کوئی چیز نہیں

1318 اَخْبَرَنَا الْخَصِيبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ اَحْمَدَ النَّسَائِيُّ، اَبنا اَبِي، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا الزُّبَيْدِيُّ، اَبنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: ''لَا طِيَرَةَ، وَلٰكِنْ نِعْمَ الشَّيْءُ الْفَأْلُ''

(بخاری (۵۷۵۵، ۵۷۵۴) مسلم (۲۲۲۳) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۶۳۴) مسند احمد (۹۲۶۲، ۷۶۱۸، ۹۸۴۹) شعب الایمان (۱۰۷۹۰) الادب المفرد (۹۱۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدشگونی کوئی چیز نہیں ہے اور اس سلسلہ کی اچھی چیز نیک فال ہے (نیک گمان کرنا)۔

## سرکہ بہترین سالن ہے

1319 اَخْبَرَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكَاتِبُ، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْاَصْبَهَانِيُّ، بِالْاِسْكَنْدَرِيَّةِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَكَرِيَّا الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مِسْعَرٌ، وَسُفْيَانُ، وَشُعْبَةُ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ''

(سنن ابی داؤد (۳۸۲۱، ۳۸۲۰) جامع ترمذی (۱۸۴۰، ۱۸۳۹) سنن ابن ماجه (۳۳۱۸، ۳۳۱۷، ۳۳۱۶) مصنف ابن ابو شیبه (۲۴۶۱۴، ۲۴۶۱۳)

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے۔

1320 اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي طَالِبٍ الْقَاصِّ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ وَكَفٰى بِالْمَرْءِ شَرًّا اَنْ يَّتَسَخَّطَ بِمَا قُرِّبَ اِلَيْهِ''

(مسند ابی یعلی موصلی (۲۲۰۱،۱۹۱۸) شعب الایمان (۵۴۸۳) معجم ابن عساکر (۱۲۸۴))

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے کسی آدمی کے لیے یہی برائی کافی ہے کہ جو چیز اس کے قریب کی جائے وہ اس کو ناپسند کرے۔

1321 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، نا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَنْبَارِيُّ، نا جَدِّيْ، نا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِيْ طَالِبٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ، وَكَفٰى بِالْمَرْءِ شَرًّا اَنْ يَّتَسَخَّطَ مَا قُرِّبَ اِلَيْهِ''

(مسند ابی یعلی موصلی (۲۲۰۱،۱۹۱۸) شعب الایمان (۵۴۸۳) معجم ابن عساکر (۱۲۸۴))

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے کسی آدمی کے لیے یہی برائی کافی ہے کہ جو چیز اس کے قریب کی جائے وہ اس کو ناپسند کرے۔

## مسلم کا گھر بہترین عبادت خانہ ہے

1322 اَخْبَرَنَا ذُوالنُّونِ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو الْفَضْلِ، اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ الْهَرَوِيُّ، ثنا اَبُوْ تُرَابٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَوْصِلِيُّ اِمْلَاءً، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى، ثنا اَبُو الْيَمَانِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نِعْمَ صَوْمَعَةُ الْمُسْلِمِ بَيْتُهُ''

(شعب الایمان (۱۰۱۷۳))

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلم کا اچھا عبادت خانہ اس کا گھر ہے۔

## سب سے بہتر بات کتاب اللہ کی اور اچھی سیرت انبیاء کرام کی

1323 اَخْبَرَنَا الْقَاضِيْ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، اَبنا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْحَسَنِ الْبُخَارِيُّ، بِاِسْنَادِ الْخُطْبَةِ الَّتِيْ يَرْوِيْهَا زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ الْمُقَدَّمُ، ذَكَرَهَا وَذَكَرَ الْخُطْبَةَ وَفِيْهَا: ''اَصْدَقُ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَاَوْثَقُ الْعُرٰى كَلِمَةُ التَّقْوٰى، وَاَحْسَنُ

Marfat.com

الْهُدَى هُدَى الْأَنْبِيَاءِ، وَأَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَاءِ''

(سنن نسائی (۱۵۷۸) مسند ابی داؤد طیالسی (۳۶۵) مسند احمد (۱۴۳۳۴)

ترجمہ: قاضی عبدالکریم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے خطبہ روایت کیا ہے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اس خطبے میں یہ الفاظ بھی ہیں: سب سے اچھی بات کتاب اللہ (قرآن) کی ہے اور سب سے قوی کلمہ تقویٰ ہے اور سب سے اچھی سیرت انبیاء کرام کی ہے اور سب سے اچھی موت شہادت کی ہے۔

1324 أَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ الْمَعَافِرِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدٍ، نَا أَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، حَدَّثَنِي أَبُو الْقَاسِمِ، جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الْوَرَّاقُ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ بِنْتِ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ الْمُحَدِّثُ، نَا أَبُو الْحَسَنِ، عَلِيُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْبَزَّازُ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، مِنْ وَلَدِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ مَنْظُورٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ، سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يَقُولُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ مُخْتَصَرًا

عبداللہ بن مصعب بن منظور نے ہمیں بیان کیا کہ میرے والد نے مجھے خبر دی وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عقبہ بن عامر جہنی سے سنا۔ وہ کہتے ہیں ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے پھر (راوی نے) مختصر حدیث کا ذکر کیا۔

1325 أَنَا أَبُو الْقَاسِمِ، حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَطْرَابُلُسِيُّ، أَنَا الْقَاضِي أَبُو بَكْرٍ، يُوسُفُ بْنُ الْقَاسِمِ الْمَيَانَجِيُّ، نَا أَبُو جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، نَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ إِدْرِيسَ بْنِ يَزِيدَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنَا فَيَقُولُ: ''إِنَّمَا هُمَا اثْنَانِ الْهُدَى وَالْكَلَامُ، فَأَصْدَقُ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللهِ، وَأَحْسَنُ الْهُدَى هُدَى مُحَمَّدٍ، وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ، لَا يَتَطَاوَلُ عَلَيْكُمُ الْأَمَدُ، وَلَا يُلْهِيَنَّكُمُ الْأَمَلُ، فَكُلُّ مَا هُوَ آتٍ قَرِيبٌ، الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، أَلَا وَإِنَّ قِتَالَ الْمُؤْمِنِ كُفْرٌ، وَسِبَابُهُ فُسُوقٌ، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلَاثٍ، وَشَرُّ الرَّوَايَا رَوَايَا الْكَذِبِ، لَا يَصْلُحُ مِنَ الْكَذِبِ جِدٌّ وَلَا هَزْلٌ، وَلَا يَعِدُ الرَّجُلُ ابْنَهُ، ثُمَّ لَا يُنْجِزُ لَهُ، إِنَّ الصِّدْقَ

Marfat.com

يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ''

(مسند البزار (۲۰۵۵) صحیح ابن خزیمہ (۱۷۸۵) شعب الایمان (۴۴۵۲))

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا: سیرت اور کلام یہ دو چیزیں ہیں۔ سب سے اچھی بات کتاب اللہ (قرآن) کی اور سب سے اچھی سیرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ تمام امور میں بدترین کام وہ ہیں جو بدعات (خلاف سنت کام) ہیں۔ اور ہر بدعت گمراہی ہے خبردار! تمہارے اوپر امیدیں طویل نہ ہو جائیں جو کہ سخت کر دیں تمہارے دلوں کو۔ خبردار ہر وہ چیز جو آنے والی ہے وہ قریب ہے۔ خبردار! بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے شکم میں ہی بدبخت تھا اور خوش نصیب وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کر لے۔ بے شک مؤمن کا قتل کرنا کفر ہے اور اس کو گالی دینا گناہ ہے اور تین دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے ناراض رہنا جائز نہیں ہے۔ بے شک بدترین خواب جھوٹا خواب ہے اور سنجیدگی میں اور مذاق میں جھوٹ بولنا ٹھیک نہیں ہے۔ حتیٰ کہ کوئی شخص اپنے بچے سے بھی ایسا وعدہ نہ کرے جس کو وہ پورا نہ کر سکے۔ بے شک سچ نیکی کا راستہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت کا راستہ دکھاتی ہے۔ اور بے شک جھوٹ برائی کا راستہ دکھاتا ہے اور برائی جہنم میں لے جاتی ہے۔

## سب سے اچھی خوشبو کستوری ہے

1326 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ النَّحَّاسِ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ، ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، أَبنا الْقَاضِي أَبُو طَاهِرٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا مُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ، فِي حَدِيثِ ابْنِ النَّحَّاسِ: ثنا أَبُو نَضْرَةَ، وَفِي حَدِيثِ النَّيْسَابُورِيِّ: عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''أَطْيَبُ الطِّيبِ الْمِسْكُ''

(جامع ترمذی (۹۹۱) سنن نسائی (۱۹۰۵) مسند ابی داؤد طیالسی (۲۲۸۳، ۲۲۷۴) مسند احمد (۱۱۵۹۰، ۱۱۳۱۰۱) سنن الکبریٰ للنسائی (۲۰۴۳) مستدرک للحاکم (۱۳۳۵))

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے زیادہ اچھی خوشبو کستوری ہے۔

Marfat.com

## نمک، سالن کا سردار ہے

1327 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ. ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ. ثنا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ الْقَنْطَرِيُّ. ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرَّمْلِيُّ. ثنا الْفَزَارِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ اَبِي عِيسَى الْبَصْرِيّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''سَيِّدُ اِدَامِكُمُ الْمِلْحُ''

(سنن ابن ماجه (۳۳۱۵) مسند ابی یعلی موصلی (۳۷۱۴) معجم ابن الاعرابی (۲۱۹۶) معجم الاوسط (۸۸۵۴) شعب الایمان (۵۵۵۱)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تمہارے سالن کا سردار نمک ہے۔

## عدم موجودگی میں کی جانے والی دعا جلدی قبول ہوتی ہے

1328 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَجَاءٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسَرَانِيُّ، ثنا الْخَرَائِطِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَسْرَعُ الدُّعَاءِ اِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِغَائِبٍ''

( سنن ابی داؤد (۱۵۳۵) الادب المفرد (۶۲۳) مکارم الاخلاق للخرائطی (۷۸۴، ۷۸۳) معجم الکبیر طبرانی (۱۴،۱۴۶۵۸)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک وہ دعا جلدی قبول ہوتی ہے جو کوئی شخص کسی غیر موجود شخص کے لیے کرے۔

1329 اَنا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُدْفُوِيُّ، نا اَبُوْ الطَّيِّبِ، اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ اِجَازَةً، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، نا فُرَاتُ بْنُ تَمَامٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَسْرَعُ الدُّعَاءِ اِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِغَائِبٍ''

( سنن ابی داؤد (۱۵۳۵) الادب المفرد (۶۲۳) مکارم الاخلاق للخرائطی (۷۸۴، ۷۸۳) معجم الکبیر

Marfat.com

طبرانی (۱۴۶۵۸، ۷۴)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بے شک وہ دعا جلدی قبول ہوتی ہے جو کوئی شخص کسی غیر موجود شخص کے لیے کرے۔

وضاحت: جو دعا کسی مسلمان بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں کی جائے وہ جلدی قبول ہوتی ہے۔

1330 اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ يَحْيَى بْنُ عَلِيٍّ الصَّوَّافُ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاشُ، نَا اِسْحَاقُ، هُوَ ابْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ، نَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنِ الْاِفْرِيقِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: ''اِنَّ اَسْرَعَ الدُّعَاءِ اِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِغَائِبٍ''

(سنن ابی داؤد (۱۵۳۵) الادب المفرد (۶۲۳) مکارم الاخلاق للخرائطی (۷۸۴، ۷۸۳) معجم الکبیر طبرانی (۱۴۶۵۸، ۷۴)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک وہ دعا سب سے جلدی قبول ہوتی ہے جو کوئی شخص کسی غیر موجود شخص کے لیے کرے۔

وضاحت: جو دعا کسی مسلمان بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں کی جائے وہ جلدی قبول ہوتی ہے۔

1331 اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَرْدِسْتَانِيُّ بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، ثنا الْقَاضِي الشَّرِيفُ اَبُوْ عُمَرَ الْقَاسِمُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْهَاشِمِيُّ، ثنا اَبُوْ هَاشِمٍ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ سَلَامَةَ الْحِمْصِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ: لَا آمَنُ بَعْدَ الَّذِي سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''لَقَلْبُ ابْنِ آدَمَ اَسْرَعُ تَقَلُّبًا مِنَ الْقِدْرِ اِذَا اسْتَجْمَعَتْ غَلْيًا''

(مسند احمد (۲۳۸۱۶) معجم الکبیر طبرانی (۶۰۳، ۵۹۹) مستدرک (۳۱۴۲)

ترجمہ: حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے اس کے بعد میں بے خوف نہیں ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ انسان کا دل ابلنے والی ہنڈیا سے بھی جلدی بدلتا ہے۔

1332 اَنَا مَكِّيُّ بْنُ نَظِيفٍ الزَّجَّاجُ، اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ الرَّزَّازُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ نَافِعٍ الْخُزَاعِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ الْعَدَوِيُّ، نَا وُرَيْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَسَّانِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، نَا بَقِيَّةُ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرٍ

Marfat.com

بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: لَا آمَنُ عَلَى أَحَدٍ بَعْدَ الَّذِي سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: وَذَكَرَهُ

حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے اس کو سننے کے بعد میں کسی بھی شخص کے حوالے سے مامون نہیں ہوں۔ اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی ہے۔

## خلال کرنے والوں کی تعریف فرمائی

1333 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَفِيفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَفْصٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "حَبَّذَا الْمُتَخَلِّلُونَ مِنْ أُمَّتِي

(معجم ابن ابو یعلی موصلی (۵۹) معجم الاوسط (۱۵۷۳))

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کے خلال کرنے والے لوگ کتنے اچھے ہیں۔

## آدمی کا برا تکیہ کلام

1334 أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ النَّحَّاسُ، أبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا عَبَّاسٌ الدُّورِيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ لِأَبِي مَسْعُودٍ أَوْ قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ لِأَبِي عَبْدِ اللهِ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا؟ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ زَعَمُوا''

(سنن ابی داؤد (۴۹۷۲) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۵۷۹۱) الآداب للبیہقی (۳۲۱))

ترجمہ: حضرت ابوعبداللہ نے حضرت ابومسعود یا حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوعبداللہ سے کہا کہ آپ نے زعموا کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ارشاد فرماتے ہوئے سنا؟ (انہوں نے کہا) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ، زَعَمُوا، آدمی کا برا تکیہ کلام ہے۔

1335 وَأَخْبَرَنَاهُ أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْفَقِيهُ الشَّافِعِيُّ، ثنا أَبُو الْقَاسِمِ هِشَامُ بْنُ أَبِي خَلِيفَةَ الرُّعَيْنِيُّ، أبنا أَبُو جَعْفَرٍ الطَّحَاوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ

Marfat.com

مَيْمُونٍ الْبَغْدَادِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ زَعَمُوا''

قَالَ الْقَاضِي اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامَةَ بْنِ جَعْفَرٍ الْقُضَاعِيُّ: اَظُنُّ اَبَا عَبْدِ اللهِ الْمَذْكُورَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، لِاَنَّهُ كَانَ مَعَ اَبِي مَسْعُودٍ بِالْكُوفَةِ، وَكَانُوا يَتَجَالَسُونَ، وَيَسْاَلُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، وَكُنْيَةُ حُذَيْفَةَ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ

ترجمہ: ابوقلابہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوعبداللہ نے ہمیں حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زعموا آدمی کا برا کلام ہے۔

قاضی ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر قضاعی فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ مذکورہ حدیث پاک میں ابوعبداللہ سے مراد حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوفہ میں تھے اور وہ لوگوں باہم آپس میں مجلس کیا کرتے تھے اور ان میں سے بعض، بعض سے سوال پوچھتے تھے اور حضرت حذیفہ کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔

1336 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيدِ بْنِ سَخْتَوَيْهِ، بِمَكَّةَ، اَنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ، نا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ، قَالَ: قِيلَ لَهُ: مَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا؟ قَالَ: ''بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ''

(سنن ابی داؤد (۴۹۷۲) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۵۷۹۱) الآداب للبیہقی (۳۲۱))

ترجمہ: حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان سے کہا گیا کہ آپ نے زعموا کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ارشاد فرماتے ہوئے سنا؟ (انہوں نے فرمایا:) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (زَعَمُوا) آدمی کا برا تکیہ کلام ہے۔

## سب سے زیادہ برے کام

1337 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَعَافِرِيُّ، اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفٍ الْبَسْتِيُّ، حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الْوَرَّاقُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْبَزَّازُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ مَنْظُورٍ، اَخْبَرَنِي اَبِي

Marfat.com

قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، وَذَكَرَ حَدِيثًا طَوِيلًا فِيْهِ خُطَبٌ لَهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا: ''شَرُّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا، وَشَرُّ الْعَمَى عَمَى الْقَلْبِ، وَشَرُّ الْمَعْذِرَةِ حِيْنَ يَحْضُرُ الْمَوْتُ، وَشَرُّ النَّدَامَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَشَرُّ الْمَآكِلِ أَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ، وَشَرُّ الْمَكَاسِبِ كَسْبُ الزِّنَىٰ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۵۵۲) الزھد لابی داؤد (۱۶۰) حلیہ الاولیاء ۱ ص ۱۳۸۔

ترجمہ: عبداللہ بن مصعب بن منظور نے ہمیں بیان کیا کہ میرے والد نے مجھے خبر دی: میں نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ تبوک کے لیے نکلے اس میں انہوں نے ایک طویل حدیث بیان کی جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ کا ذکر کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدعات (خلاف سنت کام) سب سے برے کام ہیں، دل کا نابینا ہونا سب سے برا نابینا پن ہے، جس وقت موت حاضر ہو جائے اس وقت معذرت کرنا سب سے برا ہے۔ اور سب سے بری ندامت قیامت کے دن کی ہے۔ اور یتیم کا مال کھانا سب سے برا کھانا ہے اور سب سے بری کمائی زنا کی کمائی ہے۔

1338 أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ الْمُعَدِّلُ، أَبنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا ابْنُ أَبِي مَسَرَّةَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، ثنا مُوْسَى بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَبْدَ الْعَزِيزِ بْنَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''شَرُّ مَا فِي الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ أَوْ جُبْنٌ خَالِعٌ''

(مصنف ابن ابو شیبہ (۲۶۶۰۹) مسند احمد (۸۲۶۳) صحیح ابن حبان (۳۲۵۰) معجم ابن عساکر (۷۰۵)

ترجمہ: موسیٰ بن علی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو سنا انہوں نے عبدالعزیز بن مروان بن حکم کو بتایا: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی میں جو چیز بدترین ہوتی ہے وہ شدید ترین کنجوسی اور انتہائی بزدلی ہے۔

1339 أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْحَسَنِ الْمَالِكِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ فَهْدٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُطَرِّفٍ الْبَسْتِيُّ، حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الْوَرَّاقُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْبَزَّازُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُصْعَبِ بْنِ مَنْظُورٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ، سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَالْخُطْبَةَ وَفِيهَا: ''اَعْمَى الْعَمَى الضَّلَالَةُ بَعْدَ الْهُدَى، وَمِنْ اَعْظَمِ الْخَطَايَا اللِّسَانُ الْكَذُوبُ''

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور (پھر راوی نے پوری) حدیث کا ذکر کیا اور ایک خطبہ کا، اس میں یہ بھی مذکور ہے: ''ہدایت کے بعد گمراہ ہونا سب سے زیادہ اندھا پن ہے اور گناہوں میں سب سے زیادہ گناہ جھوٹی زبان کا ہے''۔

## کھانے کے لیے پیٹ کے تین حصے کرنے چاہییے

1340 اَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَزْوِينِيُّ، اَبنا اَبُو عَلِيٍّ حَمْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: اَبنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ الْكِنَانِيُّ، وَحَبِيبُ بْنُ صَالِحِ الطَّائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ الْكِنْدِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا مَلَاَ آدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ، بِحَسْبِ ابْنِ آدَمَ اَكَلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهُ، فَاِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ فَثُلُثٌ طَعَامٌ، وَثُلُثٌ شَرَابٌ، وَثُلُثٌ لِنَفْسِهِ''۔

(جامع ترمذی (۲۳۸۰) مسند احمد (۱۷۱۸۶) سنن الکبریٰ للنسائی (۶۷۳۹) صحیح ابن حبان (۶۷۴) معجم الکبیر طبرانی (۶۴۵، ۶۴۴) مستدرک للحاکم (۷۹۴۵) شعب الایمان (۵۲۶۱) شرح السنۃ بغوی (۴۰۴۸))

ترجمہ: حضرت مقدام بن معدی کرب کندی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان نے پیٹ سے زیادہ برا برتن نہیں بھرا انسان کے لیے چند لقمے کھانا کافی ہے جو اس کی کمر کو سیدھا رکھ سکے اگر زیادہ کھانا ضروری ہو تو (پیٹ کے تین حصے کرے) ایک تہائی حصہ کھانے کے لیے ایک تہائی حصہ پانی کے لیے اور ایک تہائی حصہ سانس لینے کے لیے۔

1341 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ، اَنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ السَّرَخْسِيُّ، اَنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ الْحِمْصِيُّ، وَحَبِيبُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " وَذَكَرَهُ

Marfat.com

حضرت مقدام بن معدی کرب بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا (پھر راوی نے) اس حدیث کا ذکر کیا۔

## فضائل اہل بیت

1342 اَخۡبَرَنَا عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ اَبِی الۡعَبَّاسِ الۡمَالِكِیُّ، اَبنا اَحۡمَدُ بۡنُ اِبۡرَاهِیۡمَ بۡنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِیُّ بۡنُ عَبۡدِ الۡعَزِیۡزِ، ثنا مُسۡلِمُ بۡنُ اِبۡرَاهِیۡمَ، ثنا الۡحَسَنُ بۡنُ اَبِی جَعۡفَرٍ، عَنۡ اَبِی الصَّهۡبَاءِ، عَنۡ سَعِیۡدِ بۡنِ جُبَیۡرٍ، عَنِ ابۡنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ اَهۡلِ بَیۡتِیۡ مَثَلُ سَفِیۡنَةِ نُوۡحٍ مَنۡ رَكِبَ فِیۡهَا نَجَا، وَمَنۡ تَخَلَّفَ عَنۡهَا غَرِقَ''

(فضائل صحابہ احمد بن حنبل (۱۴۰۲) مسند البزار (۳۹۰۰،۵۱۴۲) معجم الاوسط (۵۸۷۰،۵۵۳۶،۳۴۷۸) معجم الاوسط (۱۲۳۸۸،۲۶۳۸،۲۶۳۷،۲۶۳۶،۳۹،۸۲۵) مستدرک للحاکم (۴۷۲۰،۳۳۱۲))

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک میرے اہل بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہو گیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہا وہ غرق ہو گیا۔

1343 وَبِهٰذَا الۡاِسۡنَادِ عَنِ الۡحَسَنِ بۡنِ اَبِی جَعۡفَرٍ، نا عَلِیُّ بۡنُ زَیۡدٍ، عَنۡ سَعِیۡدِ بۡنِ الۡمُسَیِّبِ، عَنۡ اَبِی ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ اَهۡلِ بَیۡتِیۡ مَثَلُ سَفِیۡنَةِ نُوۡحٍ مَنۡ رَكِبَ فِیۡهَا نَجَا، وَمَنۡ تَخَلَّفَ عَنۡهَا غَرِقَ، وَمَنۡ قَاتَلَنَا فِیۡ آخِرِ الزَّمَانِ فَكَاَنَّمَا قَاتَلَ مَعَ الدَّجَّالِ''

(معجم کبیر (۲۶۳۶))

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے اہل بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہو گیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہا وہ غرق ہو گیا۔ اور جو شخص آخری زمانے میں ہمارے ساتھ لڑائی کرے گا وہ گویا دجال کے ساتھ مل کر لڑائی کرے گا۔

1344 وَاَنَاهُ اَبُوۡ عَلِیٍّ الۡحَسَنُ بۡنُ خَلَفٍ الۡوَاسِطِیُّ، نا اَبُوۡ حَفۡصٍ عُمَرُ بۡنُ اِبۡرَاهِیۡمَ الۡكِنَانِیُّ الۡمُقۡرِئُ، نا اَبُوۡ مُحَمَّدٍ عَبۡدُ اللهِ بۡنُ سُلَیۡمَانَ الۡقَاضِیۡ، نا مُحَمَّدُ بۡنُ عَلِیٍّ الۡوَرَّاقُ، نا مُسۡلِمٌ هُوَ ابۡنُ اِبۡرَاهِیۡمَ بِاِسۡنَادِهٖ مِثۡلَهٗ

Marfat.com

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے۔

1345 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ هُوَ ابْنُ اَبِي سُوَيْدٍ، نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، نا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ اَهْلَ بَيْتِيْ مِثْلُ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ مَنْ رَكِبَ فِيْهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ''

(فضائل صحابہ احمد بن حنبل (۱۴۰۲) مسند البزار (۳۹۰۰،۵۱۴۲) معجم الاوسط (۳۴۷۸،۵۵۳۶،۵۸۷۰) معجم الاوسط (۱۲۳۸۸،۲۶۳۸،۲۶۳۷،۲۶۳۶،۳۹،۸۲۵) مستدرک للحاکم (۳۳۱۲،۴۷۲۰)

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک میرے اہل بیت کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہو گیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہا وہ غرق ہو گیا۔

1346 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ مَنْصُوْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَنْمَاطِيُّ، ثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، ثنا جَعْفَرٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالَ: قَالَ لَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ اَصْحَابِي مَثَلُ النُّجُوْمِ، مَنِ اقْتَدَى بِشَيْءٍ مِنْهَا اهْتَدَى''

(منتخب من مسند عبد بن حمید (۷۸۱،۷۸۳)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے صحابہ کی مثال ستاروں کی طرح ہے جو ان میں سے کسی کی بھی پیروی کرے وہ ہدایت پا لے گا۔

## صحابہ کرام امت میں اس طرح ہیں جس طرح کھانے میں نمک

1347 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ، بِمَكَّةَ، اَبنا زَاهِرُ بْنُ اَحْمَدَ السَّرَخْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا اِسْمَاعِيْلُ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مَثَلَ اَصْحَابِي فِي اُمَّتِي كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ لَا يَصْلُحُ الطَّعَامُ اِلَّا بِالْمِلْحِ''

Marfat.com

(الشریعۃ للآجری (۱۱۵۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے صحابہ کی مثال میری امت میں اس طرح ہے، جس طرح کھانے میں نمک۔ کھانا نمک کے بغیر ٹھیک (مزیدار) نہیں ہوسکتا۔

1348 اَنا اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَزْوِينِيُّ، اَنا اَبُو سَعِيدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ الْقَزْوِينِيُّ، نا اَبُو الْقَاسِمِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَنَكٍ، نا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَسْمَوَيْهِ، نا اَبُو هَدِيَّةَ، سَنَةَ مِائَةٍ وَتِسْعٍ وَثَمَانِينَ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَصْحَابِي فِي اُمَّتِي مِثْلُ الْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ لَا يَصْلُحُ الطَّعَامُ اِلَّا بِالْمِلْحِ''

(الشریعۃ للآجری (۱۱۵۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے صحابہ کی مثال میری امت میں اس طرح ہے، جس طرح کھانے میں نمک۔ کھانا نمک کے بغیر ٹھیک (مزیدار) نہیں ہوسکتا۔

## میری امت کی مثال بارش کی ہے

1349 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْمُعَدِّلُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ، ثنا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ اُمَّتِي كَالْمَطَرِ لَا يُدْرَى اَوَّلُهُ خَيْرٌ اَمْ آخِرُهُ''

(مسند الرویانی (۱۴۴۳)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کی مثال بارش کی مثل ہے۔ نہیں علم کہ اس کا اول بہتر ہے یا اس کا آخر (بہتر ہے)۔

1350 اَنا اَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، نا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا اِبْرَاهِيمُ هُوَ ابْنُ فَهْدٍ، نا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ، نا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور (پھر راوی نے) اسی روایت کو ذکر کیا۔

Marfat.com

1351 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَنَا اَبُوْ عُبَيْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اُمَيَّةَ التُّسْتَرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ غَسَّانَ بْنِ جَبَلَةَ الْعَتَكِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِيُّ، نا يَزِيْدُ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَذَكَرَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور (پھر راوی نے) اسی روایت کو ذکر کیا۔

1352 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، نا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى، نا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ اُمَّتِيْ مَثَلُ الْمَطَرِ لَا يُدْرٰى اَوَّلُهُ خَيْرٌ اَوْ آخِرُهُ''

(مسند الرویانی (۱۳۴۳))

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کی مثال بارش کی مثل ہے۔ نہیں علم کہ اس کا اول بہتر ہے یا اس کا آخر (بہتر ہے)۔

## مؤمن کھجور کی طرح ہے

1353 اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ ثَرْثَالٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْعَطَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَاشِدٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ وَكِيْعِ بْنِ عُدُسٍ، عَنْ عَمِّهِ اَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ النَّخْلَةِ لَا تَأْكُلُ اِلَّا طَيِّبًا وَلَا تَضَعُ اِلَّا طَيِّبًا''

(صحیح ابن حبان (۵۲۳۰) معجم الکبیر طبرانی (۱۳۵۱۴، ۱۳۵۲۰) شعب الایمان (۵۳۸۱))

ترجمہ: حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال کھجور کے درخت کی طرح ہے وہ کھاتا بھی پاکیزہ ہے اور دیتا بھی پاکیزہ ہے۔ یعنی پھل کھجور کی شکل میں میٹھا دیتا ہے۔

1354 اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ وَكِيْعَ بْنَ عُدُسٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمِّهِ اَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ،

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ النَّحْلَةِ لَا تَأْكُلُ اِلَّا طَيِّبًا وَلَا تَضَعُ اِلَّا طَيِّبًا''

(صحیح ابن حبان (۵۲۳۰) معجم الکبیر طبرانی (۱۳۵۱۴، ۱۳۵۲۰) شعب الایمان (۵۳۸۱)

ترجمہ: حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال کھجور کے درخت کی طرح ہے وہ کھاتا بھی پاکیزہ ہے اور دیتا بھی پاکیزہ ہے۔ (یعنی پھل کھجور کی شکل میں میٹھا دیتا ہے۔)

### مؤمن اور ایمان کی مثال

1355 اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ، اَبنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ قَاضِي اَذْنَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ فِيلٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَبنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ الْخُزَاعِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ اَبِي سُلَيْمَانَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَالْاِيمَانِ كَمَثَلِ الْفَرَسِ يَجُولُ فِي آخِيَّتِهِ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَى آخِيَّتِهِ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال اور ایمان کی مثال اس گھوڑے جیسی ہے۔ جو اپنے خیموں کے اندر گھوم رہا ہو حتیٰ کہ وہ اپنے خیمے میں واپس آجائے۔

1356 وَاَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ النَّحَّاسِ، نا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، وَاَبُو يَحْيَى بْنُ هُبَيْرَةَ قَالَا: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ اَبِي سُلَيْمَانَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْاِيمَانِ كَمَثَلِ الْفَرَسِ عَلَى آخِيَّتِهِ يَجُولُ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَى آخِيَّتِهِ، فَاِنَّ الْمُؤْمِنَ يَجُولُ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَى الْاِيمَانِ''

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال اور ایمان کی مثال اس گھوڑے جیسی ہے۔ جو اپنے خیموں کے اندر گھوم رہا ہو حتیٰ کہ وہ اپنے خیمے میں واپس آجائے اور بے شک مومن گھومتا ہے (یعنی بھول جاتا ہے) پھر وہ ایمان کی طرف لوٹ آتا ہے۔

### طاقتور اور کمزور مؤمن کی مثال

1357 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَحْيَى، اَبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

Marfat.com

مُوْسٰی، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، صَاحِبُ الْبَصْرِيِّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مَنْجُوفٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الْقَوِيِّ كَمَثَلِ النَّخْلَةِ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ كَمَثَلِ الْخَامَةِ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: طاقتور مومن کی مثال کھجور کی طرح ہے اور کمزور مومن کی مثال نرم ونازک گھاس کی طرح ہے۔

1358 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُوْ عَبَّادٍ ذُو النُّونِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ، ثنا اَبُوْ اَحْمَدَ الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ اللُّغَوِيّ، اَبنا عَبْدَانُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ، صَاحِبُ الْبَصْرِيِّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مَنْجُوفٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الْقَوِيِّ كَمَثَلِ النَّخْلَةِ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ كَخَامَةِ الزَّرْعِ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: طاقتور مومن کی مثال کھجور کی طرح ہے اور کمزور مومن کی مثال کھیتی کے نرم تنے کی طرح ہے۔

1359 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمُوْصِلِيُّ، قَالَ: اَبنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَزَّازُ، اَبنا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا لَيْثٌ، قَالَ: وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَمَا حَدَّثَنِي عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا هٰذَا الْحَدِيثَ وَحْدَهُ، وَفِيْهِ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ. . .'' هٰذَا الْحَدِيثُ فِي كِتَابِ الْاَمْثَالِ لِلرَّامَهُرْمُزِيِّ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَيُّوبَ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ وَفِيْهِ ''مَثَلُ النَّخْلَةِ وَكَخَامَةِ الزَّرْعِ''

ترجمہ: مجاہد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان صحبت اختیار کی تو انہوں نے سوائے اس ایک حدیث کے جس میں مومن کی مثال بیان کی گئی ہے اور کوئی حدیث بیان نہیں کی۔ یہ حدیث رامہرمزی کی، کتاب الامثال، میں حسن بن عبدالرحمان بن خلاد، عبداللہ بن احمد بن موسیٰ نے، ان کو سلیمان بن ایوب نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں۔ کھجور کی مثال، کھیتی کے تنے کی مثال ہے۔ (یعنی مومن کی ان

Marfat.com

کے ساتھ مثال بیان فرمائی گئی ہے)۔

## مؤمن اور کافر کی مثال

1360 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْفَرَّاءُ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدِ بْنِ نَصْرٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُوْنُسَ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ السُّنْبُلَةِ تُحَرِّكُهَا الرِّيحُ فَتَقُومُ مَرَّةً وَتَقَعُ اُخْرٰى، وَمَثَلُ الْكَافِرِ مَثَلُ الْاَرْزَةِ لَا تَزَالُ قَائِمَةً حَتّٰى تَنْقَعِرَ''

(شعب الایمان (٦٦٩٤)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال سنبل (کھیت کی بالیوں) کی طرح ہے کہ ہوا ان کو حرکت دیتی ہے ایک بار اس کو جھکا دیتی ہے اور دوسری بار اس کو کھڑا کر دیتی ہے اور کافر کی مثال کی طرح ہے۔ وہ ہمیشہ کھڑا رہتا ہے' حتیٰ کہ وہ ایک ہی مرتبہ گر جاتا ہے۔

1361 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، بِاِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ يُحَرِّكُهَا الرِّيحُ يُقِيمُهَا مَرَّةً وَيَصْرَعُهَا اُخْرٰى''، وَذَكَرَ بَقِيَّةَ الْحَدِيْثِ

ترجمہ: احمد بن یونس نے اپنی سند کے ساتھ ہمیں بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال کھیتی کے نرم تنے کی مثال ہے کہ ہوا اس کو حرکت دیتی ہے ایک مرتبہ اس کو کھڑا کر دیتی ہے اور دوسری مرتبہ اس کو جھکا دیتی ہے۔

1362 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، اَيْضًا انا مُوْسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سِنَانٍ الدَّوْرَقِيُّ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ هُوَ ابْنُ الْاِمَامِ، نا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، بِاِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ السُّنْبُلَةِ يُحَرِّكُهَا الرِّيحُ فَمَرَّةً تَقَعُ وَمَرَّةً تَقُومُ، وَمَثَلُ الْكَافِرِ مَثَلُ الْاَرْزَةِ فَاِنَّ الْاَرْزَةَ لَا تَزَالُ قَائِمَةً حَتّٰى تَنْقَعِرَ''

(شعب الایمان (٦٦٩٤)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال سنبل (کھیت کی بالی) کی طرح ہے کہ ہوا اس کو حرکت دیتی ہے ایک بار اس کو جھکا دیتی ہے اور دوسری بار اس کو کھڑا کر دیتی ہے اور کافر کی مثال کی طرح ہے۔ وہ ہمیشہ کھڑا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ ایک ہی مرتبہ گر جاتا ہے۔

1363 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِيْ اَبُوْ طَاهِرٍ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ شَرِيْكِ بْنِ الْفَضْلِ الْاَسَدِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ السُّنْبُلَةِ يُحَرِّكُهَا الرِّيْحُ فَتَنْقَعُ مَرَّةً وَتَقُوْمُ اُخْرٰى، وَمَثَلُ الْكَافِرِ مَثَلُ الْاَرْزَةِ اَوِ الْاَرْزَنَةِ لَا تَزَالُ قَائِمَةً حَتّٰى تَنْقَعِرَ''

(شعب الایمان (۶۶۹۴)

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال سنبل (کھیت کی بالیوں) کی طرح ہے کہ ہوا اس کو حرکت دیتی ہے ایک بار اس کو جھکا دیتی ہے اور دوسری بار اس کو کھڑا کر دیتی ہے اور کافر کی مثال چاول کے پودے کی طرح ہے۔ وہ ہمیشہ کھڑا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ ایک ہی مرتبہ گر جاتا ہے۔

1364 وَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ، نَا ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، اَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ، نَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ يُمِيْلُهَا الرِّيْحُ مَرَّةً هٰكَذَا وَمَرَّةً هٰكَذَا، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الْاَرْزَةِ الْمُجْذِيَةِ عَلَى الْاَرْضِ حَتّٰى يَكُوْنَ انْجِعَافُهَا مَرَّةً'' قَالَ اَبُوْ عَمْرٍو: الْاَرَزَةُ بِفَتْحِ الرَّاءِ مِنْ شَجَرِ الْاَرْزَنِ، قَالَ اَبُوْ عُبَيْدٍ: الْاَرَزَةُ مِثْلُ فَاعِلَةِ الثَّابِتَةِ. قَالَ اَبُوْ عُبَيْدٍ: الْاَرْزَةُ بِسُكُوْنِ الرَّاءِ مِنْ شَجَرِ الْاَرْزِ وَهُوَ الصُّنُوْبَرُ. وَالْمُجْذِيَةُ الثَّابِتَةُ. وَالْاِنْجِعَافُ الْاِنْقِلَاعُ، وَيُقَالُ بِالْخَاءِ

(شعب الایمان، ایمان کا ستروان شعبہ

ترجمہ: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے نے اپنے والد سے انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال کھیتی کے نرم تنے جیسی ہے کہ ہوائیں اس کو حرکت دیتی ہیں ایک بار اس کو جھکاتی ہیں اور دوسری بار اس کو سیدھا کھڑا کرتی ہیں۔ اور کافر کی مثال کٹے ہوئے چاولوں کے پودے جیسی ہے کہ اس کی جڑ کو کوئی چیز نہیں اکھاڑتی بلکہ اس کا ٹوٹنا کٹنا ایک بار ہی ہوتا ہے۔

Marfat.com

1365 حَدَّثَنَا نَصرُ بنُ عَبدِ العَزِيزِ الفَارِسِيُّ، لَفظًا مِن كِتَابِهِ، اَنَا اَبُو نَصرٍ اَحمَدُ بنُ مُحَمَّدِ بنِ حَسنُونَ، نَا ابنُ البَختَرِيِّ الرَّزَّازُ، نَا اَحمَدُ بنُ عُبَيدِ اللهِ بنِ المُنَادِي، نَا اِسحَاقُ بنُ يُوسُفَ الاَزرَقُ، نَا زَكَرِيَّا، عَن سَعدِ بنِ اِبرَاهِيمَ، عَن اُبَيِّ بنِ كَعبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَثَلُ المُؤمِنِ مَثَلُ الخَامَةِ مِنَ الزَّرعِ يُقَلِّبُهَا الرِّيحُ تَصرَعُهَا مَرَّةً وَتَعدِلُهَا اُخرٰى، وَمَثَلُ الكَافِرِ مَثَلُ الاَرزَةِ المُجذِيَةِ لَا يُفَكُّ اَصلُهَا حَتّٰى يَكُونَ انجِعَافُهَا مَرَّةً وَاحِدَةً"

(شعب الایمان، ایمان کا ستروان شعبہ

ترجمہ: حضرت ابو بن کعب رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی مثال کھیتی کے نرم تنے جیسی ہے کہ ہوائیں اس کو حرکت دیتی ہیں ایک بار اس کو جھکا دیتی ہیں اور دوسری بار اس کو سیدھا کھڑا کرتی ہیں۔ اور کافر کی مثال جیسی ہے کہ اس کی جڑ کو کوئی چیز نہیں اکھاڑتی بلکہ اس کا ٹوٹنا ایک بار ہی ہوتا ہے۔

## مسلمان باہمی محبت کرنے میں ایک جسم کی طرح ہیں

1366 اَخبَرَنَا عَبدُ الرَّحمٰنِ بنُ عُمَرَ البَزَّازُ، اَبنَا اَبُو سَعِيدٍ اَحمَدُ بنُ مُحَمَّدِ بنِ الاَعرَابِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بنُ عُثمَانَ بنِ اَبِي شَيبَةَ، ثنا مِنجَابٌ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الاَسَدِيُّ، ثنا مُوسَى بنُ عَبدِ المَلِكِ بنِ عُمَيرٍ، عَن اَبِيهِ، قَالَ سَمِعتُ النُّعمَانَ بنَ بَشِيرٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: "مَثَلُ المُؤمِنِينَ فِي تَوَادِّهِم وَتَرَاحُمِهِم كَمَثَلِ الجَسَدِ اِذَا اشتَكٰى بَعضُهُ تَدَاعٰى سَائِرُهُ بِالسَّهَرِ وَالحُمّٰى"

(مسلم (۲۵۸۶) مسند ابی داؤد طیالسی (۸۲۷،۸۳۰) مسند حمیدی (۹۴۴) مسند ابن الجعد (۶۰۵) مسند البزار (۳۲۸۶) شعب الایمان (۱۰۶۲۷)

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل ایمان کی مثال باہمی محبت اور باہمی شفقت کرنے میں ایک جسم کی مثل ہے کہ جب اس کا کوئی عضو تکلیف محسوس کرتا ہے تو پورا جسم بخار اور بے خوابی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

1367 اَنَا اَبُو القَاسِمِ عَبدُ الرَّحمٰنِ بنُ مُحَمَّدٍ الاُدفُوِيُّ، اَنَا اَبُو الطَّيِّبِ اَحمَدُ بنُ سُلَيمَانَ الجُرَيرِيُّ اِجَازَةً، نَا اَبُو جَعفَرٍ الطَّبَرِيُّ، نَا ابنُ حُمَيدٍ، وَاَبُو وَكِيعٍ، قَالَا: نَا

Marfat.com

جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّمَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ كَالْجَسَدِ اِذَا اشْتَكَى مِنْهُ شَيْئًا تَدَاعٰى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى''

(مسلم (۲۵۸۶) مسند ابی داؤد طیالسی (۸۳۰،۸۲۷) مسند حمیدی (۹۴۴) مسند ابن الجعد (۶۰۵) مسند البزار (۳۲۸۶)

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک مومنین کی مثال باہم محبت کرنے میں اور باہم شفقت کرنے میں ایک جسم کی مانند ہے جب اس کے کسی حصے کو تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم بے چینی اور بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

1368 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ، نَا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّمَا مِثْلُ الْمُسْلِمِيْنَ فِي تَوَاصُلِهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَالَّذِي جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَا وَجِعَ بَعْضُهُمْ وَجِعَ كُلُّهُ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى

(مسلم (۲۵۸۶) مسند ابی داؤد طیالسی (۸۳۰،۸۲۷) مسند حمیدی (۹۴۴) مسند ابن الجعد (۶۰۵) مسند البزار (۳۲۸۶)

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک مسلمانوں کی مثال باہم محبت کرنے میں اور شفقت کرنے میں اور اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان جو الفت قائم کی ہے اس کے حوالے سے (ان کی مثال یوں ہے:) جیسے ایک جسم ہوتا ہے۔ جب اس کا ایک عضو تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے تو پورا جسم اس کے لیے بخار اور بے چینی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

## دل زمین کے ذروں کی طرح ہے

1369 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْقَلْبِ مَثَلُ رِيشَةٍ بِاَرْضٍ تُقَلِّبُهَا الرِّيَاحُ''

(مسند ابن الجعد (۱۴۵۰) شعب الایمان (۷۳۶)

Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دل کی مثال زمین میں موجود پر کی طرح ہے، جس کو ہوا الٹ پلٹ کرتی رہتی ہے۔

## قرآن کی مثال بندھے ہوئے اونٹ کی طرح ہے

1370 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عِيسَى بْنِ مَعْرُوْفٍ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيْقٍ، اَبنا اَبُوْ الْعَلَاءِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكُوفِيُّ، ثنا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْقُرْآنِ مَثَلُ الْاِبِلِ الْمُعَلَّقَةِ اِنْ عَقَلَهَا صَاحِبُهَا اَمْسَكَهَا، وَاِنْ تَرَكَهَا ذَهَبَتْ''

(سنن ابن ماجہ (۳۷۸۳) مصنف ابن ابو شیبہ (۲۹۹۹۰، ۸۵۷۰) مسند احمد (۴۸۴۵، ۴۷۵۹) شعب الایمان (۱۸۱۱)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرآن کی مثال بندھے ہوئے اونٹ کی طرح ہے، جب تک مالک اسے باندھے رکھے گا تب تک وہ قبضہ میں رہے گا اور جب وہ اونٹ کی رسی کھول دے گا تو اونٹ بھاگ جائے گا۔

## منافق کی مثال، بکری کی طرح ہے

1371 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ عُمَرُ الْبَزَّازُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ الْجَوَّابِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: منافق کی مثال اس بکری کی طرح ہے جو دو (ریوڑوں کے درمیان گھومتی ہے۔

1372 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، ثنا ابْنُ مُبَشِّرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ الْمُهَلَّبِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ، لَا تَدْرِي اَيُّهُمَا تَتْبَعُ''

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: منافق آدمی کی مثال گھومنے والی بکری کی طرح ہے جو دو ریوڑوں کے درمیان چکر لگاتی ہے۔ وہ نہیں جانتی ان دونوں میں سے کون اس کے ساتھ ہے۔

1373 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ابنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا اَبُوْ النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَفَعَهُ: ''مَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْقَطِيعَيْنِ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: منافق کی مثال اس بکری کی طرح ہے جو دو ریوڑوں کے درمیان گھومتی ہے۔

1374 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا مِنْ كِتَابِهِ، انا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، نا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، نا مُوْسَى بْنُ خَاقَانَ، نا اِسْحَاقُ يَعْنِي الْاَزْرَقَ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ تَعِيْرُ اِلَى هٰذِهٖ مَرَّةً وَاِلَى هٰذِهٖ مَرَّةً، لَا تَدْرِي اَيُّهُمَا تَتْبَعُ''

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: منافق آدمی کی مثال گھومنے والی بکری کی طرح ہے جو ایک مرتبہ اس کے پاس اور دوسری مرتبہ اس کے پاس چکر لگاتی ہے۔ وہ نہیں جانتی ان دونوں میں سے کون اس کے ساتھ ہے۔

## عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے

1375 اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ قَعْنَبٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَثَلُ الْمَرْاَةِ كَالضِّلَعِ، اِنْ اَرَدْتَ اَنْ تُقِيْمَهُ كَسَرْتَهُ، وَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ اسْتَمْتَعْتَ بِهٖ وَفِيْهِ اَوَدٌ''

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کی مثال ٹیڑھی پسلی کی طرح ہے اگر تم اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو اسے توڑ دو گے اور اگر تم اس سے نفع اٹھانا چاہو تو اس کے

Marfat.com

ٹیڑھے پن کو برداشت کرتے ہوئے نفع اٹھا سکتے ہو۔

1376 وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''الْمَرْاَةُ كَالضِّلَعِ اِنْ تُقِمْهُ تَكْسِرْهُ، وَاِنْ تَسْتَمْتِعْ بِهِ تَسْتَمْتِعْ بِهِ وَفِيْهِ عِوَجٌ''

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت ٹیڑھی پسلی کی طرح ہے (ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے) اگر تم اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے۔ تو تم اسے توڑ دو گے۔ اور اگر تم اس سے نفع اٹھانا چاہو تو تم اس کے ٹیڑھ پن (کو برداشت کرتے ہوئے ہی) اس سے نفع اٹھاؤ گے۔

## نیک اور برے دوست کی مجلس کی مثال

1377 اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْقُوبَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ النَّجِيرَمِيُّ، ثنا اَبُوْ الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ، ابنا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي قَالَ: يَرْوِيهِ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الدَّارِيِّ اِنْ لَمْ يُحْذِكَ مِنْ عِطْرِهِ عَلَقَكَ مِنْ رِيحِهِ، وَمَثَلُ الْجَلِيسِ السُّوءِ مَثَلُ الْكِيرِ اِنْ لَمْ يُحْرِقْكَ مِنْ شِرَارِ نَارِهِ عَلَقَكَ مِنْ نَتْنِهِ'' وَرَوٰى هٰذَا الْحَدِيثَ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ الْبَزَّارُ فِي مُسْنَدِ اَبِي مُوسٰى، عَنْ خَلَّادِ بْنِ اَسْلَمَ الْمَرْوَزِيِّ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ شُمَيْلٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الْعَطَّارِ اِمَّا اَنْ يُحْذِيَكَ مِنْ عِطْرِهِ اَوْ يُصِيبَكَ مِنْ ثَوْبِهِ، وَمَثَلُ الْجَلِيسِ السُّوءِ مَثَلُ الْقَيْنِ اِنْ لَمْ يُحْرِقْ ثَوْبَكَ اِمَّا اَنْ يُنْتِنَكَ اَوْ يُؤْذِيَكَ رِيحُهُ'' ، قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو: وَهٰذَا الْحَدِيثُ قَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِي مُوسَى مَوْقُوفًا، وَلَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَفَعَهُ اِلَّا النَّضْرَ بْنَ شُمَيْلٍ، وَهٰذَا وَهْمٌ مِنَ الْبَزَّارِ لِاَنَّ يَحْيَى بْنَ مَعِينٍ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي مُوسَى مَرْفُوعًا، وَيَحْيَى بْنُ مَعِينٍ اَعْلَمُ مِنَ الْبَزَّارِ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ اِمَامٌ فِي الْحَدِيثِ

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک دوست کی مثال عطر فروش کی ہے اگر اس نے عطر نہ دیا تو پھر بھی اس کی خوشبو تجھے آتی رہے گی۔ اور برے دوست کی مثال آگ سلگانے والے کی طرح ہے اگر اس کی آگ کے شعلوں نے تمہیں نہ جلایا تو (کم از کم) تمہیں اس کی بدبو ضرور آئے گی۔

خلاد بن اسلم مروزی کو نضر بن شمیل نے ان کو عوف نے ان کو قسامہ بن زہیر نے ان کو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک دوست کی مثال عطر بیچنے والے کی طرح ہے اگر اس نے عطر نہ دیا تو پھر بھی اس کی خوشبو تجھے آتی رہے گی۔ اور برے دوست کی مثال بھٹی جلانے والے کی طرح ہے کہ اگر اس نے تمہارے کپڑے کو نہ بھی جلایا تو اس کی بو تمہیں آئے گی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس کی بو تمہیں تکلیف دے گی۔

1378 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ الْبَزَّارُ، ابنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، ابنا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، ثنا ابْنُ مَعِيْنٍ، ابنا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ''مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الدَّارِيِّ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ مَثَلُ الْكِيْرِ اِلَّا يُحْرِقْكَ يَعْبَقْ بِكَ مِنْ شَرَرِهٖ اَوْ شِرَارِهٖ''

(بخاری (۲۱۰۱،۵۵۳۴) مسلم (۲۶۲۸) مسند ابی داؤد طیالسی (۵۱۷) مسند حمیدی (۷۸۸) مسند البزار (۳۰۲۷،۳۱۹۰،۲۴۷۰) مسند ابی یعلی (۴۲۹۵)

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک دوست کی مثال عطر بیچنے والے کی طرح ہے۔ اور برے دوست کی مثال بھٹی جلانے والے کی ہے کہ وہ تیرے کپڑے جلا دے گی اور اس کا دھواں تمہیں آتا رہے گا۔

1379 انا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، نا اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُفَسِّرِ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ الْقَاضِي الْمَرْوَزِيُّ، نا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، نا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الدَّارِيِّ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْكِيْرِ اِلَّا يُحْرِقْكَ يَعْبَقْ بِكَ مِنْ شَرَرِهٖ'' وَقَدْ اَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى مَرْفُوْعًا

Marfat.com

(بخاری (۲۱۰۱،۵۵۳۴) مسلم (۲۶۲۸) مسندابی داؤد طیالسی (۵۱۷) مسندحمیدی (۷۸۸) مسندالبزار (۶۴۷۰، ۳۱۹۰، ۳۰۲۷) مسندابی یعلی (۴۲۹۵)

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک دوست کی مثال عطر بیچنے والے کی طرح ہے۔ اور برے دوست کی مثال بھٹی جلانے والے کی ہے کہ وہ تیرے کپڑے جلادے گی اور اس کا دھواں تمہیں آتا رہے گا۔

1380 اَنَا اَبُوْ ذَرٍّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمد الْهَرَوِيُّ، بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، اَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمُّوَيَهِ السَّرَخْسِيُّ، بِهَرَاةَ وَاَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ الْمُسْتَمْلِي بِبَلْخٍ، وَاَبُوْ الْهَيْثَمِ مُحَمَّدُ بْنُ الْمَكِّيِّ الْكُشْمَيْهَنِيُّ بِهَا قَالُوا: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، نا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مِثْلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ اِمَّا اَنْ يُحْذِيَكَ وَاِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الْكِيْرِ اِمَّا اَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا خَبِيثَةً''

(بخاری (۲۱۰۱،۵۵۳۴) مسلم (۲۶۲۸) مسندابی داؤد طیالسی (۵۱۷) مسندحمیدی (۷۸۸) مسندالبزار (۶۴۷۰، ۳۱۹۰، ۳۰۲۷) مسندابی یعلی (۴۲۹۵)

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک اور برے دوست کی مثال اس طرح ہے جیسے کوئی عطر فروش ہو یا لوہار کی بھٹی ہو۔ عطر فروش یا تو تمہیں ویسے ہی خوشبو دیدے گا یا تم اس سے خرید لوگے ورنہ تمہیں اس کی پاکیزہ خوشبو تو آتی رہے گی اور لوہار کی بھٹی یا تو تمہارے کپڑے جلادے گی ورنہ تمہیں اس کی بدبو تو آئے گی۔

## قرآن پڑھنے اور نہ پڑھنے والے کی مثال

1381 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا يُوْسُفُ هُوَ ابْنُ يَعْقُوْبَ، نا مُسْلِمٌ، نا اَبَانُ، نا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِنَّ مَثَلَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي يَقْرَاُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْاُتْرُجَّةِ رِيحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يَقْرَاُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلَا رِيحَ لَهَا،

Marfat.com

وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِى يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ رِيحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِى لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ طَعْمُهَا مُرٌّ وَلَا رِيحَ لَهَا، وَمَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْكِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْهُ شَىْءٌ أَصَابَكَ مِنْ رِيحِهِ، وَمَثَلُ الْجَلِيسِ السُّوءِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْكِيرِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْ ثَوَابِهِ أَصَابَكَ مِنْ دُخَانِهِ''

(شعب الایمان (۱۸۲۱)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال اترجہ (ناشپاتی) جیسی ہے' جس کی خوشبو پاکیزہ اور ذائقہ پیارا ہوتا ہے۔ اس مومن کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا کھجور جیسی ہے' جس کا ذائقہ تو پاکیزہ ہے مگر اس کی خوشبو نہیں ہوتی ہے اور اس گناہگار کی مثال جو قرآن کو پڑھتا ہے۔ مثال بیری (کے درخت کی) ہے۔ اس کی خوشبو پاکیزہ ہوتی ہے اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ اور اس گناہ گار کی مثال جو سرے سے قرآن کو پڑھتا ہی نہیں ہے اس کی مثال کوڑے تمہ کی ہے' جس کا ذائقہ کڑوا ہے اور خوشبو نہیں ہے۔ نیک شخص کی مجلس کی مثال عطر فروش کی ہے۔ اگر تجھے اس سے کچھ نہ ملے تو کم ازکم اس سے خوشبو ضرور تجھے آئے گی۔ اور برے شخص کی مجلس کی مثال لوہار کی بھٹی کی ہے اگر اس سے کپڑے کو کوئی نقصان نہ بھی پہنچے تو کم ازکم تجھے اس سے دھواں ضرور پہنچے گا۔

1382 أَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، بْنِ أَحْمَدَ الْفَارِسِيُّ الْمِصْرِيُّ، أَنَا عَلِيُّ الْحَسَنُ بْنُ شِهَابِ الْعُكْبُرِيُّ، بِهَا، قَالَ: نَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْأَنْبَارِيُّ، نَا ابْنُ أَبِي الْعَوَّامِ، نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، نَا شُبَيْلُ بْنُ عَزْرَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الدَّارِيِّ، إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْ عِطْرِهِ يَلْحَقُكَ مِنْ رِيحِهِ، وَمَثَلُ جَلِيسِ السُّوءِ مَثَلُ الْقَيْنِ إِنْ لَمْ يُحْرِقْكَ شَرَرُهُ يُؤْذِكَ بِدُخَانِهِ''

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک بندے کی مجلس کی مثال عطر فروش کی دکان کی طرح ہے اگر تو اس سے عطر نہ بھی خریدے تو خوشبو تجھے ضرور آئے گی، اور برے بندے کی مجلس کی مثال لوہے کی بھٹی کی ہے اگر اس کے شرارے تجھ کو نہ بھی جلائیں تو اس کا دھواں تکلیف ضرور دے گا۔

1383 أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، بِمَكَّةَ، أَبنا أَزْهَرُ بْنُ أَحْمَدَ السَّرَخْسِيُّ، أَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَبنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ تَمَامِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

Marfat.com

''اِنَّ مَثَلَ الصَّلَاۃِ الْمَکْتُوبَۃِ کَالْمِیزَانِ مَنْ اَوْفٰی اسْتَوْفٰی''

ترجمہ: حسن سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک فرض نماز کی مثال میزان کی طرح ہے، جس نے اس کو پورا بھرا، وہ پورا (بدلہ اور اجر) لے گا۔

## سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اور دنیا کی مثال سوار کی طرح ہے

1384 اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَھَانِیُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَھْلِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ، ثنا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَنْبَارِیُّ، ثنا اَبُوْ عِیسَی مُسْلِمُ بْنُ عِیسٰی، ثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَیْبِیُّ، ثنا الْمَسْعُودِیُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ، عَنْ اِبْرَاھِیمَ، عَنْ عَلْقَمَۃَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: ''مَا مَثَلِی وَمَثَلُ الدُّنْیَا اِلَّا کَرَاکِبٍ قَالَ فِی ظِلِّ شَجَرَۃٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَکَھَا''

(مسند احمد (۲۷۴۴) صحیح ابن حبان (۶۳۵۲) معجم الکبیر طبرانی (۱۱۸۹۸) مستدرک للحاکم (۷۸۵۸) حلیۃ الاولیاء ج ۳ ص ۲۴۲ ۔ شعب الایمان (۹۹۲۸، ۱۳۷۸)

ترجمہ: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری مثال اور دنیا کی مثال ایک سوار کی طرح ہے، وہ درخت کے سائے میں کچھ دیر آرام کرتا ہے اور پھر اس کو چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔

## دنیا کی آخرت کے مقابلے میں حیثیت

1385 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی سَعِیدٍ، بِمَکَّۃَ، اَبنا زَاھِرٌ السَّرْخَسِیُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، اَبنا الْحُسَیْنُ بْنُ الْحَسَنِ، اَبنا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِی حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُسْتَوْرِدَ، اَخَا بَنِی فِھْرٍ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: ''مَا الدُّنْیَا فِی الْآخِرَۃِ اِلَّا کَمَثَلِ مَا یَجْعَلُ اَحَدُکُمْ اِصْبَعَہُ السَّبَّابَۃَ فِی الْیَمِّ فَلْیَنْظُرْ بِمَ یَرْجِعُ''

(مسلم (۲۷۴۴) جامع ترمذی (۲۳۲۳) مسند حمیدی (۸۷۸) مسند ابن ابو شیبہ (۷۷۷) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۰۶) مسند احمد (۱۸۰۲۰، ۱۸۰۱۴، ۱۸۰۱۲، ۱۸۰۰۹، ۱۸۰۰۸)

ترجمہ: قیس بن ابو حازم بیان کرتے ہیں: میں نے بنو فہر سے تعلق رکھنے والے صحابی حضرت مستورد رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا آخرت کے مقابلہ میں اسی طرح ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنی انگلی سمندر میں ڈالے پھر وہ دیکھے اس (انگلی) کے ساتھ کتنا (پانی) واپس آتا ہے۔

Marfat.com

1386 اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ الْغَازِيُّ، ثنا اَبُوْ قُتَيْبَةَ بْنُ سَلْمٍ، قَالَ ثنا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ الْفِهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ اِلَّا كَمَثَلِ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهُ السَّبَّابَةَ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ'' وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ جَمَاعَةٍ مِنْهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ، وَاللَّفْظُ لَهُ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نَا اِسْمَاعِيْلُ هُوَ ابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ، وَقَالَ: مِثْلُ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهُ هٰذِهٖ، وَاَشَارَ يَحْيَى بِالسَّبَّابَةِ

(مسلم(۲۷۴۴) جامع ترمذی (۲۳۲۳) مسند حمیدی (۸۷۸) مسند ابن ابو شیبہ (۷۷۷) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۰۶) مسند احمد(۱۸۰۲۰،۱۸۰۱۴،۱۸۰۱۲،۱۸۰۰۹،۱۸۰۰۸)

ترجمہ: حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا آخرت کے مقابلہ میں اسی طرح ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنی شہادت کی انگلی سمندر میں ڈالے پھر وہ دیکھے اس (انگلی) کے ساتھ کتنا (پانی) واپس آیا ہے۔

مسلم بن حجاج نے اس کو ایک جماعت سے روایت کیا ان میں محمد بن حاتم ہیں اور اس کے لفظ ہیں ہمیں یحییٰ بن سعید نے ان کو اسماعیل نے جو بیٹا ہے ابو خالد کا۔ اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کیا: میں سے کوئی ایک اپنی انگلی کو' اور یحییٰ نے اشارہ شہادت کی انگلی کی طرف کیا۔

1387 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِيْ اَبُوْ طَاهِرٍ، نَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، اَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ مُسْتَوْرِدٍ الْفِهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ اِلَّا كَمَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهُ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ''

(مسلم(۲۷۴۴) جامع ترمذی (۲۳۲۳) مسند حمیدی (۸۷۸) مسند ابن ابو شیبہ (۷۷۷) مصنف ابن ابو شیبہ (۳۴۳۰۶) مسند احمد(۱۸۰۲۰،۱۸۰۱۴،۱۸۰۱۲،۱۸۰۰۹،۱۸۰۰۸)

ترجمہ: حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا آخرت کے مقابلہ میں اسی طرح ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنی انگلی سمندر میں ڈالے پھر وہ دیکھے اس (انگلی) کے ساتھ کتنا (پانی) واپس آتا ہے۔

وضاحت: سمندر میں انگلی ڈالنے کے ساتھ جو پانی کی تری اس انگلی کو لگتی ہے۔ وہ صرف اور صرف پانی کے ایک دو قطرہ

Marfat.com

کے سوائے اور کچھ بھی نہیں ہوتا۔ یہ مثال بیان فرمایا کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کی آخرت کے مقابلہ میں حیثیت کو واضح فرمادیا۔ یعنی دنیا کی وہی حیثیت ہے جو انگلی کے ساتھ لگی ہوئی تری کی سمندر کے مقابلے میں ہے۔

## اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کے لیے موت سے پہلے بھلائی کے دروازے کھول دیتا ہے

1388 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَجَاءِ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اَبُوْ نَصْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْاَدِيْبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْخَرَائِطِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْجُنَيْدِ، قَالَ: ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سُوَيْدٍ الْعُمَرِيُّ، ثنا عَمْرُوْ بْنُ وَاقِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَسَلَهُ قَبْلَ مَوْتِهِ'' قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا عَسَلُهُ؟ قَالَ: ''يَهْدِيْهِ لِعَمَلٍ صَالِحٍ يَقْبِضُهُ عَلَيْهِ''

(مسند الشامیین طبرانی (۸۳۹)

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کریم جب بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کو موت سے پہلے، عسل، (نیکوکار) بنا دیتا ہے۔ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عسل کیا ہے؟ فرمایا: اس کو نیک عمل کی ہدایت دی جاتی ہے اس پر اس کی (جان) قبض کی جائے گی۔

1389 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْكَاتِبُ، اَبنا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ، وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي عِنَبَةَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَسَلَهُ''، قَالُوْا: وَمَا عَسَلُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ''يُفْتَحُ لَهُ عَمَلًا صَالِحًا فَيَقْبِضُهُ عَلَيْهِ''

(مسند الشامیین طبرانی (۸۳۹)

ترجمہ: حضرت عنبہ خولانی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ جب بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کو عسل (نیکوکار) بنا دیتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عسل سے مراد کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: اس کے لیے نیک عمل کا (دروازہ) کھولا جائے گا۔ پس اس کی (روح کو) اس پر قبض کیا جائے گا۔

1390 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُوْسَى بْنُ

Marfat.com

هَارُونَ، اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ'' قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: ''يَهْدِيهِ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ مَوْتِهِ''

ترجمہ: حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کو عامل بنا دیتا ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے اس کو عامل بنایا جاتا ہے؟ ارشاد فرمایا: موت سے پہلے اس کی نیک اعمال کی طرف رہنمائی کی جاتی ہے۔

جس جگہ موت مقرر ہے، اللہ تعالیٰ وہاں بندہ کے لیے ضرورت پیدا کر دیتا ہے

1391 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِيُّ بِمَكَّةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرْبِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبَّادٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْخَيْرَةِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ فِيهَا حَاجَةً اَوْ بِهَا حَاجَةً''

(مسند ابی داؤد طیالسی (۱۴۲۲) مسند ابن ابو شیبہ (۵۴۳) الادب المفرد (۱۲۸۲) شعب الایمان (۹۴۲۴) حلیہ الاولیاء ۸ص ۳۷۴۔ مستدرک (۱۳۵۷، ۱۳۶۰)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کی روح کو کسی زمین میں قبض کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اس زمین میں اس کی ضرورت پیدا کر دیتا ہے یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے۔

1392 اَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيبِيُّ، اَنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجِرَابُ، نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِي، نا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَا: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِي الْعِزَّةِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذٰلِكَ، قَالَ اَيُّوبُ: اَوْ قَالَ: ''بِهَا حَاجَةً''

یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی منقول ہے۔ اس میں یہ الفاظ ہیں ''بِهَا حَاجَةً'' اس (زمین) میں حاجت ہوتی ہے۔

Marfat.com

1393 اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، اَنَا يُوسُفُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا وَهَيْبُ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قَوْمِهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَرَادَ اللهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ بِهَا حَاجَةً''

(مسندابی داؤد طیالسی (۱۴۲۲) مسندابن ابو شیبہ (۵۴۳) الادب المفرد (۱۲۸۲) شعب الایمان (۹۴۲۴) حلیہ الاولیاء ۸ص ۳۷۴۔ مستدرک (۱۳۵۷، ۱۳۶۰)

ترجمہ: ابوملیح نے اپنی قوم کے ایک شخص سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کی روح کو کسی زمین میں قبض کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اس زمین میں اس کی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔

1394 اَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْعَبَّاسِ النُّقْرِيُّ الْحَنِيفِيُّ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، نَا يُوسُفُ، هُوَ ابْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِينَ وَمِئَتَيْنِ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا وَهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قَوْمِهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اِذَا اَرَادَ اللهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ بِهَا حَاجَةً''

(مسندابی داؤد طیالسی (۱۴۲۲) مسندابن ابو شیبہ (۵۴۳) الادب المفرد (۱۲۸۲) شعب الایمان (۹۴۲۴) حلیہ الاولیاء ۸ص ۳۷۴۔ مستدرک (۱۳۵۷، ۱۳۶۰)

ترجمہ: ابوملیح نے اپنی قوم کے ایک شخص سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کی روح کو کسی زمین میں قبض کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اس زمین میں اس کی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔

1395 وَاَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، اَنَا يُوسُفُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

اس سند کے ساتھ اسی کی مثل منقول ہے۔

1396 اَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، نَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ الْمُفَسِّرِ، نَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ الْقَاضِي، نَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مَطَرِ بْنِ عُكَامِسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَرَادَ اللهُ تَعَالَى قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ بِهَا حَاجَةً''

(مسندابی داؤد طیالسی (۱۴۲۲) مسندابن ابو شیبہ (۵۴۳) الادب المفرد (۱۲۸۲) شعب الایمان (۹۴۲۴) حلیہ

Marfat.com

الاولیاء ۸ ص ۳۷۴۔ مستدرک (۱۳۵۷، ۱۳۶۰)

ترجمہ: حضرت مطر بن عکامس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کی روح کو کسی زمین میں قبض کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اس زمین میں اس کی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔

## جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے دنیا سے بچا لیتا ہے

1397 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُو طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا هَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِذَا اَحَبَّ اللهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِي سَقِيمَهُ الْمَاءَ''

(جامع ترمذی (۲۰۳۶) معجم الکبیر طبرانی (۱۷) مستدرک للحاکم (۸۲۵۰، ۷۸۵۷، ۷۴۶۴)

ترجمہ: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کریم جب کسی بندے سے محبت فرماتا ہے تو اسے دنیا سے بچائے رکھتا ہے جیسا کہ تم میں کوئی اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔

1398 اَنَا اَبُو إِسْحَاقَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْغَازِي، نَا حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَافِظُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْقَاسِمِ، نَا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ وَهُوَ ابْنُ عَبَّادٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ، نَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَذَكَرَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

## جب بادشاہ غضبناک ہوتا ہے تو اس پر شیطان مسلط ہو جاتا ہے

1399 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَاضِي، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ الضَّرَّابُ، ثنا عَدْنَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ طُولُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ وَكِيعٌ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ شِبْلٍ، وَعَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِذَا اسْتَشَاطَ

Marfat.com

السُّلْطَانُ تُسَلَّطَ الشَّيْطَانُ''
(مسند احمد (۱۷۹۸۴) معجم الکبیر طبرانی (۴۴۴))

ترجمہ: عروہ بن محمد نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بادشاہ آگ بگولہ ہوتو (اس پر) شیطان مسلط ہو جاتا ہے۔

دو کام کرنے والے کے لیے دوگنا اجر ہے

1400 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّعْدِيُّ، اَبنا الْقَاضِي اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الذَّهَبِيُّ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ يَعْنِي ابْنَ عَبْدُوسٍ، ثنا اَبُو بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، وَاَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِذَا نَصَحَ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهِ وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ كَانَ لَهُ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ''
(مسند احمد (۴۷۰۶، ۵۷۸۴، ۶۲۷۳) الادب المفرد (۲۰۲) حلیہ الاولیاء ج۳ص ۱۶۵ ـ ج۱۳ ص ۴۰۳ ـ مسند البزار (۵۵۲۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب غلام اپنے آقا کی خیر خواہی کرے اور اپنے رب تعالیٰ کی اچھی طرح عبادت کرے تو اس کے لیے دگنا اجر ہوگا۔

1401 اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى السِّمْسَارُ، ثنا اَبُو زَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفَرَبْرِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَهُ، وَفِيهِ ''كَانَ لَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ''
(مسند احمد (۴۷۰۶، ۵۷۸۴، ۶۲۷۳) الادب المفرد (۲۰۲) حلیہ الاولیاء ج۳ص ۱۶۵ ـ ج۱۳ ص ۴۰۳ ـ مسند البزار (۵۵۲۴)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اور اس میں (مذکورہ بالا) حدیث کو ذکر کیا جس میں یہ الفاظ تھے: ''اس کے لیے دو اجر ہیں''۔

1402 حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا مِنْ كِتَابِهِ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، نا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، نا فَضْلُ بْنُ سَهْلٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، نا عُبَيْدُ اللهِ

Marfat.com

بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "إِذَا نَصَحَ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ كَانَ لَهُ الْأَجْرُ مَرَّتَيْنِ"

(مسند احمد (۴۷۰۶، ۵۷۸۴، ۶۲۷۳) الادب المفرد (۲۰۲) حلیہ الاولیاء ج ۳ ص ۱۶۵۔ ج ۱۳ ص ۴۰۳۔ مسند البزار (۵۵۶۴)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک غلام جب اپنے آقا کی خیر خواہی کرے اور اللہ تعالیٰ کی اچھے طریقہ سے عبادت کرے تو اس کے لیے دوگنا اجر ہے۔

1403 حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ تُرَابُ بْنُ عُمَرَ، أنا الْمُؤَمَّلُ بْنُ يَحْيَى، أنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، أنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، نا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا نَصَحَ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک غلام جب اپنے آقا کی خیر خواہی نصیحت کرے اور اللہ تعالیٰ کی اچھے طریقہ سے عبادت کرے تو اس کے لیے دوگنا اجر ہے۔

1404 أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، أبنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَالِبٍ، أبنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِذَا تَقَارَبَ الزَّمَانُ انْتَقَى الْمَوْتُ خِيَارَ أُمَّتِي كَمَا يَنْتَقِي أَحَدُكُمْ خِيَارَ الرُّطَبِ مِنَ الطَّبَقِ"

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جب زمانہ (قیامت کے) عنقریب ہو جائے گا تو میری امت کے بہترین افراد کو موت یوں چن لے گی جس طرح کوئی شخص تھال میں سے عمدہ کھجوریں چن لیتا ہے۔

1405 أنا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْخَوْلَانِيُّ، أنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَالِبٍ، إِجَازَةً، نا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ، نا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَذَكَرَهُ

Marfat.com

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

## بیماری سے انسان کے گناہ مٹ جاتے ہیں

1406 اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَحْمَدَ الْمُكْتِبُ، قَالَ: اَبنا جَدِّي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارِ بْنِ خَيْرٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فِيلٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِذَا اشْتَكَى الْمُؤْمِنُ اَخْلَصَهُ ذٰلِكَ مِنَ الذُّنُوبِ كَمَا يُخْلِصُ الْكِيرُ الْخَبَثَ مِنَ الْحَدِيدِ''

(الادب المفرد (۴۹۷) صحیح ابن حبان (۲۹۳۶) معجم الاوسط (۵۳۵۱، ۵۱، ۴۱۲۳))

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ کو کوئی تکلیف لاحق ہوتی ہے تو وہ اس کی خطاؤں کو صاف کر دیتی ہے' جس طرح بھٹی لوہے کی زنگ کو صاف کر دیتی ہے۔

1407 وَاَنَا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقْرِئُ، اَنا اَبُو اَحْمَدَ الْفَرَضِيُّ، نا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، نا اَبُو عَذَبَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا مَرِضَ نَقَّى اللهُ عَنْهُ الْخَطَايَا فِي مَرَضِهِ كَمَا يُنَقِّي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ''

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک بندہ جب بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی بیماری میں اس کی خطاؤں کو یوں صاف کر دیتا ہے' جس طرح بھٹی لوہے کی زنگ کو صاف

## تقدیر عقل کو سلب کر دیتی ہے

1408 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ التُّسْتَرِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ النُّعَيْمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهِزَّانِيُّ، ثنا الرِّيَاشِيُّ، ثنا الْاَصْمَعِيُّ، ثنا اَبُو عَمْرِو بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِذَا اَرَادَ اللهُ تَعَالَى اِنْفَاذَ قَضَائِهِ وَقَدَرِهِ سَلَبَ ذَوِي الْعُقُولِ عُقُولَهُمْ حَتّٰى يُنَفِّذَ فِيهِمْ قَضَاءَهُ

Marfat.com

وَقَدَرَهُ‘‘

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ اپنے قضا وقدر کو نافذ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو صاحب عقل کی عقلوں کو سلب کر دیتا ہے حتیٰ کہ وہ ان پر اپنے قضاو قدر کو نافذ فرمادیتا ہے۔

## بیماری سے بچنا کافی ہے

1409 اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَرْغَانِيُّ، اَبنا الْاِمَامُ اَبُوْ الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ، ثنا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ الْخَطِيْبُ الْمَيْدَانِيُّ بِزَوْزَنَ، ثنا اَبُوْ قُرَيْشٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمُعَةَ بْنِ خَلَفٍ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ’’كَفَى بِالسَّلَامَةِ دَاءً‘‘

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیماری سے سلامت رہنا کافی ہے

## موت کے وعظ، یقین کے ساتھ غنا اور عبادت کے ساتھ مشغولیت کافی ہے

1410 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا اُنَيْسٌ اَبُوْ عَمْرٍو الْمُسْتَمْلِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا الرَّبِيْعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَمَّارٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ’’كَفَى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا، وَكَفَى بِالْيَقِيْنِ غِنًى، وَكَفَى بِالْعِبَادَةِ شُغْلًا‘‘

(المجالسة وجواهر العلم (۱۹۲۵) معجم ابن الاعرابی (۹۶۲) شعب الایمان (۱۰۰۷۲))

ترجمہ: حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔ موت کے ساتھ ہی وعظ کافی ہے اور یقین کے ساتھ غنٰی کافی ہے اور عبادت کے ساتھ مشغولیت کافی ہے۔

## اہل وعیال کے رزق کو ضائع نہیں کرنا چاہیے

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایک لاکھ چالیس ہزار کلمات کے ساتھ ندا دی' یہ تمام کلمات نصیحتوں پر مشتمل تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے جو فرمایا ان میں ایک بات یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: اے موسیٰ! میرے لئے کوئی کام کرنے والوں نے دنیا سے بے رغبتی جیسا کوئی کام نہیں کیا اور میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیزگاری جیسی کسی چیز سے قرب حاصل نہیں کیا' جو پرہیز ان چیزوں سے' جنہیں میں نے ان کے لئے حرام قرار دیا ہے اور عبادت کرنے والوں نے میرے خوف کی وجہ سے رونے جیسی کوئی عبادت نہیں کی۔

1459 وَاَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ بِالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، نا اَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ خَلَّادٍ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، نا اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةٌ، نا اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، بِاِسْنَادِهِ وَقَالَ: ''يَا مُوسَى اِنَّهُ لَمْ يَتَصَنَّعِ الْمُتَصَنِّعُونَ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا، وَلَمْ يَتَقَرَّبِ الْمُتَقَرِّبُونَ بِمِثْلِ الْوَرَعِ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَتَعَبَّدِ الْمُتَعَبِّدُونَ بِمِثْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خِيفَتِي''

(معجم الاوسط (۷۹۳۷) معجم الکبیر طبرانی (۱۲۶۵۰) الترغیب فی الفضائل لابن شاھین (۲۲۷)

ترجمہ: جویبر نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ اے موسیٰ! میرے لئے کوئی کام کرنے والوں نے دنیا سے بے رغبتی جیسا کوئی کام نہیں کیا اور میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیزگاری جیسی کسی چیز سے قرب حاصل نہیں کیا' جو پرہیز ان چیزوں سے ہو جنہیں میں نے ان کے لئے حرام قرار دیا ہے اور عبادت کرنے والوں نے میرے خوف کی وجہ سے رونے جیسی کوئی عبادت نہیں کی۔

1460 وَاَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْجِيزِيُّ، اَنَا اَبُو عَمْرٍو زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، نا اَحْمَدُ

Marfat.com

بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَا عَمِّي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي الْمَاضِي بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، بِإِسْنَادِهِ: ''إِنَّهُ لَمْ يَتَصَنَّعِ الْمُتَصَنِّعُونَ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا، وَلَمْ يَتَقَرَّبِ الْمُتَقَرِّبُونَ بِمِثْلِ الْوَرَعِ عَمَّا حَرَّمْتُ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَتَعَبَّدِ الْمُتَعَبِّدُونَ بِمِثْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خِيفَتِي''

(معجم الاوسط (۷۹۳۷) معجم الکبیر طبرانی (۱۲۶۵۰) الترغیب فی الفضائل لابن شاھین (۲۲۷))

ترجمہ: ماضی بن محمد نے جو یبر سے، اس نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ میرے لئے کوئی کام کرنے والوں نے دنیا سے بے رغبتی جیسا کوئی کام نہیں کیا اور میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیزگاری جیسی کسی چیز سے قرب حاصل نہیں کیا' جو پرہیز ان چیزوں سے ہو جنہیں میں نے ان کے لئے حرام قرار دیا ہے اور عبادت کرنے والوں نے میرے خوف کی وجہ سے رونے جیسی کوئی عبادت نہیں کی۔

## سخاوت اور حسن اخلاق کے ساتھ دین کی تعظیم کرو

1461 اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَطَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَزِيدَ الْاُمَوِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّيَ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ يَقُولُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: هٰذَا دِينٌ ارْتَضَيْتُهُ لِنَفْسِي، وَلَنْ يُصْلِحَهُ إِلَّا السَّخَاءُ وَحُسْنُ الْخُلُقِ، فَاَكْرِمُوهُ بِهِمَا مَا صَحِبْتُمُوهُ "

(مکارم الاخلاق للخرائطی (۳۹، ۵۵۹) شعب الایمان (۱۰۳۶۸))

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: بے شک اس دین کو میں نے اپنے لیے پسند فرمایا تھا (کہ میرا دین، دین الٰہی کہلائے) اس کو سخاوت اور حسن خلق کے علاوہ کوئی چیز درست نہیں کر سکتی۔ لہذا اس دین کی تعظیم انہیں دو صفات کے ساتھ کرو جب تک تم اس کو اپنائے رکھو۔

## مصیبت پر صبر کرنے کا فائدہ

1462 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَحْمَدَ الْمُقْرِئُ، اَبنا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الضَّرَّابُ، ثنا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مَرْوَانَ الْمَالِكِيُّ، ثنا اَبُو اِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

Marfat.com

عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْجَهْمِ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جِبْرِيلَ، عَلَيْهِ السَّلَامُ، عَنِ اللهِ، تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَالَ: ''إِذَا وَجَّهْتُ إِلَى عَبْدٍ مِنْ عَبِيدِي مُصِيبَةً فِي بُدْنِهِ أَوْ مَالِهِ أَوْ وَلَدِهِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ ذَلِكَ بِصَبْرٍ جَمِيلٍ اسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنْ أَنْصُبَ لَهُ مِيزَانًا أَوْ أَنْشُرَ لَهُ دِيوَانًا''

(المجالسة وجواھر العلم (۱۰۱)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے روایت کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب میں اپنے بندوں میں سے کسی بندے کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ وہ اپنے بدن، مال اور اولاد کی وجہ سے کسی مصیبت میں مبتلا ہے اور وہ اس کا صبر جمیل کے ساتھ سامنا کرتا ہے تو مجھے ایسے بندے کے لیے قیامت کے دن میزان نصب کرنے اور نامہ اعمال کھولنے سے شرم آتی ہے۔

## عظمت وکبریائی اللہ تعالیٰ کی چادر ہیں

1463 أَخْبَرَنَا أَبُو مُسْلِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَمْدُونٍ بِبَالِسَ، حَدَّثَنِي عَمِّي إِبْرَاهِيمُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَقُولُ اللهُ تَعَالَى: الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي، فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا أَلْقَيْتُهُ فِي النَّارِ "

(سنن ابی داؤد (۴۰۹۰) سنن ابن ماجه (۴۱۷۵، ۴۱۷۴) مسند الحمیدی (۱۱۸۳) مسند احمد (۹۹۰۳، ۹۵۰۸، ۹۳۵۹، ۸۸۹۴، ۷۳۸۲) مسند البزار (۱۰۶۱ ۵)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تکبر میری چادر ہے، عظمت میرا تہبند ہے جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں بھی میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا میں اسے دوزخ میں ڈالوں گا۔

1464 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأُدْفُوِيُّ، أَنَا أَبُو الطَّيِّبِ أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ إِجَازَةً، نَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، نَا أَبُو كُرَيْبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا ابْنُ فُضَيْلٍ، نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي

Marfat.com

مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَبِّهِ، تَعَالٰى قَالَ: ''اَلْعَظَمَةُ اِزَارِي وَالْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا اَلْقَيْتُهُ فِي جَهَنَّمَ''

(سنن ابی داؤد (۴۰۹۰) سنن ابن ماجه (۴۱۷۴،۴۱۷۵) مسند الحمیدی (۱۱۸۳) مسند احمد (۷۳۸۲،۸۸۹۴،۹۳۵۹،۹۵۰۸،۹۹۰۳) مسند البزار (۵۱۰۶۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تکبر میری چادر ہے عظمت میرا تہبند ہے جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں بھی میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا میں اسے دوزخ میں ڈالوں گا۔

1465 نا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْفَارِسِيُّ، لَفْظًا مِنْ كِتَابِهِ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ، نا يُوسُفُ اَبُو يَعْقُوبَ الْاَنْبَارِيُّ، نا جَدِّي، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَفَعَهُ سُفْيَانُ مَرَّةً اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَقَفَهُ مَرَّةً اُخْرَى عَلَى اَبِي هُرَيْرَةَ: " قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ اِزَارِي فَمَنْ نَازَعَنِي فِيهِمَا اُلْقِهِ فِي النَّارِ "

(سنن ابی داؤد (۴۰۹۰) سنن ابن ماجه (۴۱۷۵،۴۱۷۴) مسند الحمیدی (۱۱۸۳) مسند احمد (۸۸۹۴،۷۳۸۲، ۹۳۵۹،۹۵۰۸،۹۹۰۳) مسند البزار (۵۱۰۶۱)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت منقول ہے جو ایک سند کے ساتھ مرفوع حدیث کے طور پر اور ایک سند کے ساتھ موقوف حدیث کے طور پر منقول ہے۔

اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: تکبر میری چادر ہے اور عظمت میرا تہبند ہے جس نے ان دونوں کے بارے میں میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کی میں اسے دوزخ میں ڈالوں گا۔

## سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزوں سے اللہ کی پناہ مانگی

1466 اَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِي، ثنا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اَحْمَدَ الزَّعْيْنِيُّ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُو يَعْقُوبَ يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حَفْصٍ، هُوَ ابْنُ عَمْرٍو ابْنُ اَخِي اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰؤُلَاءِ

Marfat.com

الْاَرْبَعِ''

(مسلم(۲۷۲۲) سنن ابی داؤد(۱۵۴۸) سنن نسائی(۵۵۳۷،۵۵۳۶،۵۴۷۰،۵۴۶۷،۵۴۴۲) سنن ابن ماجه(۳۸۴۳،۳۸۳۷،۲۵۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۴۴۲،۲۱۱۹) مصنف ابن ابو شیبه(۳۴۳۵۸،۲۹۱۲۸،۲۹۱۲۶) مسند احمد(۱۴۰۲۳،۱۳۶۷۴،۹۸۲۹،۸۷۷۹،۸۴۸۸،۶۵۵۷)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا تھی۔ اے اللہ عز وجل! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسے دل سے جو نہ ڈرے اور ایسی دعا سے جو نہ سنی جائے اور ایسے نفس سے جو سیراب نہ ہو، ان چار چیزوں کے شر سے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔

1467 وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ التُّجِيْبِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، ثنا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، انا خَلَفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ، وَقَالَ فِي آخِرِهِ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ''

ترجمہ: سعید بن منصور نے ہمیں بیان کیا کہ خلف بن خلیفہ نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل نقل کیا اور اس کے آخر میں دعا کے یہ الفاظ نقل کیے: اے اللہ عز وجل! بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں ان چار کے شر سے''۔

1468 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكَاتِبُ، ثنا اَبُوْ الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ، ثنا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَعَمَلٍ لَا يُرْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَقَوْلٍ لَا يُسْمَعُ''

(مسلم(۲۷۲۲) سنن ابی داؤد(۱۵۴۸) سنن نسائی(۵۵۳۷،۵۵۳۶،۵۴۷۰،۵۴۶۷،۵۴۴۲) سنن ابن ماجه(۳۸۴۳،۳۸۳۷،۲۵۰) مسند ابی داؤد طیالسی(۲۴۴۲،۲۱۱۹) مصنف ابن ابو شیبه(۳۴۳۵۸،۲۹۱۲۸،۲۹۱۲۶) مسند احمد(۱۴۰۲۳،۱۳۶۷۴،۹۸۲۹،۸۷۷۹،۸۴۸۸،۶۵۵۷)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: اے اللہ! میں اس علم سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو نفع نہ دے اور ایسے عمل سے جو اوپر نہ لے جایا جائے اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور اس بات سے جو سنی نہ جائے۔

1469 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، انبا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُسْلِمٌ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: مَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِيْ صَبَاحًا اِلَّا رَفَعَ

Marfat.com

بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ، اَوْ اَذِلَّ اَوْ اُذَلَّ، اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ، اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ''

(سنن ابی داؤد (۵۰۹۴) الدعا للطبرانی (۴۱۹، ۴۱۳، ۴۱۲) معجم الاوسط (۲۳۸۳) معجم الکبیر (۱۱، ۲۶، ۷۲۶)

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں ایک صبح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سے نکلے اس حال میں کہ آپ اپنی نظر کو آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھے۔ اور یہ دعا کر رہے تھے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں، اس سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کیا جاؤں، میں رسوا ہو جاؤں یا رسوا کیا جاؤں، میں ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں، میں جاہل بنوں یا جاہل بنا دیا جاؤں۔

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ دعا سکھائی

1470 اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ الْغَازِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَوْتِ الْمَكِّيُّ، اِمْلَاءً، ثنا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا يُوْسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيَّ عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَيْمُوْنٍ يَعُوْدُنِي فَاَخْبَرَنِي اَنَّهُ، دَخَلَ مَعَ ثَابِتٍ عَلَى اَنَسٍ فَحَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَهُوَ شَاكٍ فَقَالَ لَهُ: ''قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ تَعْجِيلَ عَافِيَتِكَ، وَصَبْرًا عَلَى بَلِيَّتِكَ، وَخُرُوجًا مِنَ الدُّنْيَا اِلَى رَحْمَتِكَ''

(الدعا للطبرانی (۱۴۵۲) معجم الاوسط (۹۶۹) مستدرک (۱۹۱۷) الدعوات الکبیر (۲۲۳)

ترجمہ: یوسف بن عطیہ نے کہا کہ عبدالحکم بن میمون میری عیادت کے لیے میرے پاس تشریف لائے انہوں نے کہا کہ وہ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے کہ تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو حدیث بیان کی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اس حال میں کہ وہ بیمار تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! تم یہ دعا کرو: یا اللہ عزوجل! میں تجھ سے جلدی صحت یابی کا سوال کرتا ہوں اور آزمائش پر صبر کا اور دنیا سے تیری رحمت کی طرف نکلنے کا سوال کرتا ہوں۔

## جب بھی کوئی کام کرنے کا ارادہ ہو تو یہ دعا پڑھیں

1471 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا يُوْسُفُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْعُقَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْمُعَيْطِيُّ، ثنا زَنْفَلُ الْعُرَفِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَدْعُوْ بِھٰذَا الدُّعَاءِ: ''اللّٰھُمَّ خِرْ لِی وَاخْتَرْ لِی''
(ترمذی(۳۵۱۶) مسند البزار(۵۹) مسند ابی یعلی(۴۴) مکارم الاخلاق للخرائطی(۹۱۵) شعب الایمان(۲۰۰) شرح السنۃ(۱۰۱۷)

ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (جب کسی کام کا ارادہ فرماتے تو) یہ دعا فرماتے: اے اللہ! اسے میرے لیے بہتر کر دے اور اختیار فرما لے۔

## آئینہ دیکھنے کی دعا

1472 اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَیْسَرَانِیُّ، ثنا الْخَرَائِطِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُحَاضِرُ بْنُ الْمُوَرِّعِ، قَالَ: ثنا عَاصِمٌ، عَنْ عَوْسَجَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْھُذَیْلِ، عَنْ اَبِی مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِیِّ، قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: ''اللّٰھُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِی فَحَسِّنْ خُلُقِی''
(مسند ابو داؤد طیالسی(۳۷۲) الادب المفرد(۲۹۰) مسند ابو یعلی(۵۰۷۵) صحیح ابن حبان(۹۵۹) الدعا للطبرانی(۴۰۴) شعب الایمان(۸۱۸۶)

ترجمہ: حضرت ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: اے اللہ عزوجل! تو نے میری خوبصورت تخلیق فرمائی پس تو میرے اخلاق کو بھی خوبصورت بنا دے۔

1473 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِیْبِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، ثنا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ الْحِمَّانِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ مُسْھِرٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَوْسَجَةَ بْنِ الرَّمَّاحِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْھُذَیْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ''اللّٰھُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِی فَحَسِّنْ خُلُقِی''
(مسند ابو داؤد طیالسی (۳۷۲) الادب المفرد(۲۹۰) مسند ابو یعلی(۵۰۷۵) صحیح ابن حبان(۹۵۹) الدعا للطبرانی(۴۰۴) شعب الایمان(۸۱۸۶)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ عزوجل! تو نے میری خوبصورت تخلیق فرمائی پس تو میرے اخلاق کو بھی خوبصورت بنا دے۔

## گناہوں سے معافی کی دعا

1474 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِیْبِیُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ جَامِعٍ،

Marfat.com

ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي نُعَيْمٍ، ثنا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللهِ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ لَوْ عَلِمْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا كُنْتُ أَدْعُو؟ قَالَ: ''قُولِي اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي''

(جامع ترمذی(۳۵۱۳) سنن ابن ماجه(۳۸۵۰) مسنداحمد (۲۵۴۹۷، ۲۵۴۹۵، ۲۵۳۸۴، ۲۵۵۰۵، ۲۶۲۱۵، ۲۵۷۴۱) سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۰۴۲، ۱۰۶۴۲، ۷۶۶۵)

ترجمہ: اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اگر میں لیلۃ القدر پاؤں تو کیا دعا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: یہ کہنا ''اللّٰھُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي'' اے اللہ عزوجل! بے شک تو درگزر کرنے والا ہے اور درگزر کرنے کو پسند فرماتا ہے پس تو مجھ سے (میرے گناہوں سے) درگزر فرما۔

1475 ونا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّجِيبِيُّ، نا ابْنُ الْأَعْرَابِيِّ، نا أَبُو سَعِيدٍ الْحَارِثِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، نا الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

جریری نے اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل نقل کیا ہے۔

1476 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأُدْفُوِيُّ، أَنَا أَبُو الطَّيِّبِ أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، أَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ وَاصِلٍ، أَوْ أَبِي وَاصِلٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ هٰذَا شَهْرُ رَمَضَانَ قَدْ حَضَرَ، فَمَاذَا أَقُولُ؟ قَالَ: ''قُولِي اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي''

(جامع ترمذی(۳۵۱۳) سنن ابن ماجه(۳۸۵۰) مسنداحمد (۲۵۴۹۷، ۲۵۴۹۵، ۲۵۳۸۴، ۲۵۵۰۵، ۲۶۲۱۵، ۲۵۷۴۱) سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۰۴۲، ۱۰۶۴۲، ۷۶۶۵)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یہ رمضان المبارک کا ماہ مبارک آگیا ہے۔ میں اس میں کیا کہوں (یعنی کیا دعا کروں؟)۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: یہ کہنا ''اللّٰھُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي'' اے اللہ عزوجل: بے شک تو درگزر کرنے والا ہے اور تو درگزر کرنے کو پسند فرماتا ہے پس تو مجھ سے (میرے گناہوں سے) درگزر فرما۔

1477 وَأَنَا أَبُو الْقَاسِمِ الْأُدْفُوِيُّ، أَيْضًا أَنَا أَبُو الطَّيِّبِ الْجُرَيْرِيُّ، نا أَبُو جَعْفَرٍ

Marfat.com

الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ اَرَاَيْتَ اِنْ وَافَقْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا اَدْعُوْ فِيهَا؟ قَالَ: "قُولِي: اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي"

(جامع ترمذی(۳۵۱۳) سنن ابن ماجه(۳۸۵۰) مسند احمد (۲۵۵۰۵، ۲۵۴۹۷، ۲۵۴۹۵، ۲۵۳۸۴، ۲۶۲۱۵، ۲۵۷۴۱) سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۰۴۶، ۱۰۶۴۲، ۷۶۶۵)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اگر میں لیلۃ القدر پاؤں تو کیا دعا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہنا ''اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي'' اے اللہ عزوجل: بے شک تو درگزر کرنے والا ہے اور درگزر کرنے کو پسند فرماتا ہے پس تو مجھ سے (میرے گناہوں سے) درگزر فرما۔

1478 اَنَا الْغُبَرِيُّ، نَا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الشَّاعِرُ، نَا اَبُو النَّضْرِ، عَنِ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ اِنْ وَافَقْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا اَقُولُ فِيهَا؟ قَالَ: ''قُولِي اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي''

(جامع ترمذی(۳۵۱۳) سنن ابن ماجه(۳۸۵۰) مسند احمد (۲۵۴۹۷، ۲۵۴۹۵، ۲۵۳۸۴، ۲۵۵۰۵، ۲۶۲۱۵، ۲۵۷۴۱) سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۰۴۶، ۱۰۶۴۲، ۷۶۶۵)

ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر میں لیلۃ القدر پاؤں تو اس مین کیا دعا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہنا ''اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي'' اے اللہ عزوجل! بے شک تو درگزر کرنے والا ہے اور درگزر کرنے کو پسند فرماتا ہے پس تو مجھ سے (میرے گناہوں سے) درگزر فرما۔

1479 اَخْبَرَنَا اَبُو عَلِيٍّ الْمُحْسِنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْكِرَامِ، ثنا اَبُو الْقَاسِمِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ الْجِرَابِ، اَبنا ابْنُ اَبِي خَيْثَمَةَ اَحْمَدُ بن زهير بْنِ حَرْبٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا اَبِي، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا اَخْطَاْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ، وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، وَمَا جَهِلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ''

Marfat.com

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں سے ایک یہ دعا ہے۔ یا اللہ! جو میں نے غلطی کی ہے اسے تو بخش دے اور جو میں نے جان بوجھ کر اور جو میں نے پوشیدہ اور جو میں نے اعلانیہ اور جو میں نے لاعلمی میں اور جو میں نے جانتے ہوئے غلطیاں کی ہیں (ان کی بخشش فرمادے)

## نفس کی اصلاح کے لیے دعا

1480 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُورِيُّ، اَنَا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، نا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، نا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، نا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، حَدَّثَنِي رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّهُ قَالَ: جَاءَ حُصَيْنٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يُسْلِمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، عَبْدُ الْمُطَّلِبِ خَيْرٌ لِقَوْمِهِ، كَانَ يُطْعِمُ الْكَبِدَ وَالسَّنَامَ، وَاَنْتَ تَنْحَرُهُمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُولَ، ثُمَّ اِنَّ حَصِينًا قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا تَأْمُرُنِي اَنْ اَقُولَ؟ فَقَالَ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي وَاَسْاَلُكَ اَنْ تَعْزِمَ لِي عَلَى رُشْدِ اَمْرِي''، قَالَ: ثُمَّ اِنَّ حَصِينًا اَسْلَمَ بَعْدُ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي كُنْتُ سَاَلْتُكَ الْمَرَّةَ الْاُولَى، اَلَا وَاَقُوْلُ لَكَ مَا تَأْمُرُنِي اَنْ اَقُولَ؟ قَالَ: ''قُلِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، وَمَا اَخْطَأْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ، وَمَا جَهِلْتُ وَمَا عَلِمْتُ''

(سنن کبریٰ للنسائی (۱۰۷۶۶) شرح مشکل الآثار (۲۵۲۵))

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس نے کہا کہ حصین، اسلام قبول کرنے سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم: عبدالمطلب اپنی قوم کا بہترین شخص تھا کہ وہ جگر اور کوہان کھلایا کرتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کا مقابلہ کرتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ پھر حصین نے عرض کیا اگر میں یہ کہوں (یعنی میں اسلام قبول کرلوں) تو مجھے آپ کیا حکم دیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا فرمائی: یا اللہ! میں اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے میری راہ پر پختہ فرمادے۔ پھر حصین، اسلام لانے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، کہ میں نے پہلی مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا کہ اگر میں یہ کہوں (یعنی اسلام قبول کرلوں) تو آپ مجھے کیا حکم دیں گے۔ تو تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو یہ دعا کر۔ یا اللہ! تو میرے پوشیدہ اور اعلانیہ (گناہ) بخش دے اور جو میں نے خطائیں کی ہیں چاہے وہ میں نے جان بوجھ کر یا انجانے میں یا جانتے ہوئے کی ہوں ان سب کو معاف فرمادے۔

Marfat.com

1481 اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ نَظِيفٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، اَبنا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ الرَّازِيُّ، ثنا ابْنُ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاُمَوِيُّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''فَاَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا''، وَقَالَ: ''اللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا، وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا، وَاَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا''، وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ

(مسلم (٢٧٢٢) سنن نسائی (٥٤٥٨، ٥٥٣٨) مصنف ابن ابو شيبه (٢٩١٢٤) مسند احمد (١٩٣٠٨) سنن كبرىٰ نسائی (٧٨١٧، ٧٨١٥) معجم كبير (١١١٩١، ٥٠٨٨، ٥٨٨٦، ٥٠٨٥) معجم ابن المقرى (٨٦٠) شرح السنه (١٣٥٨)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی (ترجمہ: پھر اس کی بدکاری اوراس کی پرہیز گاری دل میں ڈالی) پھر یہ دعا فرمائی: یا اللہ! میرے نفس کو تقویٰ عطا فرما، اور اس کو پاک فرما اور تو ہی سب سے بہتر پاک فرمانے والا ہے اور تو ہی اس کا مولا اور مددگار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز ادا کر رہے۔

## کسی قوم سے خوف کے وقت پڑھی جانے والی دعا

1482 اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ، مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِئُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، اَبنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَافَ قَوْمًا قَالَ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ وَاَدْرَاُ بِكَ فِي نُحُورِهِمْ''

(مسند البزار (٣١٣٦) مسند الرویانی (٤٦١) معجم ابن المقرى (١٣٤٠)

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی قوم (کے حملہ کرنے) کا خوف ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے۔ یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ان کے شر سے۔ اور میں تجھے ان کے مقابلے میں کرتا ہوں۔

1483 اَخْبَرَنَا قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ، ثنا اَبُو طَاهِرٍ الْقَاضِي، ثنا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو سَلَمَةَ مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، اَبنا حَمَّادُ بْنُ

Marfat.com

سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ خَيْبَرَ كَانَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ. فَسُئِلَ مَاذَا كَانَ يَقُوْلُ؟ قَالَ: ''اَقُوْلُ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ وَبِكَ اَصُوْلُ''

ترجمہ: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایام خیبر میں اپنے ہونٹ مبارک کو حرکت دے رہے تھے تو پوچھا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا پڑھ رہے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کہتا ہوں، یارب، میں اپنے آپ کو تیرے سپرد کرتا ہوں اور تیری دی ہوئی قوت کے ساتھ لڑتا ہوں اور تیرے بھروسہ پر میں (دشمن) پر حملہ کرتا ہوں۔

## اے اللہ! جس طرح بچہ کی حفاظت کرتا ہے اس طرح حفاظت فرما

1484 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَارِثِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ السَّقَطِيُّ، وَذُو النُّوْنِ قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا ابْنُ اَخِي اَبِي زُرْعَةَ، ثنا عَمِّي، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، اَبنا ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ''

(مسند ابی یعلی (۵۵۲۷) الدعا للطبرانی (۱۴۴۷، ۱۴۴۶))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ عزوجل! حفاظت فرما جس طرح پیدا شدہ بچہ کی حفاظت کی جاتی ہے۔

1485 وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْمُقْرِئُ، ثنا ابْنُ شَاهِيْنَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاغَنْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ

ترجمہ: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

1486 وَاَخْبَرَنَا هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بُنْدَارٍ، اَبنا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ''

(مسند ابی یعلی (۵۵۲۷) الدعا للطبرانی (۱۴۴۷، ۱۴۴۶))

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ عزوجل! حفاظت فرما جس طرح پیدا شدہ بچہ کی حفاظت کی جاتی ہے۔

1487 قَالَ: اَنَاهُ الْعَسْكَرِيُّ، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الطُّوْسِيُّ، اِجَازَةً، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْمَرْوَزِيُّ، نا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، نا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ"

(مسند ابی یعلی (۵۵۲۷) الدعا للطبرانی (۱۴۴۷، ۱۴۴۶))

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ عزوجل! تو اس طرح حفاظت فرما جس طرح پیدا شدہ بچہ کی حفاظت کی جاتی ہے۔

## پہلے والے قریش کو تکلیف چکھائی بعد والے کو عطیات کا مزہ چکھا

1488 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الْبَزَّازُ، اَبنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَعْرَابِيُّ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ اَذَقْتَ اَوَّلَ قُرَيْشٍ نَكَالًا فَاَذِقْ آخِرَهُمْ نَوَالًا''

(جامع ترمذی (۳۹۰۸) مسند البزار (۱۰۵۱) مسند للشاشی (۴۲۸) معجم ابن الاعرابی (۲۷۵) حلیہ الاولیاء، ج ۹ ص ۶۵۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (یہ دعا مانگا کرتے تھے:) یا اللہ! تو نے پہلے والے قریش کو دکھ و تکلیف چکھائی۔ اب بعد والے قریش کو عطیات کا مزہ چکھا۔

## سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے صبح کے وقت میں برکت ہے

1489 اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ التُّجِيْبِيُّ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُسَاوِرٍ الْعَتَكِيُّ، ثنا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ''لَا تَطْلُبَنَّ حَاجَةً اِلَى اَعْلٰى، وَلَا تَطْلُبَنَّهَا لَيْلًا، وَاِذَا طَلَبْتَ الْحَاجَةَ فَاسْتَقْبِلِ الرَّجُلَ بِوَجْهِكَ، فَاِنَّ الْحَيَاءَ فِي الْعَيْنَيْنِ وَبَاكِرْ حَاجَتَكَ'' فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اللّٰهُمَّ بَارِكْ

Marfat.com

لِاُمَّتِیْ فِیْ بُكُوْرِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجه(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسندابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲) مسند احمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶) مصنف ابن ابو شیبه(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: تم اندھے شخص سے ہرگز اپنی حاجت کی فرمائش نہ کرو اور نہ ہی رات کو اس کی فرمائش کرو اور جب بھی تو ضرورت کو پورا کرنا چاہے تو تم بذات خود آدمی کے پاس جاؤ کیونکہ شرم وحیا آنکھوں میں ہوتا ہے۔ اور تو صبح سویرے اپنی ضرورت کے لیے نکل کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی۔ اے اللہ عزوجل میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنادے۔

1490 وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، ثنا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَعْرَابِيِّ، ثنا اِبْرَاهِيْمُ، هُوَ ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّلْحِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُكُوْرِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجه(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسندابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲) مسند احمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶) مصنف ابن ابو شیبه(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنادے۔

1491 اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَامِعٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، وَاَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَا: نَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَهُ

ترجمہ: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔

1492 اَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعْدُوْنِ الْمَوْصِلِيُّ، اَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيُّ، نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْهَاشِمِيُّ، نَا اَبِيْ قَالَ: حَدَّثَتْنَا زَيْنَبُ بِنْتُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِيْهَا، عَنْ جَدِّهَا، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُكُوْرِهَا يَوْمَ خَمِيْسِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجه(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسندابی داؤد طیالسی

Marfat.com

(۱۳۴۲)مسند احمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶)مصنف ابن ابو شیبہ(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے لیے جمعرات کی صبح کو بابرکت بنادے۔

1493 اَنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ النَّيْسَابُوْرِيُّ، اَنا الْقَاضِي اَبُوْ طَاهِرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ، اَنا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، نا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ كَثِيرٍ، اَنا سُفْيَانُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِي بُكُوْرِهَا''

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجہ(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسند ابی داؤد طیالسی(۱۳۴۲)مسند احمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶)مصنف ابن ابو شیبہ(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنادے۔

وضاحت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ مبارکہ تھا کہ جب کوئی چھوٹا یا بڑا لشکر بھیجتے تو صبح سویرے روانہ فرماتے۔ اسی طرح حدیث پاک میں جو حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ راوی ہیں یہ ایک تاجر تھے وہ بھی اپنے کارندوں کو صبح سویرے بھیجتے اس سے وہ دولت مند ہوگئے اور ان کا مال بڑھ گیا۔

1494 وَاَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَهْرِيَارَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رِيْذَةَ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الطَّبَرَانِيُّ، نا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيْطٍ الْاَشْجَعِيُّ، صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِصْرَ فِي جِيْزَتِهَا، حَدَّثَنِي اَبِي اِسْحَاقُ، عَنْ اَبِيْهِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيْطٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِي بُكُوْرِهَا''، قَالَ الطَّبَرَانِيُّ: لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ نُبَيْطٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

(سنن ابی داؤد(۲۶۰۶) جامع ترمذی(۱۲۱۲) سنن ابن ماجہ(۲۲۳۸،۲۲۳۷،۲۲۳۶) مسند ابی داؤد طیالسی (۱۳۴۲)مسند احمد(۲۴۶۴،۱۶۹۶)مصنف ابن ابو شیبہ(۳۳۶۲۱،۳۳۶۲۰،۳۳۶۱۹)

ترجمہ: حضرت نبیط بن شریط رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت کو بابرکت بنادے۔

امام طبرانی فرماتے ہیں: نبیط کے حوالے سے یہ روایت صرف اسی سند کے ساتھ منقول ہے اور ان سے اس روایت کو

Marfat.com

نقل کرنے میں ان کا بیٹا منفرد ہے۔

1495 اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَالِيْنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ وَصِيفٍ الْغَزِّيُّ، بِهَا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، ثنا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا مُوْسَى بْنُ حَبِيْبٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِلَيْكَ انْتَهَتِ الْاَمَانِيُّ يَا صَاحِبَ الْعَافِيَةِ''

(معجم الاوسط (۶۶۹۴) شعب الایمان (۹۶۷۰))

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: اے عافیت عطا کرنے والے! آرزوؤں کا مرکز تو ہی ہے۔

1496 اَخْبَرَنَا هِبَةُ اللهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذٍ، ثنا اَبُوْ عُمَرَ السَّمَرْقَنْدِيُّ، ثنا اَبُوْ اُمَيَّةَ، ثنا قَبِيصَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ طَلْقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ''

(سنن ابی داؤد (۱۵۱۰) جامع ترمذی (۳۵۵۱) سنن ابن ماجه (۳۸۳۰) مصنف ابن ابو شیبه (۲۹۳۹۰) مسند احمد (۱۹۹۷) صحیح ابن حبان (۹۴۷) شرح السنة: ج ۵ ص ۱۷۶۔)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ اے اللہ میری توبہ قبول فرما اور میرے گناہوں کو دھو ڈال اور میری دعا قبول فرما۔

1497 اَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ، مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَالِيْقِيُّ اَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي حُصَيْنٍ الْهَمْدَانِيُّ، نا اَبُوْ جَعْفَرٍ، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، نا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقُرَشِيُّ الْهَبَّارِيُّ، نا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسَاوِرٍ الْعِجْلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمْ يُرِدْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا اِلَّا قَالَ حِيْنَ يَنْهَضُ مِنْ جُلُوْسِهِ: ''اَللّٰهُمَّ بِكَ انْتَشَرْتُ، وَاِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ، وَبِكَ اعْتَصَمْتُ، اَنْتَ ثِقَتِيْ، وَاَنْتَ رَجَائِيْ، اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ مَا هَمَّنِيْ، وَمَا لَمْ اَهْتَمَّ بِهِ، وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، اَللّٰهُمَّ زَوِّدْنِي التَّقْوٰى، وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ، وَوَجِّهْنِيْ

Marfat.com

لِلْخَيْرِ اَيْنَمَا تَوَجَّهْتُ''. قَالَ ثُمَّ يَخْرُجُ."

(مسند ابی یعلی موصلی (۲۷۷۰) الدعا للطبرانی (۸۰۵) سنن کبریٰ بیہقی (۱۰۳۰۶)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ سفر پر روانہ ہونے کے لئے کھڑے ہونے لگتے تو یہ دعا پڑھتے تھے: اے اللہ! میں تیرے ہی سہارے اٹھا ہوں اور تیری ہی طرف رخ کیا ہے اور تیرے ہی (عہد) سے وابستہ ہوں۔ تو ہی میرا اعتماد ہے اور تو ہی میری امید ہے۔ اے اللہ! جس کام کا میں اہتمام کرتا ہوں اور جس کا نہیں کرتا ان میں مجھے کفایت فرما اور جس کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ اے اللہ! مجھے پرہیز گاری کا توشہ عطا فرمایا اور میرے گناہ بخش دے اور میں جدھر رخ کروں میرا رخ بھلائی کی طرف پھیر دے۔ یہ دعا پڑھنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر پر تشریف لے جاتے۔

1498 اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَيْمُوْنِ الْكَاتِبُ، اَبنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْخَثْعَمِيُّ، قَالَ: ثنا اَبُوْ كُرَيْبٍ، ثنا خَلَّادٌ الْجُعْفِيُّ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِيْشَةً سَوِيَّةً، وَمِيتَةً نَقِيَّةً، وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فَاضِحٍ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: یا اللہ! بے شک میں تجھ سے پاکیزہ زندگی اور (اس کے) ساتھ موت اور بغیر شرمندگی اور رسوائی کے واپسی کا سوال کرتا ہوں۔

1499 اَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَدْفُوِيُّ، اَنَا اَبُو الطَّيِّبِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُرَيْرِيُّ، نَا اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّبَرِيُّ، نَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا خَلَّادُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ، نَا شَرِيْكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ فَيَقُوْلُ: ''اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِيْشَةً نَقِيَّةً، وَمِيتَةً سَوِيَّةً، وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فَاضِحٍ''

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے: یا اللہ! بے شک میں تجھ سے پاکیزہ زندگی اور (اس کے) ساتھ موت اور بغیر شرمندگی اور رسوائی کے واپسی کا سوال کرتا ہوں۔''

نوٹ: آج مورخہ ۲ اپریل ۲۰۱۶، بروز ہفتہ بوقت دن ۱۲، بجے دوسری جلد کا کام مکمل ہوا۔

Marfat.com

سلیس اُردو ترجمہ تخریج اور موضوعاتی فہرستوں سے مزین

امام طبرانی کی مرویات کا ایسا مجموعہ جس میں امام طبرانی کے ہر شیخ کی ایک منفرد روایت درج ہے۔

# معجم اوسط طبرانی


امام سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی الشامی

ابو القاسم الطبرانی (المتوفی ۳۶۰ھ)

الشیخ الحافظ ابی الفضل محمد شفیق الرحمٰن القادری الرضوی



شبیر برادرز®

۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

shabbirbrother786@gmail.com


Marfat.com

الْمَالِينِيُّ، اَبنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ حَيَّانَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِي الْاَحْوَصِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، وَزُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَمَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي الْجَهْمِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ وَهْبَانَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ''

(مسند ابی داؤد (۴۷۵۸) جامع ترمذی (۲۸۶۳) مسند احمد (۲۱۵۶۱) مسند البزار (۴۰۵۸))

ترجمہ: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم نے فرمایا: جو شخص جماعت سے ایک بالشت جدا ہوا اس نے اپنی گردن سے اسلام کا پٹہ اتار لیا۔

449 اَخْبَرَنَا الْخَصِيبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، اَبنا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ اَحْمَدَ النَّسَائِيُّ، اَبنا اَبِي، اَبنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا كَثِيرٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ رِبْعِيٍّ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اِلَى حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ لَيَالِيَ سَارَ النَّاسُ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ''مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ وَاسْتَذَلَّ الْاِمَارَةَ لَقِيَ اللهَ وَلَا وَجْهَ لَهُ عِنْدَهُ''

(مسند احمد (۲۳۲۸۳) مستدرک للحاکم (۴۰۴))

ترجمہ: ربعی نے کہا میں ایک رات حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس مدائن میں گیا' یہ ان دنوں کی بات ہے جب سارے لوگ عثمان رضی اللہ عنہ کے (خلاف اکٹھے ہو چکے) تھے انہوں نے بتایا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا جو شخص جماعت سے جدا ہو، اور حکومت کو ذلیل کرے۔ وہ اللہ تعالیٰ سے (اس حال میں) ملے گا کہ اس کے پاس کوئی وجہ نہیں ہوگی جسے اس کے سامنے پیش کر سکے گا۔

450 اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ الشَّاهِدُ، اَبنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَامِعٍ، اَبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الرَّازِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، قَالَ: اَتَى ابْنُ عُمَرَ ابْنَ مُطِيعٍ زَمَنَ الْفِتْنَةِ فَدَعَا لَهُ بِوِسَادَةٍ وَرَحَّبَ بِهِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: اِنَّمَا اَتَيْتُكَ لِاُخْبِرَكَ بِكَلِمَتَيْنِ سَمِعْتُهُمَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ''مَنْ نَزَعَ يَدَهُ مِنَ الطَّاعَةِ لَمْ يَكُنْ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُجَّةٌ، وَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً''

Marfat.com

# مسندِ شہاب

قاضی ابو عبداللہ محمد بن سلامہ قضاعی مصری

ترجمہ و تخریج:

پروفیسر علامہ محمد طارق نعیمی



شبیر برادرز

Marfat.com